چھوٹا		chooTaa	younger
بھائی		bhaaii	brother
رہنا		rahnaa	to live
آگے		aagee	in front of X [-kee]
برآمدہ	M	baraamdaa	verandah
پیچھے		piichee	behind X [-kee]
دو		doo	two (2)
کمرہ	M	kamraa	room
اندر		andar	inside X [-kee]
آنگن	M	ããgan	courtyard inside a house
جس		jis	which; oblique of [joo]
طرف	F	taraf	side
باورچی خانہ	M	baawarcii-xaanaa	kitchen
کونا	M	koonaa	corner
غسل خانہ	M	Gusl-xaanaa	bathroom
پاخانہ	M	paa-xaanaa	latrine
کھانا	M	khaanaa	food; meals
کھانا	N	khaanaa	to eat
الگ		alag	separate
تخت		taxt	a square wooden board raised on four legs and used for sitting and doing things on
پر		-par	on
بیٹھنا		baiThnaa	to sit
رات	F	raat	night
باورچی	M	baawarcii	cook
اسی		isii	this very; اسی [isii] = اس ہی [is hii]
سونا		soonaa	to sleep
پلنگ	M	palang	cot
کام	M	kaam	work

کام کرنا	NM	kaam karnaa	to work
میز	F	meez	table
کرسی	F	kursii	chair
شہر	M	šaher	city
بینک	M	baink	Eng., bank
کالج	M	kaalij	Eng., college
پڑھنا	N	paRhnaa	to study
بالکل		bilkul	altogether, entirely
پاس		paas	near X [-kee]
دور		duur	far from X [-see]
سائیکل	F	saaiikil	Eng., bicycle
دس		das	ten (10)
منٹ	M	minaT	Eng., minute
کرایہ	M	kiraayaa	rent
زیادہ		ziyaadaa	much, excessive
کیونکہ		kyõõ-ki	because
مالک	M	maalik	owner
والد		waalid	father
جاننا	N	jaannaa	to know
کتنا		kitnaa	how much
اگر		agar	if
سب		sab	all
ایسا		aisaa	such
نیک		neek	good
مکاندار		makaan-daar	landlord
دینا	N	deenaa	to give

Notes: V

1. Notice that the verbal phrase [rahtaa hai] agrees in number and gender with the immediately preceding subject, [meeraa chooTaa bhaaii]. It could have also been [rahtee hãĩ].

2. [taraf] is a feminine noun, meaning "direction". Here it is occurring adverbially, but being a singular feminine noun it has no inflected oblique form.

3. [xaanaa] means "house" in Persian, in which it also occurs in compounds. Some of these compounds have become very common in Urdu, with the result that this Persian word is now often used with non-Perso-Arabic words to form similar compounds, e.g. [taaRii-xaanaa] "toddy-house"; [mooTar-xaanaa] "garage".

4. [baawarcii-xaanee-mẽẽ hii] "in the kitchen itself": The use of [hii] was necessary after the preceding phrase about there being no separate dining room. The sentence could have been said without [hii] but wouldn't have carried proper emphasis; [bhii] with its "inclusiveness" and [too] with its sense of "as for; at least" could not be used either.

5. [paRnaa] "to lie; to be placed casually". In these meanings [paRnaa] usually occurs with inanimate things as its subject and only in present perfect, past perfect, and future perfect constructions.

kamree-mẽẽ eek taxt paRaa hai	There is a takht in the room.
saarii kitaabẽẽ meez-par paRii thĩĩ	All the books were lying on the table.

If we want to eliminate the sense of "casualness" that has been impled by the use of [paRnaa] in the above sentences, we can say

kamree-mẽẽ eek taxt bichaa hai;
saarii kitaabẽẽ meez-par rakhii thĩĩ.

6. [usii] = [us] + [hii]. The latter is never used in Urdu. Similarly, [isii]. Also, [woo] and [yee] combine with [hii] to form [wahii] and [yahii], respectively.

7. [duur] and [paas] are adjectives which also function adverbially either alone or conjointly with a preceding postposition, namely as [-see duur] and [-kee paas] respectively.

kaalij-kee paas	near the college
baink-see duur	far from the bank

In a sentence such as [baink kaalij-see paas hai], [-see] and [paas] are not occurring conjointly but in separate functions, adverbially and as predicative complement respectively. The sentence would be translated as "From the college the bank is quite near".

8. [lagnaa]: "to be spent, be used up"

9. Note the fact that "God" is considered singular and masculine.

Exercises

A Situational Variants.

یہ میرا مکان ہے۔ اس میں میں اور میرا چھوٹا بھائی دونوں رہتے ہیں۔ برآمدے کے پیچھے ہم دونوں کے کمرے ہیں۔ مکان کے اندر آنگن ہے۔ آنگن کے ایک طرف باورچی خانہ ہے اور دوسری طرف کونے میں غسل خانہ ہے اور پاس ہی پاخانہ۔ کھانے کا کمرہ نہیں ہے۔ باورچی خانہ کے اندر ایک تخت ہے اور ہم دونوں اُس پر بیٹھ کر کھانا کھاتے ہیں۔ رات کو ہمارا باورچی، باورچی خانہ کے تخت پر سوتا ہے۔ ہم دونوں کے کمروں میں سونے کے لئے پلنگ ہیں۔ ہمارے کمروں میں کام کرنے اور بیٹھنے کے لئے میزیں اور کرسیاں ہیں۔ میرا چھوٹا بھائی کالج میں پڑھتا ہے۔ ہمارا مکان کالج سے دور نہیں ہے اور بینک کے بھی پاس ہی ہے۔ سائیکل سے جانے میں دس منٹ سے زیادہ نہیں لگتے۔ کرایہ بھی کم ہے کیونکہ مکاندار کو ہمارے والد جانتے ہیں۔

1.	دونوں	doonõõ	both ; the two
2.	ہم دونوں	ham doonõõ	both of us
3	کم	kam	less

B. Read and translate.

کمرے کے آگے دو سائیکلیں ہیں، ایک میری، ایک میرے بھائی کی۔ میں شہر میں ایک کالج میں پڑھتا ہوں۔ میرا بھائی شہر میں ایک اسکول میں پڑھتا ہے۔ وہ مکان کالج سے بہت زیادہ دور ہے۔ کالج کے پاس مکان کا کرایہ زیادہ ہے۔

کمرے کے پیچھے آنگن نہیں ہے۔ اُس کے ایک طرف باورچی خانہ ہے، دوسری طرف
غسل خانہ اور پاخانہ۔ باورچی خانہ میں ہی ایک کھانے کی میز اور دو کرسیاں ہیں۔
میں اپنے کمرے میں ایک تخت پر سوتا ہوں۔ میں اس مکان کے مالک کو جانتا ہوں۔
وہ اس شہر میں نہیں رہتے کیونکہ وہ شہر سے دور ایک بینک میں کام کرتے ہیں۔ میرا چھوٹا
بھائی سائیکل پر اسکول کو جاتا ہے۔ اسکول مکان سے دور ہے۔ اسکول کے بالکل
پاس ہی میرا کالج ہے۔ اس مکان میں وہ صاحب رہتے ہیں۔

C. Fill in the blanks.

یہ ___ مکان ہے۔ اس میں ___ اور میرا چھوٹا بھائی ___ ___۔ مکان کے
آگے برآمدہ ___۔ کھانے ___ کمرہ الگ نہیں۔ باورچی خانہ میں ___ ایک
تخت پڑا ہے جس پر ___ ہم کھانا ___ ___۔ رات کو ___ باورچی ___
تخت پر سوتا ہے۔ میرے اور ___ بھائی کے کمرے میں سونے کے لئے پلنگ
___ اور کام ___ اور بیٹھنے کے لئے ___ اور ___۔ یہ مکان کالج کے ___
پاس ہے اور بینک سے بھی ___ نہیں۔ سائیکل ___ جانے میں دس منٹ ___
ہیں۔ کتنا اچھا ہو اگر خدا سب کو ___ نیک مکاندار اور ایسا اچھا مکان
___۔

D. Translate into Urdu.

I. This is your house. II. My father and I live in this house. III. There is no verandah in front of the house. IV. There are two bedrooms, a dining room, a kitchen, two bathrooms and two toilets in this house. V. I sleep on the cot in my bedroom. VI. My brother works in the city in a bank. VII. He goes to the bank on a bicycle, and it takes him thirty minutes. VIII. We do not know the owner of this house.

IX. I am studying in a school.

E. Answer the following in Urdu.

۱- یہ کس کا مکان ہے ؟

۲- اس مکان میں کون رہتا ہے ؟

۳- مکان کے آگے کیا ہے ؟

۴- آنگن کہاں ہے ؟

۵- باورچی خانہ کہاں ہے ؟

۶- کیا کھانے کا کمرہ الگ ہے ؟

۷- باورچی خانہ میں کیا پڑا ہے ؟

۸- کالج میں کون پڑھتا ہے ؟

۹- کیا مکان کالج اور بینک سے دور ہے ؟

۱۰- مکان کا کرایہ کیوں زیادہ نہیں ہے ؟

UNIT - VI

دو بکرے

ایک دن ہم ندی پر گئے[1]۔ ندی پر لکڑی کا چھوٹا سا پُل تھا۔ پُل بہت چوڑا نہ تھا۔ بس ایک آدمی جا سکتا تھا۔ ہم وہاں کھیل رہے تھے۔ تھوڑی دیر بعد[2] دیکھا کہ ایک بکرا اِدھر سے چلا جا رہا[3] ہے اور ایک اُدھر سے آ رہا ہے۔ دونوں بکرے بیچوں بیچ میں پہنچ گئے۔ اب جائیں تو کیسے جائیں؟ اگر لڑتے ہیں تو ندی میں گر جاتے ہیں[4]۔ ایک بکرے نے دوسرے سے کہا "میں پُل پر بیٹھ جاتا ہوں تم میری پیٹھ پر سے[5] چلے جاؤ۔"

دوسرا بکرا راضی ہو گیا۔ پہلا بکرا بیٹھ گیا اور دوسرا اُسکی پیٹھ پر سے گذر گیا۔ پھر پہلا بکرا اُٹھا اور اِس پار آ گیا۔ بکرے نے ہمیں دیکھا اور ہمارے پاس آ گیا۔ بتاؤ یہ کس کا بکرا ہے؟

یہ ہمارا بکرا ہے۔ دیکھو ہمارا بکرا کیسا ہوشیار ہے۔

Vocabulary

بکرا	M	bakraa	male goat; feminine form: بکری
ندی	F	nadii	river
لڑکی	F	lakRii	wood
پل	M	pul	bridge
چوڑا		cauRaa	wide,broad
بس		bas	only
آدمی	M	aadmii	man
کھیلنا	n	kheelnaa	to play
تھوڑا		thooRaa	a little
دیر	F	deer	lapse of time
بعد		baad	after X [-kee]
کہ		ke, ki	that
ادھر		idhar	this side
ادھر		udhar	that side
دونوں		doonõõ	both
بیچوں بیچ		biicõõ-biic	right in the middle of X [-kee]
پہنچنا		pahũcnaa	to reach
اگر		agar	if
لڑنا		laRnaa	to fight (Intr.)
گرنا		girnaa	to fall
پیٹھ	F	piiTh	back
راضی ہونا		raazii-hoonaa	to agree with Y [-par]
پہلا		pahlaa	the first
گزرنا		guzarnaa	to pass
اٹھنا		uThnaa	to get up or stand up
پار		paar	across X [-kee]
ہمیں		hamẽẽ	same as ہم کو [hamkoo]
بتانا	N	bataanaa	to tell X [-koo]
کس		kis	oblique of [kaun]
ہوشیار		hoošyaar	clever

Notes: VI

1. When the finite verb is a verb of "going", such as [jaanaa], [aanaa], [pahõcnaa], etc., [-par] is used, in the sense of "to" or "at", obligatorily with [nadii] and other words for bodies of water, and optionally with [makaan], "house", [dukaan], "shop", and [kheet], "field".

nadii-par gayee	went to the river
jhiil-par pahõcaa	reached the lake
makaan-par aayaa	came to the house

2. With words indicating measures of time, [baad] can occur by itself without a preceding [-kee].

thooRii deer-baad = thooRii deer-kee baad
eek ghanTee-baad = eek ghanTee-kee baad

3. [calaa-jaanaa]: "to go; to go away". [calaa] will be inflected to agree with subject in gender and/or number.

4. [agar laRtee hãĩ too nadii-mẽẽ gir-jaatee hãĩ]: "If they were to fight now they would be liable to fall in the river". The conditional or causal effect is provided by the use of [agar] and [too], while the use of present imperfect in both the clauses makes the statement true for more than one instance.

5. [-par-see] has two different meanings. In the first meaning of "by the way of X; having been on/to X", it is interchangeable with [-par hoo-kar] and [-par-see hoo-kar]. In the second meaning of "from; away from", it is interchangeable with [-see]. Thus the distinction between the two meanings of [-par-see] would be determined only by a reference to the context, thus discovering what it can be replaced by with no alteration in meaning.

Exercises

A. Situational Variants.

ندی پر لکڑی کا بڑا سا پل نہیں تھا ۔ یہ پل بہت تنگ تھا ۔ اس پر ایک ہی
آدمی چل سکتا تھا ۔ کچھ دیر بعد دیکھا کہ ایک بکرا ادھر سے جا رہا ہے اور دوسرا
اُدھر سے آ رہا ہے ۔ دونوں بکرے پل کے بیچ میں ملے ۔ ایک نے دوسرے سے کہا
"میں پل پر لیٹ جاتا ہوں تم مجھ پر سے گذر جاؤ ۔" دوسرا بکرا مان گیا ۔ تب
پہلا بکرا لیٹ گیا اور دوسرا اُس پر سے ہو کر اُس پار چلا گیا ۔ بعد میں پہلا
بکرا اُٹھ کر اِدھر آ گیا، اور مجھے دیکھ کر میرے پاس چلا آیا ۔ کہو یہ کس کا
بکرا ہے ؟ یہ میرا بکرا ہے ۔ دیکھو میرا بکرا کتنا ہوشیار ہے ۔

1.	بڑا	baRaa	big, large
2.	تنگ	tang	narrow
3.	کچھ	kuch	a few, a little
4.	ملنا	milnaa	to meet
5.	لیٹنا	leeTnaa	to lie down
6.	مان جانا	maan-jaanaa	to agree
7.	تب	tab	then
8.	بعد میں	baad-mẽẽ	afterward

B. Translate into English.

تھوڑی دیر پہلے ہم ندی پر گئے۔ ندی پر لکڑی کا ایک بڑا پل تھا۔ پل بہت چوڑا تھا۔ اُس پر بہت آدمی چل سکتے تھے۔ ہم وہاں پڑھ رہے تھے۔ تھوڑی دیر بعد دیکھا کہ دو سائیکلیں ادھر سے جا رہی ہیں اور اُدھر سے چار آدمی آ رہے ہیں۔ سب پل کے بیچ میں پہنچ گئے۔ اب اِس پار سے اُس پار کیسے جائیں؟ دوسرا بکرا راضی نہیں ہوا۔ دونوں لڑتے ہیں اور ندی میں گر جاتے ہیں۔ میرے والد شہر سے میرے پاس آ گئے۔ اس پل پر سے بس ایک آدمی گزر سکتا تھا۔ اسکول کے پاس بہت سے لڑکے کھیل رہے تھے۔ ان کے والد کو وہاں دیکھ کر میں ان کے پاس چلا گیا۔ وہ پل کے بیچوں بیچ بیٹھ گیا۔ میں نے اُن سے کہا تو وہ مان گئے۔

C. Fill in the blanks.

— دن ہم ندی پر گئے۔ ندی — لکڑی کا چھوٹا سا پُل —۔ پل بہت — نہ تھا۔ بس ایک — جا سکتا تھا۔ ہم وہاں کھیل — تھے۔ تھوڑی دیر بعد دیکھا — ایک بکرا اِدھر — چلا جا رہا ہے اور ایک — سے آ رہا —۔ دونوں بکرے بیچوں — میں پہنچ گئے۔ — جائیں تو کیسے —؟ اگر — ہیں تو ندی میں — ہیں۔ ایک — نے دوسرے سے — "میں پُل — بیٹھ جاتا — تم میری — پر سے — —۔" دوسرا اُسکی پیٹھ — — گذر گیا۔ بکرے نے — دیکھا اور ہمارے — آ گیا۔

D. Translate into Urdu.

I. One day we went to the river. II. There was no bridge on the river. III. We were swimming there. IV. The river was not wide. V. A man reached the middle of the river. VI. After some time I saw that my brother was coming over from that bank to this bank. VII. Two men sat down on the wooden bridge. VIII. My goat sat on this side. IX. The first man got up and went to that side. X. My father saw me and came near me.

E. Answer the following in Urdu.

۱- ایک دن آپ کہاں گئے ؟

۲- ندی پر کیا تھا ؟

۳- کیا یہ پل تنگ تھا ؟

۴- آپ ندی کے پاس کیا کر رہے تھے ؟

۵- تھوڑی دیر بعد آپ نے کیا دیکھا ؟

۶- اگر دو بکرے لڑتے تو کیا ہوتا ؟

۷- ایک بکرے نے دوسرے سے کیا کہا ؟

۸- کیا دوسرا بکرا راضی ہو گیا ؟

۹- پھر دونوں بکروں نے کیا کیا ؟

۱۰- آپ کا بکرا کیسا ہے ؟

بہادر لڑکا

ریل سیٹیاں بجاتی ، دھواں اُڑاتی چلی جارہی تھی۔ اُس نے چوڑے چکلے میدان طے کئے۔ ہرے بھرے کھیتوں سے گذری[1]۔ وہ پہاڑیوں کے اوپر گئی۔ اندھیرے درّوں میں سے ہوکر نکلی[2]۔ بڑے بڑے پُل اور دریا پار کئے اور سیٹی بجاتی ، دھواں اُڑاتی آگے نکل گئی[3]۔

راستے میں ایک دریا تھا۔ دریا کے اوپر پُل تھا اور پُل کے اوپر ریل کی پٹری۔ کسی طرح پُل میں آگ لگ گئی[4]۔ ایک لڑکے نے دیکھا کہ پُل جل رہا ہے اُس نے ریل کی سیٹی سنی۔ اُس نے ریل کے پہیّوں کی آواز سنی۔ سوچا کہ ریل پُل کی طرف آرہی ہے۔ ریل میں سینکڑوں[5] آدمی بیٹھے ہیں۔ اُس میں بوڑھے بھی ہیں ، عورتیں بھی ہیں ، مرد بھی۔ ریل پُل پر آئے گی۔ پُل دریا میں گر پڑے گا۔ ریل بھی گر پڑے گی۔ سینکڑوں آدمی مر جائیں گے۔

یہ سوچ کر وہ پُل کے کنارے کھڑا ہوگیا۔ ریل اب بھی سیٹیاں بجاتی چلی آرہی تھی لڑکے نے اپنا کرتا اُتارا۔ پٹریوں کے بیچ میں کھڑا ہوگیا۔ کرتے کو جلدی جلدی[6] ہلانے لگا۔ ریل سیٹی دیتی رہی۔ وہ اپنا کرتا ہلاتا رہا۔ ریل سیٹی دیتے دیتے تھک گئی۔ ریل چلانے والے[7] نے ریل روک دی۔ پُل جل کر گرا۔ لڑکا بھی اُس کے ساتھ دریا میں گر پڑا ، وہ مر گیا۔ ریل نہیں گری۔ اور سینکڑوں آدمیوں کی جان بچ گئی۔

Vocabulary

بہادر		bahaadur	brave
لڑکا	M	laRkaa	boy
ریل	F	reel	train
سیٹی	F	siiTii	whistle
سیٹی بجانا	NF	siiTii bajaanaa	to whistle
دھواں	M	dhuãã	smoke
دھواں اڑانا	NM	dhuãã uRaanaa	to blow smoke
چکلا		caklaa	round and wide
میدان	M	maidaan	open field
طے کرنا	N	tai-karnaa	to traverse, cross
ہرا بھرا		haraa-bharaa	green, fertile
کھیت	M	kheet	agricultural field
پہاڑی	F	pahaaRii	hill
اوپر		uupar	over, upon X [-kee]
اندھیرا	M	ãdheeraa	darkness; Adj.: dark
درّہ	M	darraa	mountain pass
نکلنا		nikalnaa	to come out
ہوکر نکلنا		hookar-nikalnaa	to go through X [-mẽẽ-see]
بڑا		baRaa	big
دریا	MF	daryaa	large river
پار کرنا	N	paar-karnaa	to go across X
راستہ	M	raastaa	way
پٹڑی	F	paTrii	track
کسی		kisii	any; oblique of [kooii]
کسی طرح		kisii-tarah	somehow
جلنا		jalnaa	to burn (Intr.)
سننا	N	sunnaa	to hear
پہیہ	M	pahyaa	wheel
آواز	F	aawaaz	sound
طرف		taraf	toward X [-kii]
سینکڑوں		sãTkRõõ	hundreds of X
بوڑھا		buuRhaa	old in age

عورت	F	aurat	woman
مرد	M	mard	man, male
مرنا		marnaa	to die
کنارہ	M	kanaaraa	edge, side
کھڑا ہونا		khaRaa-hoonaa	to stand
کرتا	M	kurtaa	a long and loose shirt
بیچ میں		biic-mẽẽ	middle of X [-kee]
جلدی		jaldii	hurriedly, quickly
ہلانا	N	hilaanaa	to shake (Tr.)
سیٹی دینا	NF	siiTii deenaa	to whistle; same as [siiTii bajaanaa]
تھکنا		thaknaa	to get tired
چلانا	N	calaanaa	to drive
روکنا	N	rooknaa	to stop (Tr.)
ساتھ	M	saath	along with X [-kee]
جان	F	jaan	life
بچنا		bacnaa	to be saved (Intr.)

Notes: VII

1. [guzarnaa], "to pass, or pass by; to traverse (Intr.), or go across"; in both meanings it requires the use of [-see]. If, however, one desires to make the sense of location more explicit one can use either [-par-see] or [-mẽẽ-see] depending upon the context.

jangal-mẽẽ-see guzrii	it passed through the forest
pul-par-see guzree	they went across the bridge

2. General remarks about the use of conjunctive participles, formed by adding [-kar] to the root, have been made in Section 94. The conjunctive participle of [hoonaa], however, has a special function, in which it occurs conjointly with another adverbial phrase preceding it.

ãdheeree darroo-mẽẽ-see hoo-kar niklii	It went through dark tunnels and came out into the open.

The difference between this function of [hoo-kar] and that of the conjunctive participles of other verbs is that while a sentence such as [wahãã jaa-kar un-see miloo] can be shown to consist of [wahaa jaaoo] and [un-see miloo], a sentence like the above, if analyzed similarly, will not show a form of the verb [hoonaa] in its first segment, but of some other verb, e.g., in this instance it is likely to be of [guzarnaa].

We can suggest the meaning of such compound adverbial phrases in the following manner. (Q = an adverbially functioning word or phrase)

Q hoo-kar: "by the way of Q" or having been to Q"

Examples:

pul-par-see hoo-kar jaaoo	Go by the bridge.
yee gaaRii aagree hoo-kar banaaras jaaeegii	This train will go to Banaras via Agra.

mai abhii dukaan-par-see hoo-kar aayaa huu	I have come straight from the store.

3. [nikal-jaanaa]: In it the primary meanings of both [nikalnaa], "to move across or through some boundary", and [jaanaa], "to go", are equally at work.

aur aagee nikal-gaii	and went away and beyond
ham maidaanõõ-mee nikal-gayee	We went out into the open spaces.
ghar-see nikal-jaaoo	Get out of the house!
is-biic-mẽẽ woo baazaar nikal-gayee	In the meantime he sneaked off to the market.

4. [pul-mẽẽ aag lag-gaii]: "the bridge caught fire".

aag lagnaa: "to catch fire": The grammatical subject of the verb [lagnaa] is [aag], a feminine noun. The real subject, on the basis of the English gloss, will have a postposition, either [-mẽẽ] or [-koo]. The use of [-mẽẽ] would in this case suggest that the thing caught fire in its entirety.

5. [saikRõõ] is same as [sãĩkRõõ]: "hundreds of".

6. In contrast with the case with adjectives, the repetition of an adverb does serve to intensify its meaning.

jaldii jaldii	very hastily
aahistaa aahistaa	very slowly
aagee aagee	leading ahead
piichee piichee	trailing behind

Cf. the repetition of participles in their adverbial function discussed in Section 105.

7. [reel calaanee-waalaa]: "driver of the train". [calaanaa],

"to drive; to cause to move", is also used for driving a car, running a machine, or driving a carriage or a plough. For the use of [-waalaa] see Section 19 .

Exercises

A. Situational Variants.

ریل سیٹیاں دیتی چلی آرہی تھی ۔ اُس نے چوڑے چوڑے میدان پار کئے ۔ ہرے بھرے کھیتوں کے پاس سے نکلی اور پہاڑیوں پر پہنچ گئی ۔ پھر اندھیرے دّرّوں میں سے گذری ۔ ریل کے راستے میں ایک دریا تھا جس پر پل تھا اور پل پر ریل کی پٹری تھی ۔ ایک لڑکے نے ریل کی سیٹی اور پہیّوں کی آواز سنی ۔ اُس نے سوچا کہ جب یہ ریل پل پر سے گزرے گی تو پل دریا میں گر جائے گا ۔ ریل میں جو بہت سے لوگ بیٹھے ہیں وہ مر جائیں گے ۔ اِن لوگوں میں عورتیں بھی ہیں اور بچّے اور بوڑھے بھی، یہ سب گر کر مر جائیں گے ۔ وہ لڑکا بہت ہوشیار تھا ۔ اُس نے اپنا کرتا اُتارا اور پل کے بیچوں بیچ کھڑا ہو کر کرتے کو ہوا میں ہلانے لگا ۔ لڑکے کو دیکھ کر ریل چلانے والے نے سیٹی دی اور گاڑی روک دی ۔

1.	لوگ	loog	people
2.	ہوا	hawaa	air
3.	گاڑی	gaaRii	train ; cart

B.

ایک لڑکا سیٹی بجاتا آرہا تھا ۔ میں نے آپ کے آنے کی آواز نہیں سنی ۔ وہ جلدی جلدی میدان میں سے گذرنے لگا ۔ میرے والد نے چوڑے چکلے میدانوں کو طے کیا ۔ میں ہرے بھرے کھیتوں میں کھیلتا تھا ۔ میرا بھائی پہاڑیوں

کے اوپر گیا تھا ۔ ریل اندھیرے درّوں سے نکلی ۔ بکرا دریا کے پل پر
چلا آ رہا ہے ۔ لڑکا ریل کی پٹری پر چل رہا ہے ۔ کسی طرح مکان میں
آگ لگ گئی ۔ میں نے دیکھا کہ تخت جل رہا ہے ۔ اس کمرے میں کتنے آدمی بیٹھے ہیں ۔
میرے والد بوڑھے ہیں ۔ ایک آدمی میرے مکان کے آگے کھڑا تھا ۔ میں اُن کے
ساتھ دریا پر گیا ۔ وہ کرتا ہلاتے ہلاتے تھک گیا ۔ میں بہت تھک گیا ہوں ۔
اُنہوں نے دیکھا کہ وہ عورت پل کی طرف جا رہی ہے ۔ ایک لڑکی برامدے میں کھڑی ہے ۔

C. **Fill in the blanks.**

ریل سیٹیاں — ، دھواں اُڑاتی — — تھی ۔ — نے چوڑے چکلے
میدان طے — ۔ ہرے — کھیتوں سے گذری ۔ اندھیرے درّوں میں سے
— نکلی ۔ راستے میں ایک — تھا ۔ دریا — اوپر — تھا اور پُل
کے — ریل کی — ۔ کسی — پل میں آگ — — ۔ اُس — ریل
کی — سنی ۔ اُس نے — کے — کی آواز سنی ۔ — کہ ریل —
کی — آ رہی — ۔

D. Translate into Urdu.

I. There was a river on the way. II. Somehow the cycle caught fire. III. My father saw that the house was burning. IV. I heard my brother's whistle. V. My cook heard the sound of the wheels of the railroad. VI. Hundreds of men are sitting near the river. VII. The goat will come on the bridge. VIII. The cycle will fall into the river. IX. The boy will also fall. X. My brother took off his shirt. XI. We will go with you to your house.

E. Answer the following in Urdu.

۱- ریل کہاں سے ہو کر نکلی ؟

۲- ریل کے راستے میں کیا تھا ؟

۳- لڑکے نے کرتا اتار کر کیا کیا ؟

۴- کیا آپ جانتے ہیں پل میں آگ کیسے لگی ؟

۵- ریل دریا میں کیوں نہیں گری ؟

۶- لڑکے نے اپنا کرتا کیوں اتارا ؟

۷- لڑکا کہاں کھڑا ہو گیا ؟

۸- ریل چلانے والے نے کیا کیا ؟

۹- پل اور لڑکے کو کیا ہوا ؟

۱۰- ریل میں بیٹھنے والوں کی جان کیسے بچی ؟

Review Sentences

۱۔ میں لکڑی کی کرسی پر بیٹھ کر کام کرتا ہوں ۔

۲۔ رات کو میرا باورچی کمرے میں سوتا ہے ۔

۳۔ ریل کی پٹڑی دریا کے کنارے گزرتی ہے ۔

۴۔ اس نے دریا میں پل کے جل کر گرنے کی آواز سنی ۔

۵۔ میں اُن کے گھر کی طرف جا رہا تھا کہ میں نے دیکھا اسکول میں آگ لگ گئی ہے ۔

۶۔ دیکھئے، پل کے کونے پر ایک لڑکا بیٹھا ہے ۔

۷۔ لڑکا سائیکل پر سے گرا اور مر گیا ۔

۸۔ کتنا اچھا ہو اگر میرے والد مجھے ایک اچھی سائیکل لے دیں ۔

۹۔ میرے کمرے میں آگ لگ گئی مگر میں بچ گیا ۔

۱۰۔ بہادر لڑکا کتنا ہوشیار ہے ۔

۱۱۔ دریا پار کرنے میں پل پر سے گزرنا ہوتا ہے ۔

۱۲۔ میں نے کالج کا راستہ طے کیا ۔

۱۳۔ اس الگ کمرے میں میرے والد رہتے ہیں ۔

۱۴۔ میرا بھائی تھک کر پلنگ پر سو گیا ۔

۱۵۔ دوسرے دن میرا بھائی کالج جانے پر راضی ہو گیا ۔

۱۶۔ میں کھانے کی میز پر کھانا کھاتا ہوں ۔

۱۷۔ اِس کھیت کے پیچھے ایک چوڑا راستہ ہے۔
۱۸۔ میرا اور میرے چھوٹے بھائی کا مکان ندی سے زیادہ دور نہیں ہے۔
۱۹۔ میرے والد کالج سے بہت دور رہتے ہیں۔
۲۰۔ میں نے سیٹی بجا کر سائیکل روک دی۔
۲۱۔ سینکڑوں مرد اور عورتیں اندھیرے مکانوں میں رہتے ہیں۔
۲۲۔ سائیکل پل کے بیچوں بیچ گر پڑی۔
۲۳۔ میرا بھائی مکان کے اندر تخت پر بیٹھا ہے۔
۲۴۔ ریل بکرے کی پیٹھ پر سے گزر گئی۔
۲۵۔ باورچی خانہ میں آگ جلتی ہے۔
۲۶۔ لڑکے نے میری آواز سُنی اور میرے پاس آ گیا۔
۲۷۔ میرا بہادر بھائی اندھیرے کھیتوں میں سے ہو کر چلا گیا۔
۲۸۔ وہ مکان کے مالک کو جانتا ہے کہ ہوشیار آدمی ہے۔
۲۹۔ میں نے سوچا کہ میری سائیکل کالج کے پاس کھڑی ہے۔
۳۰۔ ہم بہادر لڑکے کے مکان پر گئے۔
۳۱۔ لڑکا پل کے بیچوں بیچ میں پہنچ کر بیٹھ گیا۔
۳۲۔ میرے والد بوڑھے ہیں۔ اور پلنگ پر بیٹھ کر کام کرتے ہیں۔
۳۳۔ میرے بھائی کا کمرہ اِس برآمدہ کے کونے میں ہے۔
۳۴۔ ریل دریا کے اندر گر پڑی اور سینکڑوں لوگ مر گئے۔

۳۵۔ اِس سائیکل کے پہیے چھوٹے ہیں۔

۳۶۔ ہمارے مکان میں دو لڑکے رہتے ہیں جو کالج میں پڑھتے ہیں۔

۳۷۔ اُس نے دیکھا کہ پل کے ایک طرف مکان ہے اور دوسری طرف کالج ہے۔

۳۸۔ رات کو میں گھر میں پلنگ پر بیٹھکر پڑھتا ہوں۔

۳۹۔ کھانے کا کمرہ غسل خانہ سے بالکل الگ ہے۔

۴۰۔ دونوں آدمی پل پر لڑنے لگے اور پھر دریا میں گر گئے۔

۴۱۔ دو لڑکیاں دریا کے کنارے کھیل رہی تھیں۔

۴۲۔ سائیکل چلانے والے نے لڑکے کی آواز سنی اور سائیکل روک دی۔

۴۳۔ میرا بھائی میری پیٹھ پر بیٹھکر ندی کے پار گیا۔

۴۴۔ دریا میرے مکان کے بالکل پاس ہے اور کھیت بھی دور نہیں ہے۔

۴۵۔ اب میں اگر ان کے پاس جاؤں بھی تو کیسے جاؤں؟

۴۶۔ اِس سائیکل پر میرا چھوٹا بھائی کالج جاتا ہے۔

۴۷۔ میں نے اُس کو بتایا کہ یہ میرے والد کا بینک ہے۔

۴۸۔ ریل چلانے والے نے بتایا کہ اس نے لڑکے کو پٹری پر کھڑا دیکھ کر ریل روک دی۔

۴۹۔ میری سائیکل برآمدہ میں کھڑی ہے، اس پر بیٹھ کر کالج چلے جاؤ۔

۵۰۔ مکان سے بینک تک جانے میں کتنے منٹ لگتے ہیں؟

ٹٹو

سامنے پہاڑی کے نیچے دو تین ٹٹو سامان سے لدے کھڑے ہیں۔ ٹٹو کتنا چھوٹا سا ہے اُس پر سامان کتنا لاد دیا ہے کہ چار آدمی مل کر[1] بھی نہیں[2] اُٹھا سکتے۔ یہاں ٹٹو[3] ہیں کہ مگن کھڑے ہیں[4] ٹٹو بڑا[5] مضبوط جانور ہے۔ اسی لئے پہاڑوں[6] پر سامان لیجانے کیلئے اور سفر کرنے کیلئے ٹٹوؤں سے بہت کام لیتے ہیں۔

ان ٹٹوؤں کو دیکھ کر ترس آتا ہے۔ یہ بیچارے کئی من کا بوجھ لے کر اوپر چڑھیں گے، تھک جائیں گے تو آہستہ آہستہ چلنے لگیں گے اور ٹٹو والا ان کی ڈنڈوں سے خبر لے گا۔ وہ تو چاہتا ہے کہ اُسے جہاں پہنچنا ہے جلدی سے پہنچ جائے اور کرایہ وصول کر لے۔ ٹٹو چاہے مرے چاہے رہے[7]۔

بےچارے ٹٹو والے بھی کیا کریں۔ انھی ٹٹوؤں[8] کے کرائے پر گزر کرتے ہیں۔ اسی لئے آپ[9] بھی محنت کرتے ہیں اور ٹٹو سے بھی خوب[10] محنت لیتے ہیں۔ مگر ٹٹو سے جتنی محنت لیتے ہیں اُتنا اُسے کھانے کو نہیں دیتے۔ وہ کام نہیں کرتا تو اُسے مارتے ہیں۔ وہ زبان سے نہیں بول سکتا تو یہ سمجھتے ہیں کہ اُسے تکلیف ہی نہیں ہوتی۔

یہ لوگ اتنا نہیں سمجھتے کہ اگر وہ ٹٹو کو اچھا کھانے کو دیں تو وہ اچھا کام بھی کرے۔ جتنا کھائے گا اُتنا ہی مضبوط ہوگا اور اُتنی ہی محنت کر سکے گا اور اُتنے ہی زیادہ اُنہیں پیسے ملیں گے۔ مگر اُنہیں یہ باتیں[11] کون بتائے؟

Vocabulary

ٹٹو	M	TaTTuu	pony
سامنے		saamnee	in front of X [-kee]
نیچے		niicee	below X [-kee]
سامان	M	saamaan	baggage
لدنا		ladnaa	to be loaded with X [-see]
لادنا	N	laadnaa	to load
مل کر		mil-kar	together, jointly
اٹھانا	N	uThaanaa	to lift up
میاں	M	miyãã	Mr.
مگن		magan	absorbed in X [-mẽẽ]
مضبوط		mazbuut	strong
جانور	M	jaanwar	animal
پہاڑ	M	pahaaR	mountain
لینا	N	leenaa	to take
سفر کرنا	NM	safar karnaa	to travel
کام لینا	NM	kaam leenaa	to make use of X [-see]
ترس آنا	KM	taras aanaa	to feel pity for X [-par]
بیچارہ		bee-caaraa	helpless
کئی		kaii	several
من		man	maund (a measure of weight about 80 pounds)
بوجھ	M	boojh	burden
چڑھنا		caRhnaa	to climb X [-par]
آہستہ		aahistaa	slowly
ڈنڈا	N	DanDaa	stick
خبر لینا	NF	xabar leena	to settle accounts with X [-kii]
جہاں		jahãã	where
جلدی		jaldíi	soon
کرایہ	M	kiraayaa	fare
وصول کرنا	N	wusuul-karnaa	to receive, to recover from X [-see]

انہی		inhii	these, this; same as [in hii] ان ہی
گزر کرنا	NMF	guzar karnaa	to subsist on X [-par]
آپ		aap	self; same as [xud] خود
محنت کرنا	NF	mehnat karnaa	to work hard on X [-par]
خوب		xuub	much
محنت لینا	NF	mehnat leenaa	to make X [-see] labour
مگر		magar	but
جتنا		jitnaa	as much as
اتنا		utnaa	that much
مارنا	N	maarnaa	to beat
زبان	F	zubaan	tongue
بولنا		boolnaa	to speak
سمجھنا	n	samajhnaa	to understand
تکلیف	F	takliif	pain
لوگ	M	loog	people
پیسہ	M	paisaa	money
بات	F	baat	matter

Notes: VIII

1. [mil-kar]: "jointly". [milnaa], or more often [mil-jaanaa], also means "to come together; to join together (Intr.)".

agar hinduu aur musalmaan mil-jaaẽẽ	If the Hindus and the Muslims should unite...
woo doo saRkẽẽ kahĩĩ nahĩĩ miltĩĩ	Those two streets never meet.

2. [mil-kar bhii nahĩĩ]: "not even jointly". In sentences containing some kind of negation, [bhii] can be translated as "either", or "not even".

haamid bhii wahãã nahĩĩ jaa-saktaa	Hamid can't go there, either. Or: Not even Hamid can go there.
yee bhii too sastaa nahĩĩ	This isn't cheap, either.
woo itnaa bhii nahĩĩ samajhtee	They don't even understand this much.

In sentences of the type in which English uses pairs of conjunctions to indicate the totality of either "negation" or of "non-negation", "both ... and; neither ... nor ...", [bhii] is used in Urdu in both the clauses, especially in "negation". The two clauses are joined with [aur].

A.	woo sastaa bhii nahĩĩ aur acchaa bhii nahĩĩ	That is neither cheap nor good.
B.	mãĩ bhii nahĩĩ jaaũũgaa aur aap bhii nahĩĩ jaaẽẽgee	Neither would I go there, nor would you.
C.	mãĩ bhii jaaũũgaa aur haamid aur saliim bhii jaaẽẽgee	I will go, and Hamid and Salim will go too.

It should be noted that the above sentences can also be rewritten as follows.

A1. woo na too sastaa hai aur na acchaa

B1. na too mãĩ jaaũũgaa aur na aap jaaẽẽgee

C1. mãĩ jaaũũgaa aur haamid aur saliim bhii jaaẽẽgee

3. [miyãã] has various meanings. It can mean "husband".

woo salmaa-kee miyãã hãĩ	He is Salma's husband.

It can be used after personal names and nicknames as an expression of affection by the elders to their youngers.

munnee miyãã, yahãã aaiyee	Munne, please come here.

It is used by domestic servants after the name of their masters. In a similar sense of respect it is often used after the names of those who are venerable for their religiosity.

naukar-nee aa-kar kahaa, "aap-koo miyãã bulaatee hãĩ"	The servant came and said, "Master wants you".
woo maqbuul miyãã-kee paas taawiiz leenee gaii hai	She has gone to see Maqbul Mian for a talisman.

It can be used by itself in vocative function or as an interjection, mostly by Urdu speakers from North India. In all other functions it usually follows the noun it modifies, but it can often occur preceding it, as in the example here, [miyãã TaTTuu]. In this instance it simply expresses the kind of gushing intimacy writers of children's books prefer to show toward animals. Also S.n. 12.30.

4. [miyãã TaTTuu hãĩ ki magan khaRee hãĩ]: "But as for Mr. Mule, he stands there happily lost in thought". This is a coordinate clause, though in this instance the customary conjunctions, [aur; leekin; par], have been omitted and therefore it has been written in Urdu as a separate sentence. It consists of two clauses, connected by [ki], the second of which is appositive to the first. The two clauses have the same subject, which is overtly indicated in the first clause but always omitted in the second.

Only the two auxiliary forms and the future form of [hoonaa] occur in the first clause. The whole coordinate clause is always used to indicate that its subject did something quite the reverse of what happened in the main clause.

baariš baRhtii gaii leekin woo thee ki rukee nahĩĩ	The rain kept increasing, but he didn't pause.
mãĩ too paidal cal-kar un-see milnee gayaa, aur woo thee ki ghar-see hii nahĩĩ niklee	I went to see him on foot, but he didn't even come out of his house.

5. [baRaa] can be used as an explicator, meaning "very; much", in the same way as [bahot]; it will always be inflected to agree with the modified noun.

baRaa mazbuut	very strong
baRii chooTii sii kitaab	a very tiny book

[baRaa], however, is never used in adverbial function.

6. [isii-liyee] = [is] + [hii] + [liyee].

7. [TaTTuu caahee maree caahee rahee]: "whether the mule dies or lives".

The whole could be treated as a subordinate clause functioning adverbially to its preceding clauses. In itself, it consists of two nominal clauses, [TaTTuu] -- which could have been [TaTTuu-kaa kyaa] -- and the remaining, which are in appositive relationship with each other.

[caahee ... caahee ...]: Such clauses themselves can occur either as coordinates (nominals) or subordinates (adverbials).

caahee tum caahee woo, eek-koo too Thairnaa hoogaa	Whether you or he, one will have to stay.
mujhee kyaa, caahee tum rahoo caahee jaaoo	What is it to me whether you stay or go?
caahee tum jaaoo caahee na jaaoo kaam too hoogaa hii	Whether you go or not, the work will certainly be done.
haamid too xuš thaa, caahee saliim aataa caahee na aataa	Hamid was happy whether Salim had come or not.

8. [inhii] = [in] + [hii]. This combined form can be written with either a [chooTii hee] or a [doo cašmi hee].

9. [aap] can often be used interchangeably with [xud], usually followed by one of the emphatic particles.

aap bhii mehnat kartee hãĩ...	They themselves labor...

Other examples:

too aap hii boolaa	He himself spoke...
tum aap Galtii kartee hoo	You yourself commit a mistake.

10. [xuub], as an adjective has two primary meanings: "a lot, aplenty"; and "fine".

xuub koošiš karoo	Strive a lot.
woo xuub aadmii hai	He is a fine man.

It can also occur as explicator to another adjective, in which case it means "much; very".

xuub acchaa khaanaa	very good food

11. [baat]: Though variously translated as "thing, matter, saying", [baat] is not used with reference to concrete objects or things.

Exercises

A. Situational Variants.

ٹٹّو بہت چھوٹا جانور ہے اور اُس پر مالک نے سامان اِتنا لادا ہے کہ
چار آدمی مل کر بھی نہیں اُٹھا سکیں گے ۔ مجھے ان ٹٹّوؤں کو دیکھ کر ترس آتا ہے
یہ بیچارے بھاری بوجھ لے کر پہاڑی پر چڑھتے ہیں ۔ جب تھک جاتے ہیں تو
آہستہ آہستہ چلنے لگتے ہیں ۔ لیکن تب انکا مالک اُنکو ڈنڈے سے مارے گا ۔
ٹٹّوؤں کے مالک کر بھی کیا سکتے ہیں ۔ وہ بھی تو بس اپنے جانوروں کے کرائے پر
گذر کرتے ہیں ۔ اسی لئے خود بھی کام کرتے ہیں اور ٹٹّو سے بھی بہت کام لیتے ہیں ۔
مگر یہ لوگ اس سے جتنا کام لیتے ہیں اُتنا اُسے کھانے کو نہیں دیتے ۔ یہ لوگ
نہیں جانتے کہ اگر وہ اپنے ٹٹّو کو اچّھی طرح کھانا دیں تو وہ خوب مضبوط ہوگا اور
بھاری بھاری سامان اُٹھا سکے گا ۔

1.	بھاری	bhaarii	heavy
2.	خود	xud	oneself , self

B. Translate into English.

سامنے پہاڑی کے نیچے کچھ جانور لکڑی سے لدے کھڑے ہیں ۔ وہ تو بس جلدی
سے اپنا کرایہ لینا چاہتا ہے ۔ کیا آپکو بہت جلدی ہے ۔ یہ بیل بہت مضبوط ہے ۔
ان بے چاروں کو دیکھ کر آپ کو بھی ترس آئیگا ۔ وہ جتنا چاہتا ہے اُتنا
اُسکو دیجئے ۔ وہ سامان اُٹھاتے اُٹھاتے بہت تھک گیا ۔ میں تو جانتا ہوں

کہ مجھے جہاں پہنچنا ہے جلد پہنچ جاؤں۔ وہ اپنے مکانوں کے کرایہ پر گذر کرتے ہیں۔ اُنکے والد ان سے بہت محنت لیتے ہیں۔ میں اسی لئے آپ سے کہتا تھا کہ زیادہ سامان نہ لادئیے۔ تم جتنا کام کروگے اُتنا ہی تھکوگے۔ وہ مضبوط آدمی ہے اور زیادہ محنت کرسکتا ہے۔ ہم لوگ مل کر یہ سامان اٹھا سکتے ہیں۔ وہ کچھ نہیں کہتا تو یہ سمجھتے ہیں کہ اُسے تکلیف نہیں ہوتی۔ انکو کون اتنا کرایہ دے گا۔ میں سمجھتا ہوں اُسے کوئی تکلیف نہیں۔ اگر آپ کو تکلیف ہوتی ہو تو وہاں نہ جائیے۔ وہ جتنی محنت سے کام کرتا ہے اتنے پیسے اُسے نہیں ملتے۔ وہ اتنا کرایہ نہیں دینا چاہتا۔

C. **Fill in the blanks.**

—— پہاڑی کے —— دو تین ٹٹّو سامان سے —— کھڑے ہیں۔ ٹٹّو —— چھوٹا سا ہے۔ اس پر —— کتنا —— ہے کہ چار —— مل کر بھی نہیں —— ——۔ میاں ٹٹّو ہیں —— مگن کھڑے ——۔ ٹٹّو بڑا مضبوط —— ہے۔ اسی —— پہاڑوں پر سامان —— کے لئے اور —— کرنے کے لئے —— بہت —— لیتے ——۔ بے چارے —— بھی کیا کریں۔ انھی ٹٹّوؤں —— کرائے پر —— کرتے ہیں۔ اسی لئے آپ —— محنت —— ہیں اور —— سے بھی —— محنت —— لیتے ہیں۔ مگر ٹٹّو سے جتنی —— لیتے ہیں —— اُسے کھانے —— نہیں ——۔

D. Translate into Urdu.

I. A few goats are standing behind the house. II. How small is that boy! III. One feels pity on seeing these people. IV. If they become weary they will sit down. V. The owner will beat them with a stick. VI. He wants to reach there quickly. VII. What should the poor fellow do. VIII. If he does not work, he will not get anything to eat. IX. He lives on the rent from these bicycles. X. That is why my father eats well and feeds his children also well. XI. When he does not work, he does not get money. XII. These people do not understand that if they do not pay the cook well, he will not work hard. XIII. It is so heavy that not all three of us can lift it together. XIV. If you will not work hard you will not get more money. XV. Do you know what troubles him?

E. Answer the following in Urdu.

۱- ٹٹّو کہاں کھڑے ہیں، اور ان پر کیا لدا ہے؟

۲ - ٹٹّو کیسا جانور ہے؟

۳ - پہاڑوں پر ٹٹّو سے کیا کام لیتے ہیں؟

۴ - ٹٹّو کو دیکھ کر کیوں ترس آتا ہے؟

۵ - ٹٹّو کے مالک ان کو کیوں مارتے ہیں؟

۶ - کیا ٹٹّوؤں کو اچھی طرح کھانا ملتا ہے؟

۷ - ٹٹّو والے کیا کام کرتے ہیں؟

۸ - جتنا کام ٹٹّو سے لیتے ہیں کیا اتنا ہی اسے کھانے کو دیتے ہیں؟

۹ - اگر ٹٹّو کام نہ کرے تو مالک کیا کرتے ہیں - ۱۰ - اگر ٹٹّوؤں کے مالک اپنے
جانوروں کو اچھا کھانے کو دیں تو کیا ہوگا؟

UNIT - IX

ایک کہانی

ایک دریا میں بہت سے مگرمچھ[1] رہتے تھے۔ اُس دریا کے کنارے بہت سے پیڑ تھے جن پر بہت سے بندر رہتے تھے۔ ایک بوڑھا مگرمچھ روزانہ[2] ان بندروں کو دیکھتا۔ آخر ایک دن اُس نے اپنے بیٹے سے کہا "میں اب بوڑھا اور کمزور ہوگیا ہوں۔ اگر کسی طرح ایک بندر کا دل کھانے کو مل جائے تو میرے بدن میں پھر طاقت آجائے۔"

بیٹے نے کہا "میں بندر کا دل کیسے لاؤں۔ میں زمین پر جا نہیں سکتا اور بندر پانی میں آتے نہیں۔"

بوڑھے مگرمچھ نے کہا "بیٹا جیسا میں کہتا ہوں ویسا کرو۔"

دوسرے دن اپنے باپ کے کہنے کے مطابق جوان مگرمچھ دریا کے کنارے گیا۔ ایک بندر پیڑ پر بیٹھا تھا۔ مگرمچھ نے اُس سے کہا "کیوں دوست، آم کھانے چلوگے؟ دوسرے کنارے پر آم کا باغ ہے اور آجکل فصل تیّار ہے۔ خوب پکّے اور میٹھے آم لگے ہیں[3]۔"

بندر بولا "میں اُدھر کیسے جا سکتا ہوں۔ مجھے تیرنا تو آتا[4] ہی نہیں"

مگرمچھ نے جواب دیا "تمہیں نہیں آتا تو کیا ہوا، مجھے تو آتا ہے۔ میری پیٹھ پر بیٹھ جاؤ۔ ابھی اُدھر پہونچا دیتا ہوں۔"

بندر فوراً مگرمچھ کی پیٹھ پر بیٹھ گیا۔ جب دونوں ندی کے بیچ میں پہونچے تو مگرمچھ نے اُس کو پانی میں ڈبونا چاہا۔ بندر نے پوچھا "کیوں بھئی یہ کیا کر رہے ہو؟ میں تو تم کو اپنا دوست سمجھتا ہوں۔"

مگرمچھ بولا۔ "میرا باپ بوڑھا اور کمزور ہو گیا ہے۔ وہ تمہارا دل کھانا چاہتا ہے تاکہ بدن میں طاقت آئے۔"

بندر بہت چالاک تھا، فوراً بولا "ارے، تو تم نے پہلے کیوں نہیں کہا۔ میں اپنا دل ساتھ لیتا آتا۔ وہ تو وہیں پیڑ پر رکھا رہ گیا۔ میں کیا جانتا تھا کہ تمہارے باپ کو میرا دل چاہیئے۔ اب جو تم چاہو۔ دل چاہیے ابھی واپس چلو۔ دل چاہیے آم کھانے کے بعد۔"

مگرمچھ بولا۔ "نہیں، پہلے دل پھر آم"

"اچھا۔ جو تمہاری خوشی"

مگرمچھ کنارے کی طرف لوٹا۔ قریب پہونچتے ہی بندر اُچک کر پیڑ پر چڑھ گیا اور سب سے اونچی شاخ پر بیٹھ کر بولا "میرا دل تو یہاں ہے۔ تم کو چاہیئے تو یہاں آ کر لے لو۔"

مگرمچھ بیچارہ مایوس ہو کر چلا گیا۔

Vocabulary

کہانی	F	kahaanii	story
مگرمچھ	M	magarmach	crocodile
پیڑ	M	peeR	tree
بندر	M	bandar	monkey
روز		rooz	daily, everyday
آخر		aaxir	at last
بیٹا	M	beeTaa	son
کمزور		kamzoor	weak
بدن	M	badan	body
طاقت	F	taaqat	strength
لانا		laanaa	to bring (Tr.)
زمین	F	zamiin	land
پانی	M	paanii	water
جیسا		jaisaa	as
ویسا		waisaa	in that manner
باپ	M	baap	father
مطابق		mutaabiq	according to X [-kee]
جوان		jawaan	young
دوست	M	doost	friend
آم	M	aam	mango
باغ	M	baaG	garden
فصل	F	fasl	crop
پکّا		pakkaa	ripe
میٹھا		miiThaa	sweet
تیرنا		tairnaa	to swim (Intr.)
آنا	K	aanaa	to know Y (skill, language, etc.)
جواب دینا	NM	jawaab deenaa	to answer, to reply to X [-koo]
پہنچانا	N	põhcaanaa	to carry; caus. of پہنچنا [pahũcnaa]; same as پہونچانا

فوراً		fauran	immediately
جب		jab	when
دونوں		doonõõ	both
ڈبونا	N	Duboonaa	to drown (Tr.)
سمجھنا	N	samajhnaa	to think (Tr.)
تاکہ		taa-ke	so that
چالاک		caalaak	clever
ارے		aree	O; an exclamation of surprise, sometimes used in calling to or addressing equals or inferiors
پہلے		pahlee	earlier
وہیں		wahĩĩ	there; at that place; same as [wahãã hii]
رکھنا	N	rakhnaa	to put, to keep
واپس جانا		waapas-jaanaa	to return, to go back
پہلے		pahlee	at first
پھر		phir	then
خوشی	F	xušii	pleasure, wish
لوٹنا		lauTnaa	to return (Intr.)
قریب		qariib	near
اچکنا		ucaknaa	to jump (Intr.)
سب		sab	all
اونچا		ũũcaa	high
شاخ	F	šaax	branch
مایوس ہونا		maayuus-hoonaa	to be disappointed

Notes: IX

1. The use of [bahot see] suggests only the multiplicity of things involved, as contrasted with [bahot], which would also suggest excessiveness, if the conditions so warranted. The combination can often suggest a distributive effect as is indicated by the repetition of an adjective.

	us-nee bahot sii baatẽẽ bataaĩĩ	He told us a whole lot of things.
cf.	woo bahot baatẽẽ kartaa hai	He talks a lot.

2. [rooz] = [har rooz]. Also [roozaanaa].

3. [pakkee aur miiThee aam lagee hãĩ] = [peeRõõ-mẽẽ pakkee aur miiThee aam lagee hãĩ]: "There are ripe and sweet mangos on the trees".

4. [aanaa]: K: "to know some craft, language, etc."

mujhee angreezii nahĩĩ aatii	I don't know English.
us-koo gaanaa aataa hai	She knows how to sing.

5. [saath]: "along"

6. [mãĩ kyaa jaantaa thaa ...] can be considered a variant of [kyaa mãĩ jaantaa thaa ...] in which [mãĩ] has been put at the very beginning for full emphasis.

7. Note the use of [hii] in [qariib pahõctee hii ...], "as soon as he got near ..."

Exercises

A. Situational Variants.

ایک دریا میں کئی مگرمچھ تھے ۔ ایک بوڑھے مگرمچھ نے کہا، "بیٹے، اب نہ میں جوان ہوں اور نہ میرے بدن میں زیادہ طاقت ہے ۔" مگرمچھ کے بیٹے نے کہا، "میں بندر کا دل کیسے لا سکتا ہوں، وہ زمین کا جانور ہے اور میں پانی کا ۔" مگرمچھ نے اپنے باپ کا کہنا مان لیا اور دوسرے دن ایک بندر کے پاس گیا ۔ بندر نے کہا کہ وہ تیرنا نہیں جانتا ۔ تم چاہو تو ابھی چل سکتے ہو اور اگر چاہو تو آم کھانے کے بعد ۔ دریا کے اس پار ایک آم کا باغ تھا جس میں پھل پک کر تیّار ہو گئے تھے ۔ جب وہ دونوں کنارے پر پہونچے تو بندر جلدی سے پیڑ پر چڑھ گیا ۔ دریا کے اس طرف پیڑوں پر بہت بندر رہتے تھے ۔ بوڑھا بندر بولا، اگر تم مجھے اپنے دوست مگر کا دل لا کر دو تو میرے بدن میں طاقت آئے ۔ میں تو سمجھتا تھا کہ تم میرے دوست ہو ۔ میں نہیں جانتا تھا کہ تمھارے والد میرا دل چاہتے ہیں ۔ بندر اپنا دل اپنے ساتھ نہیں لایا تھا ۔ ان پیڑوں پر کئی بندر رہتے تھے ۔ دریا کے اس کنارے پر ایک باغ میں آم کے بہت سے پیڑ تھے ۔

کئی Kaii Several

B. Translate into English.

لڑکا فوراً ٹٹّو کی پیٹھ پر بیٹھ گیا ۔ جب دونوں دریا کے بیچ میں پہنچے تو ٹٹّو نے لڑکے کو پانی میں گرانا چاہا ۔ والد نے پوچھا "کیوں بیٹے یہ کیا کر رہے ہو؟"

باورچی بولا "میری ماں بوڑھی اور کمزور ہوگئی ہے۔" میں چاہتا ہوں میرے بدن میں طاقت آئے۔ لڑکا بہت ہوشیار تھا، فوراً بولا، "ارے، آپ نے پہلے کیوں نہ بتا دیا۔ میں اپنا ڈنڈا ساتھ لیتا آتا۔ وہ تو وہیں باغ میں رہ گیا۔" میں کیا جانتا تھا کہ تمھارے لڑکے کو میرا ڈنڈا چاہیئے۔ دل چاہے ابھی آؤ، دل چاہے کھانے کے کچھ دیر بعد۔ باپ نے کہا، "نہیں۔ پہلے پڑھنا بعد میں کھیلنا۔" لڑکے نے کہا "میں آم کیسے لاؤں۔ میں پیڑ پر چڑھ نہیں سکتا۔" وہ بچے تیرنا نہیں جانتے اس لئے وہ پانی میں آتے نہیں۔ بوڑھے باپ نے اپنے لڑکے سے کہا، "جیسا میں کہتا ہوں ویسا کروگے تو خوش رہوگے۔" میرے بھائی میرے کہنے کے مطابق پل پر گئے۔ میرے دوست نے کہا کہ ندی کے دوسرے کنارے پر آم کا بہت بڑا باغ ہے۔ باورچی نے کہا کہ میز پر کھانا تیار ہے۔ باغ کے مالک نے دیکھا کہ پیڑوں پر لگے ہوئے آم خوب پکے ہیں۔ لڑکا بولا، "میں ندی پر کیسے جا سکتا ہوں کیونکہ آج مجھے اسکول جانا ہے۔" میرے دوست نے جواب دیا، "تمہیں سائیکل چلانا نہیں آتا تو کیا ہوا، میں تمہیں بتا دوں گا۔" جب دونوں دوست باغ کے بیچ میں پہنچ گئے تو ایک پیڑ کے نیچے بیٹھ گئے۔ ایک بکرے نے دوسرے کو پانی میں ڈبونا چاہا۔ کچھ دیر بعد جب ٹٹو والے سے کرایہ پوچھا تو اس نے کہا، "جو تمہاری خوشی۔" مجھے پہاڑ پر اتار کر وہ نیچے کی طرف لوٹا۔ مکان کے قریب پہنچتے ہی میرا چھوٹا بھائی اچک کر میری سائیکل پر چڑھ گیا۔ میں روزانہ یہاں کھیلنے کے لئے آنا چاہتا ہوں۔ ہمارا دوسرا مکان کالج کے بہت قریب ہے۔ اس سے

پوچھو کیا وہ ساتھ چلے گا؟ آخر اُس نے میرا کہنا مان لیا۔ وہ کسی طرح میرا کہنا
نہیں مانتا۔ کیا آپ کالج جانے کے لئے تیّار ہیں۔

C. **Fill in the blanks.**

ایک — میں بہت سے مگرمچھ رہتے —۔ اُس دریا کے — بہت سے
پیڑ تھے جن — بہت سے بندر — تھے۔ ایک بوڑھا — روز ان — کو
—۔ آخر ایک دن — نے اپنے بیٹے سے — "میں اب بوڑھا اور کمزور
— ہوں۔ اگر کسی طرح — بندر کا — کھانے — مل جائے — میرے
بدن میں — طاقت —۔" بندر — "میں اُدھر کیسے جا سکتا —۔
مجھے — تو — ہی نہیں۔" مگرمچھ نے — "— نہیں — تو کیا — '
— تو آتا —۔ میری — پر — جاؤ۔ ابھی ادھر — ہوں۔"
بندر فوراً — کی — پر بیٹھ گیا۔ جب دونوں — کے بیچ — پہونچے تو
مگرمچھ — اس کو — میں ڈبونا چاہا۔ بندر نے — "کیوں — یہ
کیا —؟ میں تو تم — اپنا — سمجھتا ہوں۔"

D. Translate into Urdu.

I. Many people lived in that city. II. There were a few houses on the bank of the river. III. My brother sat on the highest branch of the tree. IV. I said to him: "The chairs are in my room, if you need them, come here and take them. V. When the train did not come, the boy became disappointed and went away. VI. At last one day I began to swim in the river. VII. The cook said: "Now I have become old and weak."

VIII. The boy said: "How can I bring the table here, it is very heavy." IX. According to his instructions, I met my brother the next day at the bank. X. The young men work in the fields then go to the river to swim. XI. A monkey was sitting on the chair. XII. Nowadays the crops are ready in the fields. XIII. On seeing the owner of the orchard, the little boy immediately climbed up the tree. XIV. Who lives in that house these days? XV. Can you bring for me some sweet mangos? XVI. Do you know how to swim? XVII. I went to him first then came to you. XVIII. They brought with them some new books. XIX. I don't know English. XX. His father has become very weak.

E. Answer the following in Urdu.

۱- کیا تم کبھی ٹٹوّ کی پیٹھ پر بیٹھے ہو ؟

۲- مگرمچھ نے بندر کو پانی میں ڈبونا چاہا تو بندر نے کیا کہا ؟

۳- جوان مگرمچھ کے باپ کو کیا ہو گیا ہے اور وہ کیوں بندر کا دل کھانا چاہتا ہے ؟

۴- بندر نے اپنی جان. بچانے کیلئے کیا چالاکی کی ؟

۵- جب مگرمچھ کنارے کی طرف لوٹا تو بندر نے کیا کیا ؟

۶- کیا تم نے کبھی مگرمچھ دیکھا ہے، اگر دیکھا ہے تو کہاں دیکھا ہے ؟

۷- کیا بندر دریا میں رہتے ہیں ؟ اگر نہیں تو کہاں رہتے ہیں ؟

۸- بندر دریا میں کیوں نہیں رہتے ؟

۹- بندر پانی میں کس طرح گیا ؟ ۱۰- کیا تمہیں تیرنا آتا ہے ؟

گلستانِ سعدی کی کہانیاں[1]

غلام اور کشتی

ایک بادشاہ اپنے ایک غلام کے ساتھ کشتی میں سوار ہو کر دریا کے پار جا رہا تھا۔ چونکہ غلام نے پہلے کبھی[2] دریا کا سفر نہ کیا تھا، رونا پیٹنا شروع کر دیا۔ اور کسی طرح چپ نہ ہوتا تھا۔ اس کشتی میں ایک فلسفی بھی تھا۔ اُس نے بادشاہ سے کہا "اگر آپ اجازت دیں تو میں اس کا علاج کروں اور اس کا ڈر دور کروں۔" بادشاہ نے اجازت دے دی۔ فلسفی نے چند مسافروں کی مدد سے غلام کو پانی میں پھینک دیا۔ جب وہ چار پانچ غوطے کھا چکا تو ہاتھ پکڑ کر دریا سے نکال لیا۔ غلام نے جان بچنے پر خدا کا شکر ادا کیا اور خاموش ایک کونے میں بیٹھ گیا۔ بادشاہ نے پوچھا "اے فلسفی! اس میں کیا راز ہے؟" فلسفی بولا "امن و امان کی قیمت وہی جانتا ہے جو کسی مصیبت میں پھنس چکا ہو۔"

دو بھائی

دو بھائی تھے۔ اُن میں سے ایک بادشاہ کا ملازم تھا اور دوسرا محنت سے روزی کماتا تھا۔ ایک دن وہ ملازم کہنے لگا کہ تم بادشاہ کی خدمت کیوں نہیں کرتے۔ خدمت کرو تو اس محنت سے بچ جاؤ گے۔ دوسرے نے کہا کہ تم کام کیوں نہیں کرتے۔ کام کرو گے تو خدمت کی ذلّت سے بچ جاؤ گے۔

Vocabulary

گلستان	F	gulistaan	The Gulistan of Saadi
سعدی		sa'dii	name of the famous Persian poet and author, b. 1184
غلام	M	Gulaam	slave
کشتی	F	kaštii	boat
بادشاہ	M	baadšaah	king
سوار ہونا		sawaar-hoonaa	to ride on X [-par, -mẽẽ]
چونکہ		cũũki	since, because
کبھی		kabhii	ever; note: کبھی [kabhii] followed by نہ [na] or نہیں [nahĩĩ] means "never"
سفر	M	safar	journey, voyage
رونا پیٹنا		roonaa-piiTnaa	to wail (Intr.); [roonaa] "to weep" + [piiTnaa] "to beat"
شروع کرنا	N	šuruu-karnaa	to begin (Tr.)
چپ ہونا		cup-hoonaa	to be silent
فلسفی	M	falsafii	philosopher
اجازت دینا	NF	ijaazat deenaa	to permit
علاج کرنا	NM	ilaaj karnaa	to cure X [-kaa]
ڈر	M	Dar	fear
دور کرنا	N	duur-karnaa	to remove from X [-see]
چند		cand	a few
مسافر	M	musaafir	traveller
مدد	F	madad	help
پھینکنا	N	phẽẽknaa	to throw
پانچ		pããc	five (5)
غوطہ	M	Gootaa	act of diving
غوطہ کھانا	NM	Gootaa khaanaa	to go down under water
ہاتھ	M	haath	hand
پکڑنا	N	pakaRhaa	to catch
نکالنا	N	nikaalnaa	to take out
ادا کرنا	N	adaa-karnaa	to express

خاموش		xaamooš	silent
اے		ai	o, (vocative particle used in calling or addressing equals or inferiors)
راز	M	raaz	secret
امن	M	amn	peace
امان	M	amaan	security, safety
قیمت	F	qiimat	price
وہی		wuhii	that very; same as [woo hii] وہ ہی
مصیبت	F	musiibat	calamity, trouble
پھنسنا		phãsnaa	to get caught in X [-mẽẽ]
ملازم	M	mulaazim	servant
محنت	F	mehnat	labour
روزی	F	roozii	sustenance
روزی کمانا	NF	roozii kamaanaa	to earn for sustenance
ذلت	F	zillat	humiliation

Notes: X

1. Stories from the Gulistan of Sa'di of Shiraz are as popular and well known in Urdu circles as the fables of Aesop are in the West. There are now available several English translations of the Persian original, which is still considered an important manual of moral and ethical values.

2. The combination of [kabhii] and [na] or [nahĩĩ] means "never". [kabhii] is not an interrogative form. Without any negative in the same clause, [kabhii] would be translated as "ever; sometimes".

aap wahãã kabhii gaẽẽ hãĩ	Have you ever been there?
mãĩ wahãã kabhii nahĩĩ gayaa	I have never been there.
kabhii un-kee paas bhii jaanaa caahiyee	We ought to visit him, too, sometimes.

Exercises

A. Situational Variants.

ایک بادشاہ اپنے ایک غلام کے ساتھ کشتی میں بیٹھ کر دریا پار کر رہا تھا۔ چونکہ غلام نے اس سے پہلے کشتی میں سفر نہ کیا تھا اس لئے وہ رونے پیٹنے لگا۔ وہ کسی طرح خاموش نہ ہوتا تھا۔ ایک فلسفی نے بادشاہ سے کہا "اگر آپ اجازت دیں تو میں اس کو چپ کر سکتا ہوں اور اس کا ڈر نکال سکتا ہوں۔" غلام کے چار پانچ غوطے کھانے کے بعد فلسفی نے اُس کا ہاتھ پکڑ کر اُسے پانی سے نکال لیا۔ غلام اب چپ ہو کر کشتی میں ایک کونے میں بیٹھ گیا۔ بادشاہ نے فلسفی سے پوچھا، "اس کا راز میں نہیں سمجھا۔ مجھے بتاؤ، یہ اب کیوں خاموش ہو گیا۔" فلسفی نے کہا، "اے بادشاہ، جو آدمی پہلے کبھی کوئی مصیبت دیکھ چکا ہو وہی جان بچنے کی قیمت جانتا ہے۔" دو بھائی تھے جن میں سے ایک بادشاہ کا نوکر تھا اور دوسرا کام کر کے گذر کرتا تھا۔ ایک روز بادشاہ کے ملازم نے اپنے بھائی سے کہا کہ تم بادشاہ کی نوکری کیوں نہیں کر لیتے۔ اس طرح کام کرنے سے بچ جاؤگے۔ اُس کا بھائی بولا، "میرے بھائی، تم میرا کہنا کیوں نہیں مانتے۔ تم اگر محنت کر کے گذر کرو گے تو دوسرے کی خدمت کی ذلّت سے بچو گے۔"

1. پار کرنا paar-karnaa to cross

2. چپ کرنا cup-karnaa to silent someone

3. نوکر naukar servant 4. روز rooz day; daily

B. **Translate into English.**

بچے کہانیاں سننا چاہتے ہیں۔ ایک لڑکا اپنے دوست کے ساتھ ریل میں سوار ہوکر جا رہا تھا۔ ریل کے مسافر پُل سے ندی پار کر رہے تھے۔ میرے والد ایک بڑے میدان کے پار جا رہے تھے۔ چونکہ باورچی نے پہلے کبھی دریا کا سفر نہ کیا تھا۔ وہ بہت ڈر رہا تھا۔ چونکہ لڑکے کا کپڑا پانی میں گر گیا اس لئے اس نے رونا شروع کر دیا۔ چھوٹا بچہ کرسی سے گر کر رونے لگا اور کسی طرح چپ نہ ہوتا تھا۔ اس مکان میں ایک ملازم بھی تھا۔ میں کشتی میں بیٹھ کر ندی کے اس کنارے کو جا رہا تھا۔ غلام نے بادشاہ سے کہا کہ میں نے کبھی دریا کا سفر نہیں کیا ہے۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں آپ کے ٹٹو پر سواری کرنا چاہتا ہوں۔ باپ نے اپنے بچے کو کمزور دیکھ کر سوچا کہ اس کا علاج کروں۔ میں اپنے چھوٹے بھائی کو دریا کے کنارے لے گیا تاکہ اس کا پانی کا ڈر دور کروں۔ میں اب اجازت چاہوں گا۔ انھوں نے مجھے ایسا کرنے کی اجازت دی ہے۔ مکاندار نے اجازت دے دی تو میں مکان میں رہنے لگا۔ لڑکے نے چند آدمیوں کی مدد سے سائیکل کو پانی سے نکالا۔ ریل کے مسافروں نے اپنی جان بچنے پر خدا کا شکر ادا کیا۔ باہر سے آنے کے بعد میرے بڑے بھائی خاموش آنگن کے ایک کونے میں بیٹھ گئے۔ مسافروں نے پوچھا "ریل کو گرنے سے کسی نے بچایا؟" بندر بولا "پیڑ پر ہی امن وامان ہے۔" میں اس سائیکل کی قیمت نہیں جانتا۔ بندر مگرمچھ کی پیٹھ پر سوار ہوکر مصیبت میں پھنس گیا۔ اس شہر میں چند لوگ تھے جن میں سے سب بادشاہ کے ملازم

بننا چاہتے تھے۔ کئی لوگ محنت سے روزی کمانا نہیں چاہتے۔ ایک دن فلسفی کہنے لگا، " بہت سے آدمی محنت سے بچ کر ذلت میں پھنس جاتے ہیں۔" میں ان کتابوں کی قیمت ادا کرنا چاہتا ہوں۔

C. **Fill in the blanks.**

ایک — اپنے ایک — کے ساتھ — میں سوار — دریا کے — — تھا۔
— غلام نے — کبھی دریا کا — نہ کیا — ۔ اُس نے بادشاہ سے کہا،
" اگر آپ — دیں تو میں اس کا — کروں اور اس کا — دور — ۔"
فلسفی نے چند — کی — سے — کو پانی میں — — ۔ غلام نے جان —
— خدا کا — ادا کیا اور — ایک — میں بیٹھ گیا۔ فلسفی بولا، " —
و — کی — وہی جانتا ہے جو کسی — میں — چکا — ۔" اُن میں
سے — بادشاہ کا — تھا اور دوسرا — سے روزی — تھا۔ ایک دن
وہ ملازم — — کہ تم — کی — کیوں نہیں کرتے۔ خدمت — تو
اس — سے — — ۔ کام — تو — کی — سے بچ — ۔

D. Translate into Urdu.

I. The boy was crossing the bridge on his bicycle. II. The old man had never before travelled in a train. III. The monkey had never travelled on the back of the crocodile. IV. The servant said to the master, "If you will permit me I want to go to the river today." V. Little children are not afraid of water; they like to play in it. VI. The king permitted the old philosopher to be seated on a chair.

VII. With the help of my friends I could bring that heavy table into the house. VIII. The master told the servant not to tell the secret to anyone. IX. There is no peace and safety in that city. X. I had to pay a very high price for this house. XI. No one likes to get caught in trouble. XII. The cook earns his living by working hard. XIII. Hard work saved me from humiliation. XIV. We want your permission to go across the river. XV. Have you travelled before in a boat?

E. Answer the following in Urdu.

۱- بادشاہ اپنے غلام کے ساتھ کہاں جا رہا تھا ؟
۲- کیا تمہارے یہاں کبھی بادشاہ ہوئے ہیں ؟
۳- فلسفی نے غلام کے رونے کا علاج کیسے کیا ؟
۴- کیا اس علاج سے غلام کا ڈر دور ہو گیا ؟
۵- فلسفی کے علاج کا راز کیا ہے ؟
۶- کیا تم نے کبھی دریا کا سفر کیا ہے ؟ کیسے کیا ہے ؟
۷- پانی سے نکالنے کے بعد غلام کیوں خاموش ہو گیا ؟
۸- کیا تمہارے شہر میں امن و امان ہے ؟
۹- بادشاہ کی خدمت کرنا اچھا ہے، یا محنت سے روزی کمانا ؟ کیوں ؟
۱۰- کیا آدمی محنت سے بچ سکتا ہے ؟

Review Sentences

۱۔ میں ایک ٹٹو پر سوار ہوا اور دوسرے پر سامان لاد کر پہاڑ پر چڑھا۔

۲۔ مگرمچھ چاہتا تھا کہ بندر کو دریا میں پھینک دے۔

۳۔ میں خاموش رہتا ہوں تو لوگ مجھے فلسفی سمجھتے ہیں۔

۴۔ بندر دریا کے بیچ میں پہنچا تو اس نے رونا شروع کر دیا۔

۵۔ میرے باغ میں بہت سے میٹھے آموں کے پیڑ ہیں۔

۶۔ تم جلدی سے آموں کی قیمت وصول کر لو۔

۷۔ میری کشتی بہت مضبوط ہے اس میں یہ ٹٹو بھی سوار ہو سکتا ہے۔

۸۔ اگر تمہیں اس کام میں تکلیف ہوتی ہے تو نہ کرو، میرا ملازم کر دے گا۔

۹۔ غلام اپنی محنت کی قیمت وصول کرتا ہے۔

۱۰۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ آم کھانے سے بدن میں بہت طاقت آتی ہے۔

۱۱۔ تمہارا دل چاہے تو دریا میں تیرو، چاہے تو کشتی میں بیٹھو۔

۱۲۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ محنت کرنا ذلت کی بات ہے۔

۱۳۔ وہ صاحب اپنے ملازم سے بہت محنت لیتے ہیں۔

۱۴۔ اس درخت کے نیچے چند آدمی کہانیاں پڑھ رہے ہیں۔

۱۵۔ میں نے غلام کو پانی میں ڈبونے کی اجازت دی۔

۱۶۔ بندر کی جان بچی تو فوراً اس نے شکر ادا کیا۔

۱۷۔ مگرمچھ نے اپنا راز بندر کو فوراً نہیں بتایا۔

۱۸۔ جو لوگ تیرنا جانتے ہیں ان کو کسی طرح تکلیف نہیں ہوتی۔

۱۹۔ میرا بھائی محنت سے نہیں ڈرتا ہے۔

۲۰۔ ٹٹو والا محنت کر کے روزی کماتا ہے۔

۲۱۔ بندر نے مگرمچھ کے باپ کا علاج نہیں کیا۔

۲۲۔ بادشاہ کے کہنے کے مطابق فلسفی نے وہ کام کیا۔

۲۳۔ مگرمچھ کا بوڑھا باپ مایوس ہو گیا اور چپ ہو کر بیٹھ گیا۔

۲۴۔ غلام کا دل کمزور تھا اس لئے پانی سے ڈرتا تھا۔

۲۵۔ بندر مگرمچھ سے زیادہ چالاک تھا اس لئے بچ گیا۔

۲۶۔ میرے والد اپنی خوشی کے مطابق سفر کرتے ہیں۔

۲۷۔ آج کل ریل کے سفر میں بہت مصیبت ہوتی ہے۔

۲۸۔ میں آج ہی اپنا کام کر کے سفر سے لوٹا ہوں۔

۲۹۔ اس مکان کا کرایہ بہت زیادہ ہے لیکن وہ کرے بھی تو کیا کرے۔

۳۰۔ آدمی جتنی محنت کرتا ہے اتنا ہی اچھا رہتا ہے۔

۳۱۔ میں نے غلام کو مارا مگر وہ بے چارہ کچھ نہ بولا۔

۳۲۔ وہ بادشاہ اور غلام کی کہانی پڑھنا چاہتا ہے۔

۳۳۔ فلسفی کا دل مضبوط تھا اور وہ پہلے بھی کشتی میں سفر کر چکا تھا۔

۳۴۔ سامان اور بوجھ کے لانے اور لے جانے کے لئے کشتی سے بھی کام لیتے ہیں۔

۳۵۔ میرا دوست جانتا ہے کہ پانی میں تیرے۔

۳۶۔ مجھے غلام کو دیکھ کر بہت ترس آیا لیکن میں اس کی مدد کر بھی کیا سکتا تھا۔

۳۷۔ بندر مگرمچھ کی پیٹھ پر دریا کے پار جانا چاہتا تھا۔

۳۸۔ مجھے پیڑ پر اچک کر چڑھنا نہیں آتا۔

۳۹۔ اتنے بڑے دریا میں کتنی چھوٹی سی کشتی تیر رہی ہے۔

۴۰۔ غلام جب کشتی میں واپس آیا تو بالکل خاموش تھا۔

۴۱۔ بادشاہ نے غلام سے پوچھا "اے غلام! تو نے رونا کیوں شروع کر دیا"۔

۴۲۔ میں روز اپنے بھائی کے ساتھ باغ میں آم کھانے جاتا ہوں۔

۴۳۔ جو مصیبت میں پھنستا ہے وہی امن و امان کا راز سمجھتا ہے۔

۴۴۔ میں نے مکان کا کرایہ مکاندار کو پہنچا دیا۔

۴۵۔ مگرمچھ کسی طرح پیڑ پر نہیں چڑھ سکتا ہے۔

۴۶۔ وہ جس کشتی میں سوار تھا اس میں ایک بوڑھا فلسفی بھی تھا۔

۴۷۔ میں نے ایسا کام پہلے کبھی نہیں کیا لیکن تم چاہو تو کر سکتا ہوں۔

۴۸۔ میں جانتا تھا کہ آج کچھ جلدی واپس جاؤں۔

۴۹۔ اس لڑکے کو انگریزی زبان نہیں آتی، وہ صرف اردو جانتا ہے۔

۵۰۔ میں نے کچھ دوستوں کی مدد سے اس شہر میں کام شروع کیا۔

اشوک

بہت زمانہ ہوا ہندوستان میں ایک مشہور راجہ گزرا ہے ۔ اُس کا نام اشوک تھا۔ اور اُسکی راجدھانی پاٹلی پتر (پٹنہ) تھی ۔ ایک دفعہ اشوک نے دکن کے علاقے کالنگا پر چڑھائی کی ۔ کالنگا فتح ہوگیا مگر لڑائی میں اس قدر[2] آدمی مارے گئے کہ راجا کو بہت رنج ہوا ۔ اُس نے ہمیشہ کیلئے[3] لڑائی سے توبہ کرلی اور بدھ مذہب اختیار کرلیا ۔

اشوک بدھ مذہب کو اچھی طرح سمجھنے کیلئے بزرگوں، رشیوں، منیوں کی صحبت میں بیٹھتا تھا ۔ وہ بڑا رحم دل تھا ۔ خلق کو فائدہ پہنچانے کی دھن[4] اُسے ہر وقت رہتی تھی ۔ اُس نے مسافروں کے آرام کیلئے سڑکوں پر کنویں کھدوائے اور غریب آدمیوں اور مولشیوں کے علاج کیلئے سرکاری اسپتال کھلوائے ۔ اشوک چاہتا تھا کہ کسی کو تکلیف نہ پہنچے[5] ۔ جتنی جاندار چیزیں ہیں اُن سے اچھا سلوک کیا جائے ۔

پرانے زمانے میں شکار کھیلنا بھی بادشاہ کی ایک شان تھی ۔ مگر اشوک نے شکار کھیلنا چھوڑ دیا ۔ اُس نے اپنی رعایا کو ہدایت کی کہ وہ اپنے بزرگوں، اُستادوں اور عالموں کی عزت کریں اور اُن سے نرمی سے پیش آئیں ۔ کفایت شعاری[6] سے رہیں اور سادہ زندگی بسر کریں ۔

پرانا قاعدہ تھا کہ جب راجا آرام کرتا ہو تو اُس سے کوئی شخص نہیں مل سکتا تھا ۔ لیکن اشوک نے اجازت دے دی تھی کہ اگر کسی شخص کو ضروری کام ہو تو وہ مجھ سے ہر وقت مل سکتا ہے ۔ بڑے بڑے سرکاری ملازموں کو اُس نے حکم دیا کہ

وہ مختلف جگہوں کا دورہ کیا کریں اور لوگوں کو اخلاقی تعلیم دیں ۔ چند ایسے مذہبی افسر بھی مقرر کئے جن کا کام لوگوں کو پاک زندگی بسر کرنے کی تعلیم دینا اور غریبوں کی تکلیفیں دور کرنا تھا ۔

اپنی حکومت کے آخری بارہ سال اشوک نے بدھ مذہب کی ترقی میں صرف کئے ۔ تقریباً چوراسی ہزار مندر اور دوسری مذہبی عمارتیں بنوائیں ۔ مہاتما بدھ کی جو چیزیں یادگار تھیں اُن کو جمع کیا اور تھوڑی تھوڑی ہر جگہ تقسیم کرائیں ۔ اور ہندوستان کے باہر دور دور کے ملکوں میں بدھ مذہب پھیلانے کیلئے عالم بھیجے ۔ اشوک کی کوششوں سے بدھ مذہب کافی پھیل چکا تھا مگر اُس میں اصلاح کی ضرورت تھی ۔ اُس نے ایک مرتبہ بہت بڑا مذہبی جلسہ کیا ۔ اس جلسے کے بعد بدھ مذہب پھیلانے کی اور زیادہ کوشش کی گئی اور اُس میں بہت سی اصلاحیں بھی ہوئیں ۔ گو راجہ اشوک کو بدھ مذہب سے بڑی دلچسپی تھی ، پھر بھی اُس نے رعایا کو مذہبی آزادی دے رکھی تھی ۔[7] وہ مذہب کے نام پر لڑنے کا سخت مخالف تھا ۔ اکثر مذہبی اعلان شائع کراتا اور اُنکو لاٹوں اور چٹانوں میں کھدوا دیتا ۔ اُسکی لاٹیں اب تک دہلی اور دوسرے شہروں میں موجود ہیں ۔

Vocabulary

اشوک		ašook	Ashoka
زمانہ	M	zamaanaa	time
ہندوستان	M	hindustaan	India
مشہور		mašhuur	famous
راجہ	M	raajaa	king; also راجا
نام	M	naam	name
راجدھانی	F	raajdhaanii	capital
پاٹلی پتر	F	paaTliiputr	Patliputra
پٹنہ	M	paTnaa	Patna, a city in Bihar (India)
دفعہ	F	dafaa	(one) time
دکن	M	dakan, dakin	South India
علاقہ	M	ilaaqaa	area of land
کالنگا		kaalingaa	Kalinga, a part of Orissa (India)
چڑھائی	F	caRhaaii	attack
چڑھائی کرنا	NF	caRhaaii karnaa	to attack X [-par]
فتح	F	fath, fateh	victory
فتح ہونا		fath-hoonaa	to be conquered
لڑائی	F	laRaaii	battle
قدر	F	qadar	extent; used with [is] or [us] only
اس قدر		**is-qadar**	to this extent
مارا جانا		maaraa-jaanaa	to be killed; from [maarnaa] "to kill"
رنج	M	ranj	grief
رنج ہونا	KM	ranj hoonaa	to be grieved
ہمیشہ		hameešaa	always, ever
ہمیشہ کے لئے		hameešaa-kee liyee	forever
توبہ	F	taubaa	repentance
توبہ کرنا	NF	taubaa karnaa	to vow to abstain from X [-see]
بدھ	M	budh staan	Buddhism
مذہب	M	mazhab	religion

اختیار کرنا	N	ixtiyaar-karnaa	to adopt
بزرگ	M	buzurg	saint; elders
رشی	M	rišii	pious person, a sage
منی	M	munii	ascetic
صحبت	F	suhbat	company of X [-kii]
رحم	M	rahm	mercy
رحم دل		rahm-dil	tender-hearted
خلق	F	xalq	people, populace
فائدہ	M	faaidaa	advantage, benefit
فائدہ پہنچانا	NM	faaidaa põhcaanaa	to benefit X [-koo]
دھن	F	dhun	ardent desire
ہر		har	every
آرام	M	aaraam	comfort
سڑک	F	saRak	road
کنواں	M	kũwãã	well; pl. کنویں [kũwẽẽ]
کھدوانا	N	khudwaanaa	to have X dug; caus. of کھودنا [khoodnaa] "to dig"
غریب		Gariib	poor
مویشی	M	maweešii	cattle
سرکاری		sarkaarii	official
اسپتال	M	aspataal	hospital; same as ہسپتال [haspataal]
کھلوانا	N	khulwaanaa	to get X opened; caus. of کھولنا [khoolnaa] "to open"
چاہنا	N	caahnaa	to desire, want
تکلیف	F	takliif	difficulty
تکلیف پہنچنا	KF	takliif pahũcnaa	to get hurt
جاندار		jaan-daar	living being
سلوک	M	suluuk	treatment
سلوک کرنا	NM	suluuk karnaa	to treat X [-see]
شکار	M	šikaar	hunting
شکار کھیلنا	NM	šikaar kheelnaa	to hunt X [-kaa]
شان	F	šaan	dignity
چھوڑنا	N	chooRnaa	to give up (Tr.)

رعایا	F	ri'aayaa	subject people
ہدایت	F	hidaayat	instruction
ہدایت کرنا	NF	hidaayat karnaa	to instruct X [-koo]
استاد	M	ustaad	teacher
عالم	M	aalim	learned man
عزت	F	izzat	respect
عزت کرنا	NF	izzat karnaa	to respect X [-kii]
نرمی	F	narmii	kindness
پیش آنا		peeš-aanaa	to treat X [-see] with X1 [-see]
کفایت	F	kifaayat	economy
کفایت شعاری	F	kifaayat-si'aarii	habit of economy, frugality
سادہ		saadaa	simple
زندگی	F	zindagii	life
بسر کرنا	N	basar-karnaa	to pass (life, night, day, etc.)
قاعدہ	M	qaaedaa	rule
شخص	M	šaxs	person
ضروری		zaruurii	necessary
حکم	M	hukm	order
حکم دینا	NM	hukm deenaa	to order X [-koo]
جگہ	F	jagah, jaghaa	place
دورہ	M	dauraa	tour
دورہ کرنا	NM	dauraa karnaa	to tour X [-kaa]
اخلاق	M	axlaaq	morals
اخلاقی		axlaaqii	moral
تعلیم	F	taaliim	education
تعلیم دینا	NF	taaliim deenaa	to teach X [-koo] X1 [-kii]
مذہبی		mazhabii	religious
افسر	M	afsar	Eng., officer
مقرر کرنا	N	muqarrar-karnaa	to appoint X [-koo] as X1
پاک		paak	pious
دور کرنا	N	duur-karnaa	to remove (Tr.)

حکومت	F	hukuumat	reign
آخری		aaxirii	last
باره		baaraa	twelve (12)
سال	M	saal	year
ترقی	F	taraqqii	development
صرف کرنا	N	sarf-karnaa	to spend
تقریباً		taqriiban	approximately
چوراسی		cauraasii	eighty-four (84)
ہزار		hazaar	thousand
مندر	M	mandir	temple
عمارت	F	imaarat	building
بنوانا	N	banwaanaa	to have X constructed; caus. of بنانا [banaanaa] "to make"
مہاتما	M	mahaatmaa	venerable
بدھ		budh	Gautama the Buddha, founder of Buddhism
یادگار	F	yaadgaar	relics
جمع کرنا	N	jamaa-karnaa	to collect (Tr.)
تھوڑا		thooRaa	a little
تقسیم کرنا	N	taqsiim-karnaa	to distribute
باہر		baahar	out of X [-kee]
ملک	M	mulk	country
پھیلانا	N	phailaanaa	to spread (Tr.)
بھیجنا	N	bheejnaa	to send
کوشش	F	koošiš	effort
کافی		kaafii	sufficient
پھیلنا		phailnaa	to be spread
اصلاح	F	islaah	improvement
ضرورت	F	zaruurat	necessity
مرتبہ	M	martabaa	(one) time; same as دفعہ [dafaa]
جلسہ	M	jalsaa	meeting
جلسہ کرنا	NM	jalsaa karnaa	to hold a meeting
اور		aur	more
کوشش کرنا	NF	koošiš karnaa	to make an effort to I [-kii]

گو		goo	although
دلچسپی ہونا	KF	dilcaspii hoonaa	to be interested in X [-see, -mẽẽ]
پھر بھی		phir-bhii	even then
آزادی	F	aazaadii	freedom
سخت		saxt	vehement, strong
مخالف		muxaalif	opponent
اکثر		aksar	often
اعلان	M	eelaan	proclamation
شائع کرنا	N	šaayaa-karnaa	to publicize
لاٹ	F	laaT	monumental pillar
چٹان	F	caTaan	rock
کھدوانا	N	khudwaanaa	to have X [-koo] engraved; caus. of کھودنا [khoodnaa] "to engrave"
اب تک		ab-tak	still, even now
دہلی	F	dehlii	Delhi; same as دلّی [dillii]
موجود ہونا		maujuud-hoonaa	to exist, be present

Notes: XI

1. [guzarnaa]: "to come about; to occur".
[eek mašhuur raajaa guzraa hai]: "there has been a famous king".
[eek buraa waaqi'aa guzraa]: "a sad event took place".

2. [is qadar]: "to such an extent". Other similar constructions with [qadar] are,
[kis qadar]: "to what extent; how much",
[kisii qadar]: "to some extent".
It does not occur with other attributives.

3. [hameešaa-kee liyee]: "for ever".

4. [dhun]: F: "constant thinking of possessing or achieving something".
[dhun hoonaa] or [dhun rahnaa]: KF: "to be constantly thinking of achieving or possessing X [-kii]".

5. [kisii-koo takliif na pahŏcee]: "no one should suffer".
[pahŏcnaa] is also used with other words for injury, calamity, sorrow, etc.
[kisii-koo sadmaa na pahŏcee]: "No one should suffer a shock". Lit., "Schock should not reach anyone". The replacement of [hoonaa] by [pahŏcnaa] in such sentences give emphasis to the actual happening of something shocking as contrasted with a state of shock.

6. [kifaayat]: "frugality"; [kifaayat-ša'aar]: "one who practices frugality"; [kifaayat-ša'aarii]: "the habit of frugality".

7. [us-nee ri'aayaa-koo mazhabii aazaadii dee-rakhii thii]:
"He had given religious freedom to his people."
The use of [rakhnaa] as the second member of a compound verb construction suggests that the effects of the action indicated

by the first member were spread over a period of time and it is this aspect of them that the speaker wants to emphasize. In other words, the emphasis is on the "state" of things and not on the "act".

us-nee sab baTan khool-rakhee hãĩ	He has all his buttons open.
naukar-nee sab saamaan bããdh-rakhaa hai	The servant has tied and got ready all the baggage.

[rakhnaa] occurs with transitive verbs only.

Exercises

A. Situational Variants.

کئی سال پہلے ہندوستان میں ایک مشہور راجہ تھا جس کا نام اشوک تھا۔ کالنگا تو فتح ہو گیا مگر لڑائی میں اتنے زیادہ آدمی مارے گئے کہ راجہ کو بہت تکلیف ہوئی۔ اُس نے مسافروں کو آرام پہونچانے کے لئے راستوں پر کنویں بنوائے اور غریب لوگوں اور جانوروں کے علاج کے لئے سرکاری اسپتال۔ راجہ چاہتا تھا کہ کسی کو تکلیف نہ ہو اور سب لوگ آرام سے رہیں۔ پہلے زمانہ میں جانوروں کا شکار کرنا بھی بادشاہ کے لئے ایک شان کی بات تھی۔ اُس نے اپنی رعایا کو سمجھایا کہ بزرگوں اور عالموں کی عزّت کرنا اچّھا کام ہے۔ یہ ایک پرانا قاعدہ تھا کہ راجہ کے آرام کے وقت کوئی آدمی اُس سے مل نہیں سکتا تھا، لیکن اشوک نے حکم دیا تھا کہ جس کو مجھ سے ضروری کام ہو وہ کسی وقت بھی مل سکتا ہے۔ اُس نے کچھ ایسے مذہبی افسر بھی مقرّر کئے جن کا کام تھا کہ رعایا کو اچھی زندگی بسر کرنا سکھائیں اور اُنکی تکلیف دور کریں۔ اشوک کی کوشش سے بدھ مذہب دور دور پھیل گیا۔ اُس نے بدھ مذہب کی اصلاح کے لئے ایک بڑا جلسہ کیا جس میں بہت سے عالم آئے۔ وہ نہیں چاہتا تھا کہ لوگ مذہب کے نام پر ایک دوسرے سے لڑیں۔ اشوک کی بنوائی ہوئی لاٹیں اب تک مختلف جگہوں پر موجود ہیں۔

B. Translate into English.

بہت زمانہ ہوا اس مکان میں ایک لڑکا رہتا تھا جس کا نام اشوک تھا۔ اس

مکان کے بنوانے میں تقریباً دس ہزار ڈالر لگے۔ امریکہ کی راجدھانی واشنگٹن ڈی۔ سی۔ ہے۔ ایک دفعہ میں نے ایک دوست کے ساتھ ریل سے دکن کے علاقوں کا سفر کیا۔ آجکل ہر جگہ جلسے ہو رہے ہیں اور لوگوں کے اخلاق کی اصلاح کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کئی بادشاہوں نے دکن کے علاقوں کو فتح کرنے کی کوشش کی۔ تم کو تو بس ہر وقت ایک ہی بات کی دھن رہتی ہے۔ ایک مرتبہ ندی میں گرنے کے بعد میرے بھائی نے تیرنے سے ہمیشہ کے لئے توبہ کر لی۔ رشیوں نے شہروں میں رہنے کی بجائے لوگوں سے دور پہاڑوں میں زندگی اختیار کر لی۔ ہندوستان میں مذہب کے نام پر ہمیشہ لڑائی ہوتی رہی ہے۔ وہ بزرگ آدمی بڑے رحم دل ہیں اور سب سے نرمی سے پیش آتے ہیں۔ اگر تم کو اس کام سے دلچسپی ہے تو اس کے لئے کچھ محنت بھی کرو۔ ان کی صحبت میں بیٹھ کر ہم بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں۔ جو کچھ بھی سیکھیں اُس سے دوسروں کو فائدہ پہنچانے کا خیال ضرور رکھیں۔ اس لڑکے کو ہر وقت پیڑ پر چڑھنے کی دھن لگی رہتی ہے۔ سب افسروں کو خلق کو آرام پہنچانے کا خیال نہیں رہتا۔ اسکول میں لڑکوں نے اپنی پرانی کتابیں جمع کیں اور پھر انکو غریب لڑکوں میں تقسیم کر دیا۔ اس نے اپنی زندگی بسر کرنے کے لئے چند قاعدے مقرر کئے ہیں۔ اس نے غریبوں میں کھانا تقسیم کیا۔ ملک کی تقسیم کے بعد لوگوں میں مذہب کے نام پر لڑائی ہوئی۔ جب حکومت نے بہت سی جگہوں پر شکار کرنے سے روک دیا تو لوگوں نے شکار کھیلنا چھوڑ دیا۔ میں تین چار مرتبہ وہاں گیا لیکن جب ہر دفعہ وہ نہ ملے تو پھر جانا چھوڑ دیا۔ یہ راجہ علم کی قیمت

سمجھتا ہے اسی لئے عالموں کی بڑی عزّت کرتا ہے۔ میں نے دریا میں تیرنا چاہا تو میرے والد نے اجازت دے دی مگر کسی بڑے آدمی کو ساتھ رکھنے کی ہدایت کی۔ یہ کام تم نے اچھا کیا ہے لیکن بعض جگہ اصلاح کی ضرورت ہے۔ لوگوں کو پاک زندگی بسر کرنے کی تعلیم دینا بزرگوں اور عالموں کا کام ہے۔ تم اپنے والد کو علاج کے لئے سرکاری اسپتال لے جاؤ۔ اسکی نئی کتاب جب شائع ہوگی تو اس کا نام دور دور پھیل جائے گا۔ اشوک کی یادگاریں اب بھی بہت سے شہروں میں موجود ہیں۔ میں اب ہمیشہ کے لئے یہاں سے جا رہا ہوں۔ اس جلسے میں ایک سرکاری افسر نے کہا کہ ملک کے فائدے کے لئے سب لوگوں کو کوشش کرنا ضروری ہے۔

C. Fill in the blanks.

بہت — ہوا ہندوستان میں ایک — راجہ — ہے۔ — فتح ہو گیا مگر لڑائی — اس — آدمی — — کہ راجہ کو بہت — ہوا۔ اُس — مسافروں کے آرام — — سڑکوں — کنویں کھدوائے اور غریب آدمیوں اور — کے علاج کے لئے سرکاری اسپتال —۔ اشوک چاہتا — کہ کسی کو تکلیف نہ —۔ مگر اشوک نے شکار کھیلنا — —۔ اُس نے اپنی رعایا — ہدایت — کہ وہ اپنے —، اُستادوں اور — کی عزّت — اور اُن سے — سے پیش —۔ پرانا قاعدہ تھا — جب راجہ — کرتا — تو اُس سے کوئی شخص نہیں مل — تھا۔ لیکن اشوک — اجازت دے دی تھی کہ اگر — شخص کو — کام ہو تو — مجھ سے ہر وقت — سکتا ہے۔ چند ایسے مذہبی — بھی — کئے

جن کا کام — کو پاک زندگی بسر — کی — دنیا اور غریبوں کی — دور
— تھا۔ مہاتما بدھ کی جو چیزیں — تھیں اُن کو — کیا اور تھوڑی تھوڑی
— جگہ تقسیم — ۔

D. Translate into Urdu.

I. For the spreading education he opened government schools.
II. For the comfort of travellers he had houses built by
the roadside. III. The old man wanted that he should not
meet with any difficulty. IV. The king wants all people to
be treated well. V. In olden days hunting was necessary.
VI. The father instructed the small boy that he should not
walk on the edge of the bridge. VII. Nowadays the children
do not respect the elders because the elders have given them too
much freedom. VIII. He devoted twelve years of his life
to the spread of education. IX. He went around the different
parts of the country. X. There is no religious freedom
in that country, so people are leaving that country.
XI. There was a huge rock on the banks of the river.
XII. He gave up his old religion and adopted a new one.
XIII. I went there six times and every time he wasn't at home.
XIV. She respects her old father and treats him well. XV. His
new book needs to be corrected in some places. XVI. I have
come here now for good. XVII. The king was very interested
in building temples. XVIII. His buildings are still there
in many cities of India. XIX. I tried for the last time
today to meet him.

E. Answer the following in Urdu.

۱۔ پرانے زمانے میں تمہارے ملک میں کون رہتا تھا ؟

۲۔ اشوک نے کس علاقہ پر چڑھائی کی اور فتح کے بعد کیا کیا ؟

۳- خلق کو آرام اور فائدہ پہنچانے کیلئے اشوک نے کیا کیا کام کئے ؟

۴- کیا تم نے کبھی شکار کھیلا ہے ؟ اب تک کیا کیا شکار کیا ہے ؟

۵- بزرگوں ، عالموں اور استادوں کے بارے میں اشوک نے رعایا کو کیا ہدایت دی ؟

۶- راجہ کے آرام کا پرانا قاعدہ کیا تھا اور اشوک نے کیا اجازت دی تھی ۔

۷- اشوک نے مذہبی افسر کیوں مقرّر کئے تھے ؟

۸- بدھ مذہب کی اصلاح کے لئے اشوک نے کیا کیا ؟

۹- اشوک کا مذہبی سلوک رعایا کے ساتھ کیسا تھا ؟

۱۰- آج کل آپ کے ملک میں کوئی اعلان کیسے شائع ہوتا ہے ؟

جاندار اور بے جان میں فرق

سب سے پہلے تو ہمیں یہ جاننا چاہیئے کہ یہ کیسے معلوم ہوتا ہے کہ فلاں[1] چیز جاندار اور فلاں چیز بے جان ہے۔ ہم یہ کیسے پہچان لیتے ہیں کہ مکھّی میں جان ہے اور پتّھر بے جان ہے

آپ کہیں گے کہ مکھّی اس لئے جاندار ہے کیونکہ وہ اُڑتی پھرتی ہے[2] یا بچّے کودتے پھاندتے ہیں۔ اس لئے زندہ ہیں۔ گویا کودنا پھاندنا، چلنا پھرنا زندگی کی دلیل ہے لیکن بچہ سو جاتا ہے حرکت نہیں کرتا تب بھی تو وہ زندہ رہتا ہے۔ اس لئے کہ جب وہ سوتا ہے تب بھی اُس کا دل اپنا کام کرتا رہتا ہے۔ اسی طرح ہم پودوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ وہ زندہ ہیں حالانکہ یہ پودے بولتے نہیں۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ گھومتے پھرتے نہیں۔ اُنکی ہماری جیسی آنکھیں نہیں ہوتیں[3] مگر اس کے باوجود وہ زندہ ہیں۔

اب آئیے جاندار اور بے جان کے بنیادی فرق کو معلوم کریں۔

اوّل تو زندہ چیزیں بڑھتی ہیں اور بے جان چیزیں نہیں بڑھتیں۔ بے جان چیزیں بڑی تو ہوتی ہیں لیکن بڑا کرنے والی طاقت اُنکے اپنے اندر نہیں ہوتی۔ جاندار اپنے جسم کے اندر کی توانائی کی بدولت حرکت کرتا ہے۔ مثلاً درخت اپنے آپ بڑھتا ہے لیکن کوئی عمارت اپنے آپ نہیں بڑھتی۔ اس کے اندر خود[4] کوئی ایسی طاقت نہیں ہوتی کہ وہ اپنے آپ اونچی ہو جائے۔

جاندار اور بے جان میں دوسرا فرق یہ ہے کہ جاندار چیزیں غذا کو اپنے جسم کا حصّہ بنا لیتی ہیں جسکی وجہ سے اُنکے جسم میں طاقت پیدا ہوتی ہے۔ پودے اپنی غذا ہوا، پانی اور دھوپ سے حاصل کرتے ہیں اور پھر اُسی کی مدد سے پھلتے پھولتے ہیں۔ انسان کھانا

کھاتا ہے، پانی پیتا ہے اور اس طرح اپنے جسم میں توانائی پیدا کرتا ہے۔ ریل کے انجن کو بھی کوئلے اور پانی کی ضرورت ہوتی ہے مگر اُسکی "غذا" جسم کا حصّہ نہیں بنتی ہے۔

جاندار اور بے جان میں تیسرا فرق یہ ہے کہ زندہ چیزیں زندہ رہنے کے لئے سانس لیتی ہیں۔ بے جان چیزیں سانس نہیں لیتیں۔ یہ آپ جانتے ہیں کہ اگر کوئی جاندار سانس نہ لے سکے تو اُس کا دم گھٹ جائے گا اور وہ مرجائے گا۔ جانوروں کی طرح پیڑ پودے بھی سانس لیتے ہیں۔ یہ اور بات ہے 5 کہ اُنکے سانس لینے کا طریقہ مختلف ہے۔

جاندار اور بے جان میں چوتھا فرق یہ ہے کہ زندہ چیزیں اپنی جیسی زندہ چیزیں پیدا کرتی ہیں۔ یہ پیدائش مختلف جانداروں میں مختلف طریقوں سے ہوتی ہے۔ لیکن اُسکے برعکس بے جان مادّہ کسی طریقے سے اپنی نسل کو نہیں بڑھا سکتا۔

Vocabulary

بے		bee-X	without X; X-less
بے جان		bee-jaan	lifeless
فرق	M	farq	difference
پہلے		pahlee	before X [-see]
سب سے پہلے		sab-see pahlee	first of all
معلوم ہونا		maaluum-hoonaa	to be known
فلاں		fulãã, falãã	such and such, so and so
پہچاننا	N	pahcaannaa	to recognize
مکھی	F	makkhii	housefly
پتھر	M	patthar	stone
کیونکہ		kyõõ-ki	because
اڑنا		uRńáa	to fly (Intr.)
پھرنا		phirnaa	to wander
بچہ	M	baccaa	child
کودنا		kuudnaa	to jump (Intr.)
پھاندنا	N	phaandnaa	to jump over (Tr.)
زندہ		zindaa	alive
گویا		gooyaa	as if
چلنا پھرنا		calnaa-phirnaa	to walk around
دلیل	F	daliil	proof
حرکت کرنا	NF	harkat karnaa	to move (Intr.)
تب بھی		tab bhii	even then
زندہ رہنا		zindaa-rahnaa	to remain alive
اسی طرح		usii-tarah	in exactly the same way
پودا	M	paudaa	plant
بارے میں		baaree-mẽẽ	concerning X [-kee]
حالانکہ		haalãã-ki	although
بولنا		boolnaa	to speak
گھومنا		ghuumnaa	to wander
آنکھ	F	ããkh	eye
باوجود		baa-wujuud	in spite of X [-kee]
بنیادی		bunyaadii	basic

معلوم کرنا	N	maaluum-karnaa	to find out
اوّل		awwal	the first
اوّل تو		awwal too	in the first place
بڑھنا		baRhnaa	to grow (Intr.)
بڑا ہونا		baRaa-hoonaa	to grow big
طاقت	F	taaqat	power
جسم	M	jism	body
توانائی	F	tawaanaaii	strength
بدولت		badaulat	due to, owing to X [-kee,-kii]
مثلاً		maslan	for instance
درخت	M	daraxt	tree
اونچا		UUcaa	high
دوسرا		duusraa	another
غذا	F	Gizaa	food, nutriment
حصّہ	M	hissaa	part
بنانا	N	banaanaa	to make
وجہ	F	wajh, wajah	reason
وجہ سے		wajh-see	because of X [-kii]
پیدا ہونا		paidaa-hoonaa	to be produced
ہوا	F	hawaa	air
پانی	M	paanii	water
دھوپ	F	dhuup	sun (as in "sit in the sun"), sun light
حاصل کرنا	N	haasil-karnaa	to gain, receive
مدد	F	madad	help
پھلنا پھولنا		phalnaa-phuulnaa	to blossom, flourish; [phalnaa] "to bear fruit", [phuulnaa] "to bloom"
انسان	M	insaan	human being
پینا	N	piinaa	to drink
اس طرح		is-tarah	in this way
پیدا کرنا	N	paidaa-karnaa	to raise, produce
انجن	M	injan	Eng., engine
کوئلہ	M	koilaa	coal
ضرورت ہونا	KF	zaruurat hoonaa	to need X [-kii]

تیسرا		tiisraa	the third
سانس	MF	sããs	the breathing
سانس لینا	NFM	sããs leenaa	to breathe
دم	M	dam	breath; same as [sããs]
دم گھٹنا	KaM	dam ghuTnaa	to be suffocated
مرنا		marnaa	to die
جانور	M	jaanwar	animal
بات	F	baat	matter
طریقہ	M	tariiqaa	method
چوتھا		cauthaa	the fourth
پیدا کرنا	N	paidaa-karnaa	to create
پیدائش	F	paidaaiš	creation, birth
مختلف		muxtalif	different
برعکس		bar-aks	contrary to X [-kee]
مادّہ	M	maaddaa	matter
نسل	F	nasl	stock, race
بڑھانا	N	baRhaanaa	to increase (Tr.)

Notes: XII

1. [falãã]: It is a pronominal adjective used both nominally and attributively. It is a form borrowed from Arabic; the original being [fulaanun], "so-and-so; such-and-such; a certain".

2. [woo uRtii-phirtii hai]: "It flies around."
[Urnaa]: "to fly (Intr.)"
[phirnaa]: "to wander around"

3. [un-kii hamaarii jaisii ããkhẽẽ nahĩĩ hootĩĩ]: "They do not have eyes like ours."
Note the fact that eyes and other bodily possessions are treated in the same way as non-transferable human beings (relatives, etc.).

meeraa eek bhaai hai	I have a brother.
meeree doo haath hãĩ	I have two hands.

See Section 70 for details.

4. [xud]: "in itself; on its own; inherently"
When it occurs immediately before or after a noun or pronoun it can often be translated as "-self".

woo xud nahĩĩ jaanaa caahtaa	He himself doesn't want to go.
cf. yee kaam xud Thiik nahĩĩ	This work is inherently wrong.
cf. yee kaam xud kiijiyee	Do this work yourself.

It is only in its adverbial function that [xud] is interchangeable with [apnee-aap]. Also S.n. 9.16.

5. [yee aur baat hai ...]: "This is another matter ..."
[aur], if occurring with prominent stress and high pitch, can often mean "other; different; another", rather than "more of the same kind".

Exercises

A. Situational Variants.

پہلی بات ہمیں یہ معلوم کرنا ہے کہ یہ کیسے پتہ لگتا ہے کہ ایک چیز میں جان ہے اور دوسری میں نہیں۔ بالکل ایسے ہی ہم پودوں کے بارے میں کہا کرتے ہیں کہ وہ زندہ ہیں گو وہ بول نہیں سکتے۔ آنکھیں نہ ہونے کے باوجود وہ زندہ ہیں۔ سب سے پہلا فرق جاندار اور بے جان میں یہ ہے کہ جاندار چیزیں بڑھتی ہیں اور بے جان نہیں بڑھتیں۔ بے جان چیزیں باوجود بڑی ہونے کے، اُن میں بڑا کرنے والی کوئی طاقت موجود نہیں ہوتی۔ دوسرا فرق یہ ہے کہ جاندار چیزیں غذا کو اپنے جسم کا حصّہ بنا لیتی ہیں جس سے اُن کے بدن میں توانائی پیدا ہوتی ہے۔ ریل کے انجن کو پانی اور کوئلہ دیا جاتا ہے لیکن یہ "غذا" اُس کے جسم کا حصّہ نہیں بن سکتی۔ تیسرا فرق یہ ہے کہ جاندار چیزیں اگر سانس نہ لیں تو زندہ نہیں رہ سکتیں اور بے جان چیزوں کو سانس لینے کی ضرورت نہیں۔ جانوروں کی طرح پیڑ پودوں کو بھی سانس لینے کی ضرورت ہے مگر یہ دوسری بات ہے کہ ہر ایک کا طریقہ مختلف ہے۔ چوتھا فرق یہ ہے کہ جاندار چیز اپنی ہی طرح کی زندہ چیز پیدا کر سکتی ہے مگر بے جان چیزیں اپنی نسل کو بڑھانے کی طاقت نہیں ہوتی۔

B. Translate into English.

سب سے پہلے ہمیں یہ معلوم کرنا چاہیئے کہ یہ ریل کہاں جاتی ہے۔ آپ یہ جانتے ہیں کہ فلاں شخص فلاں مکان میں رہتا ہے۔ تم یہ کیسے پہچان لیتے ہو کہ

تمہارے کمرے کے قریب آنے والا تمہارا دوست ہی ہے۔ یہ کھانا ٹھیک نہیں ہے کیونکہ اس پر بہت سی مکھیاں بیٹھی ہوئی ہیں۔ یہ میدان اور ہرے بھرے کھیت بہت خوبصورت معلوم ہوتے ہیں۔ بچے کودتے پھاندتے ہیں تو کبھی کبھی گر کر رونے لگتے ہیں۔ کچھ لوگ اس لئے کھاتے ہیں کہ زندہ رہیں اور کچھ انکے برعکس اس لئے زندہ ہیں کہ کھاتے رہیں۔ وہ سوتا ہے تب بھی اپنے آپ سے باتیں کرتا رہتا ہے۔ آپ کو ان صاحب کے بارے میں کیا معلوم ہے۔ انکا جیسا آدمی میں نے نہیں دیکھا۔ احمد جیسا اچّھا لڑکا اور آپ اسکو برا کہتے ہیں! انکے والد ہمیشہ ایک شہر سے دوسرے شہر سفر کرتے رہتے ہیں۔ انکے بتانے کے باوجود میں ان دو چیزوں کے فرق کو نہیں سمجھ سکا۔ اس مکان کے کرایے میں آپ کا جو حصّہ ہے وہ کون ادا کرے گا؟ حالانکہ احمد نے میرا کام نہیں کیا تب بھی میرے لئے ضروری ہے کہ اس سے نرمی سے پیش آؤں۔ انکی جیسی کتابیں بہت کم لوگوں کے پاس ہیں۔ اچّھی غذا کھانے سے بچے بڑھتے ہیں اور اُنکے جسم میں طاقت آتی ہے۔ مجھے اچّھی طرح معلوم ہے کہ تم ان سے اکثر ملتے رہتے ہو۔ انسان اور پیڑ اور پودے اپنے آپ بڑھتے رہتے ہیں لیکن مکان یا کشتی خود سے نہیں بڑھ سکتے۔ ریل جب پل کے قریب آنے لگی تو اُس کی حرکت میں فرق آگیا۔ جب انسان کو کسی کام کی دھن ہوتی ہے تو اس کے اندر اپنے آپ ایک ایسی طاقت پیدا ہوتی ہے جسکی بدولت وہ کام ہو سکتا ہے۔ شہر کے اس حصّہ میں کئی اتنی اونچی عمارتیں ہیں۔ تم وہاں اپنے جیسے بہت سے لوگوں سے ملوگے۔ جاندار چیزیں خود بڑھتی ہیں لیکن بے جان چیزوں کو بڑا کرنے والا کوئی اور ہوتا ہے۔

انسان اور جانور میں بنیادی فرق یہ ہے کہ انسان بات کر سکتا ہے اور جانور بول نہیں سکتا ۔ میں کسی نہ کسی طریقے سے آپکی مدد کرنے کی کوشش کروں گا ۔ وہ ان عالموں سے مختلف طرح کے سوال پوچھتا رہتا تھا ۔ ان جانوروں کی زندگی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ۔ دریا کے کنارے ایک مگرمچھ دھوپ میں ایسا لیٹا تھا کہ گویا مرگیا ہے ۔ وہ آج مجھ سے اس طرح ملے گویا پہلے کبھی ملے ہی نہ تھے ۔ یہ ضروری نہیں کہ جانوروں کے ساتھ جانوروں ہی جیسا سلوک کیا جائے ۔ پانی میں رہنے والے جانور پانی کے اندر رہتے ہوئے بھی زندہ رہنے کے لئے سانس لیتے ہیں ۔ اب ان میں اتنی طاقت نہیں کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ گھومتے پھریں ۔ میرے کہنے کے باوجود وہ وہاں نہیں گئے ۔ اچھی طرح علاج کرانے کے باوجود وہ زندہ نہ رہ سکا ۔ یہ آپ جانتے ہیں کہ انسان اگر کام نہ کرے تو پھر زندہ رہنے کے لئے اُسے کھانے کو کچھ نہ ملے گا ۔ اسی لئے جب انسان پانی کے اندر سانس نہیں لے سکتا تو اُس کا دم گھٹنے لگتا ہے ۔ انسانوں کی طرح جانور بھی ایک دوسرے سے باتیں کرتے ہیں ، یہ اور بات ہے کہ انسان جانوروں کی باتیں سمجھ نہیں سکتا ۔ دنیا کے مختلف ملکوں میں پہننے اور کھانے کے مختلف طریقے ہیں جو دوسرے ملکوں کے طریقوں کے بالکل برعکس ہیں ۔ زندگی بسر کرنے کے مختلف طریقوں کی وجہ سے دنیا کے اکثر ملکوں میں لڑائی ہوئی ہے ۔ کیونکہ اس کو ان چیزوں سے بہت دلچسپی ہے اسی لئے اس نے ہر طرح کے پیڑ پودے اس باغ میں جمع کئے ہیں ۔ آپ تو اس طرح بات کرتے ہیں گویا آپ کچھ جانتے ہی نہیں ۔ آجکل ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اگر دو بڑے ملکوں میں لڑائی ہوئی تو انسان

نسل ہی ختم ہو جائے گی ۔

C. **Fill in the blanks.**

سب —— پہلے تو —— یہ —— چاہیئے کہ یہ کیسے معلوم —— ہے کہ فلاں
چیز —— ہے اور —— چیز بے جان ہے ۔ گویا کودنا —— ، چلنا —— زندگی
کی —— ہے لیکن بچہ سو جاتا ہے —— نہیں کرتا —— بھی تو وہ —— رہتا ہے ۔
اسی طرح ہم پودوں کے —— میں کہتے ہیں کہ وہ زندہ —— حالانکہ یہ پودے
بولتے —— ۔ اوّل تو —— چیزیں —— ہیں اور بے جان چیزیں نہیں —— ۔
—— درخت اپنے —— بڑھتا ہے لیکن کوئی عمارت اپنے آپ نہیں —— ۔
پودے اپنی غذا ہوا ، —— اور —— سے —— کرتے ہیں اور پھر اُسی کی
—— سے پھلتے پھولتے ہیں ۔ انسان کھانا —— ہے ، —— پیتا ہے اور
—— طرح اپنے —— میں —— پیدا کرتا ہے ۔ یہ آپ جانتے —— کہ —— کوئی
جاندار سانس نہ لے سکے تو اُس کا دم —— جائے گا اور وہ —— ۔ جانوروں
—— طرح —— پودے بھی سانس —— ہیں ۔ یہ پیدائش مختلف جانداروں
میں مختلف طریقوں —— ہوتی ہے ۔

D. **Translate into Urdu.**

I. How do you know such and such person lives in that house? II. Now come let us climb up the mountain. III. Lifeless things may be big or small but they do not by themselves have the power to move. IV. This is a very tall building and we can see the whole city from its top. V. People go to the banks of the river to sit in the sun and swim in the water. VI. Children grow up with the help of good nourishment.

VII. Do you know whether he still lives here? VIII. I recognized him but I didn't know his name. IX. He came here of his own accord. X. I began my work with his help. XI. If a man can't breathe he dies. XII. In the same manner if water animals come out of the water they die. XIII. The difference between Shakil and Ahmad is that Shakil works hard but Ahmad doesn't. XIV. There are fruit-trees of different types in his garden. XV. He has a lot of money, still he lives in his old house. XVI. Despite your sayings, I won't go there. XVII. They wanted to know about Ashoka's life. XVIII. He is working all the time. XIX. This table cannot go there of itself. XX. Their way of life is different.

E. Answer the following in Urdu.

(۱)- آپ یہ کیسے پہچان لیتے ہیں کہ مکھّی جاندار ہے اور پتھّر بے جان ؟ (۲)- اگر حرکت زندگی کی دلیل ہے تو ریل کا انجن جو حرکت کرتا ہے جاندار ہے یا بے جان ؟ (۳)- کوئی شخص سو جائے تو اس کا دل کام کرتا ہے یا نہیں، وہ شخص زندہ ہے یا نہیں ؟ (۴) تم نے کونسی زندہ چیزوں کو بڑھتے ہوئے دیکھا ہے ؟ (۵) کوئی عمارت آپ کیوں نہیں بڑھتی ؟ (۶) ہم اپنی غذا کہاں سے حاصل کرتے ہیں، اور غذا اسے کیا فائدہ ہوتا ہے ؟ (۷) ریل کے انجن کی غذا کیوں اس کے جسم کا حصّہ نہیں بنتی ؟ (۸) کیا تم نے ایسے آدمیوں کا حال بھی سنا ہے جو گھنٹوں سانس نہیں لیتے ؟ (۹) ہمیں یہ کیسے معلوم ہے کہ پیڑ پودے بھی سانس لیتے ہیں ؟ (۱۰) آپکے خیال میں جاندار اور بے جان چیزوں میں خاص فرق کیا ہے ؟

Review Sentences

۱۔ اِس نئے زمانے میں ضروری ہے کہ جو قاعدے پرانے ہو چکے ہیں اُن کی اصلاح کی جائے۔

۲۔ اشوک ہر وقت اپنی رعایا کو آرام پہنچانے کی دُھن میں رہتا تھا اور اسی بات کا حکم اپنے افسروں اور ملازموں کو دیتا تھا۔

۳۔ مہاتما بُدھ نے لوگوں کو پاک زندگی اختیار کرنے کی تعلیم دی۔

۴۔ اَشوک نے بُدھ مذہب کی اخلاقی اور مذہبی تعلیم پھیلانے کے لئے اَفسروں کو مقرّر کیا۔

۵۔ میں چاہتا ہوں کہ اِس بات کی اصلاح میں جتنی کوشش کی جا سکے ضرور کی جائے۔

۶۔ ہم لوگوں کو چاہئے کہ بچوں سے ہمیشہ نرمی کے ساتھ پیش آئیں۔

۷۔ انسان کو اپنے اندر توانائی پیدا کرنے کے لئے غذا کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ غذا وہ محنت کر کے ہی حاصل کر سکتا ہے۔

۸۔ بزرگوں اور رشیوں کی صحبت میں انسان اپنی زندگی کی اصلاح کے لئے بہت کچھ حاصل کر سکتا ہے۔

۹۔ سرکاری افسروں سے ملنے کے لئے وقت مقرر کرنا ضروری

ہے ۔

۱۰۔ میرے کہنے کے باوجود اس نے وہاں جانا نہیں چھوڑا ۔

۱۱۔ خلق کو آرام پہنچانا اچھے آدمیوں کا کام ہے ۔

۱۲۔ اشوک کا حکم تھا کہ لوگ غریبوں کی خدمت میں لگے رہیں ۔

۱۳۔ اچھے بادشاہ کی شان یہ ہے کہ وہ رعایا کے ساتھ نرمی سے پیش آئے ۔

۱۴۔ کسی چیز کے جاندار ہونے کی بنیادی دلیل یہ ہے کہ وہ سانس لیتی ہے ۔

۱۵۔ غریبوں کی ضرورتوں کو معلوم کرنے کے لئے اشوک کے سرکاری ملازم جگہ جگہ دورہ کرتے تھے ۔

۱۶۔ بے جان چیزوں کے پاس ہمارے جیسے دل اور جسم نہیں ہوتے ہیں ۔

۱۷۔ درخت پانی اور ہوا کی بدولت اپنے آپ بڑھتا ہے ۔

۱۸۔ ہم یہ کیسے پہچانیں گے کہ مویشی جاندار ہیں کہ نہیں ؟

۱۹۔ ہندوستان میں سب لوگوں کو مذہبی آزادی حاصل ہے ۔

۲۰۔ اشوک کی لاٹیں دور دور کے ملکوں میں بھی مشہور ہیں ۔

۲۱۔ انسان اپنی کوشش اور محنت سے اپنے جسم کے لئے غذا

حاصل کرتا ہے۔

۲۲۔ جس طرح اشوک نے رعایا کے آرام کے لئے عمارتیں بنوائیں اسی طرح دوسرے بادشاہوں نے بھی خلق کے فائدہ کے لئے کام کئے ہیں۔

۲۳۔ اشوک نے جانوروں کو تکلیف پہنچانے سے توبہ کر لی۔

۲۴۔ اگر بادشاہ اچھا ہو تو اس کا ملک خوب پھلتا پھولتا ہے۔

۲۵۔ جو لوگ کفایت شعاری سے رہتے ہیں۔ ان کی زندگی آرام سے گذرتی ہے۔

۲۶۔ آج کل ہر حکومت جانوروں اور انسانوں کے لئے الگ الگ سرکاری اسپتال کھولتی ہے۔

۲۷۔ اگر کسی انسان کو ہوا نہ ملے تو اسکی سانس گھٹنے لگے گی اور وہ مر جائے گا۔

۲۸۔ بچے اتنا کودتے پھاندتے رہتے ہیں، اس کے باوجود وہ جلدی نہیں تھکتے۔

۲۹۔ پودوں کا خود بخود بڑھنا ان کی زندگی کی دلیل ہے۔

۳۰۔ لڑکا استاد کی مدد سے ہر قسم کی تعلیم حاصل کرتا ہے۔

۳۱۔ اگر کسی غریب آدمی کو تکلیف پہنچتی ہے تو مجھے رنج پہنچتا ہے۔

۳۲۔ بدھ مذہب کے پھیلنے پھولنے میں مختلف طریقوں سے کوشش کی گئی تھی۔

۳۳۔ میرا بھائی اپنے بزرگوں اور استادوں کی عزت کرتا ہے۔

۳۴۔ بچوں کو کھیلنے اور اِدھر اُدھر گھومنے سے دل چسپی ہوتی ہے۔

۳۵۔ پانی کے جانور پانی کے اندر ہی زندہ رہتے ہیں۔ لیکن سانس لینے کے لئے پانی کے اوپر آتے ہیں۔

۳۶۔ جس کو جو دُھن ہوتی ہے اسی میں ہر وقت لگا رہتا ہے۔

۳۷۔ جاندار چیزوں کی نسل بڑھتی رہتی ہے۔ اس کے برعکس بے جان نہ خود بڑھتی ہیں نہ ان کی نسل ہی بڑھ سکتی ہے۔

۳۸۔ کسی مذہب کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ اس کی اخلاقی اور مذہبی تعلیم کو اچھی طرح پڑھا جائے۔

۳۹۔ ہم نے اس سال اپنے ملک میں سفر کرنے کے لئے بہت پیسہ صرف کیا۔

۴۰۔ بچوں کو جانوروں کی مختلف حرکتوں سے بہت دل چسپی ہوتی ہے۔

۴۱۔ ریل کا انجن کوئلہ اور پانی سے چلتا ہے۔ اس کے برعکس پودوں کو پانی، دھوپ اور ہوا کی ضرورت ہوتی ہے۔

۴۲۔ اشوک کا حکم تھا کہ ہر جاندار کے ساتھ نرمی کا سلوک کیا جائے۔

۴۳۔ جب بچہ بولنے لگے تو سمجھنا چاہئے۔ کہ وہ بڑا ہو گیا ہے۔

۴۴۔ جس طرح انسانوں کو زندہ رہنے کے لئے غذا کی ضرورت ہے اسی طرح جانوروں کے لئے بھی غذا ضروری ہے۔

۴۵۔ ہر جاندار اپنے جسم میں مختلف طریقوں سے توانائی حاصل کرتا ہے۔

۴۶۔ حکومت اپنے سرکاری اعلان میں رعایا کے لئے مختلف ہدایتیں شائع کرتی رہتی ہے۔

۴۷۔ پہاڑ کی چٹانیں اتنی بھاری اور مضبوط ہوتی ہیں کہ کوئی ان کو ہلا نہیں سکتا۔

۴۸۔ اخلاقی تعلیم انسان کی مذہبی تعلیم کا ایک ایسا حصہ بن جاتی ہے کہ وہ مذہب سے الگ نہیں کی جاسکتی۔

۴۹۔ عالموں کی صحبت میں بیٹھنا اور ان کی صحبت سے فائدہ اٹھانا اچھا سمجھا جاتا ہے۔

سکندر

جو لوگ کم عمری[1] میں بادشاہ ہوئے اُنہوں نے اکثر شہرت پائی ہے۔ اُن میں سکندر کا نام سب سے زیادہ مشہور ہے۔ جب وہ تخت پر بیٹھا تو اُسکی عمر سولہ برس کی تھی۔ اُس نے ارسطو جیسے بڑے عالم سے پڑھا[2] تھا۔ سکندر کے باپ کا نام فیل قوس تھا۔ وہ یونان کے ایک حصے کا بادشاہ تھا۔ اُس کے مرنے پر سکندر بادشاہ ہوا۔ یہ اب سے ڈھائی ہزار برس پہلے کی بات ہے۔ بادشاہ ہونے کے بعد سکندر نے سارے یونان پر قبضہ کر لیا اور بہت اچھی طرح سلطنت کا کام سنبھالا۔ جب اُسکی طاقت بہت بڑھ گئی تو اُس نے مصر پر حملہ کیا۔ مصر کا بندرگاہ اسکندریہ اُسی کے نام سے اب تک مشہور ہے۔

جب کوئی بادشاہ کسی دوسرے بادشاہ کو اپنا حاکم مانتا ہے تو اُسے کچھ نذر دیا کرتا ہے۔ اُسے خراج کہتے ہیں[3]۔ سکندر کا باپ بھی ایران کے بادشاہ دارا کو خراج دیا کرتا تھا۔ سکندر نے اُسے خراج دینے سے انکار کر دیا۔ دارا نے سختی شروع کی[4]۔ اُس پر[5] سکندر نے ایران پر چڑھائی کر دی۔ راستہ میں بہت سے ملک پڑتے تھے۔ سکندر سب کو فتح کرتا ہوا ایران پہنچ گیا۔ دارا کی فوج بہت زیادہ تھی لیکن سکندر نے چالاکی سے اُس کے غلاموں کو ملا لیا اور اُسے قتل کرا دیا۔ اُس کے بعد سکندر جیت گیا اور اُس نے دارا کی لڑکی سے شادی کر لی[6]۔

ایران فتح کرنے کے بعد سکندر نے افغانستان کے راستے سے ہندوستان پر حملہ کیا، اور ٹیکسلا فتح کرتا ہوا جہلم تک آ گیا۔ یہاں راجہ پورس سے

اُس کا سامنا ہوا۔ پورس کی فوج میں بہت سے ہاتھی تھے، جب اُن ہاتھیوں پر تیر برسے[7] تو یہ بھاگ کھڑے ہوئے[8] اور پورس کی فوج میں گڑبڑ پڑ گئی[9]۔ اس طرح پورس ہار گیا۔ اُس کے بعد سکندر آگے بڑھا، لیکن اُسکی فوج بہت تھک گئی تھی اور اپنے دیس جانے کیلئے بے چین ہو رہی تھی۔ اس لئے واپس ہو گیا۔ راستے میں شہر بابل میں اُسے بخار آیا، اور وہ مر گیا۔ مرنے کے وقت اُسکی عمر تیتیس برس کی تھی۔

سکندر کی فوج کے حاکم اُسکی لاش یونان لے گئے۔ وہاں سکندر کے حکم کے مطابق اُس کا جنازہ اس طرح نکالا گیا کہ آگے یونان کے بڑے بڑے حکیم اور عالم تھے۔ اُنکے پیچھے وہ خزانہ تھا جو سکندر نے بہت سے ملک جیت کر جمع کیا تھا۔ خزانے کے پیچھے ساری فوج تھی اور آخر میں سکندر کی لاش تھی جس کے خالی ہاتھ باہر نکلے ہوئے تھے۔ اس حکم سے سکندر کا مطلب یہ تھا کہ اتنے بڑے حکیم، اتنا بڑا خزانہ اور اتنی بڑی فوج ہوتے ہوئے بھی وہ موت کے پنجے سے نہ بچ سکا اور اس دنیا سے خالی ہاتھ جا رہا ہے۔

Vocabulary

سکندر	M	sikandar	Alexander
عمر	F	umr	age
شہرت	F	šuhrat	fame
شہرت پانا	NF	šuhrat paanaa	to become famous
مشہور		mašhuur	famous
تخت	M	taxt	throne
سولہ		soolaa	sixteen (16)
برس	M	baras	year
ارسطو	M	arastuu	Aristotle
پڑھنا	N	paRhnaa	to study under X [-see]
فیل قوس	M	fiil qaus	Phillips (Arabicized Greek name)
یونان	M	yuunaan	Greece
ڈھائی		Dhaaii	two and a half
سارا		saaraa	whole
قبضہ	M	qabzaa	possesiion
قبضہ کرنا	NM	qabzaa karnaa	to take possession of X [-par]
سلطنت	F	saltanat	kingdom, kingship
سنبھالنا	N	säbhaalnaa	to take care of X
بڑھنا		baRhnaa	to increase (Intr.)
مصر	M	misr	Egypt
حملہ	M	hamlaa	attack
حملہ کرنا	NM	hamlaa karnaa	to attack X [-par]
بندرگاہ	MF	bandar-gaah	seaport
اسکندریہ	M	iskandariyaa	Alexandaria
حاکم	M	haakim	ruler
ماننا	N	maannaa	to accept
نذر کرنا	N	nazar-karnaa	to offer X [-kii]
نذر	F	nazar	gift (from an inferior to a superior)
خراج	M	xiraaj	tribute
ایران	M	iiraan	Persia (Iran)
دارا	M	daaraa	Darius

انکار	M	inkaar	refusal
انکار کرنا	NM	inkaar karnaa	to refuse to I [-see]
چڑھائی	F	caRhaaii	invasion
چڑھائی کرنا	NF	caRhaaii karnaa	to invade X [-par]
راستہ	M	raastaa	way
ملک	M	mulk	country
فتح کرنا	N	fateh-karnaa	to conquer (Tr.)
پہنچنا		pahũcnaa	to reach
فوج	F	fauj	army
چالاکی	F	caalaakii	cleverness
ملانا	N	milaanaa	to win X [-koo] over (Tr.)
قتل	M	qatl	murder
قتل کرانا	N	qatl-karaanaa	to get X [-koo] killed
جیتنا	n	jiitnaa	to win
لڑکی	F	laRkii	daughter
شادی	F	śaadii	marriage
افغانستان	M	afGaanistaan	Afghanistan
ٹیکسلا	M	Teeksilaa	Taxila (name of an ancient city in the Punjab, Pakistan)
جہلم	M	jhilam	Jhelum (name of one of the five rivers in the Punjab)
پورس	M	pooras	Porus (name of a famous Indian king)
سامنا	M	saamnaa	encounter
سامنا ہونا	KaM	saamnaa hoonaa	to have an encounter with X [-see]
ہاتھی	M	haathii	elephant
تیر	M	tiir	arrow
بھاگنا		bhaagnaa	to run
گڑبڑ	F	gaRbaR	confusion
ہارنا	n	haarnaa	to be defeated
تھکنا		thaknaa	to become tired
دیس	M	dees	country
بے چین		bee-cain	restless

واپس ہونا		waapas-hoonaa	to return (Intr.)
بابل	M	baabul	Babylon
بخار	M	buxaar	fever
بخار آنا	KM	buxaar aanaa	to have fever
تیس		tiis	thirty (30)
لاش	F	laaš	corpse
مطابق		mutaabiq	according to X [-kee]
جنازہ	M	janaazaa	a funeral
آگے		aagee	in the front
حکیم	M	hakiim	philosopher
پیچھے		piichee	behind X [-kee]
خزانہ	M	xazaanaa	treasure
آخر میں		aaxir-mẽẽ	finally, at the end
خالی		xaalii	empty
مطلب	M	matlab	purpose
موت	F	maut	death
پنجہ	M	panjaa	claws
دنیا	F	dunyaa	world

Notes: XIII

1. [kam-umr]: "of tender age"; an adjective.
[kam-umrii], an abstract noun, "the state of being small in age".

2. [paRhnaa]: N: "to study Y with Z [-see]".

3. [isee xiraaj kahtee hãĩ]: "This is called Khiraj."
[X-koo X1 kahnaa]: "to call X X1".

4. [saxtii], lit., hardness. [daaraa-nee saxtii šuruu-kii]: "Darius began to be hard on him."
[X-par saxtii karnaa]: "to put pressure on X".

5. [is-par]: "at that; on account of it".

6. [šaadii]: "marriage". There are two verbs, one with [karnaa] and the other with [hoonaa]. The subject of [karnaa] would be the person who marries, while the subject of [hoonaa] would be the act of marriage itself. Now, among the Urdu speaking people, a girl doesnot usually arrange her marriage; it is her parents or relatives who do it for her. A man, on the other hand, can in the normal course of life arrange his own marriage. In the case of a girl, therefore, [šaadii karnaa] will normally not be used except to indicate that she married on her own, against her elders' wishes. Consider the following examples.

saliim-kii šaadii najmaa-see huii	Saleem married Najma.
saliim-nee najmaa-see šaadii kii	ditto
najmaa-kii šaadii saliim-see huii	Najma married Saleem.
najmaa-nee saliim-see šaadii kii	Najma married Saleem, (and it was she and not her parents who arranged it.)
najmaa-kee waalid-nee us-kii šaadii saliim-see kii	Najma's father married her to Saleem.

[šaadii hoonaa]: KiF: "to marry X [-see]".
[šaadii karnaa]: NF: "to marry X [-see]; to marry X [-kii] to X1 [-see]".

7. [barasnaa]: "to fall like rain". When used with the word [paanii], "water", it will mean "to rain (Intr.)".

abhii paanii baras-rahaa hai It is raining now.

8. [yee bhaag-khaRee huee]: "They began to flee." [khaRaa-hoonaa] has the same function in compound verbs as has [uThnaa]. See Section 168.

9. [gaRbaR]: F: "confusion, uproar"; onomatopoetic. [fauj-mẽẽ gaRbaR paR gaii]: "a confusion arose in his army". The use of [paRnaa] helps delineate the calamitous nature of what happened. It will also be used with [šoor], "noise", [aafat], "calamity", and other such words.

Exercises

A. Situational Variants.

جو لوگ چھوٹی عمر میں بادشاہ بنتے ہیں وہ اکثر مشہور ہوتے ہیں۔ جس وقت سکندر تخت پر بیٹھا وہ سولہ برس کا تھا۔ بادشاہ بننے کے بعد سکندر سارا یونان فتح کرکے بہت اچھی طرح سلطنت کا کام چلانے لگا۔ جب ایک بادشاہ دوسرے کو اپنے سے بڑا بادشاہ مانتا ہے تو اسے خراج میں روپیئے، زمین، غلام اور اسطرح کی چیزیں دیتا ہے۔ سکندر نے دارا کو خراج دینا چھوڑ دیا۔ اس لڑائی میں سکندر کو فتح ہوئی اور اُس نے دارا کو قتل کراکے اُسکی لڑکی سے شادی کرلی۔

پورس کی فوج میں سینکڑوں ہاتھی تھے، جب اُن پر تیر گرنے لگے تو وہ ڈر کر بھاگے اور پورس کی فوج کے لوگ بھی بھاگنے لگے۔ جب سکندر مرا ہے تو وہ تیس برس کا تھا۔ اُن لوگوں کے بعد وہ خزانہ تھا جو سکندر نے کئی ملکوں کو فتح کرکے جمع کیا تھا۔ خزانے کے بعد فوج تھی اور سب کے آخر میں سکندر کی لاش جسکے باہر نکلے ہوئے خالی ہاتھ لوگوں کو بتا رہے تھے کہ انسان دنیا میں خالی ہاتھ آتا ہے اور دنیا سے اسی طرح خالی ہاتھ جاتا ہے۔

B. Translate into English.

جو لوگ اپنی زندگی میں نیک اور اچھے کام کرتے ہیں وہ اکثر اپنی زندگی میں ہی یا بعد میں شہرت پاتے ہیں۔ وہ اپنے آپ تو وہاں جاتا نہیں، اُسے کوئی بھیجا کرتا ہے۔ جس زمانے میں میں اس اسکول میں پڑھا کرتا تھا اسکا نام دور دور مشہور تھا۔

بمبئی ہندوستان کا سب سے مشہور شہر ہے ۔ جب وہ اسکول جانے لگا تو اُسکی عمر چھ برس کی تھی ۔ اُس نے لندن جیسے بڑے شہر میں تعلیم حاصل کی تھی ۔ یہ اب سے اٹھارہ برس پہلے کی بات ہے جب کہ ہندوستان ایک آزاد ملک بنا تھا ۔ کھانا کھانے کے بعد میں گھومنے کے ارادے سے اپنے مکان سے باہر نکلا ۔ تمہارے یہاں رہتے ہوئے بھی اگر مجھے کام نہ مل سکا تو مجھے رنج ہوگا ۔ میرا بھائی ندی میں بہت اچھی طرح تیرتا ہوا دوسرے کنارے تک پہنچ گیا ۔ جو بچّے اپنے ماں باپ کا کہنا نہیں مانتے وہ آگے چل کر خراب ہو جاتے ہیں ۔ اس عمارت کو تاج محل کہتے ہیں ۔ ٹٹّو والا ٹٹّو کو کھانے کے لئے اچھی طرح نہ دیا کرتا تھا ۔ میں نے اُسے اپنا کرتا دینے سے انکار کر دیا ۔ کالج کے راستہ میں بہت سی دکانیں پڑتی تھیں ۔ دس سال پہلے میرے دوست کی شادی ہوئی اور اب اس کے چار بچّے بھی ہیں ۔ میرے کئی دفعہ کہنے کے باوجود شکیل نے میری بات ماننے سے انکار کر دیا ۔ اس میدان میں بہت سے لوگ تھے، لیکن جب پانی برسنے لگا تو سب کے سب بھاگ کھڑے ہوئے ۔ مکان سے نکلنے کے بعد میں نے پل کے راستے سے دریا پار کیا اور سیر کے لئے چلا گیا ۔ میں پہلے اسکول جاؤں گا پھر بازار ہوتا ہوا گھر آؤں گا ۔ میں اپنے کام کی دھن میں چلا جا رہا تھا کہ بینک کے پاس اپنے دوست کا سامنا ہوا ۔ احمد نے میرے کہنے کے مطابق کرنے سے انکار کر دیا ۔ بادشاہ نے کھانا کھا لیا، اُس کے بعد ملازم آگے بڑھا اور بادشاہ کے سامنے سے کھانا اُٹھا لیا ۔ کل اپنے دوست کے ساتھ ہم لوگ پہاڑ پر گئے تھے اور شام کو واپس آئے ۔ چھوٹا بچہ

اپنی ماں کے پاس جانے کے لئے بے چین ہو رہا تھا ۔ اگر وہ مجھ سے اس طرح کی بات کہتے تو میں تو انکار کر دیتا ۔ بوڑھے باپ کے کہنے کے مطابق جوان مگرمچھ بندر کا دل لانے کے لئے ندی کے کنارے جانے لگا ۔ اُس لڑکے نے بڑی محنت سے کام کر کے کچھ روپیہ جمع کیا تھا ۔ آخر آج صبح اُس آدمی کی لاش دریا سے نکالی گئی جو کل رات اس میں گر کر مر گیا تھا ۔ اتنے بہت سے ہاتھی اپنی فوج میں ہوتے ہوئے بھی پورس سکندر سے ہار گیا ۔ وہ گھومتا پھرتا ہوا بڑی دیر کے بعد واپس آیا ۔ وہ خاموش ہو کر کھانا کھایا گیا اور کچھ نہ بولا ۔ بہادر لڑکا ریل کے سارے مسافروں کو بچاتے ہوئے خود کو موت کے پنجے سے نہ بچا سکا ۔ ہم لوگ وہاں اکثر جایا کرتے تھے اور ہمیشہ انھی کے ساتھ رہتے تھے ۔ اپنے والد کی موت کے بعد احمد نے گھر کا سارا کام سنبھالا ۔ جب وہ اپنے آپ گھر سے نہیں نکلا تو سب لوگوں نے مل کر اُسے گھر سے نکال دیا ۔ تم روز یہاں آیا کرو، تمھارے کام سے اُنھیں بہت دلچسپی ہے ۔ راستے میں جو پہلا گھر پڑتا ہے میرے دوست کا ہے ۔

C. **Fill in the blanks.**

جو لوگ کم ـــــ میں بادشاہ ـــــ اُنہوں نے اکثر شہرت ـــــ ہے ۔ جب وہ ـــــ بیر ـــــ تو اُسکی ـــــ سولہ ـــــ کی تھی ۔ یہ ـــــ سے ـــــ ہزار برس ـــــ کی بات ہے ۔ اُسے خراج ـــــ ہیں ۔ ـــــ نے اُسے ـــــ دینے سے ـــــ کر دیا ۔ راستے ـــــ بہت سے ملک ـــــ تھے ۔ پورس کی ـــــ میں ـــــ سے ـــــ تھے، جب ان ہاتھیوں پر تیر ـــــ تو یہ ـــــ کھڑے ـــــ اور ـــــ کی فوج

میں — پڑ گئی ۔ راستے میں شہر بابل — اُسے بخار — ، اور وہ — ۔
سکندر — حکم کے — اس کا جنازہ — طرح نکالا گیا ۔ خزانے کے —
ساری فوج — اور آخر — سکندر کی — تھی ۔ اتنی بڑی فوج — —
بھی وہ موت کے پنجے — نہ بچ — ۔

D. Translate into Urdu.

I. Ashoka is the most famous king of India. II. Buddhism began in India 2,500 years ago. III. Despite my staying there I wasn't able to meet him. IV. That boy has begun to walk better after falling from the tree. V. What do people call this building? VI. The servant used to bring water from the river. VII. Because the cook had not cooked the food well, we refused to eat. VIII. My brother married six years ago. IX. When we saw the owner of the garden we began to run. X. They will go there tomorrow as per my instructions. XI. They come here quite often. XII. When he became king he refused to obey Dara's orders. XIII. I will carry all these books with me to Karachi. XIV. At the very end was his store and there were a lot of people in front of it. XV. Can you tell us something about the great philosophers of Greece? XVI. He could not just by himself conquer the entire country. XVII. He has come here with me, talking all the way. XVIII. The boys from that school used to go to the river every day. XIX. When are you going to Lahore to take up your new job? XX. I would like to study in this college, for it is the closest to my house.

E. Answer the following in Urdu.

۱۔ کیا تم دوسرے لوگوں کے نام جانتے ہو جنہوں نے کم عمری میں شہرت پائی ؟

۲. بادشاہ بننے کے وقت سکندر کی کیا عمر تھی اور اس نے کس سے پڑھا تھا؟

۳. یونان پر قبضہ کرنے کے بعد سکندر نے کس ملک پر حملہ کیا، اور وہاں کا کون سا شہر اسکے نام سے مشہور ہے؟

۴. خراج کیا ہے؟

۵. سکندر نے ایران کیسے فتح کیا؟

۶. کیا تمہاری شادی ہوئی ہے؟

۷. ہندوستان میں سکندر نے کون سا شہر فتح کیا اور کس راجا سے لڑائی لڑی؟

۸. سکندر سارے ہندوستان پر قبضہ کیوں نہ کر سکا؟

۹. سکندر نے اپنے جنازے کے بارے میں کیا حکم دیا تھا؟

۱۰. جنازے کے متعلق اس حکم سے اسکا کیا مطلب تھا؟

مسلمانوں کے تیوہار

یوں تو[1] ہر ملک بلکہ[2] ہر علاقے کے الگ الگ تیوہار ہوتے ہیں جنکو وہاں کے مقامی لوگ مل کر مناتے ہیں لیکن مسلمانوں میں صرف دو تیوہار ایسے ہیں جنکو دنیا کے کونے کونے کے مسلمان ایک ہی وقت مناتے ہیں۔ یہ دو عیدیں ہیں۔ پہلی کا نام ہے عیدالفطر اور دوسری کا عیدالاضحیٰ ویسے[3] عام بول چال میں لوگ دوسری کو بقرعید کہتے ہیں اور پہلی کو محض عید۔

یہ تیوہار مسلمانوں کے کیلنڈر[4] کے مطابق منائے جاتے ہیں جو چاند کی گردش پر مبنی ہے۔ رمضان کے مہینے میں تمام مسلمان روزہ رکھتے ہیں اور خاص طور پر خدا کی عبادت کرتے ہیں۔ رمضان کے آخری دن لوگ شام کو میدانوں میں نکل جاتے ہیں یا اپنے اپنے گھروں کی چھت پر چڑھ کر چاند دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جس دن چاند دیکھا جاتا ہے اُسکے دوسرے دن عید منائی جاتی ہے۔ عید کے دن لوگ سویرے اُٹھ کر نہاتے اور نئے کپڑے پہنتے ہیں۔ اُس دن گھر میں میٹھی سوئیاں ضرور پکتی ہیں جن کو سب لوگ کھاتے ہیں۔ پھر گھر کے سب لوگ عیدگاہ یا شہر کی بڑی مسجد میں نماز پڑھنے جاتے ہیں۔ عورتیں الگ نماز پڑھتی ہیں اور مرد الگ۔ نماز ختم ہونے پر سب لوگ عید کی خوشی میں گلے ملتے ہیں اور خیرات کرتے ہیں۔ بعد میں اپنے اپنے دوستوں کے گھر عید ملنے[5] جاتے ہیں۔ اُس دن ہر گھر میں اچھّے اچھّے کھانے پکتے ہیں، نوکروں کو انعام ملتا ہے، بچّوں کو عیدی کے روپیئے ملتے ہیں۔ عیدگاہ کے پاس میلہ لگتا ہے جس میں کھانے پینے کی چیزوں کی دکانیں اور بچّوں کے کھیل تماشے کی چیزیں ہوتی ہیں۔

دوسری عید یعنی بقرعید یا عیدالاضحیٰ حج کے مہینے میں منائی جاتی ہے۔ اس موقعہ پر بھی لوگ نماز پڑھنے جاتے ہیں اور لوگوں سے گلے ملتے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ اُس دن وہ لوگ جو ایسا کر سکتے ہیں بکرے یا بھیڑ کی قربانی کرتے ہیں۔ قربانی کا گوشت دوستوں میں بانٹتے ہیں اور فقیروں کو بھی دیتے ہیں۔ عیدالفطر پر لوگ زیادہ تر میٹھی چیزیں کھاتے ہیں اور عیدالاضحیٰ کے دن زیادہ تر گھروں میں نمکین کھانے تیار کئے جاتے ہیں۔

عیدالضحیٰ[6] کے موقعہ پر قربانی کی رسم بہت پرانی ہے۔ اس کا تعلق حضرت ابراہیمؑ اور اُنکے بیٹے حضرت اسمٰعیلؑ کی کہانی سے بتایا جاتا ہے۔ عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر مسلمانوں کے لئے خاص خوشی کے تیوہار ہیں۔

Vocabulary

مسلمان	M	musalmaan	a Muslim
تیوہار	M	tyoohaar	festival
بلکہ		bal-ki	rather, on the contrary
علاقہ	M	ilaaqaa	region
مقامی		muqaamii	local
منانا	N	manaanaa	to celebrate
صرف		sirf	only
ایک ہی وقت		eek-hii-waqt	at the same time
عید	F	iid	Eid, a Muslim festival
عید الفطر	F	iid-ul-fitr	a Muslim festival celebrated at the end of Ramadan, the month of fasting, on the 1st of [Šawwaal], the 10th month of the Muslim calendar
عید الاضحیٰ	F	iid-ul-azhaa	a Muslim festival of sacrifices held on the 10th of [zul-hijjaa], the 12th month of the Muslim calendar
عام		aam	common
بول چال	F	bool-caal	conversation
بقرعید	F	baqra-iid	same as عید الاضحیٰ [iid-ul-azhaa]
محض		mahaz	only
کیلنڈر	M	kailenDar	Eng., calendar
چاند	M	caand	moon
گردش	F	gardiš	revolution, circular movement
مبنی		mabnii	based on X [-par]
رمضان	M	ramzaan	the 9th month of the Muslim calendar during which the fast is observed
مہینہ	M	mahiinaa	month
تمام		tamaam	all
روزہ	M	roozaa	(a) fast
روزہ رکھنا	NM	roozaa rakhnaa	to fast

خاص طور پر		xaas-taur-par	especially (also with [-see])
عبادت	F	ibaadat	worship
عبادت کرنا	NF	ibaadat karnaa	to worship X [-kii]
آخری		aaxirii	last
شام	F	šaam	evening
نکلنا		nikalnaa	to go out, come out
چھت	F	chat	roof
کوشش کرنا	NF	koošiš karnaa	to attempt to I [-kii]
سویرا	M	saweeraa	early morning
اٹھنا		uThnaa	to rise
نہانا	N	nahaanaa	to take a bath
نیا		nayaa	new
پہننا	N	pahennaa	to wear
میٹھا		miiThaa	sweet
سوئیں	F	sewaĭĭ	vermicelli cooked in milk and sugar
پکنا		paknaa	to be cooked
عیدگاہ	F	iid-gaah	a big open space where the prayers of [iid] are offered
مسجد	F	masjid	mosque
نماز	F	namaaz	Muslim prayers
نماز پڑھنا	NF	namaaz paRhnaa	to offer the Muslim prayers
عورت	F	aurat	woman
ختم ہونا		xatm-hoonaa	to come to an end
خوشی	F	xušii	happiness
گلے ملنا		galee-milnaa	to embrace X [-see]
خیرات	F	xairaat	alms
خیرات کرنا	NF	xairaat karnaa	to give alms
دوست	M	doost	friend
نوکر	M	naukar	servant
انعام	M	in'aam	reward
ملنا	K	milnaa	to get, receive
عیدی	F	iidii	money gifts given to children and younger in age

میلہ	M	meelaa	fair
میلہ لگنا	M	meelaa lagnaa	a fair to be held
کھیل	M	kheel	game
تماشا	M	tamaašaa	entertainment, shows
حج	M	haj	pilgrimage to Mecca, the holy city of the Muslims
موقعہ	M	mauqaa	occasion (also موقع)
بھیڑ	F	bheeR	sheep
قربانی	F	qurbaanii	sacrifice
قربانی کرنا	NF	qurbaanii karnaa	to sacrifice X [-kii]
گوشت	M	goošt	meat
بانٹنا	N	bããTnaa	to distribute
فقیر	M	faqiir	beggar
زیادہ تر		zyaadaa-tar	mostly
نمکین		namkiin	salty, savory
تیار کرنا	N	tayyaar-karnaa	to prepare
رسم	F	rasm	custom
تعلّق	M	ta'alluq	relation
حضرت	M	hazrat	sir, a title of respect used before the names of prophets, saints, or elders
ابراہیم	M	ibraahiim	Abraham, the prophet
اسمٰعیل	M	ismaaiil	Ishmael
بتانا	N	bataanaa	to tell
خاص		xaas	special
خوشی	F	xušii	enjoyment

Notes: XIV

1. [yũũ too], lit., in this manner, is best left untranslated in English. The function of this phrase is simply to introduce a statement whose validity is granted by the Speaker, but to which he also intends to add another statement for juxtaposition. The second clause usually begins with [leekin].

2. [bal-ki]: "rather; on the contrary; nay".

3. [waisee], at the beginning of a clause or sentence, is a more equivocal way than [leekin], of saying "but".

aap-koo jaanaa too na caahiyee, waisee aap calẽẽ too kooii harj nahĩĩ	You really shouldn't go, but if you must, there isn't much harm.

4. Moslem calendar is lunar, and it depends on the sighting of the moon whether a month is going to be of 29 days or of 30. There are twelve months, [muharram; safar; rabii'u-l-awwal; rabii'u-s-saanii; jamaadiiu-l-awwal; jamaadiiu-s-saanii; rajab; ša'baan; ramzaan; šawwaal; zii-qaad; zi-l-hij]. Ramadan, [ramzaan], is the most sacred month for all Moslems.

5. [iid milnaa]: "to embrace each other cordially at the occasion of Eid".

6. The symbol put over the names of prophets is an abbreviation for an Arabic phrase whose first word begins with the letter [ain]. The phrase means, "Peace be on him." With the name of Prophet Mohammed, however, it is customary to use another symbol, ﷺ, representing an Arabic phrase which means, "May God's Peace and Mercy be upon him."

Exercises

A. Situational Variants.

ویسے تو ہر ملک اور ہر علاقے کے مختلف تیوہار ہوتے ہیں جنہیں اسی جگہ کے لوگ مل کر مناتے ہیں مگر مسلمانوں کے دو تیوہار ایسے ہیں کہ ساری دنیا کے مسلمان ایک ہی دن مناتے ہیں۔ یوں تو عام زبان میں لوگ دوسرے کو بقرعید اور پہلے کو صرف عید کہتے ہیں۔ رمضان کے آخری دن لوگ شام کو میدانوں میں جا کر یا اپنے گھروں کی چھت پر چڑھ کر چاند دیکھتے ہیں۔ پھر دوسرے دن شہر کے تمام مسلمان مرد، عورت اور بچّے عیدگاہ یا شہر کی بڑی مسجد میں نماز پڑھنے جمع ہوتے ہیں۔ عورتیں مردوں کے ساتھ مل کر نماز نہیں پڑھتی ہیں بلکہ انکے لئے الگ جگہ ہوتی ہے۔ نماز کے بعد سب لوگ اپنے اپنے دوستوں سے ملنے ان کے مکان جاتے ہیں۔ عیدگاہ کے قریب اکثر ایک خاص بازار لگتا ہے جہاں دکانوں میں کھانے پینے کی چیزیں اور بچّوں کے کھیل تماشے کی چیزیں ملتی ہیں۔ دونوں میں فرق بس یہ ہے کہ بقرعید کے دن وہ لوگ جن سے ہو سکتا ہے بکرے کی قربانی کرتے ہیں۔ عیدالفطر کے موقعہ پر گھروں میں زیادہ تر میٹھی چیزیں پکتی ہیں اور عیدالاضحیٰ کے روز زیادہ تر اپنے یہاں نمکین کھانے پکتے ہیں۔ لوگ کہتے ہیں کہ بقرعید کے موقعہ پر جو قربانی کی رسم منائی جاتی ہے اس کا تعلّق حضرت ابراہیم کی قربانی کی کہانی سے ہے۔

B. Translate into English.

یوں تو ہر زمانے میں مشہور آدمی گزرے ہیں مگر کم عمری میں شہرت پانے والے

بہت ہی کم ہیں۔ استاد نے لڑکوں سے کہا کہ ہر جواب کو الگ الگ لکھیں۔ میں نے اپنے بھائی اور اس کے دوست کو مل کر پڑھتے ہوئے دیکھا حالانکہ دونوں الگ الگ اسکول میں پڑھتے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ میرے بھائی نے ایک ہی وقت میں میز پر کی ساری مٹھائیاں کھا لی تھیں۔ ویسے عام طور سے لوگ دریا اور ندی پر یا تو شام کو جاتے ہیں یا جب گرمی بڑھ جائے۔ لوگ کہتے ہیں کہ پیرس بہت پاک صاف شہر ہے۔ اردو میں اس چیز کو کیا کہتے ہیں؟ میں عام طور پر اسی وقت ان سے ملنے جاتا ہوں۔ انکے وہاں جانے پر ہم نے خوشی منائی۔ ہندوستان میں ہر علاقے میں الگ الگ تیوہار منائے جاتے ہیں۔ بوڑھے مگرمچھ نے اپنے لڑکے کو خاص طور پر ہدایت کی کہ ایک بندر کا دل کھانے کو لائے۔ ہمارے سفر کے آخری دن ہمارے پاس کے سارے پیسے ختم ہو گئے۔ آج شام کو کھانے پر میرے دوست آنے والے ہیں جو اس ملک میں پہلی دفعہ آئے ہیں۔ ہوشیار لڑکے یہ ضرور کوشش کرتے ہیں کہ اسکول میں اوّل آئیں۔ اس دن زیادہ تر میٹھی چیزیں کھائی جاتی ہیں۔ ہندوستان میں ہر مہینے کوئی نہ کوئی تیوہار منایا جاتا ہے۔ بعض مسلمان دن میں پانچ وقت مسجد میں نماز پڑھنے جاتے ہیں۔ جب میں کھیل کے کمرے میں گیا تو دیکھا کہ لڑکے ایک طرف الگ بیٹھے ہوئے ہیں اور لڑکیاں الگ۔ جلسہ ختم ہونے پر سب لوگ اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے۔ بعد میں غلام کو پانی سے نکالا گیا اور پھر وہ خاموش ایک کونے میں بیٹھ گیا۔ اسکول کے کھیلوں میں اوّل آنے والے لڑکے اور لڑکیوں کو بعد میں انعام ملتا ہے۔ ہر سال اس پہاڑ پر میلہ لگتا ہے اور بہت سے

لوگ بچّوں کے ساتھ میلہ دیکھنے آتے ہیں۔ شہر کے ایک حصّے میں آگ لگ گئی، اس موقعہ پر بھی کچھ لوگ صرف تماشہ دیکھنے کے لئے وہاں پہنچ گئے۔ ان دونوں مکانوں میں فرق صرف اتنا ہے کہ ایک میں کھانے کا کمرہ ہے اور دوسرے میں نہیں۔ بچّے کھانے کی بجائے زیادہ تر کھیل کود میں لگے رہتے ہیں۔ اشوک کا تعلق بدھ مذہب سے کلنگا کی لڑائی کے بعد شروع ہوا۔ اشوک کی یادگاروں میں دہلی میں اس کی لاٹ بتائی جاتی ہے۔

C. Fill in the blanks.

—— تو ہر ملک بلکہ ہر —— کے الگ —— تیوہار ہوتے —— جن کو وہاں کے
مقامی لوگ —— مناتے ہیں لیکن مسلمانوں میں صرف دو —— ایسے ہیں جن کو
—— کے کونے —— کے —— ایک ہی وقت —— ہیں۔ ویسے —— بول چال میں
لوگ دوسری کو —— کہتے ہیں اور پہلی کو محض ——۔ یہ تیوہار —— کے کیلنڈر
کے —— منائے جاتے ہیں جو —— کی گردش پر —— ہے۔ رمضان کے ——
دن لوگ —— کو میدانوں میں نکل جاتے ہیں یا اپنے اپنے —— کی چھت پر
چڑھ کر چاند دیکھنے کی —— کرتے ہیں۔ نماز —— ہونے پر سب لوگ ——
کی خوشی میں گلے —— ہیں اور خیرات کرتے ہیں۔ عیدگاہ کے پاس میلہ —— ہے
جس میں کھانے —— کی چیزوں کی —— اور بچّوں کے کھیل تماشے کی —— ہوتی ہیں۔
فرق صرف —— ہے کہ اس دن وہ لوگ جو —— کر سکتے ہیں بکرے یا بھیڑ کی
—— کرتے ہیں۔ عیدالفطر پر لوگ —— میٹھی چیزیں کھاتے ہیں اور —— کے

دن ــــ گھروں میں نمکین کھانے ــــ کئے جاتے ہیں ۔ اس کا ــــ حضرت ابراہیم
اور ان کے بیٹے حضرت ــــ کی کہانی سے ــــ جاتا ہے ۔

D. Translate into Urdu.

I.

I. Every region in India has a different language. II The small children of this school play together in that field. III. The boy was eating and reading at the same time. IV. Though he is not very intelligent, people call him great. V. Very few festivals are celebrated in that country. VI. The teacher told him to read this book, especially the last part. VII. I have very little money on the last day of the month. VIII. We are trying to reach the moon before the others. IX. The next day my friend came to my house to take his bicycle. X. Many Moslems do not go to the mosque to pray. XI. After the game was over we went to meet our teacher. XII. On this occasion also the women do not pray with men. XIII. There are more boys in this college than girls. XIV. What kind of food is cooked in your house on that day? XV. What are the famous festivals in your country?

E. Answer the following in Urdu.

۱- مسلمانوں کے کتنے تیوہار ایسے ہیں جن کو دنیا کے سارے
مسلمان ایک ہی وقت مناتے ہیں، اور ان کے نام کیا ہیں ؟

۲- عام بول چال میں مسلمانوں کی عیدوں کے نام کیا ہیں ؟

۳- تمہارے تیوہار کب ہیں اور کس کیلنڈر کے مطابق منائے جاتے ہیں ؟

۴- رمضان کے مہینے میں مسلمان کیا کرتے ہیں ؟ اور رمضان کے
آخری دن کیا کرتے ہیں ؟

۵ - عید کے دن لوگ سویرے کیا کرتے ہیں اور پھر کہاں جاتے ہیں؟

۶ - نماز کے بعد لوگ کیا کرتے ہیں اور اس کے بعد کہاں جاتے ہیں؟

۷ - عید کے دن نوکروں اور بچوں کو کیا ملتا ہے؟

۸ - کیا تم نے کبھی میلہ دیکھا ہے؟ کہاں؟

۹ - عیدالاضحیٰ کے دن مسلمان نماز پڑھنے کے علاوہ کیا کرتے ہیں؟

۱۰ - یہ قربانی کس موقع کی یادگار ہے؟

۱۔ کم عمر بادشاہوں میں سکندر نے سب سے زیادہ شہرت پائی ہے۔
۲۔ ارسطو کو سب سے بڑا فلسفی کہا جاتا ہے۔
۳۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ سکندر بارہ برس کی عمر میں بادشاہ ہوا تھا۔
۴۔ ایران پر مسلمانوں کی حکومت اب سے بہت پہلے شروع ہوئی تھی۔
۵۔ ہندوستان پر سکندر کے حملہ کرنے کی بات آج سے بہت پہلے کی ہے۔
۶۔ جب میرے والد مر گئے تو میں نے اُن کا کام سنبھالا۔
۷۔ سکندر نے کوشش تو بہت کی مگر سارے ہندوستان پر قبضہ نہ کر سکا۔
۸۔ سکندر کے بعد اور اس سے پہلے بھی کئی کم عمر بادشاہوں نے حکومت کا کام سنبھالا ہے۔
۹۔ سکندر کی شہرت پورس کے ہارنے کے بعد اور بھی بڑھ گئی۔
۱۰۔ تمام فلسفی ارسطو کو بہت بڑا عالم مانتے ہیں۔
۱۱۔ بزرگوں کا کہنا ماننا بہت اچھی بات ہے۔

۱۲۔ سکندر کو مصر کی رعایا نے اپنا بادشاہ مان لیا۔

۱۳۔ میرے والد اس کالج میں پڑھا کرتے تھے۔

۱۴۔ ملازم کو جو بھی کام دیا جاتا ہے وہ کر دیا کرتا ہے۔

۱۵۔ سکندر ایران پر قبضہ کرتا ہوا افغانستان پہنچ گیا۔

۱۶۔ میں اپنے بھائی سے باتیں کرتا ہوا آیا ہوں۔

۱۷۔ میرے باغ کے راستے میں بہت بڑی ندی پڑتی ہے۔

۱۸۔ شہر کے راستے میں جو پل پڑتا ہے وہ سب سے چھوٹا ہے۔

۱۹۔ میرا کھیت تمھارے کالج کے راستے میں پڑا کرتا تھا۔

۲۰۔ میرے بھائی نے بہت چالاکی سے ہاتھی پر حملہ کیا۔

۲۱۔ بندر بہت زیادہ ہوشیار اور چالاک جانور مانا جاتا ہے۔

۲۲۔ دارا نے بہت سے غلاموں کو قتل کرایا تھا۔

۲۳۔ دارا کے قتل کے بعد سکندر کی فوج جیت گئی۔

۲۴۔ میرا بھائی اپنی چالاکی سے کھیل میں جیت گیا اور اسکا دوست ہار گیا۔

۲۵۔ اس لڑکی کی شادی احمد کے ساتھ ہوگی۔

۲۶۔ میں نے اسکے بھائی کی لڑکی سے شادی کی ہے۔

۲۷۔ تمھارے دوست کی شادی کب ہوگی؟

۲۸۔ اس لڑکے کی شادی میرے بھائی کی لڑکی سے ہوگی۔

۲۹۔ کل رات بہت پانی برسا اس لئے آج جلسہ نہیں ہوگا۔

۳۰۔ جب دارا ہار گیا تو اسکی فوج بھاگ کھڑی ہوئی۔

۳۱۔ جب جلسہ میں گڑبڑ شروع ہوئی تو لوگ اُٹھ کھڑے ہوئے۔

۳۲۔ میں سکندر کی کہانی سننے کے لئے بےچین ہوں۔

۳۳۔ فوج اپنے ملک واپس جانے کو بے چین تھی۔

۳۴۔ اس بچہ کی عمر چار سال کی ہے۔

۳۵۔ سکندر کے کہنے کے مطابق دارا کو قتل کرا دیا گیا۔

۳۶۔ جب کسی بادشاہ کا جنازہ نکالا جاتا ہے تو آگے آگے فوج کے بڑے بڑے افسر ہوتے ہیں۔

۳۷۔ میرے حکم کے مطابق اس نے پودوں کو جمع کیا اور دوستوں میں تقسیم کر دیا۔

۳۸۔ اس کہانی کے آخر میں اچھی اچھی باتیں لکھی ہیں۔

۳۹۔ وہ آخر تھک کر واپس چلا گیا۔

۴۰۔ ہمارا مطلب یہ ہے کہ سب سے آخر میں ہم کھیلیں گے۔

۴۱۔ سکندر اتنا بڑا بادشاہ ہوتے ہوئے بھی موت سے نہ بچ سکا۔

۴۲۔ پورس اتنے بہت سے ہاتھی ہوتے ہوئے بھی ہار گیا۔

۴۳۔ ہر ملک کے لوگ اپنا اپنا تہوار الگ الگ طریقہ سے مناتے ہیں۔

۴۴۔ ساری دنیا کے مسلمان سال میں دو عیدیں ضرور مناتے ہیں۔

۴۵۔ یوں تو بہت سے تہوار ہیں مگر عید کا تہوار خاص طور پر منایا جاتا ہے۔

۴۶۔ مسلمان رمضان کے مہینہ کی عزت کرتے ہیں۔

۴۷۔ عید کا دن ختم ہونے پر بھی دوسرے دن لوگ گلے ملتے ہیں۔

۴۸۔ جب میلہ لگتا ہے تو بچے کھیل تماشا دیکھنے ضرور جاتے ہیں۔

۴۹۔ عید کی خوشی میں ملازموں کو انعام دیا جاتا ہے۔

۵۰۔ دونوں عیدوں میں ایک فرق یہ ہے کہ بقرعید سے پہلے روزے نہیں رکھے جاتے ہیں۔

۵۱۔ یوں تو عام تہوار پر نوکروں کو انعام ملتا ہے مگر عید کے دن خاص طور پر انعام دیا جاتا ہے۔

۵۲۔ عید کی نماز کے بعد بچوں کو بھی عیدی دی جاتی ہے۔

۵۳۔ دوستوں میں تقسیم کرنے کے لئے میٹھی میٹھی چیزیں تیار کی جاتی ہیں۔

۵۴۔ رمضان کے روزوں کا تعلق بھی مسلمانوں کے مذہبی حکم سے ہے۔

۵۵۔ مسلمان بچوں کو کم عمری ہی سے عبادت کا طریقہ بتایا جاتا ہے۔

۵۶۔ جو شخص دارا کا حکم نہیں مانتا تھا اسکو پانی میں پھینک دیا کرتے تھے۔

۵۷۔ غریب آدمی خزانہ نہیں جمع کرتا ہے۔ وہ تو بس دو وقت کا کھانا چاہتا ہے۔

UNIT - XV

منڈی میں گرمیوں کی ترکاریاں

موسمِ گرما کی آمد کے ساتھ ساتھ لکھنؤ کی منڈیوں میں مختلف قسم کی ترکاریاں کثرت سے آنے لگی ہیں۔ چوک اور قیصر باغ[1] کی منڈیوں میں روز صبح بیچنے اور خریدنے والوں کے ٹھٹھ[2] لگے رہتے ہیں۔ تھوک کی دونوں منڈیوں اور فتح گنج اور رکاب گنج[3] کی سبزی کی دکانوں کے درمیان چونکہ سبزی سے لدے ہوئے ٹرک آتے جاتے رہتے ہیں اس لئے بہت سے مزدور ترکاری لاد اور اُتار کر روزی کما لیتے ہیں۔

روز صبح تازی ترکاریوں کے ڈھیر سجا دیئے جاتے ہیں اور خریدار اپنی پسند کی چیز خرید لیتے ہیں۔ گرمیوں کی ترکاریوں میں آجکل بھنڈی، ترئی، پیرول، کدو، لوکی، ٹنڈا، پالک اور دوسرے ساگ بکثرت آ رہے ہیں۔ یہ ترکاریاں اُنکے علاوہ ہیں جو سال بھر[4] ملتی ہیں۔

چند ترکاریوں کو چھوڑ کر باقی چیزیں اوسط بھاؤ سے مل رہی ہیں اور سبزی فروش روز کی بکری سے کچھ خوش نظر نہیں آتے۔ کیونکہ اُنہیں اچھا منافع نہیں مل رہا ہے۔ اس سال ترکاریاں گزشتہ سال کی نسبت سستی ہیں۔ گرمیوں میں تُرئی، کدّو، لوکی اور ٹنڈا شوق سے کھائے جاتے ہیں، اور اِن کا بھاؤ بالترتیب لم آنہ، ۲ آنہ، لم آنہ اور ۲ آنہ فی سیر ہے۔ پیرول کا بھاؤ کچھ دن پہلے تک ایک روپیہ فی سیر تھا اور متوسّط آمدنی کے لوگ اُس کو ہاتھ نہیں لگا سکتے تھے[5]۔ لیکن اب اس کا بھاؤ ۸ آنہ سیر[6] ہو گیا ہے۔ کریلا، آلو اور پالک اتنے سستے ہیں کہ غریب لوگ بھی آسانی سے خرید سکتے ہیں۔

موسمِ گرما میں ترکاری کی مانگ بڑھنے کا ایک سبب یہ ہے کہ گرمی کی شدّت کی وجہ سے وہ لوگ بھی جو گوشت خور ہیں ترکاری اور سالن کھانا پسند کرتے ہیں ۔ دسترخوان[7] پر پودینہ اور کچّے آم کی چٹنی بھی ضروری سمجھی جاتی ہے ۔ گرمیوں میں کھانا کھٹاس اور خوشبو ہی کے سہارے حلق سے نیچے اُترتا ہے ۔

منڈی کے پھلوں والے حصّہ میں لیچی کا زور ہے[8] ۔ اور آم بھی آنے لگا ہے ۔ یوں تو آم کی کئی قسمیں دکھائی دیتی ہیں لیکن دراصل یہ لُو اور آندھی کے گرائے ہوئے آم ہیں ۔ ان میں کوئی لذّت نہیں ہے ۔ لیچی اچھّی مل رہی ہے لیکن سستی نہیں ہے ۔ خربوزہ منڈی سے تیزی سے غائب ہوتا جا رہا ہے لیکن تربوز اُس کی جگہ لے رہا ہے ۔ جیسے جیسے لُو[9] چلے گی تربوز میٹھا ہوتا جائے گا ۔

Vocabulary

منڈی	F	manDii	market
گرمی	F	garmii	summer
ترکاری	F	tarkaarii	vegetable
موسم	F	mausim, mausam	season
گرما	M	garmaa	summer, same as گرمی [garmii]
آمد	F	aamad	arrival
لکھنؤ	M	lakhnauu	Lucknow, name of an Indian city
قسم	F	qism	kind
کثرت	F	kasrat	abundance
کثرت سے		kasrat-see	in abundance
روز		rooz	daily
صبح	F	subh	morning
بیچنا	N	beecnaa	to sell
خریدنا	N	xariidnaa	to buy
ٹھٹھ	M	ThaTh	crowd
تھوک	M	thook	wholesale
سبزی	F	sabzii	vegetable
درمیان		dar-miyaan	between X [-kee]
چونکہ		cũũ-ki	since
ٹرک	M	Trak	Eng., truck
مزدور	M	mazduur	labourer
اتارنا	N	utaarnaa	to unload
روزی	F	roozii	sustenance
روزی کمانا	NF	roozii kamaanaa	to earn for sustenance
تازہ		taazaa	fresh
ڈھیر	M	Dheer	heap
سجانا	N	sajaanaa	to arrange
خریدار		xariidaar	buyer
پسند	F	pasand	choice
بھنڈی	F	bhinDii	okra
ترئی	F	turaii	a kind of squash

پرول	M	parwal	a kind of gourd
کدّو	M	kadduu	pumpkin
لوکی	F	laukii	bottle-gourd
ٹنڈا	M	TinDaa	a kind of gourd
پالک	MF	paalak	spinach
ساگ	M	saag	greens
بکثرت		ba-kasrat	in abundance, same as [kasrat-see] کثرت سے
سال بھر		saal-bhar	the whole year
چند		cand	few
چھوڑنا	N	chooRnaa	to leave
باقی		baaqii	the rest
اوسط		ausat	average
بھاؤ	M	bhaaoo	rate
سبزی فروش	M	sabzii-farooš	vegetable-seller
بکری	F	bikrii	sale, money realized by sale
خوش		xuš	happy
نظر آنا		nazar-aanaa	to appear to X [-koo]
منافع	M	munaafaa	profit
ملنا		milnaa	to be gained by X [-koo]
گذشتہ		guzištaa	last, previous
نسبت	F	nisbat	in comparison with X [-kii]
سستا		sastaa	inexpensive
شوق	M	šauq	gusto, pleasure
بالترتیب		bit-tartiib	in the given sequence, respectively
آنہ	M	aanaa	anna; one-sixteenth of a rupee = six p.
فی		fii	per
سیر	M	seer	a weight of about two pounds
متوسّط		mutawassit	average
آمدنی	F	aamadnii, aamdanii	income
ہاتھ لگانا	NM	haath lagaanaa	to touch X [-koo]
کریلا	M	kareelaa	bitter gourd
آلو	M	aaluu	potato

غریب		Gariib	poor
آسانی	F	aasaanii	facility, ease
آسانی سے		aasaanii-see	easily
مانگ	F	maang	demand
سبب	M	sabab	reason
شدت	F	šiddat	severity
گوشت خور		goošt-xoor	a non-vegetarian; "meat-eater"
سالن	M	saalan	any curried dish
پسند کرنا	N	pasand-karnaa	to like
دسترخوان	M	dastar-xaan	a piece of cloth spread on the floor or table upon which the meals are served
پودینہ	M	poodiinaa	mint
کچا		kaccaa	raw
آم	M	aam	mango
چٹنی	F	caTnii	chutney
کھٹاس	F	khaTaas	sourness
خوشبو	F	xuš-buu	fragrance
سہارے		sahaaree	with the help of X [-kee]
حلق	M	halq, halaq	throat
نیچے		niicee	below X [-kee]
اترنا		utarnaa	to come down
پھل	M	phal	fruit
لیچی	F	liicii	lichi-fruit
قسم	F	qism	variety
دراصل		dar-asl	in fact
لو	F	luu	hot wind
آندھی	F	ããdhii	dust-storm
گرانا	N	giraanaa	to cause X [-koo] to fall
لذّت	F	lazzat	deliciousness
خربوزہ	M	xarbuuzaa	a kind of melon
تیزی	F	teezii	rapidity
تیزی سے		teezii-see	rapidly

غائب		Gaaeb	absent
غائب ہونا		Gaaeb-hoonaa	to disappear
تربوز	M	tarbuuz	water melon
جگہ لینا	NF	jagah leenaa	to take X's [-kii] place
میٹھا		miiThaa	sweet

Notes: XV

1. [cauk] and [qaisar-baaG] are two wards or localities within the city of Lucknow. Before the days of avenues and streets, a city used to be divided into various [muhallaa] or sectors; each [muhallaa] being a compact unit of intersecting lanes.

2. [ThaTh]: M: "crowd", same as [bhiiR] or [majmaa]. The verb [lagnaa] is used with all three. [ThaTh] is more colloquial.

3. [fateh-ganj] and [rakaab-ganj] are two other [muhallaa] in Lucknow. The ending, [-ganj], is commonly used in place names. Possibly from Persian [gunj], "space; capacity".

4. [saal bhar]: "all the year round".
[bhar] is used after words for measurements or other nouns which in that particular context may count as some kind of measurement. It means, "to the full extent (of the preceding word)". Such phrases can be adverbial as well as adjectival.

din bhar paanii barastaa rahaa	It rained all day.
seer bhar aaTaa caahiyee	I want one seer of flour.

An extended adjectival phrase can also be made by adding [-kaa].

zaruurat bhar-kaa kapRaa	cloth to one's need
kaam bhar-kii mazduurii	wages for the full work

5. [...us-koo haath nahII lagaa-saktee thee]: "...couldn't even touch it".

6. [aaTh aanee seer] is same as [aaTh aanee fii seer].

7. [dastar-xwaan]: In ordinary Moslem houses, meals are eaten

on a [taxt], or wooden boards fixed to a frame and raised from the floor on four short legs. On this [taxt] is spread a thin carpet and some sheets, over which, at meal times, they spread another narrow piece of linen. On this piece of linen or [dastar-xwaan] are put the dishes, and people sit around it to eat. [dastar-xwaan] is not the word for a tablecloth, which is [meez-pooš] in Urdu.

8. [liicii-kaa zoor hai]: "lichis are in abundance".
[X-kaa zoor hoonaa]: "For X to be in great abundance or measure".

aaj-kal baariš-kaa zoor hai	It is raining a lot these days.
kuch deer-mẽẽ ããdhii-kaa zoor huaa	After some time the storm gathered strength.

9. [luu calnaa]: [luu] is that hot and strong wind which blows across the northern plains of the subcontinent during the months of May and June. It is also called [lũũ]. [calnaa] is used with [luu] as well as other words of the same kind, such as [ããdhii], "dust storm", [hawaa], "wind", etc.

Exercise

A. Situational Variants.

گرمیاں آنے کے ساتھ ہی لکھنؤ کی منڈیوں میں طرح طرح کی ترکاریاں کثرت سے آنا شروع ہوگئی ہیں ۔ چوک کی دونوں منڈیوں اور فتح گنج اور رکاب گنج کی ترکاری کی دکانوں کے بیچ سے چونکہ سبزی سے بھرے ہوئے ٹرک گزرتے رہتے ہیں اس لئے سینکڑوں مزدور ان پر کام کرکے اپنی روزی کما لیتے ہیں ۔ ہر صبح تازی سبزی کے ڈھیر لگا دئیے جاتے ہیں اور خریدنے والے اپنی پسند کی ترکاریاں خرید لیا کرتے ہیں ۔ اس سال ترکاریاں گزشتہ سال کی طرح مہنگی نہیں ہیں ۔ گرمیوں میں ترئی، کدو، لوکی اور ٹنڈا لوگ شوق سے کھایا کرتے ہیں، اور انکی قیمت بالترتیب ۴ آنہ، ۲ آنہ، ۴ آنہ، اور ۲ آنہ ایک سیر ہے ۔ پرول کی قیمت چند دن پہلے تک ایک روپیہ فی سیر تھی اور اوسط درجہ کی آمدنی کے لوگ اسکو خرید نہیں سکتے تھے ۔ گرمیوں میں سبزیوں کی اتنی مانگ ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ سخت گرمی کی بنا پر وہ لوگ بھی جو ہمیشہ گوشت کھاتے تھے اب ترکاری اور سالن کھانا پسند کرنے لگے ہیں ۔ دسترخوان پر آجکل پودینہ اور کچے آم کی چٹنی ہونا بھی ضروری ہے ۔ پھلوں میں آجکل لیچی کا زور ہے اور اب تو طرح طرح کے آم بھی آنے لگے ہیں، لیکن ابھی ان آموں میں کچھ لذت نہیں ۔ خربوزہ تو اب منڈی میں نظر نہیں آتا ۔

B. Translate into English.

گرمیوں کی آمد کے ساتھ ساتھ لو اور آندھیوں کا موسم بھی شروع ہوتا ہے ۔ کچھ دیر

سے ریل کی سیٹی اور پہیوں کی آواز آنے لگی ہے ۔ عید کے میلے میں بیچنے اور خریدنے والوں کے ٹھٹھ لگے رہتے ہیں جس کی وجہ سے چلنا مشکل ہو جاتا ہے ۔ یہ لڑکا ہمیشہ کچھ نہ کچھ کھاتا رہتا ہے ۔ تیوہاروں کے وقت دکانیں سجا دی جاتی ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ خریدار آئیں ۔ ایک بادشاہ کشتی میں اپنے غلاموں کے درمیان بیٹھا دریا کا سفر کر رہا تھا ۔ کراچی پہونچنے کے کئی دن بعد تک وہ اپنے گھر سے نہیں نکلے ۔ اُستاد نے لڑکوں سے کہا " یہ کتابیں ان کے علاوہ ہیں جو میں نے چند دن پہلے تم کو دی تھیں ۔ " شہر بھر میں اس سے اچھی مٹھائی کی کوئی دکان نہیں ہے اس لئے ہم وہیں جائینگے ۔ چند لڑکوں کو چھوڑ کر باقی لڑکے کھیل کے میدان میں چلے گئے ہیں ۔ جو کتاب پہلے نہیں مل رہی تھی اب دکانوں میں ملنے لگی ہے ۔ بچے نے ماں کا کہنا نہ مان کر پانی میں کھیل کر کرتا خراب کر لیا ہے اس لئے ماں کچھ خوش نظر نہیں آتی ۔ آجکل اس شہر میں اوسط کرایہ پر مکان نہیں مل رہا ہے کیونکہ خالی مکان کم ہیں ۔ اس سال گزشتہ سال کی نسبت گرمی کم ہے ۔ یہ بچہ کچھ دن پہلے تک چلتے ہوئے گر جاتا تھا مگر اب اچھی طرح چلنے لگا ہے ۔ گرمیوں میں کئی قسم کے آم بازار میں آتے ہیں اور یہ بڑے شوق سے کھائے جاتے ہیں ۔ شکر کی قیمت بڑھنے کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ جو شکر دوسرے ملکوں سے آتی تھی اب اس کا آنا بند ہو گیا ہے ۔ عام طور سے بکرے کا گوشت کھانے والے گائے کا گوشت کھانا پسند نہیں کرتے ہیں ۔ عید کے روز میٹھی سوئیاں کھانا ضروری سمجھا جاتا ہے ۔ ایک لڑکا کچے آم لئے ہوئے پیڑ پر سے نیچے اترتا ہے لیکن مالک کو کھڑا دیکھ کر بھاگ کھڑا ہوتا ہے ۔ اس لڑکے

کے ساتھ اس کا بکرا بھی اب اسکول آنے لگا ہے۔ بادشاہ کے ساتھ غلاموں اور ملازموں کے علاوہ بڑے بڑے عالم اور حکیم بھی دکھائی دیتے ہیں۔ اس دکان میں کرتے اچھے مل رہے ہیں اور سستے بھی ہیں۔ رات بھر کام کرنے کے بعد وہ ابھی ابھی اپنے گھر آرام کرنے گیا ہے۔ آپکے آنے سے ایک دن پہلے تک وہ یہیں تھا۔ شہر کے بازار والے حصے میں بہت سے بینک ہیں اور وہیں ایک بینک میں میں کام کرتا ہوں۔ اب تو آم اور لیچی کے علاوہ تربوز بھی بازار میں آنے لگا ہے۔ جب وہ اسکول سے واپس آنے لگی تو راستے میں ایک جگہ لوگوں کا ٹھٹھ دیکھا۔ یہ مزدور دن بھر منڈی میں کام کرتے ہیں۔

C. **Fill in the Blanks.**

موسم گرما کی آمد کے ـــــ ساتھ لکھنؤ کی منڈیوں میں ـــــ قسم کی ترکاریاں کثرت ـــــ آنے ـــــ ہیں۔ تھوک کی دونوں ـــــ اور فتح گنج اور رکاب گنج کی سبزی کی ـــــ کے درمیان چونکہ سبزی سے ـــــ ہوئے ٹرک آتے ـــــ رہتے ہیں اس لئے بہت سے ـــــ ترکاری لاد اور ـــــ کر ـــــ کما لیتے ہیں۔ روز صبح تازی ـــــ کے ڈھیر سجا دئے ـــــ ہیں اور ـــــ اپنی پسند کی چیز ـــــ لیتے ہیں۔ چند ترکاریوں کو ـــــ باقی چیزیں اوسط ـــــ سے مل رہی ہیں اور سبزی فروش روز کی بکری ـــــ کچھ خوش ـــــ نہیں آتے۔ اس سال ترکاریاں ـــــ سال کی ـــــ سستی ہیں۔ پرول کا بھاؤ کچھ دن پہلے ـــــ ایک ـــــ فی سیر تھا اور متوسط آمدنی کے لوگ اس کو ـــــ نہیں ـــــ تھے۔ دسترخوان پر پودینہ اور ـــــ آم

کی چٹنی بھی ضروری ـــــ ہے ۔ گرمیوں میں کھانا کھٹاس اور ـــــ ہی کے
ـــــ حلق سے نیچے اترتا ہے ۔ منڈی کے پھلوں والے ـــــ میں لیچی کا ـــــ ہے
اور آم بھی آنے ـــــ ہے ۔

D. Translate into Urdu.

I. The father told his son it is necessary to study along with play. II. All day long there are crowds of buyers at the fair. III. In the evening people keep coming and going by the river. IV. Beside him there are a few other intelligent boys in this school. V. He eats only once in the whole day. VI. Leaving a few, the rest of the books in this shop are very good. VII. Compared with this city that city is very big. VIII. Until a few years ago man could not fly in the air. IX. One of the reasons for my coming here is to see the house. X. Many people like to eat good food but often they can't. XI.. When the train reached near the bridge, the driver stopped it. XII. In the meat section of this store, fresh and good meat is always available. XIII. There are several beautiful houses on this road. XIV. We see that kings are disappearing from many countries.

E. Answer the following in Urdu.

۱۔ موسم گرما کی آمد کے ساتھ ساتھ کون سی ترکاریاں کثرت سے منڈی میں آنے لگی ہیں ؟

۲۔ مزدور کس طرح روزی کماتے ہیں ؟ کیا یہ سال بھر کماتے ہیں ؟

۳۔ تمہارے شہر میں دکانیں کب سجائی جاتی ہیں ؟

۴۔ ترکاری کس بھاؤ سے مل رہی ہے اور کیا اس سے بیچنے والے

خوش ہیں؟

۵- اس سال تمہارے شہر میں گذشتہ سال کی نسبت ترکاری کی قیمت کیا ہے؟ چند ترکاریوں کی قیمت بتاؤ۔

۶- وہ ترکاریاں جو اتنی سستی ہیں کہ غریب بھی خرید سکتے ہیں ان کے نام بتاؤ۔

۷- گرمیوں میں ترکاری کی مانگ بڑھنے کا سبب کیا ہے؟

۸- دستر خوان پر کیا کیا چیزیں ضروری سمجھی جاتی ہیں؟

۹- کیا تمہارے شہر میں آم ملتے ہیں؟ کتنی قسم کے ملتے ہیں یا صرف ایک؟

۱۰- کیا تمہارے شہر میں خربوزہ اور تربوز ہوتا ہے، یا کہیں باہر سے آتا ہے؟

UNIT - XVI

بی امّاں[1]

بی امّاں علی بھائیوں کی ماں تھیں۔ اُنہوں نے اپنے ملک اور مذہب کی خدمت سب عورتوں سے بڑھ کر کی۔ اُن کے مرنے پر گاندھی جی[2] نے اپنے اخبار میں لکھا تھا۔

" میں کس دل سے کہوں کہ بی امّاں دنیا سے اُٹھ گئیں[3]۔ وہ بوڑھی تھیں مگر کام کرنے میں جوانوں سے کم نہیں تھیں۔ وہ پکّی مسلمان تھیں۔ سمجھتی تھیں اسلام کا بھلا اسی میں ہے کہ ہندو مسلمان آزاد ہو جائیں۔ یہ بھی جانتی تھیں کہ ہندوستان تب ہی آزاد ہو سکتا ہے جب ہندو مسلمانوں میں ایکا ہو جائے اور کھدّر گھر گھر پھیل جائے۔ اسی لئے وہ ہندو مسلمانوں کو ایکے کی نصیحت کیا کرتی تھیں اور ہمیشہ کھدّر پہنتی تھیں۔ مولانا محمد علی کہتے ہیں اُنکا حکم تھا کہ مرنے پر اُنہیں کھدّر کا کفن دیا جائے۔ اُنکی بیماری کے دنوں میں جب کبھی میں اُنکے گھر جاتا تو ہر بار پوچھتیں کہ سوراج کا اور ہندو مسلمانوں کے ایکے کا کیا حال ہے۔ وہ خدا سے دعا کرتی تھیں کہ وہ ہندو مسلمانوں کو ایسی سمجھ دے کہ وہ ایکے کی ضرورت کو سمجھ لیں، اور مجھے اتنے دن جینے دے کہ سوراج دیکھ لوں۔ اُنکی سب سے اچھی یادگار یہی ہوگی کہ ملک کا جو کام وہ کرتی تھیں وہ ہم بھی کریں۔ جب تک سوراج نہ ملے اور ہم میں ایکا نہ ہو ہندو دھرم اور اسلام دونوں کیلئے بُرائی ہے۔ کیا اچھّا ہو کہ بی امّاں کی طرح سب ہندو مسلمان اس سیدھی سی بات کو سمجھ لیں۔

" جس رات بی امّاں دنیا سے سدھاریں اُس کا تھوڑا سا حال لکھتا ہوں۔ میں نے سروجنی دیوی[4] سے سُنا کہ بی امّاں کی حالت خراب ہے۔ ہم دونوں فوراً اُن کے

گھر پہنچے ۔ وہاں اُن کے سب عزیز موجود تھے اور ڈاکٹر انصاری[5] بھی آگئے تھے ۔ کسی کے رونے کی آواز نہیں آرہی تھی ۔ مگر مولانا محمد علیؒ کے گالوں پر آنسو بہہ رہے تھے ۔ مولانا شوکت علی بڑی مشکل سے اپنے آپ کو[6] سنبھالے ہوئے تھے ۔ مگر اُن کا چہرہ اُترا ہوا تھا ۔ سب کی زبان پر اللہ کا نام تھا ۔ ایک صاحب دعا پڑھ رہے تھے ۔ پاس ہی کامریڈ[7] اخبار کا چھاپا خانہ تھا ۔ وہاں کا کام دم بھر نہیں رکا اور مولانا محمد علیؒ جو کچھ اخبار کیلئے کرتے تھے، وہ اُنہوں نے اُس دن بھی نہیں چھوڑا ۔ ملک کا کوئی ضروری کام ٹلنے نہیں پایا[8] ۔ مجھے رامجس کالج جانا تھا ۔ مولانا شوکت علی نے کہا[9] ایسا کبھی نہیں ہو سکتا کہ آپ نہ جائیں ۔ خود اُنہوں نے اُس دن مظفّر نگر کے لوگوں سے ملنے کا وعدہ کیا تھا ۔ اچھّے سپاہی کی طرح اُنہوں نے یہ وعدہ پورا کیا ۔ بی امّاں کے مرنے کے تھوڑے ہی دیر بعد وہ مظفّر نگر چلے گئے ۔

Vocabulary

ماں	F	mãã	mother
بڑھ کر		baRh-kar	more than X [-see]
گاندھی	M	gããdhii	Gandhi, name of the famous Indian leader
جی		jii	a term of respect used after the name
اخبار	M	axbaar	newspaper
دنیا سے اٹھنا		dunyaa-see uThnaa	to leave the world (to die)
پکّا		pakkaa	devout
اسلام	M	islaam	Islam, the religion of the Muslims
بھلا	M	bhalaa	the good
ہندو	M	hinduu	Hindu
ازاد ہونا		*aazaad-hoonaa*	to be free
ایکا	M	eekaa	unity
کھدر	M	khaddar	handloom cloth
نصیحت	F	nasiihat	advice
نصیحت کرنا	NF	nasiihat karnaa	to advise X [-koo]
ہمیشہ		hameešaa	always
پہننا		pahennaa	to wear
مولانا	M	maulaanaa	a title, used among the Muslims, before the names of the persons respected for their learning
کفن	M	kafan	shroud
کفن دینا	NM	kafan deenaa	to shroud X [-koo]
بیماری	F	biimaarii	illness
جب کبھی		jab-kabhii	whenever
ہر بار		har-baar	every time
سوراج	M	swaraaj	independence; "self-rule"
حال	M	haal	condition
دعا	F	du'aa	prayer
دعا کرنا	NF	du'aa karnaa	to pray for Y [-kii]

سمجھ	F	samajh	understanding
جینا		jiinaa	to live
جب تک		jab-tak	as long as
دھرم	M	dharm	religion
برائی	F	buraaii	evil
سیدھا		siidhaa	simple
رات	F	raat	night
سدھارنا		sidhaarnaa	to depart
دنیا سے سدھارنا		dunyaa-see sidhaarnaa	to depart from the world (to die)
حال	M	haal	account
سروجنی	F	saroojnii	Sarojni Naidu, late Indian poetess and leader
دیوی	F	deewii	a title of respect used after the names of Hindu ladies; lit., "goddess"
حالت	F	haalat	condition
خراب		xaraab	bad
عزیز	M	aziiz	relative
موجود		maujuud	present
ڈاکٹر	M	DaakTar	Eng., doctor
رونا	M	roonaa	crying
گال	M	gaal	cheek
آنسو	M	ããsuu	tears
بڑا		baRaa	great
مشکل	F	muškil	difficulty
چہرہ	M	cehraa	face
چہرہ اترنا	Ka M	cehraa utarnaa	to grow pale in face from dismay
صاحب	M	saaheb	a gentleman
پڑھنا	N	paRhnaa	to read
دعا پڑھنا	NF	du'aa paRhnaa	to recite prayers
کامریڈ	M	kaamreeD	Comrade, name of the newspaper edited by Muhammad Ali

چھاپہ خانہ	M	chaapaa-xaanaa	printing press
دم	M	dam	moment
رکنا		ruknaa	to stop (Intr.)
جو کچھ		joo-kuch	whatever
رامجس	PN	raamjas	Ramjas; p.n.
کالج	M	kaalij	Eng., college
مظفر نگر	M	muzaffar nagar	name of a north Indian city
وعدہ	M	waadaa	promise
وعدہ کرنا	NM	waadaa karnaa	to promise X [-see] X1 [-kaa]
سپاہی	M	sipaahii	soldier
پورا کرنا	N	puuraa-karnaa	to fulfill

Notes: XVI

1. Ali Brothers, [alii biraadaraan], were two of the most beloved leaders of the Moslems of India. Shaukat Ali was the elder of the two, Mohammad Ali (1878-1931) the younger. They worked in the Indian National Congress and rose to prominence and wide popularity because of their integrity and unqualified patriotism. They were the chief movers behind the Khilafat Movement that swept the country during 1920-22. Their mother also took part in it, though she was quite old at that time. She was popularly known as [bii ammãã]. [bii] is a term of feminine address; [ammãã]means "mother".

2. Gandhiji knew Hindi fairly well and had also learned to write in Urdu script. However he used to describe his language as Hindustani, a mixture of both Hindi and Urdu but avoiding the more literary styles of the two. It is not clear whether the passage quoted here is a translation from his English or an original piece in Hindustani.

3. It is not considered polite to use the verb [marnaa] with reference to the death of someone worthy of respect; instead various euphemistic constructions are used.

4. [deewii] is used after feminine personal names, specially after the names of Hindu ladies.

5. Dr. M.A. Ansari was a noted physician of Delhi. He was deeply involved in Nationalist politics and the Khilafat Movement. He also took a medical mission to Turkey during the Balkan War.

6. [apnee aap-koo]: "himself (direct object)".
[aap] is a masculine noun which does not occur by itself. It is

difficult to isolate its precise meaning; the closest would be "the self". It also occurs in a very common adverbial phrase [apnee aap], "by himself".

woo apnee aap aa-jaaeegaa	He'll come by himself.
tum apnee aap kyõõ nahĩĩ kar-leetee	Why don't you do it on your own?
woo apnee aap-koo bahot baRaa samajhtaa hai	He considers himself a big shot.

7. Comrade was an English weekly edited by Maulana Mohammad Ali.

8. [kooii zaruurii kaam Talnee nahĩĩ paayaa]: "no important work was allowed to fall behind".

9. [xud] emphasizes most the word it immediately precedes. Here, at the beginning of the sentence, it is occurring more as an appositive clause by itself. See 4.12.

Exercises

A. Situational Variants.

انہوں نے اپنے ملک اور مذہب کی خدمت تمام عورتوں سے زیادہ کی ۔ اُنکے گزر جانے
پر گاندھی جی نے لکھا ہے ، " وہ بوڑھی ہونے پر بھی کام کرنے میں جوانوں کے برابر تھیں ۔
وہ جانتی تھیں کہ ہندوستان کو آزادی تب ہی مل سکتی ہے جب ہندو مسلمان ایک
ہو جائیں اور کھدّر ہر گھر میں عام ہو جائے ۔ اُنکی بیماری کے زمانے میں جب بھی میں انکے
مکان جایا کرتا تو ہر مرتبہ پوچھتیں کہ سوراج اور ہندو مسلمانوں کے اتّحاد کی کیا خبر ہے ۔
وہ خدا سے دعا کیا کرتی تھیں کہ وہ ہندو مسلمانوں کو اتنی سمجھ دے دے کہ وہ
اتّحاد کو ضروری مان لیں ، اور مجھے تب تک زندہ رہنے دے جب تک کہ سوراج نہ
دیکھ لوں ۔ میں نے سروجنی دیوی سے سنا تھا کہ بی امّاں کی حالت ٹھیک نہیں ۔
لیکن اُنکی بیماری میں بھی کوئی کام رکنے نہیں پایا اور مولانا محمّد علی جو بھی اخبار
کے لئے کیا کرتے تھے ، وہ انہوں نے اس روز بھی کیا ۔ ملک کا کوئی ضروری کام
دم بھر کے لئے بھی نہیں ٹلا ۔ بی امّاں کے حکم کے مطابق انکو کھدّر کا ہی کفن دیا گیا ۔

1.	اتّحاد	ittehaad	unity
2.	خبر	xabar	news

B. Translate into English.

اس نوکر نے اپنے مالک کی خدمت سب ملازموں سے بڑھ کر کی ۔ والد کے
آنے پر نوکر نے میز پر کھانا رکھا ۔ میں کس دل سے کہوں کہ میں وہاں نہیں چل سکتا ۔

وہ بوڑھا تھا مگر کام کرنے میں جوانوں سے بڑھ کر تھا ۔ وہ سمجھتا تھا کہ عورتوں کا بھلا اسی میں ہے کہ گھر ہی میں بیٹھی رہیں ۔ میں یہ بھی جانتا تھا کہ وہ تب ہی آسکے گا جب اس کے پاس پیسے ہوں گے ۔ اشوک یہ سمجھتا تھا کہ لوگ تب ہی نیک ہو سکتے ہیں جب بدھ مذہب ملک بھر میں پھیل جائے ۔ لڑکا ہمیشہ کھیلا کرتا تھا اسی لئے استاد اسے پڑھنے کی نصیحت کیا کرتا تھا ۔ بچہ بیمار تھا اسی لئے وہ کھانا نہیں کھایا کرتا تھا اور ہمیشہ روتا تھا ۔ ڈاکٹر نے انکو دو دن تک گھر نہیں جانے دیا ۔ میری پڑھائی کے وقت وہ جب کبھی میرے کمرے میں آتا تو ہر بار میرا وقت خراب کرتا ۔ وہ جب کبھی میرے گھر آتی تو پوچھتی کہ آپ کے والد کا کیا حال ہے ۔ وہ خدا سے دعا کرتا تھا کہ اسے اچھی نوکری مل جائے ۔ استاد کہا کرتا تھا کہ خدا تم کو ایسی سمجھ دے کہ تم میری بات کو سمجھ لو ۔ انہوں نے نوکر سے سنا کہ مالک کی حالت خراب ہے ۔ اگر وہ تم کو آنے دیں تو کل ضرور آؤ ۔ کشتی میں بادشاہ کے سب غلام موجود تھے اور وہاں ایک فلسفی بھی آگیا تھا ۔ اس کمرہ سے کسی بچے کے رونے کی آواز آرہی تھی ۔ لڑکا بستر پر سے گر کر بڑی مشکل سے اپنے آپ کو سنبھالے ہوئے تھا ۔ وہ خود ہی بولتا رہا اور کسی اور کو بولنے نہیں دیا ۔ مسجد میں کچھ لوگ نماز پڑھ رہے تھے اور کچھ لوگ دعا پڑھ رہے تھے ۔ پاس ہی ڈاکٹر کا دواخانہ تھا ۔ منڈی کے بیچ سے موٹروں کو نہیں گزرنے دیا جاتا ۔ مجھے کچھ دن پہلے کالج جانا تھا ۔ میرے دوست نے کہا کہ ایسا کبھی نہیں ہو سکتا کہ آپ میرے گھر نہ آئیں ۔

C. **Fill in the blanks.**

— علی بھائیوں کی — تھیں۔ اُن کے — بر — نے اپنے — میں
— تھا۔ میں کس دل سے — کہ بی اماں دنیا سے — گئیں۔ وہ —
مسلمان تھیں۔ یہ بھی — تھیں کہ ہندوستان تب — آزاد — ہے جب
ہندو — میں ایکا ہو جائے اور کھدر گھر گھر — جائے۔ مولانا محمد علی —
ہیں اُن کا — تھا کہ مرنے — اُنہیں کھدر کا — دیا جائے۔ جس رات
بی اماں دنیا سے — اُس کا — سا حال لکھتا —۔ وہاں اُن کے سب
— موجود — اور — انصاری — آ گئے تھے۔ مولانا شوکت علی —
مشکل — اپنے — کو سنبھالے ہوئے تھے۔ ملک کا کوئی — کام — نہیں
پایا۔ خود — نے اس دن مظفر نگر کے لوگوں — ملنے کا — کیا تھا۔

D. Translate into Urdu.

I. He was our elder brother. II. She had run faster than the other girls. III. I read the news of his arrival in the paper. IV. He wanted that education should spread to every corner of the country. V. His works are his best memorials. VI. Until the sun rises do not get out of the house. VII. The doctor said that only bread and milk be given to the sick child. VIII. The people read in the newspaper that Gandhiji had passed away from the world. IX. He understood that the best way for him was to work. X. She told me a little about the condition of her father. XI. I did not hear him cry but I saw tears flowing on his cheeks. XII. Nearby was the bank where I was working. XII. The train stopped only a moment and the passengers got down. XII. I had to go to the doctor today.

He had promised to do that work by the evening. XIV.

XIV. They have promised to come to our house. V. My father didn't allow me to go.

E. Answer the following in Urdu.

۱- بی اماں کون تھیں ؟

۲- بی اماں کی بیماری کی خبر سن کر گاندھی جی نے کیا کیا ؟

۳- بی اماں کیا نصیحت کیا کرتی تھیں ؟

۴- بی اماں کس طرح کے کپڑے پہنتی تھیں ، اور کفن کے بارے میں ان کا کیا حکم تھا ؟

۵- گاندھی جی سے بی اماں کیا پوچھتیں ؟

۶- وہ خدا سے کیا دعا کرتی تھیں ؟ کیا انکی دعا پوری ہوئی ؟

۷- گاندھی جی بی اماں کے گھر پہنچے تو وہاں کیا حال دیکھا ؟

۸- کیا مولانا محمد علی نے بی اماں کی بیماری کی وجہ سے "کامریڈ" اخبار کا کام روک دیا ؟

۹- مولانا شوکت علی نے کیا وعدہ کیا تھا ؟

۱۰- آپ کے ملک میں کون عورت بی اماں کی طرح ملک کی خدمت کے لئے مشہور ہے ؟

۱۔ گرمی کے موسم میں لوگ کثرت سے آم کھاتے ہیں۔
۲۔ ہندوستان میں ترکاریاں بکثرت کھائی جاتی ہیں۔
۳۔ سڑک پر بہت سے چلنے پھرنے والے دکھائی دیتے رہتے ہیں۔
۴۔ ٹرک چلانے والے منڈی میں پھل لاتے ہی رہتے ہیں۔
۵۔ بچے سائیکل پر دن بھر گھومتے پھرتے رہتے ہیں۔
۶۔ میرے گھر اور بڑی منڈی کے درمیان کوئی ترکاری کی دوکان نہیں پڑتی۔
۷۔ سکندر اور دارا کے درمیان کئی بار لڑائی ہوئی۔
۸۔ میرا بھائی کھانا کھانے کے درمیان کئی بار پانی پیتا ہے۔
۹۔ پھل کی دوکان چوک اور قیصر باغ کے درمیان پڑتی ہے۔
۱۰۔ مزدور دن بھر کام کرتے رہتے ہیں۔
۱۱۔ چونکہ ترکاریاں تازہ ہوتی ہیں۔ اس لئے لوگ جلد خرید لیتے ہیں۔
۱۲۔ اس سائیکل کو چھوڑ کر باقی ساری سائیکلیں سستی ہیں۔
۱۳۔ چند پھلوں کو چھوڑ کر باقی سارے پھلوں کا بھاؤ اونچا ہے۔
۱۴۔ پھلوں کے علاوہ میں نے باقی سب چیزیں کھانا چھوڑ دی ہیں

۱۵۔ میں نے اس منڈی کو چھوڑ کر باقی ہر منڈی میں جانا چھوڑ دیا ہے۔

۱۶۔ آج کل سبزیاں تازہ نظر نہیں آتی ہیں۔

۱۷۔ ہم چاروں کے علاوہ اور کوئی دوست نظر نہیں آتا۔

۱۸۔ کل کی نسبت آج چیزیں سستی نظر آ رہی ہیں۔

۱۹۔ جو لوگ رات بھر آرام کرتے ہیں وہ دن بھر محنت کر سکتے ہیں۔

۲۰۔ سال بھر میں ترکاریوں کی ہزاروں قسمیں نظر آتی ہیں۔

۲۱۔ گھنٹہ بھر میں گوشت کا سالن تیار کیا جا سکتا ہے۔

۲۲۔ بچے میٹھی چیزیں شوق سے کھاتے ہیں۔

۲۳۔ سبزی بیچنے والے دن بھر شوق سے ترکاریاں بیچتے ہیں۔

۲۴۔ اب لیچی درختوں سے ختم ہونے لگی ہے۔

۲۵۔ جب سے آم ملنے لگے ہیں، دوسرے پھل سستے ہونے لگے ہیں۔

۲۶۔ ہندوستان میں کپڑا سستا ہوتا جا رہا ہے۔

۲۷۔ گوشت کی مانگ بڑھتی جا رہی ہے اور اس کا بھاؤ بھی بڑھتا جا رہا ہے۔

۲۸۔ بی اماں اچھے کام کیا کرتی تھیں۔

۲۹۔ گاندھی جی ہندو مسلم ایکے کی کوشش کیا کرتے تھے۔

۳۰۔ لوگ بی اماں کا کہنا خوشی سے مانا کرتے تھے۔

۳۱۔ کیا اچھا ہو اگر بی اماں کی نصیحت کے مطابق کام کیا جائے۔

۳۲۔ گاندھی جی کہا کرتے تھے۔ کہ ہندوستان کی بھلائی کے لئے خوب کوشش کی جائے۔

۳۳۔ جب کبھی میں منڈی گیا تو آم خرید کر لایا۔

۳۴۔ جب کبھی میں اپنے بھائی کے گھر گیا ان کو ہر بار غائب دیکھا۔

۳۵۔ ان تینوں دوستوں کی حالت ہم دونوں سے زیادہ خراب ہے۔

۳۶۔ کل چاروں بکروں کی قربانی کی جائے گی۔

۳۷۔ ہم اگر یہ بات معلوم کر لیں تو کام جلدی ہو جائے گا۔

۳۸۔ اگر میرا بھائی جلد پڑھ لے تو جلد روزی کمانے لگے گا۔

۳۹۔ میں جب کالج پہنچا تو سب لڑکے جا چکے تھے۔

۴۰۔ میں جیسے ہی گھر کے پاس پہنچا اس کے رونے کی آواز آئی۔

۴۱۔ لڑکے کو بڑی مشکل سے پانی سے نکالا گیا۔

۴۲۔ کمزور آدمی آسانی سے بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔

۴۳۔ مکان کی چھت اپنے آپ گر گئی۔

۴۴۔ ریل اپنے آپ چلتے چلتے رک گئی پھر بڑی مشکل سے چلی۔

۴۵۔ جو چیز دن بھر میں پوری کی جا سکتی ہے اس کے لئے رات بھر
کیوں صرف کی جائے۔

۴۶۔ بادشاہ جو کچھ حکم دیتا ہے ملازم اس کو پورا کرتا ہے۔

۴۷۔ تم نے جو کچھ ہم سے کہا تھا وہ سب وعدہ کے مطابق پورا کر دیا ہے۔

۴۸۔ سکندر نے خود ہی پہلے لڑائی شروع کی۔

۴۹۔ خود میں نے ان سے پڑھنے کا کام پورا کرنے کو کہا تھا۔

۵۰۔ میں اپنی نماز پوری کر کے کھیلنے جاؤں گا۔

۵۱۔ آج میرے بھائی خود اپنے دوست کا حال معلوم کرنے گئے ہیں۔

۵۲۔ تم کو تیرنا تب ہی آئے گا جب تم اس میں محنت کرو گے۔

۵۳۔ چونکہ میرے دوست کمرے میں کھیلتے رہتے ہیں اس
لئے میں کام ختم نہیں کر پاتا ہوں۔

۵۴۔ اگر کھانا خراب تیار کیا گیا ہو تو حلق سے کھانا آسانی سے
نہیں اترتا ہے۔

۵۵۔ جب آندھی کا زور ہوتا ہے تو بڑے بڑے درخت بھی گر جاتے ہیں۔

۵۶۔ آج کل تربوز سے زیادہ خربوزہ کا زور ہے۔

۵ اگست ۱۹۶۵ء

عزیزی جاوید دعائیں[1]

تمہارا خط ملا ۔ یہ معلوم[2] کرکے کہ تم امتحان میں کامیاب ہو گئے ہو بہت خوشی ہوئی اور خدا کا شکر ادا کیا ۔ تم نے چونکہ اس بار امتحان کے لئے اچھی تیاری کی تھی اس لئے تمکو کامیابی بھی حاصل ہوئی ۔ تم طالب علم ہو اس لئے تمکو تو معلوم ہے ہی کہ علم کا[3] حاصل کرنا صرف محنت کرنے پر مبنی ہے ۔

تم نے شکاگو یونیورسٹی اور یہاں کے طریقۂ تعلیم کے بارے میں پوچھا ہے تو میں اس کا پورا حال لکھتا ہوں ۔ شکاگو یونیورسٹی امریکہ کی چند مشہور یونیورسٹیوں میں سے ایک ہے ۔ یہ یونیورسٹی ۱۸۹۲ء میں قائم کی گئی ۔ اس یونیورسٹی کا کیمپس بہت پھیلا ہوا ہے اور کافی بڑا ہے ۔ یونیورسٹی کے بالکل بیچ میں ایک خوبصورت گول سا لان ہے جس میں موسم کے لحاظ سے پھول لگے ہوتے ہیں ۔ اس لان کے چاروں طرف موٹروں[4] کے آنے جانے کے لئے[5] بڑی صاف اور اچھی سڑک بنی ہوئی ہے ۔ اس کے چاروں طرف یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کی اونچی اونچی عمارتیں ہیں ۔ ہر شعبہ کی الگ الگ لائبریری ہے ۔ اسکے علاوہ ایک اور بڑی لائبریری ہے جس کا نام ہارپر لائبریری ہے ۔ کل کتابوں کی تعداد تقریباً بیس لاکھ ہے ۔ یونیورسٹی کا اپنا بک اسٹور بھی ہے جہاں سے طالب علم کتابوں کے علاوہ اپنی ضرورتوں کی چیزیں بھی خرید سکتے ہیں ۔ اسی طرح کھیلنے کے لئے بڑے بڑے میدان ہیں جہاں

ہر قسم کے کھیل کھیلے جاتے ہیں۔ طالبعلموں کی ایک اپنی یونین بھی ہے جو طلبا کے کھیل اور تفریح کا انتظام کرتی ہے۔

امریکہ کی یونیورسٹیوں کا طریقۂ تعلیم ہمارے یہاں سے بالکل مختلف ہے۔ شکاگو یونیورسٹی میں سال میں چار کوارٹر ہوتے ہیں۔ ہر کوارٹر تقریباً گیارہ ہفتے کا ہوتا ہے۔ ہر کوارٹر میں ایک طالبعلم کو تین مضامین لینا ہوتے ہیں اور کوارٹر کے آخری ہفتہ میں ان تینوں مضامین میں امتحان لیا جاتا[6] ہے۔ یہاں پر پاس اور فیل کرنے کے نمبروں کی جگہ اے۔ بی۔ سی اور الف لکھا جاتا ہے۔ اے۔ بی۔ سی کا مطلب بالترتیب اوّل۔ دوم۔ سوم ہے اور الف کا مطلب فیل ہے۔ یہاں پر طلبا کی کوشش ہوتی ہے کہ ہمیشہ اپنے مضامین میں اے اور بی حاصل کریں۔ اسکے علاوہ اگر کوئی شخص پی۔ ایچ۔ ڈی۔ کرنا چاہتا ہے تو اسکے لئے انگریزی کے علاوہ دو اور غیر ملکی زبانوں کا جاننا ضروری ہے۔ مختصر یہ کہ[7] یہاں تعلیم میں طالبعلم کو بہت محنت کرنی پڑتی ہے اور ہر وقت کسی نہ کسی مضمون کی تیاری میں لگا رہنا پڑتا ہے اور کوئی بھی گھنٹہ[8] کسی وقت خالی نہیں رہتا ہے۔

ہمارے چچا جان[9] کیسے ہیں؟ امید ہے کہ ان کی طبیعت اب بالکل ٹھیک ہو گی۔ چچی کو آداب کہنا اور میری طرف سے انکا مزاج پوچھنا[10]۔ ماموں جان[11] آجکل کہاں ہیں؟ اس بار تم جب خط لکھنا تو سب کا حال ضرور لکھنا۔

سنا ہے[12] کہ احمد صاحب کا بھتیجا یہاں آنے والا ہے۔ اگر اس بارے میں تم کو کچھ معلوم ہو تو ضرور لکھنا۔ فقط[13]

تمہارا بھائی
سلمان

Vocabulary

اگست	M	agast	August
جاوید	M	jaaweed	personal name
خط	M	xat	letter
امتحان	M	imtehaan	examination
کامیاب		kaamyaab	successful
کامیاب ہونا		kaamyaab-hoonaa	to be successful
تیاری	F	tayyaarii	preparation
تیاری کرنا	NF	tayyaarii karnaa	to prepare for Y, or to I [-kii]
کامیابی	F	kaamyaabii	success
طالب علم	M	taalib-ilm	student
علم	M	ilm	knowledge
شکاگو	M	šikaagoo	Chicago
یونیورسٹی	F	yuuniiwarsiTii	Eng., university
امریکہ	M	amriikaa	America
قائم کرنا	N	qaaim-karnaa	to establish
کیمپس	M	kaimpas	Eng., campus
خوبصورت		xuub-suurat	beautiful
گول		gool	round
لان	M	laan	Eng., lawn
لحاظ سے		lihaaz-see	in accordance with X [-kee]
پھول	M	phuul	flower
چاروں طرف		caarõõ taraf	around X [-kee]
موٹر	MF	mooTar	car
صاف		saaf	clean
شعبہ	M	šoobaa	department
لائبریری	F	laaibreerii	Eng., library
ہارپر		haarpar	Harper
کتاب	F	kitaab	book
تعداد	F	taadaad	number, numerical strength
بیس		biis	twenty (20)
لاکھ		laakh	one lac; 100,000
بک اسٹور	M	buk-sToor	Eng., bookstore

یونین	F	yuuniyan	Eng., union
طلباء	Mp	talabaa, tulabaa	students
تفریح	F	tafriih	enjoyment
انتظام	M	intizaam	arrangement; management
انتظام کرنا	NM	intizaam karnaa	to arrange for X [-kaa]
تعلیم	F	taaliim	education
کوارٹر	M	kwaarTar	Eng., quarter
گیارہ		giyaaraa	eleven (11)
ہفتہ	M	haftaa	week
مضامین	Mp	mazaamiin	subjects; pl. of مضمون [mazmuun] subject
آخری		aaxirii	last
امتحان لینا	NM	imtihaan leenaa	to examine X [-kaa] in Y [-mẽẽ]
پاس کرنا	N	paas-karnaa	to pass X [-koo]
فیل کرنا	N	feel-karnaa	to fail X [-koo] (Tr.)
اے		ee	A
بی		bii	B
سی		sii	C
ایف		ef	F
اوّل		awwal	first
دوم		doom	second
سوم		soom	third
پی ایچ ڈی		pii ec-Dii	Ph.D.
انگریزی	F	angreezii	the English language
اور		aur	more
غیر ملکی		Gair-mulkii	foreign
زبان	F	zabaan, zubaan	language
مختصر یہ کہ		muxtasar yee ki	in short
گھنٹہ	M	ghanTaa	hour
چچا	M	cacaa	paternal uncle
امید	F	ummiid	hope
امید ہونا	KF	ummiid hoonaa	to hope

چچی	F	cacii	paternal aunt
طرف سے		taraf-see	on X's [-kii] behalf
مزاج	M	mizaaj	disposition; state of health
ماموں	M	maamũũ	maternal uncle
حال	M	haal	condition
احمد	M	ahmad	personal name
بھتیجا	M	bhatiijaa	nephew (brother's son)
سلمان	M	salmaan	personal name

Notes: XVII

1. Salutation in letters usually consists of two parts. In the first part the name of the addressee is mentioned with some modifier preceding it. If the addressee is some relative, his name is replaced by some word indicating the relationship. Quite often the modifier is used by itself in nominal function. Different modifiers are used with different persons depending upon, among other things, the degree of intimacy, the social difference, and the particular relationship between the addressor and the addressee. [aziizii], "my dear", will be used only with reference to those who are younger in age or relationship. Among equals, [muhibbii], "my friend", or [biraadaram], "my brother", are more usual. In the latter case it is also usual to put [saahab] after the name of the person. The second part contains the greetings: [duaa] or [duaaẽẽ] for those who are younger, and [aadaab], [tasliim], or [as-salaamu-alaikum] with equals and elders.

2. Note the use of [yee] in this sentence referring to the coordinate clause introduced immediately after by [ki].

3. By using [-kaa] after [ilm], the infinitive has been made into a more concrete object.

4. Another word now commonly used is [kaar], "car".

5. [mooTrõõ-kee aanee-jaanee-kee liyee]: "for the traffice of cars".
[aanaa-jaanaa], "to come and go". Such combinations of semantically related -- similar or opposite -- verbs are quite common. Wherever needed, both verbs will be inflected identically.

aatee-jaatee loog	people who were coming and going
woo aksar siyaa-pirooyaa kartii hai	She is often doing some sewing or mending.

6. In Urdu, "to give an examination" is [imtehaan leenaa], while [imtehaan deenaa] or [imtehaan-mẽẽ baiThnaa] is used for expressing "to take an examination".

7. [muxtasar yee ki ...]: "In short ..."

8. [kooii bhii ghanTaa], "any hour whatsoever".

9. [jaan] is used after words for relations, to convey a sense of respect.
[abbaa-jaan]: "father"
[bhaaii-jaan]: "(elder) brother or cousin"
[cacii-jaan]: "aunty"

10. [un-kaa mizaaj puuchnaa], "Ask about her health."

11. [maamũũ] refers to mother's brother or cousin, as distinct from father's brother or cousin, who will be called [cacaa]. The feminine forms are [mumaanii] and [cacii], respectively. Some other such terms are: [daadaa], "father's father or uncle"; [daadii], "father's mother or aunt"; [naanaa], "mother's father or uncle"; [naanii], "mother's mother or aunt"; [phuphaa], "father's sister's husband"; [phuphii], "father's sister"; [xaaluu], "mother's sister's husband"; [xaalaa], "mother's sister"; [bhããjaa], "sister's son"; [bhatiijaa], "brother's son". [bhããjii] and [bhatiijii] are the feminine forms of the latter two.

12. [sunaa hai], "I've heard..." By dropping [mãĩ-nee], the phrase has become more general in meaning, comparable to "It has been heard that..."

13. [faqat], "enough", is used in Urdu only at the end of the main text of a letter; usually in the same line. The closing modifier that refers to the addressor, and his signature come

afterward. Its use is not obligatory, and the closing "epithet" and signature can come directly after and below the main text. Among friends it is enough to say, [aap-kaa] or [aap-kii]. With other equals, such words as [neyaaz-mand], [muxlis], etc. are more common.

Exercises

A. **Situational Variants.**

یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کہ تم امتحان میں کامیاب رہے۔ تمھاری کامیابی پر میں نے خدا کا شکر ادا کیا۔ چونکہ تم طالب علم ہو اس لئے تمھیں یہ خبر ہے ہی کہ علم صرف محنت سے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ تم نے شکاگو یونیورسٹی کے طریقۂ تعلیم کے متعلق پوچھا ہے تو میں اس کے بارے میں پوری طرح لکھ رہا ہوں۔ یہ یونیورسٹی ۱۸۹۲ء میں قائم ہوئی تھی۔ امریکہ کی یونیورسٹیوں میں تعلیم کا طریقہ ہماری یونیورسٹیوں سے بالکل ہی مختلف ہے۔ ہر کوارٹر قریب قریب گیارہ ہفتوں کا ہوتا ہے۔ ہر کوارٹر میں ایک طالب علم کو تین مضامین لینے پڑتے ہیں۔ طلباء کی ہمیشہ یہی کوشش ہوتی ہے کہ امتحان میں اچھی طرح کامیاب ہوں۔ پی ایچ ڈی کرنے والوں کو تو دو اور زبانیں سیکھنی پڑتی ہیں۔ مختصر یہ کہ یہاں پڑھائی میں طالب علم کو محنت سے کام کرنا پڑتا ہے اور ہر وقت کوئی نہ کوئی مضمون تیار کرنا ہوتا ہے۔ دم بھر بھی آدمی خالی نہیں بیٹھ سکتا۔ پچھلے دنوں چچی کی طبیعت کچھ خراب تھی، امید ہے کہ اب ان کا مزاج بالکل اچھا ہوگا۔ معلوم ہوا ہے کہ احمد صاحب کا بھتیجا یہاں آ رہا ہے، اگر اس کے متعلق تمھیں کچھ معلوم ہو تو اگلے خط میں ضرور لکھنا۔

1.	پچھلا	pichlaa	the earlier, recent
2.	اگلا	aglaa	the next

B. **Translate into English.**

میں نے دیکھا تو میز پر تمہارا خط رکھا ہوا تھا - مجھے یہ معلوم کر کے بہت رنج ہوا کہ چند روز پہلے آپکے والد کی طبیعت پھر خراب ہوگئی - یہ جان کر والدہ کو خوشی ہوئی کہ تم جلد آنے والی ہو - جیسا آپ کہتے ہیں اس لحاظ سے تو یہ کالج خراب نہیں - میں نے خدا کا شکر ادا کیا کہ مجھے اچھا مکان مل گیا - وہ پہلے سے ہی سفر کے لئے تیاری کر چکی تھی اس لئے چلنے کے لئے فوراً تیار ہوگئی - میں نے سڑک پر آنے والے شخص سے پوچھا تو اس نے بتایا کہ تمہارا مکان یہاں سے کافی دور ہے - جب والد نے میرے بارے میں پوچھا تو استاد نے سارا حال بتا دیا - لکھنؤ ہندوستان کے چند مشہور شہروں میں سے ایک ہے - یہ کالج قائم ہوئے تقریباً سو سال ہوئے ہیں - یہ اس شہر کا بہت پھیلا ہوا حصہ ہے اور خاص طور سے صاف اور پاک ہے - یہ کافی بڑا اسکول ہے کیونکہ اس میں ہزار سے زیادہ لڑکے اور لڑکیاں پڑھتے ہیں - دونوں ٹکڑے پل کے بالکل بیچ میں ایک دوسرے سے ملے مگر لڑکے بغیر پل پار کر گئے - موسم کے لحاظ سے یہ شہر برا نہیں ہے ، نہ گرمی زیادہ ہے نہ سردی - موسم کے لحاظ سے منڈیوں میں پھل اور ترکاریاں آتی رہتی ہیں - ہمارے اسکول کے چاروں طرف میدان ہے جس میں بچوں کا آنا جانا رہتا ہے - لڑکوں کو اس میدان میں موٹر یا سائیکل چلانے کی اجازت نہیں ہے ، صرف سڑک پر ہی چلا سکتے ہیں - وہ صرف ضرورت کی چیزیں ساتھ لے گئے ہیں ، باقی سامان ابھی یہیں ہے - پچھلے امتحان میں تم کو کیا ملا ؟ آپکے والد کی طبیعت اب کیسی ہے ؟ اس وقت مجھے

بہت کام ہے، جب خالی ہوں گا تو آؤنگا۔ مجھے روز ڈاکٹر کے پاس جانا ہوتا ہے۔ یہ کام آپکو کسی نہ کسی طرح کرنا ہی پڑے گا۔ کھانا کھانے کے بعد ہم سب نے پیسے الگ الگ ادا کئے۔ ان چھوٹی چھوٹی بینکوں کے علاوہ شہر میں ایک بڑی بینک بھی ہے جہاں میں پیسے جمع کراتا ہوں۔ امریکہ میں موٹروں کی تقریباً کیا تعداد ہوگی؟ انکا نیا گھر بھی پرانے گھر کی طرح شہر سے کافی دور ہے۔ یہ بچّہ بالکل اپنی ماں کی طرح ہی بات کرتا ہے۔ امّید ہے کہ اب آپ کی طبیعت بہتر ہوگی اور آپ کو زیادہ کام نہیں کرنا پڑتا ہوگا۔ ہر طالبعلم کو کسی نہ کسی کھیل میں حصّہ لینا پڑتا ہے۔ اس بار بالکل مختلف طور سے امتحان لیا جانے والا ہے جس کی وجہ سے طالبعلموں کو بہت محنت کرنی پڑ رہی ہے۔ سنا ہے کہ علی صاحب کے یہاں کھانے کا بہت اچھا انتظام کیا گیا تھا۔ وہ تو امتحان کی تیّاری کرنے میں لگے ہیں۔ آپکے کھانے پینے کا وہاں کیسا انتظام تھا؟

C. **Fill in the blanks.**

تم نے چونکہ اس بار امتحان — — اچّھی — کی تھی اس لئے تم کو کامیابی بھی — ہوئی۔ تم طالب علم — اس لئے تم کو تو — ہے ہی کہ علم کا حاصل — صرف — کرنے پر — ہے۔ تم نے شکاگو یونیورسٹی اور یہاں کے — تعلیم کے — میں پوچھا ہے — میں اس کا پورا حال — ہوں۔ — یونیورسٹی ۱۸۹۲ء میں — کی گئی۔ یونیورسٹی کے — بیچ میں ایک خوبصورت گول — لان ہے جس میں — کے — سے پھول لگے ہوتے ہیں۔ اس — چاروں — یونیورسٹی

کے — شعبوں کی اونچی — عمارتیں ہیں ۔ یونیورسٹی کا — بک اسٹور — ہے
— سے طالب علم کتابوں کے — اپنی — کی چیزیں بھی خرید سکتے ہیں ۔ امریکہ
کی یونیورسٹیوں کا طریقہ — ہمارے — سے بالکل — ہے ۔ امید —
— انکی — اب بالکل — ہو گی ۔ ماموں جان — کل — ہیں ؟ اس —
تم جب خط — تو سب کا — ضرور لکھنا ۔

D. Translate into Urdu.

I. I was very glad to learn that you are now all right. II. He thanked God on his life being saved. III. As she was not prepared this time we could not go out. IV. When my friends came I had to make arrangements for their stay. V. She has asked me about my work, so I shall write everything. VI. In front of the house is an open space where the children play. VII. There are twelve months in a year and there are about four weeks in a month. VIII. The students always try to come first. IX. Besides working during the day he also studies in the evening. X. It is necessary to know the way before you go there. XI. Everytime he is engaged in some work or another. XII. I've heard that a learned man is coming to town today. XIII. My success in this work depends on your help. XIV. We are now forced to go to the doctor every day. XV. Because he had come from so far away, I had to meet him. XVI. If you are free in the evening come with me to the market.

E. Answer the following in Urdu.

١- جاوید سلمان کا کیسا بھائی ہے ؟

۲- علم حاصل کرنا کس بات پر مبنی ہے ؟

۳- شکاگو یونیورسٹی کیسی یونیورسٹی ہے اور کب قائم ہوئی ؟

۴- یونیورسٹی کے بیچ میں کیا ہے ؟

۵- تم کس شعبہ میں پڑھتے ہو اور کس لائبریری سے کتابیں لیتے ہو ؟

۶- امریکہ کی یونیورسٹیوں میں طریقۂ تعلیم کس بات میں مختلف ہے ؟

۷- شکاگو میں سال میں کتنے کوارٹر ہوتے ہیں ؟

۸- طالب علموں کو کون کون سی زبانیں جاننا ضروری ہے ؟

۹- کیا تمہارے کوئی چچا ہیں ؟ وہ کہاں رہتے ہیں ؟

۱۰- کیا تمہارے کوئی بھتیجا یا بھتیجی ہیں ؟ اگر ہیں تو کتنے ؟

UNIT - XVIII

سر سیّد احمد خاں[1]

۱۸۱۷ء میں دلّی کے ایک شریف خاندان میں سیّد احمد خاں کی پیدائش ہوئی ۔ اُنکے والد میر تقی فقیرانہ مزاج کے آدمی تھے ۔ سیّد احمد خاں کا بچپن اُنکی والدہ کی نگرانی میں اُنکے نانا کے گھر میں گزرا ۔ ابتدائی تعلیم اپنی والدہ اور نانا سے حاصل کی ۔ پھر خود ہی مطالعہ کرتے رہے ۔ لیکن ابھی تعلیم پوری نہ ہو پائی تھی کہ والد کا انتقال ہو گیا اور اُنکو ملازمت تلاش کرنی پڑی ۔ ۱۸۳۷ء میں کمپنی کی ملازمت میں داخل ہوئے اور رفتہ رفتہ[2] ترقّی کر کے منصفی[3] کے عہدے تک پہنچے ۔ اس ملازمت کے زمانے میں وہ کافی دن دلّی میں رہے اور دلّی کی پرانی عمارتوں اور یادگار جگہوں کے متعلق ایک کتاب لکھی جو ۱۸۴۷ء میں شائع ہوئی ۔ اس کا نام "آثار الصّنادید" ہے اور اُس کا ترجمہ انگریزی میں ہو چکا ہے ۔

۱۸۵۷ء میں غدر کے زمانے میں سر سیّد بجنور نام کے چھوٹے سے ضلع میں تھے ۔ اُنہوں نے اس بغاوت میں کسی طرح کا حصّہ نہ لیا بلکہ بہت سے انگریزوں کی جان بچائی ۔ غدر کے بعد اُنہوں نے اپنی مشہور کتاب "اسبابِ بغاوتِ ہند" لکھی، جس میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ بغاوت کے اصل اسباب انگریزوں کے مظالم تھے ۔ اس کتاب کا بھی انگریزی میں ترجمہ ہوا ۔

غدر کے بعد شمالی ہند کے مسلمانوں کی حالت بہت خراب تھی ۔ وہ سرکار کی نظر[4] میں مجرم تھے اور اعتبار کے قابل نہ سمجھے جاتے تھے ۔ اُن میں تعلیم کی بھی کمی تھی، خاص طور پر جدید[5] تعلیم کی، جس سے اُنکے لئے ملازمت پانا بھی مشکل ہو گیا تھا ۔ سیّد احمد خاں نے

اپنی قوم کی حالت سدھارنے کے لئے ہر طرح کوشش کی۔ کتابیں لکھیں، رسالے نکالے، مدرسے قائم کئے، انگریزی کی کتابوں کا ترجمہ کیا اور دوسروں سے کروایا۔ سنہ ۱۸۶۹ء میں اُنہوں نے ولایت[6] کا سفر کیا اور وہاں ایک سال تک[7] رہے۔ واپسی پر اُنہوں نے اپنا مشہور رسالہ "تہذیب الاخلاق" جاری کیا، جسمیں مسلمانوں کی اخلاقی، سماجی، تعلیمی، معاشی اور نظریاتی کمزوریوں پر مضامین لکھے اور لکھوائے اور ان برائیوں کو دور کرنے کی تجویزیں پیش کیں۔

ولایت کے کالجوں کو دیکھ کر سیّد احمد خاں کے دل میں ایک ویسا ہی کالج ہندوستان میں قائم کرنے کا خیال پیدا ہوا تھا۔ اس خیال کو پورا کرنے کی بھی وہ کوشش کرتے رہے۔ آخر سنہ ۱۸۷۷ء میں علی گڈھ میں اُنکا یہ خواب پورا ہوا[8] اور "محمڈن اینگلو اورینٹل کالج" کی بنیاد پڑی۔ اس کالج میں سرسیّد نے ہر مضمون کے عالموں کو جمع کیا اور انگریزی تعلیم کے ساتھ ساتھ[9] مشرقی تہذیب اور اسلام کی تعلیم کا بھی خاص انتظام کیا۔ رفتہ رفتہ یہ کالج ہندوستان کے مسلمانوں کا خاص تعلیمی اور تہذیبی مرکز بن گیا۔ سنہ ۱۹۲۱ء میں اِسکو یونیورسٹی بنادیا گیا اور یہ آج بھی "علیگڈھ مسلم یونیورسٹی" کے نام سے مشہور ہے[10]۔

سیّد احمد خاں نے سنہ ۱۸۹۸ء میں وفات پائی اور علیگڈھ میں دفن ہوئے۔

Vocabulary

سر		sar	Eng., "Sir"
سیّد احمد	M PN	sayyid ahmad	a noted Muslim scholar
خان	M	xaan	a title for Muslim nobles conferred by the Moguls
شریف		šariif	noble
خاندان	M	xaandaan	family
پیدائش	F	paidaaiš	birth
والد	M	waalid	father
میر تقی	M	miir taqii	p.n.
فقیرانہ		faqiiraanaa	simple
مزاج	M	mizaaj	temperament
بچپن	M	bacpan	childhood
والدہ	F	waalidaa	mother
نگرانی	F	nigraanii	supervision
نانا	M	naanaa	maternal grandfather
ابتدائی		ibtidaaii	primary
تعلیم	F	taaliim	education
حاصل کرنا	N	haasil-karnaa	to receive
مطالعہ	M	mutaale'aa	study
مطالعہ کرنا	NM	mutaale'aa karnaa	to study X [-kaa]
پورا ہونا		puuraa-hoonaa	to be completed
انتقال ہونا	Ka M	intiqaal hoonaa	to die a natural death
ملازمت	F	mulaazamat	service
تلاش	F	talaaš	search
تلاش کرنا	N	talaaš-karnaa	to search
کمپنی	F	kampanii	East India company
داخل ہونا		daaxil-hoonaa	to enter X [-mẽẽ]
رفتہ رفتہ		raftaa-raftaa	gradually
ترقی	F	taraqqii	progress, promotion
ترقی کرنا	NF	taraqqii karnaa	to make progress
منصف	M	munsif	subordinate judge (in British India)
عہدہ	M	ohdaa	post

متعلق		mutaalliq	about X [-kee]
کتاب	F	kitaab	book
لکھنا	N	likhnaa	to write
شائع ہونا		šaae-hoonaa	to be published
آثار الصنادید		aasaar-us-sanaadiid	name of a famous book, lit., relics of the warriors
ترجمہ	M	tarjamaa. **tarjumaa**	translation
ترجمہ ہونا	Ka M	tarjamaa-hoonaa	to be translated
غدر	M	Gadar	mutiny
بجنور	M	bijnaur	name of a North Indian city
ضلع	M	zilaa	district
بغاوت	F	baGaawat	rebellion
انگریز	M	angreez	Englishman
جان بچانا	NF	jaan bacaanaa	to save X's [-kii] life
اسباب بغاوت ہند		asbaab-e-baGaawat-e-hind	Causes of Indian Mutiny
ثابت کرنا	N	saabit-karnaa	to prove
اصل		asl	real
اسباب	Mp	asbaab	reasons; pl. of سبب [sabab]
مظالم	Mp	mazaalim	tyrannies; related to ظلم [zulm]
شمال	M	šimaal	the north
سرکار	F	sarkaar	government
نظر	F	nazar	eye
مجرم	M	mujrim	offender, criminal
اعتبار	M	eetebaar	trust, confidence
قابل		qaabil	fit for X [-kee]
کمی	F	kamii	lack of X [-kii]
جدید		jadiid	modern
قوم	F	qaum	nation
سدھارنا	N	sudhaarnaa	to improve
رسالہ	M	risaalaa	a magazine
نکالنا	N	nikaalnaa	to bring out (newspaper, magazine, etc.)

مدرسہ	M	madrasaa	school
قائم کرنا	N	qaaem-karnaa	to establish
ترجمہ کرنا	NM	tarjamaa karnaa	to translate
کروانا	N	karwaanaa	to get something done through X [-see]
ولایت		wilaayat	a dialectal term for Europe in general, England in particular
سفر کرنا	NM	safar karnaa	to travel
واپسی	F	waapsii	return
تہذیب الاخلاق		tahziib-ul-axlaaq	lit., education of morals
جاری کرنا	N	jaarii-karnaa	to issue
اخلاقی		axlaaqii	moral
سماجی		samaajii	social
تعلیمی		taaliimii	educational
معاشی		ma'aašii	economic
نظریاتی		nazariyaatii	ideological
کمزوری		kamzoorii	weakness
مضامین	Mp	mazaamiin	essays; pl. of مضمون [mazmuun]
لکھوانا	N	likhwaanaa	to make X [-see] write on X1 [-par]
تجویز	F	tajwiiz	suggestion
پیش کرنا	N	peeš-karnaa	to present, put forward
خیال	M	xayaal	thought
پیدا ہونا		paidaa-hoonaa	to be born
پورا کرنا	N	puuraa-karnaa	to fulfil
آخر		aaxir	at last
علی گڑھ	M	aliigaRh	name of an Indian city; also علی گڑھ
خواب	M	xwaab	dream
محمڈن اینگلو اورینٹل کالج		muhammaDan ainglo oriyanTal kaalij	Eng., Muhammadan Anglo-Oriental College
بنیاد	F	bunyaad	foundation
بنیاد پڑنا	Ki F	bunyaad paRnaa	to be founded
مضمون	M	mazmuun	subject

عالم	M	aalim	scholar
مشرقی		mašriqii	Eastern
تہذیب	F	tahziib	culture
انتظام	M	intizaam	arrangement
انتظام کرنا	NM	intizaam karnaa	to arrange for X [-kaa]
تہذیبی		tahziibii	cultural
مرکز	M	markaz	centre
وفات	F	wafaat	death
وفات پانا	NF	wafaat paanaa	to die
دفن ہونا		dafn-hoonaa	to be buried

Notes: XVIII

1. His name was Saiyad Ahmad; [xaan] was a title given to him by the Mughal Court; later he was also knighted.

2. [raftaa] does not occur by itself in Urdu; it is always [raftaa-raftaa], "slowly, gradually".

3. [munsif] used to be the head of the judiciary in a subdivision of a district.

4. [nazar] is literally not "eye" but "glance" or "sight". From it a very common verb [nazar-aanaa] is made which means "to be seen"; it can also be used in indirect, [-koo] constructions, to mean "to see".

5. [jadiid], "modern"; [nayaa], "new".

6. Earlier [wilaayat] could have been used to refer to any foreign land, but now in Urdu it means only England.

7. The use of [tak] in this sentence is not exactly redundant. It serves to emphasize the fact that it was for one full year and not just a few months that Saiyad Ahmad Khan stayed in England.

8. [un-kaa yee xwaab puuraa-huaa], "this dream of his was fulfilled".

9. [-kee saath-saath] conveys a lesser physical intimacy than would [-kee saath].
[angreezii taaliim-kee saath-saath], "along with English education".

10. X [-kee naam-see mašhuur hai], "It is famous as X."

Exercises

A. Situational Variants.

۱۸۱۷ء میں سیّد احمد خاں دلّی میں ایک شریف خاندان میں پیدا ہوئے۔ بچپن میں وہ اپنی والدہ کے ساتھ اپنے نانا کے گھر میں رہتے تھے۔ لیکن ابھی پڑھائی ختم نہ ہو سکی تھی کہ انکے والد اس دنیا سے اٹھ گئے اور انھیں نوکری کی تلاش میں نکلنا پڑا۔ ۱۸۵۷ء میں غدر کے دنوں میں سیّد احمد خاں ایک چھوٹے سے ضلع میں جس کا نام بجنور تھا رہتے تھے۔ غدر کے بعد انھوں نے ایک کتاب لکھ کر یہ بتانے کی کوشش کی کہ کس طرح انگریزوں کے مظالم کی وجہ سے ہی یہ بغاوت ہوئی۔ غدر کے بعد شمالی ہند میں مسلمانوں کا برا حال تھا، سرکار اُنہیں مجرم خیال کرتی تھی اور ان پر کسی طرح کا اعتبار نہ کرتی تھی۔ سیّد احمد خاں نے مسلمانوں کی حالت بہتر بنانے کے لئے ہر قسم کی کوشش کی۔ ولایت میں انھوں نے وہاں کے طریقۂ تعلیم کو سمجھنے کی کوشش کی۔ سیّد احمد خاں کے دل میں ایک اسی طرح کا کالج اپنے ملک میں قائم کرنے کا شوق پیدا ہوا۔ یہ کالج انھوں نے ۱۸۷۷ء میں قائم کیا اور اس میں سب مضامین کے عالموں کو دور دور سے بلا کر ملازمت دی۔ انگریزی تعلیم کے علاوہ اس کالج میں مشرقی اور اسلامی تہذیب کی تعلیم کا بھی خاص خیال رکھا جاتا تھا۔ سیّد احمد خاں کی وفات ۱۸۹۸ء میں ہوئی اور وہ علیگڑھ یونیورسٹی کی مسجد کے آنگن میں دفن ہیں۔

B. **Translate into English.**

گجرات کے ایک تاجر خاندان میں گاندھی جی کی پیدائش ہوئی۔ ڈاکٹر صاحب کے خیال میں احمد ابھی گھر جانے کے قابل نہیں۔ ماں کے مرجانے کی وجہ سے اس لڑکی کا بچپن نانی کی نگرانی میں گزرا۔ آج اُنکی حالت اچھی نہیں بلکہ اور بھی خراب ہے۔ علی نے ابتدائی تعلیم دلّی میں حاصل کی۔ وہ لڑکی اسکول کی تعلیم پوری کرنے کے بعد خود بھی مطالعہ کرتی رہی۔ لیکن ابھی آم کے پیڑ سے پوری طرح اتر نہ پایا تھا کہ باغ کا مالک آگیا۔ شہر میں ملازمت کر لینے کے بعد اُنکو مکان تلاش کرنا پڑا۔ پچھلے سال گرمیوں کے زمانے میں ہم ایک چھوٹی سی ندی کے کنارے رہتے تھے۔ اس ملازم نے اس کام میں کسی طرح کا حصّہ نہ لیا بلکہ رفتہ رفتہ دوسروں کو بھی کام سے روک دیا۔ اسکول کے بعد جب ہم کھیل کے میدان میں پہنچے تو معلوم ہوا کہ ہمارا اسکول ہار چکا ہے۔ لڑکے نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ اس نے آم بازار سے خریدے ہیں اور باغ سے نہیں لئے۔ میں تم کو اس کام کے قابل سمجھتا ہوں۔ کئی ملکوں سے لڑائی کے بعد فوج کی حالت بہت خراب تھی اس لئے سکندر کی فوج نے آگے بڑھنے سے انکار کردیا۔ لیکن باغ والے کی نظر میں وہ لڑکا اب بھی مجرم تھا۔ گاندھی جی ساری زندگی ہندوؤں اور مسلمانوں کو ایک کرنے کی کوشش کرتے رہے۔ رعایا کی نظر میں بادشاہ اعتبار کے قابل نہ سمجھا جاتا تھا۔ اس شہر میں پانی کی کمی تھی خاص طور پر پینے کے پانی کی جس کی وجہ سے لوگوں کو بہت تکلیف تھی۔ میں نے اس شہر کے ایک بینک میں ملازمت پالی تھی مگر بینک کی عمارت مکان سے دور ہونے کی وجہ سے آنے جانے میں مشکل ہوتی تھی۔ میں ان سے

پوری طرح پوچھ بھی نہ پایا تھا کہ وہ اٹھ کر چلے گئے۔ انھوں نے بچّے کی حالت سدھارنے کے لئے ہر طرح کی کوشش کی۔ اس لڑکی نے گذشتہ سال یونان کا سفر کیا اور وہاں دو مہینے تک گھومتی رہی۔ گاندھی جی نے جلسہ میں قوم کی بری حالت کو سدھارنے کی ایک تجویز پیش کی۔ دوسرے ملکوں کی ترقی دیکھ کر اس شخص کے دل میں اپنے ملک کو بھی ویسی ہی ترقّی دینے کا خیال پیدا ہوا تھا۔ اس کام کو پورا کرنے کے لئے تمام لڑکے کوشش کرتے رہے۔ آخر میں اس کا مکان بنانے کا یہ خواب پورا ہوا اور اس نے اپنے مکان کی بنیاد ڈالی۔ بی امّاں سمجھتی تھیں کہ ہندوستان تب ہی آزاد ہوگا جب ہندوؤں اور مسلمانوں میں ایکا قائم ہو جائے اور کھدّر عام ہو جائے۔ ہمارے دوست نے ہمارے رہنے کے ساتھ ساتھ کھانے کا بھی خاص انتظام کیا تھا۔ رفتہ رفتہ کشتی نظر سے دور ہوتی گئی اور کچھ دیر بعد بالکل غائب ہو گئی۔ جب بی امّاں نے وفات پائی تو انکو کھدّر کا کفن دیا گیا۔ ولایت کے سفر سے واپسی پر انھوں نے وہاں کے کالجوں کے متعلّق ایک مضمون لکھا۔

C. Fill in the blanks.

ان کے والد میر تقی ـــــ مزاج کے ـــــ تھے۔ ابتدائی تعلیم اپنی ـــــ اور نانا سے ـــــ کی۔ ۱۸۳۷ء میں کمپنی کی ملازمت میں ـــــ ہوئے اور رفتہ ـــــ ترقّی کرکے منصف کے ـــــ تک ـــــ۔ انھوں نے اس ـــــ میں کسی ـــــ کا حصّہ نہ ـــــ بلکہ بہت سے ـــــ کی جان ـــــ۔ اس کتاب کا بھی ـــــ میں ـــــ ہوا۔ ان میں تعلیم ـــــ بھی کمی تھی، ـــــ طور ـــــ جدید تعلیم کی، جس ـــــ ان کے لئے

ملازمت پانا بھی مشکل — تھا۔ کتابیں —، رسالے —، مدرسے — کئے، انگریزی
کی کتابوں کا ترجمہ — اور دوسروں سے —۔ واپسی — انھوں — اپنا
مشہور رسالہ "—" جاری کیا، جس میں مسلمانوں کی —، سماجی، —،
اور نظریاتی کمزوریوں پر — لکھے اور —۔ اس خیال کو — کرنے کی بھی
— کرتے رہے۔ رفتہ — یہ کالج ہندوستان کے — کا خاص تعلیمی اور
— مرکز بن گیا۔

D. Translate into Urdu.

I. He took a job in a bank in the city. II. Gradually he became the owner of all those stores. III. During the period of his education he stayed in Delhi. IV. He wrote a book about the social and educational shortcomings in his society. V. His book was first published in English, later it was translated into Urdu. VI. That boy never took part in any games. VII. She was forced to give up her job. VIII. They continued to work together for a long time. IX. Have you made all the arrangements for your journey? X. After sometime he started his own paper "Comrade" which became very famous. XI. The servant tried to prove that he had not broken the chair. XII. In the eyes of the king his servants were criminals and could not be trusted. XIII. Ashok tried every means to better the conditions of his subjects. XIV. After seeing such beautiful houses, desire was born in my heart to build one like them. XV. Alexander's dream to conquer the whole world was not realized.

۱- تمہاری پیدائش کہاں ہوئی ؟

۲- تمہارا بچپن کس کی نگرانی میں ، اور کس کے گھر میں گذرا ؟

۳- سر سیّد احمد خان نے کہاں ملازمت پائی اور آخر کس عہدے پر پہنچے ؟

۴- کیا سیّد احمد خان نے بغاوت میں حصّہ لیا ؟ اگر نہیں تو پھر کیا کیا ؟

۵- غدر کے سر سیّد احمد خان نے اپنی کتاب میں کیا ثابت کرنے کی کوشش کی ؟

۶- غدر کے بعد شمالی ہند کے مسلمانوں کو سرکار کیسا سمجھتی تھی ؟

۷- سید احمد خاں نے قوم کو سدھارنے کیلئے کیا کیا ؟

۸- ولایت سے واپسی کے بعد سیّد احمد خان نے رسالہ کیوں جاری کیا ؟

۹- سیّد احمد خاں کا کالج اب کس نام سے مشہور ہے ؟

۱۰- "آثار الصّنادید" کس طرح کی کتاب ہے ؟

UNIT - XIX

سرسیّد احمد خاں

پروفیسر بارنی کوف نے جو لینن گراڈ کی یونیورسٹی میں اُردو کے پروفیسر ہیں، اُردو نثر کا ایک انتخاب چھاپا ہے جس میں اُردو کے مشہور ادیبوں کے مضامین یا اقتباسات ہیں۔

اُنکو سرسیّد کے کلام[1] میں اپنے مطلب کی[2] کوئی چیز نہ ملی اور ملا تو یہ لطیفہ[3] جو اُنہوں نے مولانا حالی[4] کی زندۂ جاوید کتاب حیاتِ جاوید[5] سے نقل کیا ہے۔ مولانا لکھتے ہیں کہ "ایک دفعہ وہ ریل میں سوار تھے۔ کسی اسٹیشن پر دو انگریز اُنکی گاڑی میں آبیٹھے[6]۔ ایک اُن میں سے پادری تھا۔ اُسکو کسی طرح معلوم ہوگیا کہ سرسیّد احمد خاں یہی شخص ہے۔ سرسیّد سے کہا "مدت سے آپکی ملاقات[7] کا اشتیاق تھا۔ میں آپ سے خدا کی باتیں[8] کرنا چاہتا تھا۔" سرسیّد نے کہا "میں نہیں سمجھا آپ کس کی باتیں کرنا چاہتے ہیں۔" اُس نے کہا "خدا کی" سرسیّد نے کمال[9] سنجیدگی سے کہا "میری تو کبھی اُن سے ملاقات نہیں ہوئی۔ اس لئے میں اُنکو نہیں جانتا" پادری نے متعجّب ہوکر کہا "ہیں[10] آپ خدا کو نہیں جانتے؟" انہوں نے کہا "مجھی[11] پر کیا موقوف ہے[12]۔ جس سے ملاقات نہ ہو اُس کو کوئی بھی نہیں جانتا۔" پھر کسی شخص کا نام لے کر پوچھا[13] "آپ اُس کو جانتے ہیں؟" پادری نے کہا "نہیں، میں اُس سے کبھی نہیں ملا۔" سرسیّد نے کہا "پھر جس سے میں کبھی نہ ملا ہوں، نہ میں نے کبھی اُس کو اپنے ہاں کھانے پر بلایا ہو، نہ مجھ کو اُس کے ہاں[14] کھانے پر جانے کا اتّفاق ہوا ہو، اُسکو میں کیوں کر جان سکتا ہوں۔" پادری یہ سُنکر خاموش ہورہا اور دوسرے انگریز سے انگریزی میں کہا کہ "یہ تو سخت[15] کافر ہے"

Vocabulary

پروفیسر	M	proofeesar	Eng., professor
بارنی کوف	Pn		Prof. Baranikov
لینن	M	leenin-graaD	Leningrad
نثر	F	nasr	prose
انتخاب	M	intixaab	selection
چھاپنا	N	chaapnaa	to publish
ادیب	M	adiib	writer
اقتباسات	Mp	iqtebaasaat	extracts; pl. of اقتباس [iqtebaas]
کلام	M	kalaam	sayings
مطلب کی		matlab-kii	suitable to X's [-kee] desire
لطیفہ	M	latiifaa	joke
زندۂ جاوید		zinda-e-jaaweed	immortal
حیات جاوید		hayaat-e-jaaweed	name of a book
نقل	F	naql	copy
نقل کرنا	N	naql-karnaa	to copy
سوار ہونا		sawaar-hoonaa	to ride on X [-par], in X [-mẽẽ]
اسٹیشن	M	isTeešan	Eng., station
گاڑی	F	gaaRii	compartment
پادری	M	paadrii	Christian priest
مدت سے		muddat-see	since a long time
ملاقات	F	mulaaqaat	meeting, acquaintance
اشتیاق	M	išteyaaq	strong desire
بات کرنا	NF	baat karnaa	to talk with X [-see] about X1 [-kii]
کمال سنجیدگی		kamaal-e-sanjiidgii	highest seriousness
ملاقات ہونا	Ki F	mulaaqaat hoonaa	to meet with X [-see]
متعجب ہونا		muta'ajjib-hoonaa	to be surprised
موقوف		mauquuf	restricted to X [-par]
ملنا		milnaa	to meet X [-see]
اپنے ہاں		apnee-hãã	at my place, same as اپنے یہاں [apnee-yahãã]

بلانا	N	bulaanaa	to invite X [-koo]
اتفاق	M	ittifaaq	opportunity, chance
اتفاق ہونا	KM	ittifaaq hoonaa	to have the opportunity to I [-kaa]
کیوں کر		kyõõ-kar	how
خاموش ہونا		xaamooš-hoonaa	to be silent
سخت		saxt	staunch
کافر	M	kaafir	infidel

Notes: XIX

1. [kalaam] usually means in Urdu, "corpus of poetry", but here it is being used in its more general sense, "sayings (and writings)".

2. [apnee matlab-kii], "of his particular interest".

3. [aur milaa too yee latiifaa ...], "and when he did find something it was this joke ..."

4. [maulaanaa haalii]: Khwaja Altaf Husain Hali (1837-1914) was a friend and colleague of such eminent persons as Ghalib, the poet, and Saiyad Ahmad Khan, the reformer. He was also a fine poet in his own right and a significant critic and biographer. Among his more important books are (1) a long poem, "Rise and Fall of Islam", (2) a book on poetics in which he put forward, for the first time in Urdu, precise principles of literary criticism, mostly governed by moral and ethical values, (3) a two-part biography of the poet, Ghalib, and (4) a biography of Saiyad Ahmad Khan, [hayaat-e-jaaweed], from which the following incident has been quoted.

5. [hayaat], "life"; [jaaweed], "eternal, immortal".

6. [un-kii gaaRii-mee aa-baiThee], "came and sat down in his compartment". These days, [gaaRii] is generally used for "train", while [Dabbaa] is used for "compartment".

7. [mulaaqaat] is being used here as a feminine noun meaning "the act of meeting; acquaintance".
[aap-kii mulaaqaat], "the act of meeting with you".
The more common uses of [mulaaqaat] are as follows.
[mulaaqaat hoonaa]: KiF: with auxiliaries, "to know X [-see]"; with other forms of [hoonaa], "to meet X [-see]".
[mulaaqaat karnaa]: NF: "to meet with X [-see]".

8. [xudaa-kii baatẽẽ], "conversation (matters) concerning God".

9. [kamaal] is a masculine noun, "proficiency, skill". Here it is being used as an explicator, and can be replaced by either [bahot] or [baRii].

10. [hẽẽ] is same as [aree!], an exclamation of surprise.

11. [mujhii] = [mujh hii]

12. [mujhii-par kyaa mauquuf hai ...], "It is not at all restricted to me..."
[kyaa] is not occurring as a pure interrogative, but implies in itself an answer in complete negation. The intonation on this phrase, as on other similar phrases, would be 212 at the very beginning, followed by 1 all the way, with no recognizable fall at the end.
X [-par mauquuf hoonaa], "to be restricted to X; to be contingent upon X".

13. X [-kaa naam leenaa], "to mention or utter X's name".

14. X [-kee hãã] or X [-kee yahãã], "at X's place". Idiomatic.

15. [saxt] is used here as an explicator, in which function it expresses the intensity of some abstract quality. In a similar manner it can also be used as a modifier before nouns referring to emotion, feelings, or something equally non-concrete.

mujhee saxt Gussaa aayaa	I became very angry.
aaj saxt sardii hai	It's very cold today.
woo too saxt buraa niklaa	He turned out to be awfully bad.

Exercises

A. Situational Variants.

پروفیسر بارنی کوف لینن گراڈ یونیورسٹی میں اردو پڑھاتے ہیں۔ انھوں نے اُردو نثر کا ایک انتخاب تیار کیا ہے جو روس میں چھپا ہے۔ اس انتخاب میں مختلف ادیبوں کے مضامین سے اقتباسات لئے گئے ہیں۔ مولانا حالی نے لکھا ہے کہ " ایک بار سیّد احمد خاں ریل میں جا رہے تھے۔ کسی اسٹیشن پر دو انگریز پادری ان کے پاس آکر بیٹھ گئے۔ ان میں سے ایک انگریز کسی طرح جان گیا کہ سرسیّد احمد خاں یہی ہیں۔ اس نے سرسیّد سے کہا، " بہت دنوں سے آپ سے ملنے کا شوق تھا۔ میری خواہش تھی آپ سے خدا کے متعلّق باتیں کروں۔" سرسیّد نے جواب دیا، " میں نہیں سمجھ پایا آپ کس کے متعلّق باتیں کرنا چاہتے ہیں۔" سرسیّد کافی سنجیدہ ہو کر کہنے لگے " میں تو کبھی ان سے ملا نہیں ہوں۔" پادری تعجّب سے بولا، " ارے، آپ خدا کو نہیں جانتے۔" سرسیّد نے کہا، " پھر جن سے میری کبھی ملاقات نہ ہوئی ہو، نہ میں نے انکو کسی وقت اپنے گھر کھانا کھانے کے لئے بلایا ہو، نہ مجھے کبھی اُن کے گھر کھانے پر جانے کا موقعہ ہوا ہو، انھیں میں کیسے جان سکتا ہوں۔"

1.	روس	ruus	Russia
2.	چھپنا	chapnaa	to be printed
3.	تعجّب	taajjub	amazement

B. Translate into English.

وہ صاحب جو آپ کے ساتھ رہتے تھے آج کل کہاں ہیں ؟ کل تم جن سے بات کر رہے تھے میری آج ان سے ملاقات ہوئی ۔ کام کے باوجود ماں بیمار بچّہ کے پاس آ بیٹھی ۔ جس چیز کی مجھے تلاش تھی وہ اس دکان میں نہ مل پائی ۔ آج احمد صاحب نے کہا کہ میں کل آپ کے گھر آؤں گا ۔ آج احمد صاحب نے کہا کہ وہ کل میرے گھر آئیں گے ۔ آج احمد صاحب نے کہا کہ آج وہ ضرور وہاں جائیں گے ۔ جہاں آپ رہتے ہیں وہاں قریب میں کوئی دکان نہیں ہے ۔ یہ لطیفہ جو انہوں نے لکھا ہے میں ایک رسالے میں پڑھ چکا ہوں ۔ جب اس کو یہ معلوم ہو گیا کہ لوگ ندی پر جمع ہو گئے ہیں تو وہ بھی وہاں چلی گئی ۔ جو کتابیں آپ تلاش کر رہے تھے ان میں سے صرف ایک ہی اس دکان میں ملی ۔ میں نے احمد کو بتایا کہ اسے کالج ضرور جانا چاہیئے ورنہ وہ کامیاب نہ ہوگا ۔ انھوں نے بتایا کہ وہ کل آپ سے ملنے آئے تھے ، چونکہ آپ موجود نہ تھے اس لئے واپس چلے گئے ۔ جب آپ کبھی وہاں گئے نہیں تو پھر اسکے متعلق ایسا کیوں کہتے ہیں ۔ میرا دوست میرا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر بولا "مدّت سے تم سے ملنے کا اشتیاق تھا ۔" میں ہندوستان جانا چاہتا ہوں مگر بہت دور کا سفر ہے ۔ آپ سے ملے ہوئے کئی دن ہو گئے اس لئے آپ سے بہت سی باتیں کرنا چاہتی ہوں ۔ استاد نے لڑکے سے کہا ، "یہ کتابیں اٹھا کر کمرے میں لے جاؤ ۔" جو شخص آپ سے باتیں کرنا چاہتا تھا اب آپ کے گھر پر آیا ہے ۔ انھوں نے کہا ہے کہ اگر آپ اسی وقت آسکیں تو ضرور آئیں ۔ میں آج زیادہ سے زیادہ کام کرنا چاہتا ہوں مگر میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے ۔ بچوں نے جواب دیا کہ وہ خدا کو نہیں جانتے ۔

استاد نے ایک کتاب کا نام لے کر طالب علموں سے پوچھا، "کیا تم میں سے کسی نے یہ کتاب پڑھی ہے؟" میرے دوست نے کہا کہ وہ میرے والد سے کبھی نہیں ملا۔ میں نے اپنے چند دوستوں کو آج شام کو کھانے پر بلایا ہے۔ مجھے نیو یارک جانے کا کبھی اتّفاق نہیں ہوا، مگر سنا ہے کہ دلچسپ شہر ہے۔ شکیل سے کہئیے کہ احمد نے تم کو بلایا ہے۔ تب میں نے احمد کا نام لے کر اس سے پوچھا، کیا تم اس کو جانتے ہو۔ پروفیسر طالب علم کا جواب سن کر خاموش ہو رہا اور کمرے میں آنے کی اجازت دے دی۔ اگر پھر کبھی وہاں جانے کا اتفاق ہو تو شکیل صاحب سے ضرور ملئے گا۔

C. **Fill in the blanks.**

پروفیسر بارنی کوف نے — لینن گراڈ کی — میں اردو کے پروفیسر ہیں، اُردو — کا ایک — چھاپا ہے جس میں اردو کے مشہور ادیبوں کے — یا اقتباسات ہیں۔ کسی — پر دو — انکی گاڑی میں —۔ سر سیّد سے کہا "— سے آپکی ملاقات کا — تھا۔ میں آپ سے — کی باتیں کرنا — تھا۔" سر سیّد نے کہا "میں نہیں — آپ — کی باتیں کرنا چاہتے ہیں۔" پادری نے — ہو کر — "ہیں، آپ خدا کو نہیں —؟" پھر کسی شخص کا — لے کر — "آپ اسکو — ہیں؟" پادری نے کہا "نہیں، میں اُس — کبھی نہیں —۔" سر سیّد نے کہا "پھر — سے میں کبھی نہ — ہوں، نہ میں نے کبھی اُس — اپنے ہاں کھانے پر بلایا —، نہ مجھ — اسکے — کھانے پر — کا اتّفاق ہوا ہو، اسکو میں کیوں کر جان — ہوں۔" پادری یہ — خاموش ہو رہا اور دوسرے انگریز سے — میں

کہا کہ "یہ تو سخت ـــ ہے۔"

D. Translate into Urdu.

I. Prof. Zide is the professor of Urdu and Hindi in the University of Chicago. II. I didn't find anything of my purpose purpose in this book. III. Once I saw my friend riding a mule. IV. Our train did not stop at any station. V. One day my friend came and sat beside me. VI. One of the boys had fallen from the tree. VII. One of the boys playing in the fields is my son. VIII. He somehow came to know that I am going to London. IX. The mother said that she had not seen her daughter at all. . X. The professor told the student that he wanted to talk to him about his studies. XI. My friend did not understand about whom I was talking. XII. With perfect seriousness my friend said that he wanted to stand on his head. XIII. Then he took the name of a city and asked me if I had seen it. XIV. I replied: "No I have never been there". XV. By chance I met my friend in front of the library. XVI. When I told him my name he was quite amazed. XVII. How can I tell you about a book that I have not read myself.

E. Answer the following in Urdu.

۱- پروفیسر بادنی کوف کہاں پروفیسر ہیں، اور انہوں نے کیا چھاپا ہے؟

۲- کیا تم کبھی لینن گراڈ گئے ہو؟ ایک شہر کا نام بتاؤ جہاں تم گئے تھے۔

۳- "حیات جاوید" کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

۴- گاڑی میں سر سیّد کے پاس کون بیٹھے؟

۵- پادری کو سر سیّد سے ملنے کا کیوں اشتیاق تھا ؟

۶- سر سیّد نے کمال سنجیدگی سے کیا جواب دیا ؟ اور اس کا
پادری پر کیا اثر ہوا ؟

۷- کیا تم خدا کو جانتے ہو یا کبھی اس سے ملے ہو ؟

۸- کیا تم رابرٹ نامی شخص کو جانتے ہو ؟

۹- کیا تمہیں کبھی کسی پادری سے ملاقات کا اتّفاق ہوا ہے ؟

۱۰- پادری نے دوسرے انگریز سے انگریزی میں کیا کہا اور کیوں کہا ؟

۱- میرے بھائی کی پیدائش لکھنؤ میں ہوئی تھی مگر بچپن دہلی میں گزرا۔

۲- میں کہانی کہتا رہا اور وہ شوق سے سنتے رہے۔

۳- ابھی کام ختم نہ ہو پایا تھا کہ وہ کالج چلے گئے۔

۴- ابھی میٹھی چیز نہ آ پائی تھی کہ وہ دسترخوان سے اٹھ گئے۔

۵- ابھی میں اسٹیشن نہ پہنچ پایا تھا کہ ریل آ گئی۔

۶- بادشاہ نے جو حکم دیا وہ ملازم کو ماننا پڑا۔

۷- میں جب امتحان میں کامیاب نہ ہو سکا تو کالج میں پھر داخل ہونا پڑا۔

۸- جاوید کو یونیورسٹی کی تعلیم چھوڑ دینی پڑی۔

۹- اپنے والد کے حکم کے مطابق انہیں بینک میں ملازمت کرنی پڑی۔

۱۰- میرے والد بوڑھے ہیں اس لئے آہستہ آہستہ چلتے ہیں۔

۱۱- اچھے اچھے آدمی رفتہ رفتہ دنیا سے اٹھتے جا رہے ہیں۔

۱۲- میرے دوست آپ کے متعلق بہت کچھ جاننا چاہتے ہیں۔

۱۳- میرا بھائی ایک ہی دن کام کر پایا تھا کہ اسکو بینک کی ملازمت چھوڑنا پڑی۔

۱۴- یہ سب لوگوں کو معلوم ہے کہ ہندوستان دو حصّوں میں تقسیم ہو چکا ہے۔

۱۵- سرسید کی تمام کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔

۱۶- سنہ ۱۸۵۷ء میں انگریز ہندوستان کے اکثر حصّوں پر قبضہ کر چکے تھے۔

۱۷- میں جب انکے پاس پہنچا تو وہ کھانا ختم کرچکے تھے ۔

۱۸- میں نے بغاوت کے متعلق کسی طرح کا بھی مضمون نہیں لکھا ہے ۔

۱۹ - انگریزوں نے بہت کوشش کی کے بغاوت جلد ختم ہو جائے لیکن
انہیں کامیابی نہ ہوئی ۔

۲۰ - سر سید نے مسلمانوں کو سمجھانے کی کوشش کی کہ انکی ترقّی کا راز
دراصل علمی ترقّی میں ہے ۔

۲۱ - کوشش کرنا انسان کا کام ہے کامیابی خدا کے ہاتھ میں ہے ۔

۲۲ - مسلمانوں کی نظر میں محمّد علی ہندوستان کے بڑے لوگوں میں سے تھے ۔

۲۳ - دنیا کی نظر میں سکندر بہت بڑا بادشاہ سمجھا جاتا ہے ۔

۲۴- علی گڑھ یونیورسٹی میں اسلامی تعلیم کا خاص انتظام کیا جاتا ہے ۔

۲۵ - جو لوگ اعتبار کے قابل ہوتے ہیں ان پر اعتبار کیا ہی جاتا ہے ۔

۲۶ - ہندوستان میں مولانا شبلی کا نام عزت سے لیا جاتا ہے

۲۷ - یہ سائیکل اتنی خراب ہو گئی ہے کہ اب چلنے کے قابل نہیں رہی ۔

۲۸ - انگریز مسلمانوں کو اعتبار کے قابل نہیں سمجھتے تھے ۔

۲۹ - جو استاد قابل ہوتا ہے وہ طالب علم کی کمی کو پورا کر دیتا ہے ۔

۳۰ - اب مسلمانوں میں جدید تعلیم کی اتنی کمی نہیں ہے جتنی پہلے تھی ۔

۳۱ - طالب علم اپنے علم کی کمی کو اچھی اچھی کتابوں کے مطالعہ سے پورا کرتا ہے ۔

۳۲ - میرے کہنے پر انہوں نے عورتوں کی تعلیم پر مضمون لکھا ۔

۳۳ - سر سید کے علاوہ اور بھی لوگوں نے مسلمانوں کی تعلیم کے لئے مشرقی مدرسے قائم کئے ۔

۳۴ - انگریزوں نے ۱۸۵۷ء میں ہندوستان میں پوری طرح اپنی سلطنت قائم کرلی ۔

۳۵ - جاوید کے کالج پہنچنے پر اصل جلسہ شروع ہوا ۔

۳۶ - ہندوستان سے مہاتما گاندھی کی زندگی پر بہت سی کتابیں شائع ہو چکی ہیں ۔

۳۷ - سر سید نے اپنی قوم کی خراب حالت دیکھ کر اسکو سدھارنے کی کوشش کی ۔

۳۸ - اکثر لوگ کھانا کھا کر پانی پیتے ہیں ۔

۳۹ - بچّے اپنے بڑوں کو دیکھ کر انکی نقل کرتے ہیں ۔

۴۰ - کسی جاندار کو تکلیف پہنچا کر خوش ہونا بہت بری بات ہے ۔

۴۱ - کسی انسان پر زور ڈالکر اپنا مطلب پورا نہیں کرنا چاہیے ۔

۴۲ - حکومت ہمیشہ اپنے مطلب کے لوگوں کو ترقی دیتی ہے ۔

۴۳ - محمّد علی کے مضامین انگریزوں کے مطلب کے نہیں تھے ۔

۴۴ - ان مکانوں میں سے ایک کا کرایہ بہت زیادہ ہے ۔

۴۵ - میں نے ان لطیفوں میں سے ایک لطیفہ حالی کی کتاب سے نقل کیا ہے ۔

۴۶ - مدت سے میں ان مضامین میں سے ایک کو نقل کرنا چاہتا تھا ۔

۴۷ - وہ مدت سے سکندر کے متعلق پڑھنا چاہتا تھا -

۴۸ - مجھے مدت سے آپکے یہاں آکر رہنے کا اتفاق نہیں ہوا -

۴۹ - کیا تم کو حالی کی کتاب دیکھنے کا اب تک اتفاق نہیں ہوا ؟

۵۰ - نہ میں باغ میں گیا ہوں نہ میں نے آم کھایا ہے -

۵۱ - پھر نہ ان سے میری ملاقات ہوئی اور نہ انہوں نے پھر مجھے بلایا -

۵۲ - پہلی ملاقات کے بعد پھر انکو میں نے کبھی نہیں دیکھا -

غالب[1]

پوچھتے ہیں وہ کہ غالب کون ہے ؎ کوئی بتلاؤ کہ ہم بتلائیں کیا

اُردو کا یہ سب سے مشہور اور مقبول شاعر ۱۷۹۷ء میں آگرہ کے ایک مغل خاندان میں پیدا ہوا۔ بچپن میں والد کا انتقال ہو گیا، جو راجہ الور کی فوج میں ملازم تھے۔ کچھ دن چچا کے ساتھ رہے پھر جب اُنکا بھی انتقال ہو گیا تو دلّی آگئے اور یہیں کے ایک اعلیٰ خاندان میں اُنکی شادی ہوئی۔

غالب کی ساری زندگی پریشانی میں گزری۔ آمدنی کا کوئی خاص ذریعہ نہ تھا۔ چچا کی پنشن تھی وہ بند ہو گئی۔ پھر بادشاہ کے دربار سے اور اودھ کے نواب سے کچھ ملتا رہا۔ مگر غدر نے اُسکو بھی ختم کر دیا۔ البتّہ ریاست رامپور سے اُنکو جو سالانہ[2] روپیہ ملتا تھا وہ ملتا رہا۔ پنشن کے مقدّمے کے سلسلے میں غالب نے ایک بار کلکتّہ کا سفر کیا تھا ورنہ وہ ساری زندگی دلّی ہی میں رہے اور یہیں[3] ۱۸۶۹ء میں وفات پائی۔

ابتدا میں[4] غالب بہت مشکل انداز کی شاعری کرتے تھے جسکی وجہ سے لوگ مذاقاً کہتے تھے کہ غالب کی شاعری یا تو خود غالب سمجھتے ہیں یا پھر خدا سمجھتا ہے[5]۔ اُنکے دوستوں نے بھی اُنکو سمجھایا کہ اس طرح کی شاعری سے آخر کیا فائدہ[6]! اِن باتوں پر غور کر کے جب غالب نے اپنا دیوان شائع کیا تو اُسمیں سے مشکل انداز کے تمام اشعار نکال دیئے۔ اُنکی غزلوں کا دیوان زیادہ بڑا نہیں لیکن ہر غزل[7] اپنی جگہ خاص ہے۔ اُنکے بہت سے اشعار تو ہر اُردو بولنے والے کو یاد ہیں اور یہی نہیں[8] بلکہ جو لوگ اُردو نہیں بولتے وہ بھی

غالب کی شاعری سے واقف ہیں۔ غالب نے اُردو کے علاوہ فارسی میں بھی شاعری کی۔ اِسکے علاوہ چند کتابیں تاریخ اور ادب پر بھی لکھیں۔

اُردو میں غالب کے خطوط بھی بہت مشہور ہیں۔ اُنہوں نے عام رواج سے ہٹ کر خط لکھنے کا ایک نیا انداز نکالا[9] جسمیں بات چیت کی زبان اور محاورے استعمال کئے۔ بعض بعض خطوں میں تو ایسا لگتا ہے کہ[10] سامنے بیٹھ کر باتیں کر رہے ہیں۔ اُنکے یہ خطوط شائع ہو چکے ہیں۔

غالب کے بہت سے شاگرد[11] تھے۔ اُن میں سب سے مشہور خواجہ الطاف حسین حالی تھے جنہوں نے غالب پر ایک مکمّل کتاب لکھی اور اُنکی زندگی کے حالات اور اُنکی شاعری کی خصوصیات ہمیں بتائیں۔ اِس کتاب کا نام "یادگار غالب" ہے۔

غالب کے چند آسان اشعار

اُن کے دیکھے سے[12] جو آجاتی ہے منھ پر رونق
وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچّھا ہے

نہ تھا کچھ تو خدا تھا، کچھ نہ ہوتا تو خدا ہوتا
ڈبویا[13] مجھکو ہونے نے، نہ ہوتا میں تو کیا ہوتا؛

نیند اُسکی ہے، دماغ اُس کا ہے[14]، راتیں اُسکی ہیں
تیری زلفیں جسکے بازو پر پریشاں ہو گئیں؛

موت کا ایک دن معیّن ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی
کچھ ہماری خبر[15] نہیں آتی؛؛؛

Vocabulary

بتلانا	N	batlaanaa	to tell
مقبول		maqbuul	popular
شاعر	M	šaaer	poet
آگرہ	M	aagraa	Agra
مغل		muGal	Mogul
پیدا ہونا		paidaa-hoonaa	to be born
الور	M	alwar	name of an Indian city
ملازم	M	mulaazim	employee
اعلیٰ		aalaa	noble; lit., the highest
شادی ہونا	Ki F	šaadii-hoonaa	to be married
پریشانی	F	pareešaanii, pariišaanii	worry
آمدنی	F	aamdanii	income
ذریعہ	M	zaryaa, zarii'aa	means
پنشن	F	penšan	Eng., pension
بند ہونا		band-hoonaa	to be stopped
دربار	M	darbaar	royal court
اودھ	M	awadh	oudh; name of the Muslim kingdom of Lucknow
نواب	M	nawwaab, nawaab	Nawab; Nabob
ختم کرنا	N	xatm-karnaa	to finish
البتہ		albattaa	however
ریاست	F	riyaasat	state
رامپور	M	raampuur	Rampur, a princely state in British India
سالانہ		saalaanaa	annually
مقدمہ	M	muqaddamaa	lawsuit
سلسلے میں		silsilee-mẽẽ	in connection with X [-kee]
کلکتہ	M	kalkattaa	Calcutta
ابتدا	F	ibtidaa	the beginning
انداز	M	andaaz	style
شاعری	F	šaaerii	poetry
شاعری کرنا	NF	šaaerii karnaa	to write poetry

مذاقاً		mazaaqan	in jest
سمجھانا	N	samjhaanaa	to make X [-koo] understand; to convince X [-koo]
فائدہ	M	faaedaa	use, benefit
غور کرنا	NM	Gaur karnaa	to think over X [-par]
دیوان	M	diiwaan	collection of poetry
شائع کرنا	N	šaa'e-karnaa	to publish
اشعار	Mp	aš'aar	couplets; pl. of شعر [šer]
نکال دینا	N	nikaal-deenaa	to remove
بولنا		boolnaa	to speak
یاد ہونا	K	yaad-hoonaa	to remember
واقف ہونا		waaqif-hoonaa	to be acquainted with X [-see]
فارسی	F	faarsii	the Persian language
تاریخ	F	taariix	history
ادب	M	adab	literature
خطوط	Mp	xutuut	letters; pl. of خط [xat]
رواج	M	rawaaj	tradition
ہٹنا		haTnaa	to move away (Intr.)
بات چیت	F	baat-ciit	conversation
زبان	F	zabaan, zubaan	language
محاورہ	M	muhaawraa	idiom
استعمال کرنا	N	istemaal-karnaa	to use
بعض		baaz	some, a few
شاگرد	M	šaagird	disciple
خواجہ		xwaajaa	a Muslim family name
مکمل		mukammal	complete
حالات	Mp	haalaat	events; related to حال [haal]
خصوصیات	Fp	xusuusiyaat	characteristics; pl. of خصوصیت [xusuusiyat]
یادگار غالب		yaadgaar-e-Gaalib	name of a book
آسان		aasaan	simple
منھ	M	mũh, mũũh	face, mouth
رونق	F	raunaq	glow
بیمار		biimaar	ill; patient
ڈبونا	N	Duboonaa	to ruin X [-koo]; lit., to sink (Tr.)

ہونا		hoonaa	to exist
نیند	F	niind	sleep
دماغ	M	dimaaG	peace of mind, lit., mind
زلف	F	zulf	tresses
بازو	M	baazuu	arm
پریشان ہونا		pariisãã-hoonaa	to become scattered
موت	F	maut	death
معیّن		mu'ayyan	fixed
نیند آنا	KF	niind aanaa	to sleep
خبر	F	xabar	news

Notes: XX

1. [Gaalib] was the [taxallus] or nom de plume of Mirza Asadullah Khan, [mirzaa asadu-l-allah xãã]. It is customary among Urdu poets to chose either a part of their name or some other name for their [taxallus]. This [taxallus] is mentioned by the poet in the last couplet of his [Gazal]. The little mark over the word indicates that it is a [taxallus].

2. [saalaanaa], "yearly"; other similar words: [roozaanaa], "daily"; [maahaanaa], "monthly".

3. [yahĩĩ] = [yahãã] + [hii].

4. [ibtidaa-mẽẽ], "at first; in the beginning".

5. [yaa] is used for both "either" and "or". The particles give the necessary emphases which would be expressed in English by more than normal stress on particular words.
[yaa too Gaalib samajhtee hãĩ, yaa phir xudaa samajhtaa hai], "Either Ghalib understands it (his poetry) or else perhaps God."

6. [aaxir kyaa faaedaa], "after all, what is the gain ..."

7. [Gazal], a type of lyric poetry, employing various metres, but always with the rhyme scheme, aa ba ca da ea fa, and so on. Each couplet of a [Gazal] is considered a self-contained entity, and there need not be any dramatic development or progression in the poem or for that matter any thematic integration between the couplets. The number of couplets is not fixed, but usually there are not less than five couplets; mostly there are seven. The first couplet, in which both the lines rhyme, is called [matla']. The last couplet is called [maqta'], and usually

contains the poet's [taxallus]. It is the most popular genre in Urdu poetry, and the discrete nature of each couplet makes their memorization easy. Among educated people it is quite common to quote couplets as aphorisms in their conversation. The plural of [Gazal] is [Gazaliyaat]; and a collection of [Gazaliyaat] is called a [diiwaan].

8. [aur yahii nahĩĩ], "and not only that..."

9. [xat likhnee-kaa eek nayaa andaaz nikaalaa], "brought out or invented a new style in letter writing".

10. [aisaa lagtaa hai ki], "It seems as if ..."
[lagnaa] can mean "to seem or appear" when occurring conjointly with some adjective. If beside the grammatical subject of the verb [lagnaa] there is also in the sentence some other noun followed by [-koo], an indirect construction or merely an extension of the original meaning "to seem to X [-koo] to be in the state described by the adjective". Consider the following examples.

woo keelee too xaraab-lagtee hãĩ	Those bananas seem to be bad.
mujhee keelee xaraab-lagtee hãĩ	I don't like bananas.
mujhee too woo keelee xaraab-lagtee hãĩ	To me those bananas seem to be pretty bad.
aap-koo kyaa ciiz acchii-lagtii hai	What things do you like?

It is also possible that instead of an adjective a noun or noun phrase can occur as the predicative complement going with [lagnaa].

woo too kuch aadmii lagtee hãĩ	That there seems to be a bunch of men.
mujhee too woo bhalaa aadmii nahĩĩ lagtaa	I don't find him a kind person.

11. It was and still is, especially among [Gazal] writers,

customary for younger poets to chose an older poet as their teacher or [ustaad]. It was his job to instruct them, his [šaagird], in the technical problems of poetry by correcting their compositions and by providing examples from the poetry of others. This was at one time considered a very binding relationship, and often treated with the same feeling of pride as one's ancestry.

12. [un-kee deekhee-see] = [un-koo deekhnee-see]
When a third person pronominal form is used in a [Gazal] with no precedent or antecedent for it in the couplet itself, it refers to the beloved of the poet. Both [us] and [un] are equally suitable for referring to the beloved.

13. [Duboonaa] here means "to bring to ruin".

14. [dimaaG] literally means "brain", but here it has a different meaning. [dimaaG us-kaa hai], "He has the right to be proud and vain."

15. X [-koo] X1 [-kii xabar aanaa] or [hoonaa]: "for X to have some awareness of the existence of X1".

Exercises

A. Situational Variants.

سنہ ۱۷۹۶ء میں آگرہ میں رہنے والے ایک مغل خاندان میں اردو کے اس مشہور اور مقبول شاعر کی پیدائش ہوئی۔ غالبؔ زندگی بھر پریشان رہے۔ پنشن کے سلسلے میں ایک مرتبہ کلکتے جانا پڑا تھا ورنہ غالبؔ کی ساری زندگی دلّی ہی میں گزری اور وہیں سنہ ۱۸۶۹ء میں وفات ہوئی۔ شروع میں غالبؔ کو ایک خاص مشکل انداز کی شاعری پسند تھی جس کے سبب لوگ مذاق کے طور پر کہتے تھے کہ اُنکی شاعری یا تو خود غالبؔ کی سمجھ میں آتی ہے یا پھر خدا سمجھتا ہے۔ اُنکے دوست بھی اُنکی اس طرح کی مشکل شاعری کے خلاف تھے اور انھوں نے غالبؔ کو سمجھانے کی کوشش کی کہ اس قسم کی شاعری سے کچھ فائدہ نہیں۔ ان کے کئی اشعار تو ہر اردو بولنے والے کی زبان پر ہیں اور اتنا ہی نہیں بلکہ جن لوگوں کی زبان اردو نہیں وہ بھی غالبؔ کی شاعری کے بارے میں کچھ نہ کچھ جانتے ہیں۔ غالبؔ نے اردو کے ساتھ ساتھ فارسی میں بھی شاعری کی۔ اردو میں غالبؔ کے خطوط ایک خاص انداز کے ہیں۔ ان کے یہ خطوط چھپ چکے ہیں۔ غالبؔ کے ایک دوست اور شاگرد خواجہ الطاف حسین حالیؔ تھے جنہوں نے غالبؔ پر ایک کتاب لکھی۔ اس میں غالبؔ کی زندگی کے تمام حالات اور اُنکی شاعری کی خصوصیات لکھی گئی ہیں۔ سنا ہے اس کتاب کا انگریزی میں ترجمہ ہو رہا ہے۔

B. Translate into English.

اس شہر کا سب سے مشہور شخص اسی گھر میں رہتا ہے۔ میرے دوست نے دکان میں سب سے مہنگا کرتا خریدا مگر دیکھنے میں کوئی خاص چیز نہیں۔ احمد ہمارے دوستوں میں سب سے اچھا لڑکا ہے اور میں اکثر وقت اسی کے ساتھ گزارتا ہوں۔ وقت گزرے تو انسان اکثر اپنے دکھ بھول جاتا ہے۔ جب رات گزری تو پانی رک گیا اور آسمان صاف ہو گیا۔ مجھے اس شہر میں آئے ہوئے صرف دو دن گزرے ہیں، اس لئے میں ابھی تک راستوں سے واقف نہیں ہوں۔ ڈاکٹر احمد کے علاج سے مجھے بہت فائدہ ہوا۔ دریا کے کنارے باغ میں لوگوں کا آنا جانا خاص و عام ہے ورنہ اکثر جگہوں پر اندر جانے کے لئے پیسے دینے پڑتے ہیں۔ استاد نے جو کام دیا تھا میں نے ختم کر دیا اور پھر کھیلنے چلا گیا۔ احمد کھانا ختم کر کے پڑھنے کے لئے بیٹھ گیا۔ ابتدا میں تو ہر نئی زبان کا سیکھنا مشکل نظر آتا ہے۔ ملازمت کے سلسلے میں مجھے ایک دفعہ آگرہ بھی جانا پڑا۔ شروع میں اکثر بچے حساب پسند نہیں کرتے مگر بعد میں انھیں پتہ چلتا ہے کہ آخر اس سے کیا فائدہ ہے۔ پہلے تو میں نے بازار جا کر گوشت اور ترکاری خریدی اور پھر واپسی پر ایک کتاب فروش سے کچھ کتابیں خریدیں تو پتہ چلا کہ میں نے سارے پیسے ختم کر دیئے۔ استاد نے علی سے پوچھا "پڑھائی ختم نہ کروگے تو تم آخر کروگے کیا؟" اس لڑکی کو اپنے بچپن کے سارے حالات یاد ہیں۔ مجھے ابھی تک غالب کا کوئی شعر یاد نہ ہو پایا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ مجھے یہ اشعار یاد نہ ہوں گے۔ یہی نہیں بلکہ انگریزی کا کوئی شعر بھی

مجھے یاد نہیں ہو پاتا - تم آخر وہاں کتنے دن رہ سکتے ہو - احمد یہ سائیکل کئی مہینوں سے استعمال کر رہا ہے مگر پھر بھی نئی لگتی ہے - ایسا لگتا ہے کہ انکو یہ بات بری لگی ہے کہ ہم اتنی جلدی انکے گھر سے جا رہے ہیں - مجھے یہ موٹر پرانی لگتی ہے ورنہ قیمت بری نہیں - انکی یہ کتاب میں خود واپس کر چکا ہوتا مگر انکے گھر کی طرف جانے کا موقعہ نہیں ملا - جب میں کھیل کے میدان میں پہنچا تو کھیل شروع ہو چکا تھا - جس جگہ کے بارے میں آپ کہہ رہے ہیں میں وہاں جا چکا ہوں - جو میں چاہتا تھا وہ تو نہ ہوا البتہ ان سے ملاقات ہو گئی - ہم سب دوستوں نے شہر سے باہر نکل کر کھیتوں اور باغوں میں کچھ وقت گزارا - ہندوستان میں عام رواج کے مطابق لڑکیاں شادی کرتی نہیں انکی شادی ہوتی ہے - البتہ اگر آپ آج اور رکتے تو مجھے بہت خوشی ہوتی -

C. Fill in the blanks.

بچپن ــــ والد کا ــــ ہو گیا، جو راجہ الور کی فوج میں ــــ تھے - آمدنی کا کوئی ــــ ذریعہ نہ تھا - پھر ــــ کے دربار سے اور اودھ کے نواب ــــ کچھ ــــ رہا - ان باتوں ــــ غور کر کے جب غالب نے اپنا ــــ شائع ــــ تو اس میں سے ــــ انداز کے تمام ــــ نکال دئیے - انکی ــــ کا دیوان ــــ بڑا نہیں لیکن ہر غزل اپنی جگہ ــــ ہے - غالب نے اردو ــــ علاوہ ــــ میں بھی ــــ کی - اس کے علاوہ چند کتابیں تاریخ اور ــــ پر بھی ــــ - انھوں نے ــــ رواج ــــ ہٹ کر خط لکھنے کا ایک نیا ــــ نکالا جس میں بات چیت

کی ـــ اور محاورے استعمال ـــ ۔ بعض بعض خطوں میں تو ایسا ـــ ہے
کہ بیٹھ کر ـــ کر رہے ہیں ۔ ان میں ـــ سب ـــ مشہور خواجہ الطاف حسین حالی
تھے ـــ نے غالب پر ایک ـــ کتاب لکھی ۔

D. Translate into Urdu.

I. He has the most expensive car of all. II. Ahmad is the most famous and popular boy in the school. III. For a few days my uncle stayed in the best part of this town. IV. His entire life has been spent in hospitals. V. I cannot understand him because his manner of speaking is very different. VI. In the beginning the servant was good, but now he does not work that hard. VII. Two boys were fighting. VIII. Their teacher separated them and said, "Just why do you fight?" IX. I remember most of the things that happened in my childhood. X. Not only that, he has broken a chair, too. XI. In India it is a common custom for women to wear saris. XII. My brother was using my father's new pen. XIII. It seems as if he isn't well. XIV. The professor had published last month his new book. XV. Do you find his new book interesting? XVI. Where did you spend the first eight years of your life? XVII. Do you know any Persian verses? XVIII. You should not give him any money, otherwise he will bother you every day. XIX. Which among these is your house?

E. Answer the following in Urdu.

۱- غالب اپنے والد کے انتقال کے بعد کہاں رہے اور دلی کیوں آئے ؟
۲- غالب کی آمدنی کا کیا ذریعہ تھا ؟
۳- غالب کلکتہ کیوں گئے تھے ؟

۴- ابتدا میں غالب کی شاعری کیسی تھی ؟

۵- غالب کے دوستوں نے انکو کیا سمجھایا ؟

۶- کیا غالب نے اپنے دوستوں کی بات مانی ؟

۷- غالب نے اردو کے علاوہ کس زبان میں شاعری کی ؟

۸- غالب کے خط لکھنے کا انداز کیسا تھا ؟

۹- غالب کی پیدائش اور وفات کا سال بتائیے ۔

۱۰- حالی کی کتنی کتابوں سے آپ واقف ہیں ؟

UNIT - XXI

اُردو

جب گیارھویں اور بارھویں صدی میں مسلمان ہندوستان میں آئے تو زیادہ تر اُس علاقے میں رہے جو لاہور سے لے کر دلّی، آگرہ اور میرٹھ تک پھیلا ہوا ہے[1]۔ اُس وقت دلّی اور اُس کے آس پاس کے علاقہ میں بانگڑو اور کھڑی بولی بولی جاتی تھی۔ اور آگرہ کے پاس برج بھاشا بولی جاتی تھی۔ باہر سے آنے والے یہ مسلمان ترکی یا فارسی بولتے تھے۔ مسلمان بادشاہوں کی سرکاری زبان فارسی تھی مگر زندگی اور حکومت کی ضرورتیں اُنہیں عام لوگوں کی زبان سیکھنے پر مجبور کر رہی تھیں۔ اسی طرح سے عام لوگوں[2] کیلئے بھی ضروری تھا کہ وہ نئے آنیوالوں کی بات سمجھ سکیں[3] اور اُنہیں اپنی بات سمجھا سکیں۔ بادشاہوں اور اُنکے دربار اور فوج سے دور مسلمان فقیروں کا ایک گروہ تھا جو اپنا پیغام ملک کے عام لوگوں تک پہنچانا[4] چاہتا تھا۔ یہ لوگ ترکی، عربی اور فارسی کے عالم تو تھے ہی، ہندوستان آنے کے بعد اُنہوں نے سنسکرت اور دوسری ہندوستانی زبانیں سیکھنا شروع کیں۔

اسی طرح کے میل جول[5] سے شمالی ہند میں ایک نئی زبان بننا شروع ہوئی۔

تیرھویں صدی میں ہم کو اس کھڑی بولی اور فارسی ملی ہوئی زبان[6] میں کچھ جملے ملتے ہیں۔

اُس زمانے میں اِس زبان کو "ہندوی"[7] کہتے تھے۔ اُس کی گرامر ہندوستانی تھی مگر فارسی کا گہرا اثر تھا۔ اس صدی میں مسلمان فوج کے ساتھ یہ زبان دکن پہنچی۔ کچھ دن کے بعد دکن کے مسلمان بادشاہوں نے اُس کو اپنے دربار میں جگہ دی اور یہی مِلی جُلی

زبان "دکنی" کے نام سے وہاں کی سرکاری زبان بن گئی۔ دکن میں اس زبان نے بڑی تیزی سے ترقّی کی۔

شاہجہاں کے زمانے میں دلّی دوبارہ[8] راجدھانی بنی اور عام بول چال میں برج بھاشا کی جگہ کھڑی بولی کا رواج بڑھا۔ دلّی میں فارسی اور کھڑی بولی ملی ہوئی زبان کا نام پہلے "ریختہ" اور پھر "اُردو" پڑا[9]۔ اردو اور دکنی ایک ہی زبان کی دو شکلیں تھیں۔ چنانچہ[10] جب دکن کی مسلمان حکومتیں ختم ہو گئیں اور دلّی حکومت اور تہذیب کا مرکز بنی تو دکنی کی ادبی حیثیت ختم ہو گئی اور محض اُردو شعر و ادب کی زبان مانی گئی[11]۔ کچھ ہی دنوں میں یہ زبان ہندوستان کے سارے علاقوں میں پھیل گئی۔

انگریزوں کے زمانے میں اُردو سرکاری زبان بھی بن گئی۔ ۱۹۴۷ء کے بعد سے اُردو پاکستان کی ایک سرکاری زبان ہے اور بہت ترقّی کر رہی ہے۔ ہندوستان میں بھی یہ اب بھی بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ اور حیدرآباد، لکھنؤ، دلّی اور علیگڑھ اس کے بڑے مرکز ہیں۔

Vocabulary

گیارہواں		giyaarhwãã	eleventh
بارہواں		baarhwãã	twelfth
صدی	F	sadii	century
زیادہ تر		zyaadaa-tar	mostly
لاہور	M	laahaur	Lahore
میرٹھ	M	meeraTh	Meerut, a city near Delhi
آس پاس		aas-paas	in the neighbourhood of X [-kee]
بانگڑو		bããgRuu	Bangru, an Indic dialect spoken north of Delhi
کھڑی بولی		khaRii-boolii	Khaḍi Boli, an Indic dialect of Western Uttar Pradesh
برج بھاشا		braj-bhaašaa	Braj Bhasha, an Indic dialect, spoken around Agra, Mathura, etc.
باہر		baahar	outside
ترکی	F	turkii	the Turkish language
سرکاری		sarkaarii	official
حکومت	F	hukuumat	government
ضرورت	F	zaruurat	necessity
سیکھنا	N	siikhnaa	to learn
مجبور کرنا	N	majbuur karnaa	to force X [-koo] to I [-par]
اسی طرح		isii-tarah	similarly
فقیر	M	faqiir	ascetic
گروہ	M	garooh	group
پیام	M	payaam	message
عربی	F	arabii, arbii	the Arabic language
سنسکرت	F	sanskrit	the Sanskrit language
ہندوستانی		hindustaanii	Indian
میل جول	M	meel-jool	intercourse, admixture
تیرہواں		teerhwãã	thirteenth
ملا ہونا		milaa-hoonaa	to be mixed
جملہ	M	jumlaa	sentence

گرامر	F	graamar	Eng., grammar
گہرا		gahraa	deep
اثر	M	asar	influence, effect
دکن	M	dakan	Deccan
ملا جلا		milaa-julaa	mixed
دکنی		daknii	Deccani, a variety of Urdu
شاہجہاں	M	šaahjahãã	Shah Jahan (1628-58)
دوبارہ		doo-baaraa	again; lit., second time
راجدھانی	F	raajdhaanii	capital
رواج	M	rawaaj	usage
ریختہ	F	reextaa	lit., mixed
شکل	F	šakl	form
چنانچہ		cunaan-ce	therefore, consequently
ادبی		adabii	literary
حیثیت	F	haisiyat	position
پاکستان	M	paakistaan	Pakistan
حیدرآباد	M	haidaraabaad	Hyderabad (Deccan), a city in South India

Notes: XXI

1. [joo laahaur-see lee-kar dillii aagraa aur meeraTh-tak phailaa huaa hai], "which is spread from Lahore up to Delhi, Agra, and Meerut". [lee-kar] makes it clear that Lahore is also included within that area. In Urdu it is the starting point that can be included by adding [lee-kar], while in English it is the terminal point which is included by adding a phrase, "including ... itself". The terminal points are considered included in Urdu and need no further enunciation.

2. [aam loog], "common people; folks". Another word from the same Arabic root is [awaam], "the masses; people".

3. [samjhaanaa], when occurring with a direct object, would mean, "to make something understood; to explain". Without a direct object it would mean, "to convince X [-koo]; to calm X [-koo] down".

zaraa yee sawaal mujhee samjhaa-diijiyee	Please explain this question to me.
haamid-nee unhẽẽ samjhaanee-kii koošiš kii magar woo na manee	Hamid tried to convince him but he wasn't convinced.

4. [pahõcaanaa] is the causative of [pahõcnaa], "to reach; to arrive". One thing to note with this verb is the difference between it and [lee-jaanaa]. [pahõcaanaa] means "to carry or take something or someone from one location to another", with an implicit emphasis on the transportation of the object and not on the carrying done by the subject, which would be emphasized by [lee-jaanaa], "to carry along; to take along". This lack of concern with the subject makes it possible to have a double causative form [pahõcwaanaa] from [pahõcaanaa]. There is no causative or double causative made from [lee-jaanaa].

mujhee saRak-tak pahõcaa-diijiyee	Please walk me to the street.
woo mujhee apnee-saath lee-jaanaa nahĩĩ caahtaa	He doesn't want to take me with him.
aap-kaa saamaan kis-nee pahõcaayaa	Who carried your baggage?
aap-kaa qalam kaun lee-gayaa	Who took away your pen?

5. [meel-jool], "intercourse, mutual dealings"; related verb, [milnaa-julnaa], "to meet with people socially".

6. [khaRii boolii aur faarsii milii huii zabaan], "this language which was a mixture of Persian and Khaḍi Boli".

7. [loog] is implied as subject of the verb [kahtee thee]. It would be used overtly in perfect participle constructions in which [kahnaa] is to be translated as "to call X [-koo] X1".

8. [doobaaraa] is same as [duusrii baar]. No similar words are made from other members.

9. X [-kaa naam] X1 [paRnaa]: "for X to come to be called by the name of X1".

10. [cunaance] can often be translated as "therefore", but it has less of a causal meaning than [is liyee]; in many contexts it may simply mean "and so..."

11. [maanaa-jaanaa] is the passive construction made from [maannaa].
X [-koo] X1 [maannaa]: "to consider X X1".
X [maanaa-jaanaa]: "to be considered X".

Exercises

A. Situational Variants.

جب گیارھویں کے آخر اور بارھویں صدی کی ابتدا میں مسلمان ہندوستان آئے تو ان میں سے زیادہ تر اس علاقے میں رہنے لگے جو لاہور سے لے کر میرٹھ تک پھیلا ہوا ہے۔ باہر سے آئے ہوئے یہ مسلمان ترکی یا فارسی بولا کرتے تھے۔ بادشاہوں کے دربار اور فوج سے بالکل الگ مسلمان صوفیوں کا ایک گروہ تھا جو اپنا پیغام دیس کے عام لوگوں میں پھیلانا چاہتا تھا۔ باہر سے آنے والے لوگ ترکی، عربی اور فارسی تو جانتے ہی تھے، ہندوستان پہونچنے کے بعد وہ سنسکرت اور دوسری ہندوستانی زبانیں بھی سیکھنے لگے۔ اس طرح کے تعلقات سے شمالی ہند میں ایک نئی زبان کی بنیاد پڑی۔ اس وقت اس زبان کا نام "ہندوی" تھا۔ دکن میں اس زبان کی بڑی ترقی ہوئی۔ شاہجہاں کے وقت میں دلّی پھر سے راجدھانی بنائی گئی اور عام لوگوں میں کھڑی بولی کا استعمال بڑھا۔ چنانچہ جب دکن کی آزاد ریاستیں نہ رہیں اور دلّی حکومتی اور تہذیبی مرکز بنی تو دکنی بھی ادب کی زبان نہ رہی اور صرف اردو ہی شعر و ادب کی زبان مانی جانے لگی۔ انگریزوں کے وقت میں اردو کو سرکاری زبان کی حیثیت بھی حاصل ہو گئی۔

1.	صوفی	suufii	a Sufi
2.	پیغام	paiGaam	message
3.	تعلّقات	taalluqaat	relationships

B. Translate into English.

میں زیادہ تر رات کو کام کرتا ہوں ۔ مدراس شہر بہت پھیلا ہوا ہے اس لئے اونچی اونچی عمارتیں جیسی بمبئی میں ہیں، بہت کم نظر آتی ہیں ۔ احمد کی میز پر کتابیں بکھری ہوئی ہیں اسی لئے کسی چیز کے ملنے میں مشکل ہوتی ہے ۔ میرا دوست آیا ہوا ہے اور ہم دونوں سائیکلوں پر شہر سے باہر جانے والے ہیں ۔ کل میری بہن آئی ہوئی تھی اور آج اپنے شوہر کے گھر چلی گئی ۔ جو لوگ وہاں بیٹھے ہوئے تھے کیا ان میں سے کسی سے آپ واقف ہیں ؟ مسلمان صوفیوں کے چھوٹے بڑے گروہ سارے ملک میں پھیلے ہوئے تھے ۔ باہر سے آنے والے یہ مسلمان دیس کی کوئی زبان نہیں جانتے تھے ۔ ضرورتیں انسان کو وقت کے ساتھ چلنے پر مجبور کر دیتی ہیں ۔ چند دوستوں نے مجھے دریا کے سفر پر چلنے پر مجبور کیا اور مجبوراً مجھے جانا پڑا ۔ صوفیوں کا پیغام امن اور دوستی کا پیغام تھا اور اسی لئے عام و خاص سب کو پسند تھا ۔ اخبار کے ذریعہ خبریں عام لوگوں تک پہنچتی ہیں ۔ آج میں شہر سے باہر جا رہا ہوں کل رات تک آ جاؤں گا ۔ استاد نے لڑکوں سے کہا "جہاں تک ہو سکے اس کتاب کو پڑھ ڈالو ۔" علی کو سفر پر جانا تو تھا لیکن موسم کی خرابی کی وجہ سے جا نہ پایا ۔ میرے امریکی دوست اردو پڑھنا تو جانتے ہی تھے اب انھوں نے اردو لکھنا بھی سیکھنا شروع کیا ہے ۔ کل صبح ہی سب کو پہاڑ پر چڑھنا شروع کرنا ہوگا ۔ کل رات جب میں دیر سے گھر پہنچا تو کھانا ختم ہو چکا تھا ۔ جب ہم کھیل کے میدان میں پہنچے تو معلوم ہوا کہ کھیل ابھی ابھی ختم ہوا ہے ۔ بڑی محنت سے کام کر کے

اس لڑکے نے ترقی کرنا شروع کیا۔ آجکل ہندوستان اور پاکستان دونوں میں لاہور ہی اردو کا سب سے بڑا مرکز ہے۔ جب میرے کچھ دوست آگئے تو میں نے ملازم سے کہا کہ "جلدی سے کچھ کھانے کی چیزیں دکان سے لے آؤ۔" میں نے اپنے دوستوں کے ساتھ میلہ دیکھنے جانے کی اجازت چاہی تو والد نے خوشی سے اجازت دے دی۔ بیماری کی وجہ سے بچّہ بڑی مشکل سے کچھ کھا سکا۔ بچّہ بیمار ہو گیا تھا چنانچہ ماں نے ڈاکٹر کو بلایا۔ میرے والد کو سفر پر جانا تھا چنانچہ نوکر سے کہا کہ اسٹیشن جانے کے لئے ایک گاڑی لے آئے۔ مجھے کچھ کتابیں خریدنی تھیں چنانچہ میں بک اسٹور چلا گیا۔ رات کو مجھے زیادہ کام کرنا پڑا چنانچہ بہت کم سو سکا۔ میرے ایک امریکی دوست کو شعر و شاعری سے بہت دلچسپی ہے اور وہ دنیا کی ہر بڑی زبان کا ادب پڑھنا چاہتے ہیں۔

C. **Fill in the blanks.**

اس وقت دلّی اور اس کے —— پاس کے علاقے میں بانگڑو اور کھڑی بولی —— جاتی تھی۔ —— سے —— والے یہ مسلمان ترکی یا فارسی —— تھے۔ اسی —— سے عام —— کے لئے بھی ضروری تھا کہ وہ نئے آنے والوں کی —— سمجھ سکیں اور انھیں اپنی بات —— سکیں۔ یہ لوگ ——، عربی اور —— کے عالم تو —— ہی، ہندوستان آنے کے بعد —— نے سنسکرت اور —— ہندوستانی زبانیں سیکھنا شروع ——۔ اسی طرح کے —— جول سے —— ہند میں ایک نئی زبان —— شروع ہوئی۔ اُس کی گرامر ہندوستانی —— مگر فارسی کا گہرا —— تھا۔ کچھ دن کے

—— دکن کے مسلمان —— نے اسکو اپنے دربار میں —— دی اور یہی
ملی —— زبان "دکنی" کے —— سے وہاں کی سرکاری زبان بن گئی۔ دلی
میں فارسی اور کھڑی بولی —— ہوئی زبان کا نام —— "ریختہ" اور پھر "اردو"
—— ۔ کچھ ہی —— میں یہ زبان ہندوستان کے سارے علاقوں میں ——
گئی۔ ۱۹۴۷ کے بعد —— اردو پاکستان کی ایک —— زبان ہے اور بہت
—— کر رہی ہے۔

D. Translate into Urdu.

I. The people in India are mostly poor. II. Chicago is a well spread out city. III. These people, who have come from outside, do not understand our language. IV. My friend is compelling me to go the river. V. The king wanted that his message should reach common people. VI. I can now speak a few sentences in Urdu. VII. Even in this century the danger of war has not ended. VIII. That boy has made much progress and become owner of the store. IX. During the time of the English, Calcutta was the capital for a few years. X. After 1947 Indianand Pakistan have been making much progress. XI. It was necessary for me to make my father understand me. XII. Similarly, after a few days his shop closed down, too. XIII. When will you go there again? XIV. Had he already left when you reached his house? XV. When she went there for the second time, her brother refused to meet her. XVI. And so when they came out of the shop, the rain had already stopped. XVII. All the people in the room tried to reason with him. XVIII. English is understood in nearly all the countries of the world. XIX. How many languages are spoken in your country? XX. I can come with you only as far as the market.

E. Answer the following in Urdu.

۱- مسلمان ہندوستان میں کب آئے اور کس علاقہ میں رہنے لگے؟

۲- باہر سے آنے والے مسلمان کون سی زبانیں بولتے تھے اور ان کی سرکاری زبان کیا تھی؟

۳- امریکہ کی سرکاری زبان کیا ہے؟

۴- عام لوگوں کے لئے فارسی سیکھنا کیوں ضروری تھا؟

۵- "ہندوی" کس طرح کی زبان تھی؟

۶- مسلمانوں کے آنے کے وقت شمالی ہند میں کون کون سی زبانیں بولی جاتی تھیں؟

۷- دکن پہنچ کر "ہندوی" زبان کا نام کیا ہوگیا اور اس کی ترقّی کیسے ہوئی؟

۸- شاہجہان کے زمانے میں دلّی میں عام لوگوں کی زبان کیا تھی؟

۹- آپ کے ملک میں حکومت اور تہذیب اور شعر و ادب کے بڑے مرکز کون سے شہروں میں ہیں؟

۱۰- اب ہندوستان اور پاکستان کی سرکاری زبانیں کون سی ہیں؟

۱۔ حالی کو انکے زمانے میں ہندوستان کا سب سے مقبول شاعر مانا جاتا تھا۔

۲۔ یہ ندی یہاں کی ندیوں میں سب سے چھوٹی ندی کہی جاتی ہے۔

۳۔ اس کو امریکہ کی سب سے خوبصورت عمارت سمجھا جاتا ہے۔

۴۔ میرے چچا کی آمدنی چونکہ کافی تھی اسلئے انکی زندگی بہت آرام سے گذری۔

۵۔ میں کئی بار منڈی میں سے ہوکر گذرا مگر سبزی والے کو ہمیشہ غائب ہی پایا۔

۶۔ آج کل اس بیچارے پر بڑا مشکل وقت گذر رہا ہے۔

۷۔ میرے بھائی کو مقدمہ کی وجہ سے رکنا پڑا ورنہ وہ آپ سے ملنے آتا۔

۸۔ غالب کی پنشن بند ہوگئی ورنہ وہ بڑے آرام سے رہتے۔

۹۔ جب غالب کے پاس روپیہ ختم ہو جاتا تو وہ اپنے دوستوں سے مانگ لیتے۔

۱۰۔ غالب کی ساری عمر مصیبت اور پریشانی میں ہی ختم ہوئی۔

۱۱۔ جب ایک آدمی اپنی بات ختم کرے تب دوسرے کو اپنی بات شروع کرنی چاہئے۔

۱۲- یہ کتاب اتنی اچھی ہے کہ میں نے دو ہی گھنٹہ میں ختم کر ڈالی۔

۱۳- ابتدا میں ہر کام مشکل معلوم ہوتا ہے۔ مگر پھر آسان ہو جاتا ہے۔

۱۴- شروع شروع میں ہر شاعر کی شاعری کا انداز ذرا مشکل ہوتا ہے۔

۱۵- ہر شاعر کو چاہئے کہ اپنے اشعار میں آسان زبان اور اچھّے محاوروں کا استعمال کرے۔

۱۶- غالب کا انداز ابتدا ہی سے دوسرے شاعروں سے الگ تھا۔

۱۷- میرے دوست کو اس کھیل سے شروع ہی سے دلچسپی ہے۔

۱۸- میں گھر جا کر یا تو خط لکھونگا یا پھر یہ کتاب پڑھکر ختم کرونگا۔

۱۹- آخر اس کتاب میں ایسی کیا بات ہے جو تم پڑھنا چاہتے ہو۔

۲۰- اس وقت اس دھوپ اور گرمی میں کھیلنے سے آخر کیا فائدہ۔

۲۱- اس جانور کو مار کر آخر تمہیں کیا حاصل ہوگا۔

۲۲- ہر پڑھے لکھے آدمی کو غالب اور حالی کے اشعار یاد ہوتے ہیں۔

۲۳- ہر آدمی اپنے حالات پر غور کرکے اپنی زندگی کا ایک راستہ مقرّر کرتا ہے۔

۲۴- سعدی کے اشعار پر غور کرو تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ نصیحتوں کا خزانہ ہیں۔

۲۵- کبھی کبھی امریکہ میں ایسا لگتا ہے کہ جیسے ہم پاکستان میں بیٹھے ہوں۔

۲۶- جاوید صاحب تیس سال کی عمر میں ہی بوڑھے لگتے ہیں۔

۲۷- والد صاحب کے مرنے کے بعد ایسا لگتا ہے کہ گھر بالکل خالی ہو گیا۔

۲۸ - وہ اتنے بوڑھے ہونے کے باوجود کیسے جوان لگتے ہیں۔

۲۹ - اردو زبان یہی نہیں کہ دِلّی اور لکھنؤ میں بولی اور سمجھی جاتی ہے بلکہ وہ پورے ہندوستان میں پھیل چکی ہے۔

۳۰ - اقبال کے اشعار یہی نہیں کہ انگریزی میں ترجمہ کئے گئے ہیں بلکہ عربی میں بھی انکا ترجمہ ہو چکا ہے۔

۳۱ - دلّی کے علاقے سے آنے والے لوگ زیادہ تر کھڑی بولی بولتے ہیں۔

۳۲ - ہندوستان سے باہر جانے والوں کیلئے حکومت سے اجازت لینا ضروری ہے۔

۳۳ - یورپ کا سفر کرنے والوں کو انگریزی زبان ضرور جاننا چاہئے۔

۳۴ - امریکہ میں نئے نئے آنے والوں کو شروع میں مشکلوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

۳۵ - نہ صرف یہ کہ لکھنؤ بلکہ آس پاس کے علاقوں میں بھی ہندی سمجھی اور بولی جاتی ہے۔

۳۶ - آس پاس والوں سے ہمیشہ اچھے تعلّقات قائم رکھنا چاہئے۔

۳۷ - بادشاہوں کے آس پاس ہمیشہ بڑے بڑے افسر بیٹھے رہتے ہیں۔

۳۸ - کسی شخص کو طاقت کی مدد سے کسی کام کے لئے مجبور نہ کرنا چاہئے۔

۳۹ - انگریزوں کی حکومت نے ہندوستان والوں کو انگریزی پڑھنے پر مجبور کر دیا۔

۴۰۔ جب مسلمان بادشاہ ہندوستان میں داخل ہوئے تو
یہاں کے رواج سیکھنا شروع کر دیا۔

۴۱۔ وہ سائیکل تو چلاتا ہی تھا اب کار بھی چلانی شروع کی ہے۔

۴۲۔ جاوید بینک میں ملازم تھا ہی اب کالج میں پڑھنا بھی شروع کیا ہے۔

۴۳۔ اردو زبان نے بہت کم وقت میں بہت تیزی سے ترقی کی۔

۴۴۔ ریل کا انجن اگر اچھا ہو تو ریل بڑی تیزی سے راستہ طے کرتی ہے

۴۵۔ وہ طالب علم جو محنت کرتا ہے جلدی جلدی ترقی کرتا ہے۔

۴۶۔ ہندوستان کے جنوبی ریاستوں کے لوگوں کا نہ صرف یہ کہ شمالی
ہند سے رواج مختلف ہے بلکہ انکی زبان تک الگ ہے۔

۴۷۔ سکندر کی حکومت دنیا کے ہر حصّہ میں پھیلی ہوئی تھی۔

۴۸۔ جب مسلمان ہندوستان میں داخل ہوئے اس وقت تک
اسلام ہر جگہ پھیل چکا تھا۔

۴۹۔ شکاگو یونیورسٹی کی عمارتیں دور دور تک پھیلی ہوئی ہیں۔

۵۰۔ تمہارے لکھنؤ پہنچنے کی خبر جاوید تک پہنچ گئی۔

۵۱۔ ہم نے دلّی سے آگرہ تک کا سفر ریل میں کیا تھا۔

۵۲۔ یہاں سے میرے کالج تک کا راستہ تقریباً ایک گھنٹہ کا ہے۔

غالب کے خط

یوسف مرزا کے نام[1]

یوسف مرزا کیوں کر تجھے لکھوں کہ تیرا باپ مر گیا۔ اور اگر لکھوں تو پھر آگے کیا لکھوں کہ اب کیا کرو۔ مگر صبر[2]۔ یہ ایک شیوۂ فرسودہ ابنائے روزگار کا ہے[3]۔ تعزیت یوں ہی کیا کرتے ہیں کہ صبر کرو۔ ہائے[4] ایک کا کلیجہ کٹ گیا[5] ہے اور لوگ اُسے کہتے ہیں کہ تو نہ تڑپ۔ بھلا کیوں کر نہ تڑپے گا[6]۔ صلاح اس امر میں نہیں بتائی[7] جاتی۔ دعا کو دخل نہیں۔ دوا کا لگاؤ نہیں[8]۔ پہلے بیٹا مرا۔ پھر باپ مرا۔ مجھ سے اگر کوئی پوچھے کہ بے سروپا[9] کس کو کہتے ہیں تو میں کہوں گا یوسف مرزا کو۔ تمہاری دادی لکھتی ہیں کہ رہائی کا حکم ہو چکا تھا[10]۔ یہ بات سچ ہے؟ اگر سچ ہے تو جواں مرد[11] ایک بار دونوں قیدوں سے چھوٹ گیا۔ نہ قیدِ حیات ہی رہی نہ قیدِ فرنگ۔

میر مہدی کے نام[12]

اے جناب میرن صاحب! السّلام علیکم۔

حضرت[13] آداب[14]۔

کہو صاحب آج اجازت ہے میر مہدی کے خط کا جواب لکھوں۔ تو حضور[15] میں کیا منع کرتا ہوں۔ میں نے تو یہ عرض کیا تھا[16] کہ اب وہ تندرست ہو گئے ہیں۔ بخار جاتا رہا ہے[17] صرف پیچش باقی ہے۔ وہ بھی رفع ہو جائے گی۔ میں اپنے ہر خط میں آپ کی طرف سے[18] لکھ دیتا ہوں۔ آپ پھر کیوں تکلیف کریں۔

نہیں میرن صاحب اس خط کو آئے ہوئے بہت دن ہوئے ہیں[19]۔ وہ خفا ہوتا ہوگا۔ جواب لکھنا ضرور ہے[20]۔ حضرت وہ آپ کے فرزند ہیں[21]۔ ایسے خفا کیا ہونگے[22]۔ بھائی آخر کوئی وجہ تو بتاؤ کہ تم مجھے خط لکھنے سے کیوں باز رکھتے ہو۔ سبحان اللہ![23] سبحان اللہ! اے لو حضرت آپ تو خط نہیں لکھتے اور مجھے فرماتے ہیں تو باز رکھتا ہے۔

اچھا تم باز نہیں رکھتے۔ مگر یہ تو کہو کیوں نہیں چاہتے کہ میں میر مہدی کو خط لکھوں؟

کیا عرض کروں۔ سچ تو یہ ہے کہ جب آپ کا خط جاتا اور وہ پڑھا جاتا تو میں سنتا اور حظ اُٹھاتا۔ اب جو میں وہاں نہیں۔ نہیں چاہتا کہ آپ کا خط جاوے[24]۔ میں اب پنج شنبے[25] کو روانہ ہوتا ہوں۔ میری روانگی کے تین دن کے بعد خط شوق سے لکھئے گا۔

میاں بیٹھو۔ ہوش کی خبر لو۔ تمہارے جانے نہ جانے سے مجھے کیا علاقہ[26]۔ میں بوڑھا آدمی تمہاری باتوں میں آگیا[27] اور آج تک اس کو خط نہیں لکھا۔ لاحول ولا قوۃ[28]۔

سنو میر مہدی صاحب! میرا کچھ گناہ نہیں۔ اپنے خط کا جواب لکھو۔ تپ تو رفع ہو گئی۔
پیچش کے رفع ہونیکی خبر شتاب[29] لکھو۔ پرہیز[30] کا بھی خیال رکھا کرو[31]۔ یہ بری بات ہے کہ
وہاں کچھ کھانے کو ملتا ہی نہیں۔ تمہارا پرہیز اگر ہوگا بھی تو "عصمت بی بی از بے چادری"[32]
ہوگا۔ اس وقت پہلے تو آندھی چلی۔ پھر مینھ آیا۔ اب مینھ برس رہا ہے۔ میں خط
لکھ چکا ہوں۔ سرنامہ لکھ کر چھوڑ دوں گا۔ جب ترشح موقوف ہو جائے گا تو کلیان ڈاک
کو لے جائے گا۔ میر سرفراز حسین کو دعا پہنچے۔ اللہ اللہ[33] تم تو پانی پت کے سلطان العلماء
اور مجتہد العصر بن گئے۔ کہو وہاں کے لوگ تمہیں قبلہ و کعبہ[34] کہنے لگے یا نہیں۔
میر نصیر الدین کو دعا کہنا۔

Vocabulary

کے نام		-kee naam	addressed to X [-kee]
آگے		aagee	further
صبر	M	sabr	endurance, fortitude
شیوہ	M	šeewaa	custom
فرسودہ		farsuudaa	outdated
ابناء	Mp	abnaa'	sons; pl. of ابن [ibn]
روزگار	M	roozgaar	the world of affairs
تعزیت	F	taaziyat	condolence
تعزیت کرنا	NF	taaziyat karnaa	to express condolence to X [-see] regarding X1 [-kii]
صبر کرنا	NM	sabr karnaa	to endure, be patient
ہائے		haaee	an exclamation of sorrow and dismay
کلیجہ	M	kaleejaa	heart; lit., human liver
کلیجہ کٹنا	Ka M	kaleejaa kaTnaa	to be engulfed with grief
تڑپنا		taRapnaa	to roll about restlessly
صلاح	F	salaah	advice
صلاح بتانا	NF	salaah bataanaa	to give advice to X [-koo]
امر	M	amr	matter
دخل ہونا	KM	daxl hoonaa	to have some power in X [-mẽẽ]
دوا	F	dawaa	medicine
لگاؤ ہونا	Ka M	lagaao hoonaa	to have any relevance with X [-mẽẽ]
بے سر و پا		bee-sar-o-paa	a total **orphan;** lit., without head and foot
دادی	F	daadii	paternal grandmother
رہائی	F	rihaaii	release
سچ		sac	truth; Adj.: true
جواں مرد	M	jawãã-mard	lit., young man
قید	F	qaid	imprisonment
چھوٹنا		chuuTnaa	to be released from X [-see]
حیات	F	hayaat	life
فرنگ		farang	the English; from "Frank"
میر مہدی	M	miir mahdii	personal name

اے		ee, ai	a term of address in familiar form
جناب	F	janaab	a title of respect used before the names of respectable men
میرن		miiran	a nickname
جواب لکھنا	NM	jawaab likhnaa	to reply X [-kaa]
حضور	M	huzuur	a polite term of address; Sir; lit., presence
منع کرنا	N	manaa-karnaa	to stop X [-koo] from X1 [-see]
عرض کرنا	N	arz-karnaa	to submit to X [-see]
تندرست		tan-durust	healthy
پیچش	F	peeciš	diarrhea
باقی ہونا		baaqii-hoonaa	to remain
رفع ہونا		rafaa-hoonaa	to go away
طرف سے		taraf see	on X's [-kii] behalf
تکلیف کرنا	NF	takliif karnaa	to take the trouble to I [-kii]
خفا		xafaa	angry
خفا ہونا		xafaa-hoonaa	to be angry
فرزند	M	farzand	son (used in literary styles only)
باز رکھنا	N	baaz-rakhnaa	to keep X [-koo] back from X1 [-see]
سبحان اللہ		sub-haan-allaah	a term of pleasant surprise; lit., praise be to God
اے لو		ee-loo	an exclamation of mock surprise
فرمانا	N	farmaanaa	to command
حظ	M	haz	delight
حظ اٹھانا	NM	haz uThaanaa	to enjoy X [-see, -kaa]
روانہ ہونا		rawaanaa-hoonaa	to depart
روانگی	F	rawaangii	departure
ہوش کی خبر لینا	NF	hooš-kii xabar leenaa	to come to senses, (used mainly in admonition)
علاقہ ہونا	KM	ilaaqaa hoonaa	to have something to do with X [-see]
باتوں میں آنا		baatõõ-mẽẽ aanaa	to be taken in by Z [-kii]

گناہ	M	gunaah	sin
تپ	MF	tap	fever
خبر	F	xabar	news
شتاب		šitaab	soon
پرہیز	M	parheez	abstinence from certain foods for medicinal purposes
خیال رکھنا	NM	xayaal rakhnaa	to take care of X [-kaa]
آندھی	F	ããdhii	dust storm; used with چلنا. [calnaa]
مینھ	M	mẽẽh	rain
برسنا		barasnaa	to rain
سرنامہ	M	sar-naamaa	address
ترشح	M	taraššuh	drizzle
موقوف ہونا		mauquuf-hoonaa	to stop (Intr.)
کلیان	M	kalyaan	personal name
ڈاک	F	Daak	mail
میر سرفراز حسین	M	miir sarfaraaz husain	personal name
پانی پت	M	paaniipat	name of a city near Delhi
سلطان العلماء		sultaan-ul-ulamaa	a title conferred upon any distinguished Muslim scholar; lit., king of the scholars
مجتہد العصر		mujtahid-ul-asr	a title for distinguished Shiah theologians; lit., the jurist of the time
قبلہ و کعبہ		qiblaa-wa-kaabaa	a term of address used for scholars and elders

Notes: XXII

1. This is a letter of condolence written to Yusuf Mirza, whose father had been a political prisoner of the British and had died in prison.

2. [magar sabr], "... except be reconciled to fate". Such use of [magar] is not common now; instead, [siwaa] is used.

3. [yee eek šeewa-e-farsuudah abnaa-e-roozgaar-kaa hai], "This is an old and useless practice among the people of this world."

4. [haaee], "Woe that...".

5. X [-kaa kaleejaa kaTnaa], "for X to suffer mortal grief". [kaleejaa] means "human heart"; it should be distinguished from [kaleejii], a feminine noun, which means "animal liver". [kaleejaa] always implies the metaphorical meaning of heart, "the seat of all emotions".

6. [bhalaa kyŏŏ-kar na taRpeegaa], "How could he not but writhe in pain?" (Implying that he could of course do nothing but writhe.) This sentence will be pronounced without necessarily stressing the question word, [kyŏŏ-kar]; the stress could be on [na], too. The sentence will carry exclamatory intonation. In such sentences, [bhalaa] simply indicates that in the opinion of the speaker the question asked is hardly valid, for it can be answered only in negation.

7. [salaah bataanaa]; NF: "to give advice to X [-koo]".

8. [duaa-koo daxl nahĭĭ, dawaa-koo lagaaoo nahĭĭ], "No prayer

has any power in this matter, and no medicine can do anything either."
[dawaa-koo lagaaoo nahĩĩ], lit., "medicine has no connection with it". [lagaaoo] also means "attachment; fondness for some person".

9. [bee-sar-o-paa], "helpless"; lit., "without any head or feet". It can also be used in the same manner as English, "without head or tail".

10. [rihaaii-kaa hukm hoo-cukaa thaa], "the orders for his release had already been given".

11. [jawãã mard] (never [jawaan mard]) is used both for referring to persons and as a vocative interjection; in the latter case, somewhat in the same way as English, "lucky guy", "you, brave man", or other similar phrases. It does not, however, have the condescending meaning that "you, young man" often has in English. [jawaan mard] would simply mean "a youthful man".

12. This letter is addressed to Mir Mahdi, but the first part of it is in the form of a dialog between Ghalib and Meeran Sahab.

13. [hazrat], if used by equals, has no particular implication. It was once used to refer to one's elders, too, but now this use is not so common. Like other such interjections, it can have a sense of sarcasm if used with reference to someone obviously junior to the speaker. Here, however, it is being used in its older meaning.

14. [aadaab] or [aadaab arz] is another common greeting. The

same words are repeated in response. Usually both persons also raise their right hands to their foreheads, in a gesture of greeting, and showing respect to, each other.
[aadaab kahnaa] or [aadaab arz-karnaa] are the verbs related to it. [aadaab] is considered a singular masculine noun in this function; in other contexts it is the plural of [adab], and means "proper manners".

	un-see meeraa aadaab kahnaa	Give him my regards.
	Šakiil saahab, aadaab arz	Greetings, Mr. Shakeel.
Cf.	baat karnee-kee aadaab	the etiquette of conversation

15. [huzuur], "sir", is more polite that [hazrat]. It is still commonly used and indicates a high amount of respect for the person thus addressed.

16. [arz-karnaa], "to submit, to say in all humility". Its opposite is [farmaanaa], "to declare, pronounce". Both are commonly used in polite conversation. [farmaanaa] will never be used with "I", except in royal decrees. Likewise, [arz-karnaa] will not be used with "you". With a third person reference, the choice will depend upon how much respect the speaker feels toward the person concerned.

17. [buxaar jaataa-rahaa hai], "the fever has gone down". Lit., "the fever has died out". [jaataa-rahnaa] is an idiomatic verb meaning "to die".

18. [aap-kii taraf-see], "on behalf of you".

19. [aaee huee] is an adverbial phrase in form, though in its function it refers to the noun followed by [-koo] in the sentence rather than the verb, [huee hÃĨ]. [is xat-koo bahot

din huee hãĩ], lit., "many days have passed with reference to this letter". [aaee huee], "since it first arrived". [is xat-koo aaee huee bahot din huee hãĩ], "It has been many days since this letter arrived."

Another way to analyse would be to consider the entire phrase, [is xat-koo aaee huee], as an adverbial clause; the main clause being [bahot din huee hãĩ].

Other examples:

mujhee yahãã aaee huee eek ghanTaa hoo-gayaa	I have been here for an hour now.
tum-koo wahãã gaee kitnee baras hoo-gaee	How many years has it been since you were last there.

20. [jawaab likhnaa zaruur hai], "I must reply". The use of [zaruur] as a predicative complement is no longer so common. Now it mostly occurs adverbially.

21. [woo aap-kee farzand hãĩ], "He is your son." Another polite phrase, implying that Ghalib need not be so concerned about the anger of someone who is younger than him.

22. [aisee kyaa] or [aisee bhii kyaa], with high pitch and stress, and with pitch 1 on the rest of the sentence, has the same function as [bhalaa]; it implies a negation of the statement that is made by the rest of the sentence. Thus: [aisee xafaa kyaa hõõgee], "He isn't going to get all that mad."

23. [subhaan-allaah], "praise be to God", is used to express delight as well as surprise. The implication being that whether a thing is delightful or wonderful, all praise is due God.

24. [jaawee] is same as [jaaee]; it is not so common in writing

now, but can still be heard in conversation.

25. [panj-šambah], written [panj-šanbah], means "Thursday." There are two sets of names for the days in a week.
1. [šambah], "Saturday"; [yak-šambah], "Sunday"; [doo-šambah], "Monday"; [sah-šambah], "Tuesday"; [cahaar-šambah], "Wednesday"; [panj-šambah], "Thursday"; [jum'ah] (or [jumaa]), "Friday".
2. [doo-šambah], "Monday"; [mangal], "Tuesday"; [budh], "Wednesday"; [jumeeraat], "Thursday"; [jumaa], "Friday"; [saniicar], "Saturday"; [itwaar], "Sunday".

26. X [-koo] X1 [-see kyaa ilaaqaa]: "What does X have to do with X1."

27. X [-kii baatŏŏ-mee aa-jaanaa]: "to be deceived or beguiled by X".

28. [laa-haul-wa-laa-quuwat] is an abbreviation of the Arabic phrase, [laa-haulo-wa-laa-quuwato-illaa-billaahi-l-aziim], "There is no power and glory except in Almighty God." This phrase, or its abbreviation, is recited by Muslims to express their abhorrance for something. It is also recited when one feels tempted by something considered wrong in the religion. A related verb is [laa-haul paRhnaa].

29. [šitaab] is now obsolete.

30. [parheez] refers to the dietary restrictions that a doctor would want his patient to observe.
X [-see parheez karnaa]: NM : "to abstain from X".

31. Y [kaa xayaal rakhnaa] : NM : "to pay attention to Y

(something)". Z [kaa xayaal rakhnaa] : NM : "to take care of Z (some person)".

32. [ismat-e-biibii az bee-caadrii], lit. "The lady's chastity is due to her not having a cover-sheet." The idea is that her virtue has risen not from within herself but out of a necessity: if she had a sheet to cover herself with, she would be out roaming the streets and endangering her chastity; an idea similar to the English, "Making virtue of a necessity."

33. [allaah-allaah] is an exclamatory phrase indicating mock surprise.

34. [qiblaa] generally means "the direction toward which the Moslems bow during their prayers". [kaabaa] is the name of that holy edifice in Mecca toward which the Moslems bow. [qiblaa] can also be used either by itself or followed by [kaabaa], to address one's elders. [qiblaa o-kaabaa], however, will be considered quite an elaborate way to address someone. It is more common with reference to religious figures.

Exercises

A. Situational Variants.

یوسف مرزا تجھے کیسے لکھوں کہ تیرا باپ اس دنیا سے اٹھ گیا ۔ تعزیت کے موقعہ پر سب لوگ ایسے ہی کہتے ہیں کہ صبر سے کام لو ۔ یہ نہیں سمجھتے کہ جس کو ایسا سخت رنج ہو وہ بھلا کیسے خاموش بیٹھ سکتا ہے ۔ پہلے بیٹا گزرا ۔ پھر باپ دنیا سے سدھارا ۔ اگر یہ بات سچ ہے کہ رہائی کا حکم دیا جا چکا تھا تو یوں سمجھئے کہ ایک ساتھ دونوں ہی قیدوں سے رہا ہو گیا ۔ صاحب آج موقعہ ہے اگر اجازت دیں تو میر مہدی کے خط کا جواب دوں ۔ نہیں میرن صاحب یہ خط کئی دن کا آیا ہوا ہے ، جواب دینا ضروری ہے ورنہ وہ خفا ہو جائیں گے ۔ کیوں بھئی آخر کیا وجہ ہے کہ تم مجھے خط لکھنے سے روکتے ہو ۔ یہ لیجئے حضرت ، آپ خود تو کبھی خط لکھتے نہیں اور مجھ سے کہتے ہیں کہ میں روکتا ہوں ۔ آپ کا خط میرے سامنے وہاں پہونچتا تو میں بھی سنکر خوش ہوتا ۔ تمھارے جانے یا نہ جانے سے مجھے کیا مطلب ۔ اس وقت شروع میں آندھی آئی ، پھر مینھ برسا ۔ جب پانی رکے گا تو نوکر خط لے کر ڈاک خانے جائے گا ۔

1.	رہا ہونا	rihaa hoonaa	to be set free
2.	ڈاک خانہ	Daak-xaanaa	post office

B. Translate into English.

چھوٹے بچے کو کیوں کر سمجھایا جائے کہ آگ کے قریب جانا اچھا نہیں ۔ میں تمھیں

کیسے سمجھاؤں کہ تمھارا وہاں جانا ضروری ہے ۔ اگر میں وہاں جاؤں تو احمد صاحب سے ضرور ملاقات ہوگی ۔ اگر علی یہاں آئے تو کہنا کہ میں اسی کے گھر گیا ہوں ۔ مصیبت پر صبر کرنا بہادر انسان کا شیوہ ہے ۔ یوسف صاحب اس بارے میں کچھ نہیں جانتے ، انکو اس بات میں کچھ دخل نہیں ۔ کمزوری کی وجہ سے اس لڑکے کو کھیل سے کچھ لگاؤ نہیں ۔ ماں کے منع کرنے کے باوجود بچہ پانی میں کھیلتا رہا ۔ شوکت صاحب کا خط آیا ہے ، انہوں نے لکھا ہے "مہدی صاحب کو آداب عرض کرتا ہوں ۔" مجھے انکے پاس گئے ہوئے بہت دن ہوگئے ہیں ۔ نہ تو وہ خود آئے اور نہ کسی کو بھیجا ۔ جب بادشاہ نے دربار میں سوال کیا تو سب خاموش رہے مگر فلسفی نے جواب میں عرض کیا "میں اسکا علاج کرسکتا ہوں ۔" مجھ سے کسی نے پوچھا نہیں ورنہ میں تو سب کچھ سچ سچ بتا دیتا ۔ میں آپ کا بیٹا ہوں ، آپ سے کیوں کر خفا ہو سکتا ہوں ۔ تندرست ہونے کے لئے ڈاکٹر کا بتایا ہوا پرہیز ضرور کرنا چاہئے ۔ کل سے مجھے بخار ہے اور مزاج ٹھیک نہیں ، اس لئے میں آپ کے ساتھ نہیں چل سکتا ۔ میں تو انھیں ہمیشہ خط لکھتا ہوں مگر انکی طرف سے جواب ہی نہیں آتا ۔ میرے خیال میں آپ کچھ دن نہ تو کچھ کھائیں اور نہ کچھ پئیں ۔ جب آپ جاوید سے ملیں تو میری طرف سے یہ کہنا کہ انھیں دیکھے ہوئے کئی دن ہوگئے ۔ انکو یہاں آئے ہوئے ایک گھنٹہ ہوگیا لیکن ایسا لگتا ہے کہ ابھی آئے ہیں ۔ محمّد علی اور شوکت علی دونوں کئی سال انگریزوں کی قید میں رہے ۔ آپکے خفا ہونے کے ڈر سے میں یہاں جلد چلا آیا ۔ اگر احمد آتا تو آپ سے ضرور ملتا ۔ دریا کی سیر کے لئے آپ بھی چلتے تو اچھا ہوتا ۔ سچ تو یہ ہے کہ

اگر سید احمد خاں کوشش نہ کرتے تو مسلمانوں کی حالت نہ سدھرتی۔ کل میں نے ڈاک کے ذریعہ کچھ کتابیں روانہ کیں۔ کیا یہ سچ ہے کہ احمد کی والدہ کا انتقال ہو گیا۔ جس کو ایسی تکلیف پہنچے وہ بھلا کیوں نہ روتے۔ وہ بچہ چھوٹا ہونے کے باوجود شوق سے پڑھتا ہے۔ مجھے اس بات کا شوق ہے کہ آپ سے ایک غزل سنوں۔ میرے بھانجے نے آپکو دعا اور آپکے والد کو سلام لکھا ہے۔ اس لڑکی کو شوق تھا کہ ساری دنیا کا سفر کرے، اس بات کا خیال رکھتے ہوئے اس نے پیسے جمع کرنے شروع کئے۔ یہ بری بات ہے کہ تم پرہیز کا خیال نہیں رکھتے۔ آخر کیا سبب ہے کہ تم خود تو وہاں جاتے ہو مگر مجھے جانے سے باز رکھتے ہو۔ کیوں حضرت، آج کس طرف جانے کا خیال ہے۔ جب احمد کو اس بات میں کچھ دخل نہیں تو آخر وہ خاموش کیوں نہیں رہتا۔

C. Fill in the blanks.

اور اگر لکھوں تو پھر آگے کیا — کہ اب کیا —۔ تعزیت یوں — کیا کرتے — کہ صبر —۔ بھلا کیوں کر — تڑپے گا۔ مجھ — اگر کوئی پوچھے کہ بے سروپا کس — کہتے ہیں تو میں — یوسف مرزا کو۔ اگر سچ ہے — جواں مرد ایک ساتھ — قیدوں — چھوٹ گیا۔ تو حضور میں کیا منع — —۔ میں — ہر خط میں آپکی — سے لکھ دیتا ہوں۔ نہیں میرن صاحب، اس خط — آئے — بہت دن ہو گئے —۔ بھائی آخر — وجہ تو بتاؤ کہ تم مجھے خط — سے کیوں باز رکھتے —۔ سچ تو یہ — کہ جب آپ کا خط — اور وہ پڑھا جاتا تو میں — اور حظ —۔ میری روانگی کے تین دن

ـــ خط شوق ـــ لکھئے گا۔ اس وقت پہلے تو آندھی ـــ پھر مینھ
ـــ ـ

D. Translate into Urdu.

I. Tell me how I can go there. II. The first son is cleverer than the other sons. III. When his father died he had to drop out of the school. IV: The old man had received orders of his release. V. After that they did not prevent him from going out. VI. She would be angry that I didn't come to her house yesterday. VII. If you are my friend, why are you angry with me? VIII, The truth is that I did not write a letter to the doctor. IX. Did you get the letter I wrote you ten days ago. X. It's not good that you don't take care of your business. XI. Despite all my efforts I was not able to pass the final examination. XII. I don't want you to go there every day. XIII. It has been some time since I read this book. XIV. Neither you nor your brother can help Ahmad in this matter. XV. He didn't come himself and didn't send his brother either.

E. Answer the following in Urdu.

۱. غالب نے پہلا خط کس کو لکھا اور اس میں کس کے مرنے کی خبر دی ؟
۲. کیا آپ کے یہاں تعزیت کا طریقہ کچھ مختلف ہے ؟
۳. کیا تمہارے دادا اور دادی ہیں ؟ اگر ہیں تو کہاں رہتے ہیں ؟
۴. "دونوں قیدوں" سے چھوٹنے کا کیا مطلب ہے ؟
۵. بول چال کی زبان کس خط میں زیادہ استعمال کی گئی ہے ؟

۶. میرن صاحب کیوں نہیں چاہتے کہ غالب خط لکھیں؟

۷. کیا آپ کے یہاں بھی علاج میں پرہیز ضروری سمجھا جاتا ہے؟

۸. "دعا" کا استعمال کہاں ہوتا ہے، اور "آداب" کا کہاں؟ کیا آپ کو اس طرح کے کچھ اور الفاظ اردو میں معلوم ہیں؟

۹. لوگ کہتے ہیں کہ غالب کا خط لکھنے کا انداز بہت دلچسپ ہے۔ آپ کا کیا خیال ہے؟

۱۰. غالب کے انداز میں خط لکھنا آسان ہے یا مشکل؟ کوشش کرکے بتائیے۔

UNIT - XXIII

امریکہ[1] کی نیگرو آبادی کو مساویانہ حقوق دیئے جائیں

کیتھولک چرچ کی طرف سے ایک اہم مہم کا آغاز

نیویارک۔ یکم[2] جولائی۔ امریکی کیتھولک چرچ کی طرف سے امریکہ کی نیگرو آبادی کو مساویانہ حقوق دیئے جانے کے مطالبہ کی زبردست حمایت کی گئی ہے۔ اسی سلسلہ میں بشپ برنارڈ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ دنیا میں تمام کیتھولک لوگوں کو یہ حقیقت محسوس کرنی چاہیئے کہ امریکی نیگرو جو کہ ہمارے بہن بھائی ہیں اور اپنے حق اور آزادی کے لئے ایک زبردست کوشش کر رہے ہیں، اور ہم سب ایک ہی خدا کے بیٹے ہیں اور ہر ایک کو جینے کا حق ہے۔ اُنہوں نے پروٹسٹنٹ نیگرو لیڈر مارٹن لوتھر کی تحریک کی زبردست حمایت کی۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ امریکہ کے جنوبی شہروں میں نیگرو آبادی نسلی امتیاز کی پالیسی کے خلاف ایک زبردست تحریک چلا رہی ہے۔

Vocabulary

امریکہ	M	amriikaa	America
نیگرو		niigroo	Eng., Negro
آبادی	F	aabaadii	population
مساویانہ		musaawiyaanaa	equal
حقوق	Mp	huquuq	rights; pl. of حق [haq]
کیتھولک		keethoolik	Eng., Catholic
چرچ	M	carc	Eng., church
اہم		aham	important
مہم	F	muhim	campaign
آغاز	M	aaGaaz	the beginning
نیویارک	M	nyuu-yaark	New York
جولائی	MF	juulaaii	Eng., July
امریکی		amrikii	American
مطالبہ	M	mutaalibaa	demand
زبردست		zabar-dast	strong
حمایت	F	himaayat	support
حمایت کرنا	NF	himaayat karnaa	to support X [-kii]
بشپ	M	bišap	Eng., Bishop
برنارڈ	M	barnaarD	Eng., Bernard
بیان	M	bayaan	statement
حقیقت	F	haqiiqat	fact, reality
محسوس کرنا	N	mahsuus-karnaa	to feel; to realize
بہن	F	bahen	sister
پروٹسٹنٹ		prooTesTenT	Eng., Protestant
لیڈر	M	liiDar	Eng., leader
مارٹن لوتھر	M	maarTin luuthar	Rev. Dr. Martin Luther King
تحریک	F	tahriik	movement
قابل ذکر		qaabil-e-zikr	noteworthy; lit., worthy of mention
جنوبی		junuubii	southern
نسلی		naslii	racial
امتیاز	M	imtiyaaz	discrimination

پالیسی	F	paaliisii	Eng., policy
خلاف		xilaaf	against X [-kee]
چلانا	N	calaanaa	to activate; lit., to cause to move

Notes: XXIII

1. [amriikaa] can be written with either a final [alif] or [chooTii hee]. The full name in Urdu for the United States of America is [riyaasat-haa-e-muttahida-e-amriikaa].

2. [yakum] is an ordinal number borrowed from Persian. In Urdu its use is generally limited to refer to the first of a month. Other dates would be indicated by cardinal numbers placed before the name of the month. [eek] will not be used, though the feminine ordinal form, [pahlii], (agreeing with [taariix]: F; "date"), can be used instead of [yakum].

Exercises

A: Situational Variants.

امریکہ کی نیگرو آبادی کو برابر حقوق ملنے چاہئیں۔ امریکی کیتھولک چرچ کی جانب سے امریکہ میں رہنے والے نیگروؤں کو دوسروں کے برابر حقوق دینے کے مطالبہ کی حمایت کی گئی ہے۔ اس بات کے متعلق بشپ برنارڈ نے بھی ایک بیان دیا ہے جس میں کہا ہے کہ دنیا کے سارے کیتھولک لوگوں کو یہ حق بات مان لینی چاہئے کہ امریکہ میں رہنے والے نیگرو ہمارے بہن اور بھائی ہیں۔ یہ لوگ اپنے حقوق اور آزادی کے لئے ایک بہت بڑی مہم میں لگے ہوئے ہیں۔ ہم سب ایک ہی خدا کی اولاد ہیں اور سب کو جینے کا حق ہے۔ انہوں نے نیگرو لیڈر مارٹن لوتھر کنگ کی تعریف کی اور انکی تحریک میں مدد کرنے کا وعدہ کیا۔ اس بات کا ذکر ضروری ہے کہ امریکہ کے جنوبی حصوں میں نیگرو آبادی کو ابھی سماجی آزادی پوری طرح حاصل نہیں۔ وہ آج کل اپنے سیاسی حقوق حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

1.	جانب سے	jaanib-see	on behalf of X [-kii], from X [-kii]
2.	حق	haq	true
3.	اولاد	aulaad	progeny
4.	تعریف	taariif	praise
5.	تعریف کرنا	taariif karnaa	to praise X [-kii]

B: **Translate into English.**

ہندوستان کی آبادی ہر سال زیادہ سے زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ ہر انسان کو دوسرے کے ساتھ مساویانہ سلوک کرنا چاہیئے۔ ہر شہری کے حقوق کی حفاظت حکومت کا پہلا کام ہے۔ باتوں باتوں میں سب سے اہم بات ہی کہنا بھول گیا۔ انہوں نے بات کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ میں بھی اس تحریک کی حمایت کرتا ہوں۔ نسلی یا مذہبی امتیاز آج کی دنیا میں کسی طرح پسند نہیں کیا جا سکتا۔ شہر کا آغاز اسی سڑک سے ہوتا ہے۔ جب ہمارا خدا ایک ہے اور ہم سب اسکے ہی بیٹے ہیں تو ہم کو برابر کے حقوق بھی ملنے چاہئیں۔ کل شام کو ایک زبردست آندھی چلی جس کی وجہ سے کئی درخت گر گئے۔ دربار میں اس شخص نے بادشاہ کے سامنے غلام کی حمایت کی اور اسے قید سے بچا لیا۔ وہ صاحب جو آپ کے ساتھ رہتے ہیں میں نے انکا بیان آج کے اخبار میں پڑھا۔ انسان کو محنت میں ذلت نہیں محسوس کرنی چاہیئے۔ وہ صاحب جو آپ سے بات کر رہے ہیں اکثر حقیقت سے کام نہیں لیتے۔ بچہ گرمی محسوس کرکے آگ کے قریب نہیں جاتا ہے۔ دنیا کے سارے ملک اب اپنے اپنے حقوق مانگنے لگے ہیں۔ افریقہ کے اکثر ملک آزادی حاصل کر چکے ہیں۔ مارٹن لوتھر کنگ کا کام قابلِ ذکر اور قابلِ تعریف ہے۔ جنوبی افریقہ کی نسلی امتیاز کی پالیسی کو سب لوگ بری نظر سے دیکھتے ہیں۔ انسان کو سمجھ اس لئے دی گئی ہے کہ وہ اچھی اور بری چیز میں امتیاز کرے۔ کسی تحریک کے چلانے کیلئے بڑی محنت کرنی پڑتی ہے۔ دنیا کا ہر ملک کسی دوسرے ملک کی غلامی کی بجائے آزاد رہنا چاہتا ہے۔

آج کل ساری دنیا میں سیاسی اور معاشی غلامی کے خلاف تحریکیں چل رہی ہیں۔
امریکہ کی نئی حکومت نیگروؤں کو مساویانہ حقوق دینا چاہتی ہے۔ میری جانب
سے انکو سلام کہئے گا۔

C: Fill in the blanks.

امریکہ کی نیگرو ——— کو مساویانہ ——— دئے جائیں۔ امریکی کیتھولک چرچ
کی طرف سے امریکہ کی ——— آبادی کو ——— حقوق دئے جانے کے ——— کی زبردست
——— کی گئی ہے۔ اس سلسلہ ——— بشپ برنارڈ نے ایک ——— میں کہا ہے
کہ ——— میں تمام کیتھولک لوگوں کو یہ حقیقت محسوس کرنی ——— کہ امریکی نیگرو
جو کہ ہمارے بہن ——— ہیں اور اپنے حق اور آزادی ——— ——— ایک زبردست
کوشش کر رہے ہیں اور ہم سب ایک ہی ——— کے بیٹے ہیں اور ——— ایک
کو جینے کا ——— ہے۔ انہوں نے پروٹسٹنٹ نیگرو ——— مارٹن لوتھر کنگ کی
——— کی زبردست حمایت ———۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ امریکہ کے ———
شہروں میں نیگرو آبادی ——— امتیاز کی پالیسی کے ——— ایک زبردست
تحریک چلا رہی ہے۔

D. Translate into Urdu.

I. The population of this city seems to be quite large. II. The most precious right of a man is his right to live. III. I felt that he didn't want to come here today. IV. That man is fighting for his rights. V. The birds are flying freely in the air. VI. Because he is new in the city no one is coming to his aid. VII. I have to finish an important work today.

VIII. The beginning of every work looks difficult. IX. It is worth mentioning that the boy saved the passengers from death. X. There is a fairly large Negro population in this city. XI. I felt great joy at his arrival. XII. The Catholic Church has supported this movement. XIII. India and Pakistan got their independence in 1947. XIV. He praised Ahmad for his bravery. XV. How can I say anything against you? XVI. Are you against giving equal rights to all human beings? XVII. Do you have any children?

E. Answer the following in Urdu.

۱- کیتھولک چرچ کی طرف سے کس مہم کا آغاز ہوا؟

۲- امریکہ کی نیگرو آبادی کا مطالبہ کیا ہے؟

۳- بشپ برنارڈ نے اپنے بیان میں کیا کہا؟

۴- مارٹن لوتھر کنگ کی تحریک کے بارے میں ان کا کیا خیال ہے؟

۵- امریکہ کے جنوبی شہروں میں نیگرو آبادی نے کیا تحریک چلائی ہے؟

۶- کیا تم نے اس تحریک میں حصہ لیا ہے؟

۷- کیا امریکہ کے شمالی شہروں میں نیگروؤں کی حالت بہتر ہے؟

۸- امریکی حکومت نیگرو آبادی کے مطالبہ کے متعلق کیا کر رہی ہے؟

۱- میں تمہیں کیونکر سمجھاؤں کہ دھوپ میں نہ کھیلا کرو۔

۲- تم کو جاوید کے باپ کے مرنے کی خبر کیونکر معلوم ہوئی۔

۳- بزرگ لوگ چھوٹوں کو نصیحت کیا ہی کرتے ہیں۔

۴- میں تو انکو اس طرح کے خط لکھا ہی کرتا ہوں۔

۵- وہ اپنے لکھنے پڑھنے کا کام یوہی کیا کرتا ہے۔

۶- بھلا اس طرح بھی کوئی سائیکل چلایا کرتا ہے!

۷- بھلا بتاؤ کہ اگر کسی کا باپ مرجائے تو کیا اسکو تکلیف نہ پہنچے گی!

۸- نہ دن کا خیال نہ رات کا، بھلا یہ بھی کوئی کام کرنے کا طریقہ ہے۔

۹- طلبا کو جو طریقہ پڑھنے کا بتایا جاتا ہے وہ بیچارے اسی طرح سے پڑھتے ہیں۔

۱۰- بچوں کو شروع ہی سے اٹھنے بیٹھنے اور کھانے پینے کے آداب سکھائے جاتے ہیں۔

۱۱- بچوں کو ابتدا ہی سے برے کاموں سے پرہیز کرنے کیلئے کہا جاتا ہے۔

۱۲- جب دو شخص باتیں کر رہے ہوں تو ان کے درمیان دخل نہیں دینا چاہیے۔

۱۳- ہر بچہ کو اپنے ماں باپ اور بھائی بہن سے لگاؤ ہوا ہی کرتا ہے۔

۱۴- میرے دوست کو کھیلوں سے کسی قسم کا لگاؤ ہی نہیں ہے۔

۱۵- جب جاوید بے سروپا باتیں کرنے لگتا ہے تو اسکی باتیں مجھے اچھی نہیں لگتیں۔

۱۶- پڑھے لکھے لوگ ہی جب اس طرح کی بے سروپا حرکتیں کرنے لگیں تو بہت برا معلوم ہوتا ہے۔

۱۷- میں جب اسٹیشن پہنچا تو اس وقت تک ریل چھوٹ چکی تھی۔

۱۸- حکومت مجرموں کو قید سے آزاد کرنے کا فیصلہ کر چکی ہے۔

۱۹- میں جب تک لڑکے کی مدد کو پہنچوں وہ پانی میں ڈوب کر مر چکا تھا۔

۲۰- کتاب مرے ہاتھ سے چھوٹ کر پانی میں گر گئی۔

۲۱- خدا کا شکر ہے کہ اس مصیبت سے میری جان جلد چھوٹ گئی۔

۲۲- میں نہ تو ان سے ملنے گیا نہ انکو خط ہی لکھ سکا۔

۲۳- جاوید نے آج دن بھر نہ کچھ کھایا ہے نہ پیا ہے۔

۲۴- میر صاحب کو نہ کھیل سے دلچسپی ہے نہ پڑھائی سے۔

۲۵- اگر آپ مجھے حکم دیں تو میں انکے پاس یہ کتاب بھیجدوں۔

۲۶- بادشاہ نے ملازموں سے کہا کہ وہ سب مل کر اس غلام کو پانی میں پھینک دیں۔

۲۷- اب مجھے کوئی خاص تکلیف نہیں ہے صرف بخار باقی ہے۔

۲۸- میرے پاکستان واپس جانے میں صرف چار دن باقی ہیں۔

۲۹- میرے پاس سارے روپئے ختم ہو گئے ہیں۔ صرف چند پیسے باقی ہیں۔

۳۰- انہوں نے اپنی طرف سے امتحان میں کامیاب ہونے کی بہت کوشش کی۔

۳۱- اگر تم اجازت دو تو تمہاری طرف سے جاوید کو یہاں آنے کے لئے لکھ دوں۔

۳۲- ہم لوگوں کی طرف سے اس کام میں کوئی دیر نہ ہوگی۔

۳۳- جاوید کو لکھنؤ گئے ہوئے کافی دن گذر گئے ہیں۔

۳۴- مجھ کو "یادگارِ غالب" پڑھے ہوئے کئی سال ہو گئے ہیں۔

۳۵- شمیم صاحب کے اشعار سنے ہوئے تقریباً ایک سال ہو گیا ہے۔

۳۶- آج کل ہندوستان اور پاکستان میں لوگ خوب آم کھاتے ہونگے۔

۳۷- میرا دوست اس وقت کالج میں پڑھتا ہوگا۔

۳۸- جو لوگ بچوں کو کھیلنے سے باز رکھتے ہیں وہ اچھا نہیں کرتے۔

۳۹- حکومت کو چاہئے کہ لوگوں کو جانوروں کو تکلیف پہنچانے سے باز رکھے۔

۴۰- میں آج رات کو یہاں سے دلّی کے لئے روانہ ہو رہا ہوں۔

۴۱- میں نے ملازم سے کہہ دیا ہے کہ تمہارا سامان ریل کے ذریعہ روانہ کرے

۴۲- میرے بھائی نے لکھا ہے کہ اس نے میری کتاب کل ہی روانہ کر دی ہے۔

۴۳- والد صاحب کی روانگی کے بعد انکی چیزوں کا میں ہی خیال رکھونگا

۴۴- جو شخص اپنی تندرستی کا خود خیال رکھے گا اسکو کبھی کوئی
تکلیف نہ ہو گی۔

۴۵- آپ کے خط لکھنے یا نہ لکھنے سے مجھے کیا دلچسپی ہو سکتی ہے۔

۴۶- جب تمہاری ضرورت رفع ہو جائے تو میری کتاب واپس کر دینا۔

۴۷- ہر وہ کام جس کا آغاز اچھا ہوتا ہے وہ ختم بھی اچھے طریقہ سے ہوتا ہے۔

۴۸- ہر ملک میں لوگ اپنی حکومتوں سے اپنے حقوق کا مطالبہ کرتے ہیں۔

۴۹- امریکہ کے لوگ اس بات کو محسوس کرتے ہیں کہ نیگرو آبادی کے مطالبہ کو زبردست حمایت حاصل ہے۔

۵۰- نیگرو آبادی کے حقوق کے مطالبہ کے سلسلے میں مارٹن لوتھر کنگ کے بیان کو سب سے زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔

۵۱- آج کل نسلی امتیاز کو پسند نہیں کیا جاتا ہے اور ہر وہ تحریک جو اسکے خلاف ہو اسکی حمایت کی جاتی ہے۔

۵۲- یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ اسلام نے کئی سو سال پہلے ہی لوگوں کے رنگ اور نسلی امتیاز کو ختم کر دینے کا اعلان کر دیا تھا۔

اکبر الہ آبادی

سید اکبر حسین نام اور اکبر تخلص تھا۔ الہ آباد کے رہنے والے تھے۔ ۱۶ نومبر سنہ ۱۸۴۶ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی۔ اردو، فارسی، عربی کے علاوہ انگریزی سے بھی خوب واقف تھے۔ نہایت معمولی درجے کی نوکری سے ترقی کرتے کرتے سشن جج کے عہدے تک پہنچے[1]۔

اکبر کا زمانہ ہندوستان کی سماجی اور سیاسی زندگی میں ایک عظیم تبدیلی کا زمانہ ہے۔ غدر کے بعد انگریزی حکومت پورے ملک پر چھا گئی تھی۔ نئے حاکموں کی تہذیب[2] کے سامنے ملک کی پرانی تہذیب کا چراغ بجھنے والا تھا[3]۔ غلام اور محکوم قومیں ہمیشہ اپنے حاکموں کی نقل کرتی ہیں اور اس حد تک کہ[4] اپنی اچھی چیزیں بھی چھوڑ دیتی ہیں۔ یہی حال اُسوقت ہندوستانیوں کا تھا۔ مسلمانوں میں خاص طور پر یہ تحریک زور پر تھی۔ سر سید اور اُنکے ساتھیوں نے جو تحریک چلائی تھی اور جن مقاصد کیلئے علیگڈھ کالج قائم کیا تھا اُنکی شکل زمانے کے ہاتھوں[5] بدل چکی تھی۔ مغرب پرستی[6] اور انگریزوں کی غلط صحیح[7] نقل عزت کی بات سمجھی جاتی تھی۔ انگریزی تعلیم سے کلرکی تو مل جاتی تھی مگر ساتھ[8] ہی ساتھ لوگ اپنی تہذیب اور مذہب سے بھی بیگانہ[9] ہوتے جا رہے تھے۔ اکبر نے سماج کا یہ رنگ[10] دیکھا اور ان خرابیوں کو دور کرنا چاہا۔ اس مقصد کے لئے اُنہوں نے مولویوں کی طرح وعظ نہ دیے بلکہ اپنی ظریفانہ شاعری سے کام لیا۔ ہنسی کے پردے میں نصیحت کی اور مذاق میں کام کی بات سکھائی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اُنکی باتوں کو سب نے سنا اور اثر لیا۔ اُنکے ظریفانہ اشعار

لوگوں کو ہنساتے مگر ساتھ ہی ساتھ سوچنے پر بھی مجبور کرتے تھے۔

اکبرؔ شاعر تھے لیڈر نہ تھے۔ اس لئے اُنکی شاعری میں ہم کو ہر طرح کے خیالات ملتے ہیں۔ ترقی پسند[11] بھی اور قدامت پرست[12] بھی۔ اُنہوں نے قوم کے سامنے کوئی مکمل پروگرام نہیں بنا کر رکھا۔ صرف اُسکو اُسکی غلطیوں اور کمزوریوں سے آگاہ کرتے رہے۔ اُنکی قوم نے اُنکی باتوں کو دھیان سے سُنا اور اُنکی شاعری کو دل میں جگہ دی۔ اُنکے اشعار آج بھی لوگوں کو اسی طرح یاد ہیں[13] جیسے اکبرؔ کے زمانے میں تھے۔

اکبرؔ کا انتقال ۲؍ ستمبر سنہ ۱۹۲۱ء کو الہ آباد میں ہوا۔

اکبرؔ کے چند آسان اشعار

مصیبت میں بھی اب یادِ خدا آتی[14] نہیں اُنکو
دعا منھ سے نہ نکلی، پاکٹوں[15] سے عرضیاں نکلیں

ہے یہی بہتر علیگڑھ جا کے سیّد[16] سے کہوں
مجھ سے چندہ لیجئے، مجھکو مسلماں کیجئے

قوم کے غم میں ڈنر[17] کھاتے ہیں حکّام کے ساتھ
رنج لیڈر کو بہت ہیں مگر آرام کے ساتھ ؛؛

ہوئے اسقدر مہذّب کبھی گھر کا منھ نہ دیکھا[18]
کٹی عمر ہوٹلوں[19] میں، مرے اسپتال جا کر

سیّد اُٹھے جو گزٹ[20] لے کے تو لاکھوں لائے
شیخ[20] قرآن دکھاتے پھرے پیسہ نہ ملا

Vocabulary

تخلص	M	taxallus	nom de plume
الہ آباد	M	ilaahaabaad	Allahabad
نومبر	M	naumbar	Eng., November
حاصل کرنا	N	haasil-karnaa	to receive
واقف		waaqif	familiar
نہایت		nihaayat	very much
معمولی		maamuulii	ordinary
درجہ	M	darjaa	class
نوکری	F	naukrii	service
سشن جج	M	sešan-jaj	Eng., sessions judge
سیاسی		siyaasii	political
عظیم		aziim	great
تبدیلی	F	tabdiilii	change
انگریزی		angreezii	English, British
چھا جانا		chaa-jaanaa	to overwhelm X [-par]; lit., to cover X [-par] (Intr.)
چراغ	M	ciraaG, caraaG	lamp
بجھنا		bujhnaa	to go out, be extinguished
محکوم		mahkuum	conquered, enslaved
نقل کرنا	Ki F	naql karnaa	to imitate
حد	F	had	limit
اس حد تک		(is) had-tak	to such an extent
زور پر ہونا		zoor-par hoonaa	to be powerful, to be at its peak
ساتھی	M	saathii	companion
مقصد	M	maqsad	purpose
ہاتھوں		haathõõ	at the hands of X [-kee]
بدلنا		badalnaa	to change (Intr.)
مغرب	M	maGrib	the West
پرستی	F	-parastii	a derivative suffix, forms feminine nouns; [X-parastii]: worship of X
غلط		Galat	wrong

صحیح		sahiih	right
نقل	F	naql, naqal	imitation, copy
عزت	F	izzat	honor, respect
کلرکی	F	kilarkii	clerkship
ساتھ ہی ساتھ		saath hii saath	along with it; along with X [-kee]
بیگانہ		beegaanaa	estranged
سماج	M	samaaj	society
رنگ	M	rang	attitude, condition; litl, colour
خرابی	F	xaraabii	defect
مولوی	M	maulwii	a Muslim religious teacher
وعظ	M	waaz	sermon
وعظ دینا	NM	waaz deenaa	to exhort, sermonize
ظریفانہ		zariifaanaa	humorous
کام لینا	NM	kaam leenaa	to make use of X [-see]
ہنسی	F	hãsii	laughter
پردہ میں		pardee-mẽẽ	in the guise of X [-kee]
مذاق	M	mazaaq	jest
کام کا		kaam-kaa	worthwhile
نتیجہ	M	natiijaa	result
اثر لینا	NM	asar leenaa	to be impressed and affected by X [-kaa], to be edified by X [-kaa]
ہنسانا	N	hãsaanaa	to make X [-koo] laugh
شاعر	M	šaaer	poet
خیالات	Mp	xayaalaat	ideas; pl. of خیال [xayaal]
ترقی پسند		taraqqii-pasand	progressive
قدامت پرست		qadaamat-parast	conservative, orthodox
پروگرام	M	proograam	Eng., program
آگاہ کرنا	N	aagaah-karnaa	to inform (warn) X [-koo] about X1 [-see]
دھیان	M	dhyaan, dheyaan	attention
دھیان سے		dheyaan-see	attentively

ستمبر	M	sitambar	Eng., September
مصیبت	F	musiibat	calamity
یاد	F	yaad	remembrance; memory
یاد آنا	KF	yaad aanaa	to think of X [-kii]
منھ	M	mũh, mũũh	mouth
پاکٹ	F	paakiT	Eng., pocket
عرضی	F	arzii	application
بہتر		beh-tar	better
چندہ	M	candaa	donation
غم	M	Gam	sorrow, grief
ڈنر	M	Dinar	Eng., dinner
حکام	Mp	hukkaam	officers; pl. of حاکم [haakim]
رنج	M	ranj	grief
مہذّب		muhazzab	cultured, civilized
ہوٹل	M	hooTal	Eng., hotel
لاکھ		laakh	one lac; 100,000
پیسہ	M	paisaa	pice; paisa; 1/looth of a rupee

Notes: XXIV

1. [sešan-jajii-kee ohdee-tak pahŏcee], "reached the position of a Session's Judge". Note the fact that it is an abstract noun, [sešan-jajii], which is used with [ohdaa], and not the adjective, [sešan-jaj].

2. [tahziib], "civilization"; in other contexts, it may only mean, "civility, politeness". E.g., [woo baRii tahziib-see boolaa], "He spoke with great civility."

3. This is an idiomatic expression, the analogy implied being the fact that in the presence of a relatively brighter light other not so bright lights become useless and are extinguished.

4. /aur is had-tak ki...], "and to such an extent that..."

5. X [-kee haathŏŏ], "due to X; in the hands of X; at the hands of X".

6. [maGrib-parastii] is an abstract noun made from [maGrib-parast], an adjective, in turn consisting of two elements, [maGrib], "the West", and [-parast], a Persian suffix meaning "worshipper of ..." [maGrib-parast], "one who worships the West"; [but-parast], "one who worships idols, or an idolator".

7. [Galat-sahiih] is not exactly the same as either [Galat aur sahiih] or [Galat yaa sahiih], though it may be closer to the first than to the latter. It suggestsmixture, a mixture of both "the right thing and the wrong".

8. [saath hii saath], "simultaneously; along with it".

9. [beegaanaa], ending in a [chooTii hee] and being relatively uncommon, can be used as an unmarked adjective as well as a marked one.

10. [rang], lit., "color", is used metaphorically to mean "attitude, or condition".

11. [taraqqii-pasand], "one who likes progress; a progressive person". [-pasand] can occur as a derivative suffix with other Perso-Arabic nouns. The resultant compound forms will be of two kinds, one meaning "one who likes X", the other meaning "one who is liked by X". The first meaning, however, is more common.

12. [qadaamat-parast], "a conservative"; lit., "one who worships [qadaamat] or antiquity".

13. [yaad-hoonaa]: K : "to know something by heart; to remember something well".

14. [yaad aanaa] : KF : "to remember or recall X [-kii] suddenly". [xudaa-kii yaad aanaa], "to think of God".

15. Akbar was very good at using English words in his verses. This practice not only provided him with some most unusual rhymes but added bite to his satire of the Westernized Moslems of his time who were inclined to show off their borrowed habits at every occasion.

16. [sayyad] refers to Sir Saiyad Ahmad Khan, the famous Moslem

reformer. Akbar was very much against what he considered to be pro-West and anti-clerical tendencies in the graduates of Aligarh. It seemed to him as if the new zeal for social reform had made the educated Moslems neglectful in their religions life. He has innumerable verses in which he makes fun of Saiyad Ahmad and his college at Aligarh.

17. [qaum-kee Gam-mẽẽ], "because of grief for his nation's plight". X [-kee Gam-mẽẽ], "because of feeling sorrow for X".

18. [kabhii ghar-kaa mũh na deekhaa], "never saw even the outside of his house".
It is an idiomatic construction implying for the subject to never even look at the face or outside of someone or something; a complete separation.

19. Both [guzarnaa] and [kaTnaa] are used with units of time, like [umr], [ghanTaa], etc. [guzarnaa] means "to pass (intr.)"; /kaTnaa/ means "to be cut".

20. [gazeT] is English "gazette", in which civil service appointments are published. Akbar is making a sarcastic comparison between the relative importance in the eyes of his people of the official gazette and the Holy Quran. [sayyad] again refers to Sir Saiyad Ahmad Khan, who used to make tours of the country in order to raise funds for his college. [šaix] does not refer to any specific persons. Its literal meaning is "a chief or noble", but in poetry it means "a traditional theologian". In contrast with other poets, who always considered [šaix] to be a nuisance and made fun of his hypocrisy, Akbar presented him as someone who deserved our pity as well as support in a world which had gone against him.

Exercises

A: **Situational Variants.**

انہوں نے شروع میں تعلیم والد سے پائی۔ بالکل چھوٹی سی ملازمت سے ابتدا کرکے وہ سشن جج کے بڑے عہدے تک پہنچے۔ اکبر کے وقت میں ہندوستان کی سماجی اور سیاسی زندگی میں ایک بہت بڑی تبدیلی ہو رہی تھی۔ نئے آئے ہوئے حاکموں کی مغربی تہذیب کے آگے ہندؤں اور مسلمانوں دونوں کی پرانی تہذیب کا چراغ بجھ رہا تھا۔ سر سید اور ان کے ساتھیوں نے جس تحریک کی ابتدا کی تھی اور جن ارادوں سے علی گڑھ کالج کی بنیاد ڈالی گئی تھی انکی شکل وقت نے بدل ڈالی تھی۔ انگریزی تعلیم سے کلرک کی نوکری تو مل جاتی تھی مگر اس تعلیم کے اثر سے لوگ اپنی تہذیب اور مذہب سے بھی دور ہوتے جا رہے تھے۔ اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لئے انہوں نے مولویوں کے انداز میں نصیحت نہیں کی بلکہ اپنی ظریفانہ شاعری کو استعمال کیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ سب نے انکی باتوں کو سن کر اثر لیا۔ اکبر لیڈر کم مگر شاعر زیادہ تھے اس لئے ہم انکی شاعری میں محض ایک ہی انداز کے خیالات نہیں پاتے، بلکہ ہر قسم کے خیالات دیکھتے ہیں۔ انہوں نے قوم کے آگے کوئی پورا پروگرام بنا کر پیش نہیں کیا۔

B: **Translate into English.**

زیادہ تر رات کو کام کرنے کی وجہ سے احمد کی آنکھیں نہایت کمزور ہوتی جا رہی

ہیں۔ اچھا ہوا کہ وہ معمولی لباس پہن کر آئی ورنہ اس ترّشح میں اس کا لباس خراب ہو جاتا۔ رفتہ رفتہ ترقّی کرتے کرتے وہ معمولی عہدے سے ایک بڑے عہدے پر پہنچ گیا۔ شوکت مجرم کا نام لیتے لیتے رک گیا اور پھر ظاہر کرنے سے انکار کر دیا۔ اس لڑکی نے ابتدائی تعلیم اپنے گھر ہی پر حاصل کی۔ یہ رہنے والے تو دِلّی ہی کے تھے مگر نوکری کی تلاش نے انکو بمبئی جانے پر مجبور کر دیا۔ ہم دوستوں کے ساتھ جب کھیل کے میدان میں پہنچے تو کھیل ختم ہونے والا تھا۔ تیل کے کم ہو جانے کی وجہ سے چراغ کی روشنی کم ہوتی جا رہی تھی اور بجھنے ہی والا تھا۔ جب میں اسٹیشن پر پہنچا تو ریل چھوٹنے ہی والی تھی۔ بعض لیڈر خود کی بھلائی کے لئے کوئی نہ کوئی تحریک چلانے لگ جاتے ہیں۔ بچّے اکثر بڑوں کی نقل کرنا شروع کرتے ہیں جس کی وجہ سے کبھی کبھی بری باتیں بھی سیکھ جاتے ہیں۔ دنیا بڑی تیزی کے ساتھ ترقّی کرتی جا رہی ہے، مگر ساتھ ہی ساتھ جنگ کا ڈر بھی لگا ہوا ہے۔ جاوید میاں نے اپنے والد کے انتقال پر بڑے صبر سے کام لیا۔ دونوں بکروں نے لڑائی کے بجائے دوستی سے کام لیا اور پانی میں گرنے سے بچ گئے۔ استاد نے لڑکوں پر غصّہ ہونے کی بجائے ہمیشہ ہنسی سے کام لیا جس کی وجہ سے زیادہ مقبول ہو گیا۔ اشوک نے سماج کی خرابیوں کو دیکھ کر انہیں دور کرنا چاہا اور اس مقصد کے لئے خاص افسر بھی مقرّر کئے۔ افریقہ کے بعض ملک آزادی حاصل کرنے بعد بھی ترقّی نہ کر پا رہے ہیں چنانچہ اکثر ملکوں کے عوام کی حالت اچھی نہیں ہے۔

لڑکوں نے مولوی صاحب کے وعظ کو شوق سے سنا مگر چند ہی دنوں میں انکی نصیحتوں کو بھول گئے ۔ شاعری کرنا آسان نہیں ہے لیکن ہر شخص جو شعر کہتا ہے اپنے آپ کو اچھا شاعر سمجھتا ہے ۔ کبھی کبھی یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ قوم لیڈر کے خیالات کی پوری پوری حمایت نہیں کرتی ۔ کسی ملک میں ترقّی پسند اور قدامت پسند دونوں طرح کے خیالات کے لوگوں کا ہونا ضروری ہے ۔ ایسا نہ ہو تو ملک میں صرف ایک ہی قسم کا سیاسی پروگرام پھیلنے لگے گا ۔ استاد نے لڑکے کو اسکی غلطیوں اور کمزوریوں سے آگاہ کیا تو اس نے اپنے آپ کو سدھار لیا ۔

C: **Fill in the blanks.**

سیّد اکبر حسین ——— اور اکبر ——— تھا ۔ الہ باد کے ——— تھے ۔ ابتدائی
تعلیم اپنے والد سے ——— کی ۔ اردو، فارسی، عربی کے ——— انگریزی
سے بھی خوب واقف تھے ۔ اکبر کا زمانہ ہندوستان کی اور ——— اور ———
زندگی میں ایک عظیم تبدیلی کا ——— ہے ۔ نئے ——— کی تہذیب کے ———
ملک کی پرانی تہذیب کا چراغ ——— تھا ۔ یہی حال اس وقت ہندوستانیوں
——— تھا ۔ مسلمانوں میں خاص طور ——— یہ تحریک زور ——— تھی ۔
مغرب ——— اور انگریزوں کی غلط صحیح ——— عزّت کی بات ———
جاتی تھی ۔ اکبر نے ——— کا یہ رنگ دیکھا اور ان خرابیوں ——— دور کرنا ——— ۔
ہنسی کے پردے ——— نصیحت کی اور مذاق میں ——— کی بات سکھائی ۔

اکبر شاعر تھے لیڈر ـــــ تھے، اس لئے ان کی ـــــ ہیں ہم کو ہر ـــــ
کے ـــــ ملتے ہیں۔ انہوں نے قوم کے ـــــ کوئی مکمل پروگرام نہیں بنا کر
ـــــ ۔

D. Translate into Urdu.

I. The child was extremely weak, so the doctor gave him some medicine. II. Ahmad's work is extremely unusual. III. He got tired working and sat down to rest. IV. The king was wearing an extremely ordinary dress. V. A great change is taking place at present in the social life in India. VI. He started a movement for the progress of the Muslims. VII. When we returned home, they were about to sit for dinner. VIII. It is difficult to tell where he got his early education. IX. Shaukat imitates very well whomsoever he sees. X. He is studying in America and working at the same time, too. XI. He has made use of humor in his early poems. XII. The students listened to the teacher with attention. XIII. Do you know any verses by Akbar? XIV. All the time talking he came with me to my house. XV. I was about to go out when it began to rain. XVI. He was eating and, at the same time, talking with me.

E. Answer the following in Urdu.

۱۔ اکبر کہاں کے رہنے والے تھے اور انہوں نے ابتدائی تعلیم کس سے حاصل کی؟

۲۔ کیا اکبر صرف اردو سے واقف تھے؟ ترقی کر کے کس عہدے پر پہنچے؟

۳۔ تم انگریزی کے علاوہ اور کس زبان سے واقف ہو؟

۴- آج کل امریکہ کی نیگرو آبادی کی سماجی اور سیاسی زندگی میں کیا عظیم تبدیلی ہوئی ہے ؟

۵- حاکموں کی تہذیب سے محکوم قوموں پر کیا اثر پڑتا ہے ؟

۶- ہندوستان میں اکبر کے زمانے میں انگریزی تعلیم سے کیا فائدہ تھا اور کیا نقصان ؟

۷- اکبر نے اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لئے کیا کیا ؟

۸- اکبر کی شاعری کا اثر لوگوں پر کیسے ہوا ؟

۹- اکبر کی شاعری میں کس طرح کے خیالات ملتے ہیں ؟ کیا تمہیں ان کا کوئی شعر یاد ہے ؟

۱۰- اکبر کا انتقال کب اور کہاں ہوا ؟

شاعرِ مشرق

۱۸۷۳ء میں سیالکوٹ، مغربی پاکستان کے ایک شریف خاندان میں اقبال کی پیدائش ہوئی۔ اُنکے والد، شیخ نور محمدؐ کا چھوٹا سا کاروبار تھا اور وہ شہر میں اپنی نیکی اور پرہیزگاری کے لئے مشہور تھے۔ اقبال کی ابتدائی تعلیم سیالکوٹ کے مشن اسکول میں ہوئی۔ یہاں آپ نے انگریزی کے ساتھ ساتھ عربی اور فارسی خاص طور پر سیکھی۔ پھر لاہور کے گورنمنٹ کالج میں داخل ہوئے اور وہاں سے فلسفہ میں ایم۔ اے کیا۔ ۱۹۰۵ء میں آپ انگلینڈ گئے اور کچھ عرصہ کیمبرج میں فلسفہ کی تعلیم حاصل کرتے رہے۔ پھر جرمنی کی میونخ یونیورسٹی سے فلسفہ میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری لی اور واپس آکر لندن میں بیرسٹری کا امتحان بھی پاس کیا۔ یورپ جانے سے پہلے اقبال گورنمنٹ کالج لاہور میں فلسفہ کے لکچرر تھے۔ مگر یورپ سے واپسی کے دو سال بعد اُنہوں نے سرکاری نوکری چھوڑ دی اور وکالت کرنے لگے۔

اقبال نے اسکول کے زمانے ہی میں شعر کہنے شروع کر دیے تھے۔ کالج میں پہنچ کر تو اُنکی شاعری کی شہرت خوب پھیلی۔ لاہور میں انجمن حمایتِ اسلام کے جلسوں میں ہزاروں لوگ اُنکی نظم خاص شوق سے سنتے تھے۔ اسی زمانے میں اُنکی نظمیں ملک کے بہترین رسالوں میں شائع ہونے لگیں۔ اُنکی شروع کے دور کی اُردو نظمیں قومی اور وطنی جذبے سے بھری ہیں۔ لیکن رفتہ رفتہ اس وطنی جذبے کے ساتھ ساتھ اُنکی شاعری میں ایک جذبہ اور اُبھرا۔ یہ تھا مسلمانوں اور خاص طور سے ہندی مسلمانوں

کی سیاسی اور سماجی پستی کا احساس ۔ مغرب کی ظاہری چمک دمک کی اصل حقیقت کا بھی اُنہیں پتہ[2] تھا ۔

اُنہوں نے مسلمانوں کی پستی کا علاج یہ ڈھونڈا کہ بجائے اپنی خودی[3] کی نفی کرنے کے انسان کا فرض ہے کہ وہ اس کا اقرار کرے[4] اور قدرت کے ہاتھوں میں کھلونا بننے کی جگہ اس مردِ مومن کا انداز اختیار کرے جسکے لئے عمل اور حرکت زندگی کے راز ہیں۔ اِن خیالات کو تفصیل کے ساتھ اُنہوں نے دو طویل فارسی کی مثنویوں[5] میں بیان کیا ۔ اب اقبال صرف ہندوستان یا ہندی مسلمانوں کے[6] شاعر نہ رہے تھے[7]، اب اُنکو مشرق کی ایک اہم آواز مانا جاتا تھا ۔ یورپ سے واپسی کے بعد اقبال ایک عرصہ تک فارسی میں شاعری کرتے رہے مگر آخری دور میں پھر اُردو کی طرف توجہ بڑھی اور کئی مجموعے شائع ہوئے ۔

اقبال کے اُردو کلام کے چار مجموعے ہیں ۔ جن میں "بانگِ درا"[8] اور "بالِ جبریل"[9] کو خاص شہرت حاصل ہے ۔ فارسی کی کتابیں چھ ہیں ۔ فارسی اور اُردو دونوں زبانوں کے کلام کا زیادہ تر حصہ انگریزی میں ترجمہ ہو کر چھپ چکا ہے۔ اُنکے علاوہ اقبال کے فلسفے کو سمجھنے کے لئے اُنکے انگریزی لکچروں کا مجموعہ پڑھنا بھی بہت ضروری ہے ۔

ہندوپاک کے[10] مسلمانوں کی سیاسی اور سماجی زندگی کو نیا رُخ دینے میں اقبال کا بہت بڑا ہاتھ تھا[11]۔ اُنکی شاعری نے مسلم سماج میں ایک نئی جان ڈال دی اور اُنکے ذہن نے اسکو ترقّی کے نئے راستے بتائے ۔ اقبال کو پاکستان کا بانی کہا جاتا ہے کیونکہ اُنہوں نے سنہ ۱۹۳۰ء میں مسلم لیگ کے سالانہ جلسے کی صدارت کرتے ہوئے پہلی مرتبہ ایک آزاد مسلم ملک کا نظریہ پیش کیا تھا ۔ اس نظریہ کو عام مسلمانوں

کی جدّ و جہد نے ۱۹۴۷ء میں پاکستان کی شکل بخشی ۔[12]

اقبال کا انتقال ۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء کو ہوا اور لاہور میں دفن ہوئے ۔

اقبال کے چند آسان اشعار

سارے جہاں[13] سے اچھا ہندوستاں ہمارا
ہم بلبلیں ہیں اُسکی یہ گلستاں ہمارا[14]
چین و عرب ہمارا، ہندوستاں ہمارا
مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا
اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغِ زندگی
تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن، اپنا تو بن[15]
پانی پانی کر گئی[16] مجھکو قلندر کی یہ بات
تو جھکا جب غیر کے آگے، نہ من تیرا نہ تن
ہر اک مقام سے آگے مقام ہے تیرا
حیات ذوقِ سفر کے سوا کچھ اور نہیں
ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں
تو شاہیں[17] ہے پرواز ہے کام تیرا
ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

Vocabulary

شاعر مشرق		šaaer-e-mašriq	The Poet of the East
سیالکوٹ	M	siyaalkooT	name of a city in West Pakistan
مغربی پاکستان		maGribii-paakistaan	West Pakistan
کاروبار	M	kaar-o-baar	business
نیکی	F	neekii	virtue
پرہیزگاری	F	parheezgaarii	piety
مشن اسکول	M	mišan iskuul	Eng., mission school
گورنمنٹ کالج	M	gawarnmenT kaalij	Eng., government college
فلسفہ	M	falsafaa	philosophy
ایم - اے		em-ee	Master of Arts
انگلینڈ	M	inglainD	England
عرصہ	M	arsaa	time, period of time
کیمبرج	M	keembrij	Eng., Cambridge
جرمنی	M	jarmanii	Germany
میونخ	M	myoonix	Munich
ڈاکٹریٹ		DaakTreeT	Eng., doctorate
ڈگری	F	Digrii	Eng., degree
لندن	M	landan	London
بیرسٹری	F	bairesTarii	Eng., Barristrate
پاس کرنا	N	paas karnaa	Eng., to pass (an examination, etc.)
یورپ	M	yoorap	Eng., Europe
لکچرر	M	lekcarar	Eng., lecturer
وکالت کرنا	NF	wakaalat karnaa	to practice law
انجمن حمایت اسلام	F	anjuman -e-himaayat-e-islaam	name of an organization
جلسہ	M	jalsaa	session, meeting
ہزار		hazaar	thousand
نظم	F	nazm	poem
بہترین		beh-tariin	best
دور	M	daur	period, age
قومی		qaumii	national
وطنی		watanii	patriotic
جذبہ	M	jazbaa	sentiment, emotion

بھرا		bharaa	full
ابھرنا		ubharnaa	to come up from below
ہندی		hindii	Indian
پستی	F	pastii	lowness, inferiority
احساس	M	ehsaas	feeling
ظاہری		zaahirii	apparent, external
چمک دمک	F	camak-damak	glitter, sheen
پتہ ہونا	KM	pataa hoonaa	to know
ڈھونڈنا	N	DhũũnDnaa	to find out
بجائے		bajaaee	instead of X [-kee, -kii]
خودی	F	xudii	Ego, selfhood
نفی کرنا	NF	nafii karnaa	to deny X [-kii], to negate X [-kii]
فرض	M	farz	duty
اقرار	M	iqraar	confirmation
اقرار کرنا	NM	iqraar karnaa	to affirm Y [-kaa]
قدرت	F	qudrat	Nature
کھلونا	M	khilaunaa	toy
جگہ		jagah	place; instead of X [-kii jagah]
مرد مومن	M	mard-ɛ-moomin	the True Believer
عمل	M	amal	action
حرکت	F	harkat	movement
راز	M	raaz	secret
تفصیل	F	tafsiil	detail
تفصیل کے ساتھ		tafsiil-kee saath	in detail
طویل		tawiil	long
بیان کرنا	N	bayaan-karnaa	to narrate, exposit
آواز	F	aawaaz	voice
توجہ	F	tawajjoh	attention
مجموعہ	M	majmuuaa	collection
کلام	M	kalaam	poetry; lit., saying
چھ		chee	six (6)
لکچر	M	lɛkcar	Eng., lecture
ہند	M	hind	abbreviation for [hindustaan]

پاک	M	paak	abbreviation for [paakistaan]
رخ	M	rux	direction
مسلم		muslim	Muslim
جان ڈالنا	NF	jaan Daalnaa	to put life in X [-mẽẽ]
ذہن	M	zehn	mind
بانی		baanii	founder
مسلم لیگ	F	muslim liig	the Muslim League
صدارت	F	sadaarat	presidentship
صدارت کرنا	NF	sadaarat karnaa	to preside over X [-kii]
آزاد		aazaad	independent
نظریہ	M	nazriyaa	idea
جد و جہد	F	jidd-o-jahd	struggle, endeavor
بخشنا	N	baxšnaa	to bestow
اپریل	M	apreel	Eng., April
جہان	M	jahaan	world
بلبل	MF	bulbul	nightingale
گلستاں	M	gulsitãã	garden; also [gulistaan]
چین	M	ciin	China
عرب	M	arab	Arabia
وطن	M	watan	homeland
من	M	man	heart
سراغ	M	suraaG	clue
پانی پانی کرنا	N	paanii-paanii-karnaa	to make X [-koo] perspire with shame
قلندر	M	qalandar	a mystic
جھکنا		jhuknaa	to bow
غیر	M	Gair	the other, the stranger
تن	M	tan	body
مقام	M	muqaam, maqaam	place
آگے		aagee	beyond
حیات	F	hayaat	life
ذوق	M	zauq	taste for or delight in X [-kaa]
سوا		siwaa	except for X [-kee]
ستارہ	M	sitaaraa	star

عشق	M	iš̆q	love
شاہیں	M	šaahĩĩ	hawk; falcon
پرواز	F	parwaaz	flying, flight
آسماں	M	aasmãã	sky, heaven; same as [aasmaan]

Notes: XXV

1. [anjuman-e-himaayat-e-islaam]: A Moslem educational foundation, established in 1884 in Lahore. At one time its annual sessions used to attract all the chief leaders of Moslem India. The main purpose of these sessions was to raise funds for Moslem educational institutions. Iqbal used to attend these functions regularly, and some of his major poems were first recited on these occasions.

2. [pataa hoonaa] : KM : "to know (about) Y [-kaa]". Also, in direct constructions, X [-kaa pataa hoonaa], "for X to be around or at hand".

majhee un-kii umr-kaa pataa hai	I know his age.
haamid-kaa kahĩĩ pataa nahĩĩ	Hamid is nowhere to be seen.

3. [xudii] is perhaps best translated as "selfhood" rather than "ego". In literature on Iqbal's philosophy, it is often translated as "the Self". Quite a large number of books on Iqbal are now available in English; the following two would be suitable for beginners.

1. Syed Abdul Vahid, Iqbal : His art and thought. London, J. Murray, 1959.
2. Victor G. Kiernan, tr., Poems from Iqbal. (Wisdom of the East Series) London, J. Murrary, 1955.

4. [iqraar karnaa] is being used here in the sense of "to affirm, establish"; generally it means, "to acknowledge X [-kaa]".

5. [masnawii] is an Arabic word, which is often transcribed in English as Mathnawi. A [masnawii] is written in certain

traditionally established meters with rhyming couplets. It is mostly used for narrative works.

6. [hindii musalmaan] is same as [hindustaanii musalmaan]. [hindii] is an adjective made from [hind], another name for India.

7. [...hindii musalmaanŏŏ-kee šaaer na rahee thee], "He was no longer a poet of just the Indian Moslems." The use of [rahnaa] in this sentence makes explicit what is left implied in English: "He didn't remain anymore the ...".

8. [baang-e-daraa], "The Call of the Road", published in 1924, was the first collection of Iqbal's Urdu verses. He had already published his more important Persian works, and therefore this collection contains poems from all the various phases in his literary life, including some satirical verses.

9. [baal-e-jibriil], "Gabriel's Wing", was his second Urdu collection, published in 1935. It contains some of his best Urdu poems.

10. [paak] in such compounds is an abbreviation for [paakistaan].

11. Y [-mĕĕ] Z [-kaa haath hoonaa] : "for Z to play a role in the taking place of Y". Cf. English idiom, "He has a hand in this matter."

12. [baxšnaa] is a more formal (polite) substitute for [deenaa]; the difference between the two being much the same as between "to give" and "to bestow". [baxšnaa], without a direct object, may often mean "to forgive".

ai xudaa mujhee baxš-dee   O God, forgive me!

13. In poetry, for reasons of meter, it is possible to change a final [nuun] into [nuun-e-Gunnah] (nasalization), if the last syllable also contains a long vowel.

14. This is the first couplet of Iqbal's [taraana-e-hindii], "Indian Anthem", written before 1908. Compare it with the next couplet, which begins the other anthem that he wrote after 1908, [taraana-e-millii] or "The Anthem of the Millat." In the first the poet's emotions are bound to a smaller, geographically restricted area; in the second, he embraces the entire world as his home. These two couplets are from [baang-e-daraa]; the remaining five are from [baal-e-jibriil].

15. "If you do not put faith in me, put faith in at least yourself."

16. [paanii-paanii-karnaa] : N : "to shame X [-koo] to tears".

17. [šaahĩĩ], "falcon ", was a favorite symbol of Iqbal's. He liked the falcon for its empyrean flights and for its habit to make its home away from the tumult of cities. Often he compares [šaahĩĩ] with [kabuutar], "pigeon", which seeks shelter in cities and lives the life of a dependent.

Exercises

A. Situational Variants.

اقبال کے والد کا نام شیخ نور محمّد تھا اور وہ سیالکوٹ میں کاروبار کرتے تھے۔ انھوں نے اپنی نیکی اور پرہیزگاری کے لئے بڑی شہرت حاصل کی تھی۔ لاہور میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد اقبال پہلے ولائت اور پھر بعد میں جرمنی گئے۔ جرمنی کی میونخ یونیورسٹی میں فلسفہ ہی میں پی۔ ایچ۔ ڈی کی اور لندن واپس جاکر بیرسٹری کے امتحان میں بھی کامیابی حاصل کی۔ لیکن یورپ سے واپس آنے کے دو سال بعد انہوں نے سرکاری ملازمت کو چھوڑ کر وکالت شروع کردی۔ اقبال جب اسکول میں تھے تو اسی وقت سے شاعری کرنے لگ گئے تھے۔ کالج کی تعلیم کے زمانے میں انکی نظمیں ملک کے سب سے اچّھے رسالوں میں چھپنے لگیں۔ انھوں نے مسلمانوں کی بری حالت دور کرنے کے لئے یہ کہا کہ انسان کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنی خودی کو پہچانے اور غلامی کی بجائے آزادی کی زندگی اختیار کرے۔ زندگی کی حقیقت صحیح عمل ہے۔ یورپ سے واپس آنے کے بعد اقبال کافی دنوں تک فارسی میں شعر کہتے رہے لیکن آخری زمانے میں انھوں نے پھر اردو کی طرف توجّہ کی۔ اقبال کی اردو شاعری کے چار مجموعے ہیں۔ ہندوستان کے مسلمانوں کی سیاسی اور سماجی زندگی کو نئے راستے پر ڈالنے میں اقبال کی شاعری کا بڑا ہاتھ ہے۔ اقبال ہی نے مسلم لیگ کے ایک جلسے میں ہندوستان میں ایک آزاد مسلم ملک بنانے کا نظریہ پہلی مرتبہ پیش کیا۔

B. **Translate into English.**

میں نے احمد کے بارے میں پوچھا تو لوگوں نے بتایا کہ کچھ عرصہ وہ اس شہر میں رہا پھر چلا گیا۔ علی کی طبیعت خراب ہے اس لئے کچھ دن اسپتال میں رہنا ہوگا۔ میں نے لڑکے کو دیکھا تو پتہ چلا کہ وہ ایک شریف خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔ شوکت کو کاروبار کے سلسلے شہر سے باہر جانا ہوگا۔ ایک وعظ کرنے والے جو اپنی نیکی اور پرہیزگاری کے لئے مشہور ہیں آجکل شہر میں آئے ہوئے ہیں۔ اس لئے انکا وعظ سننے کے لئے تم کو آنا ہی ہوگا۔ مجھے گوشت کے ساتھ ساتھ ترکاری اور میوے خاص طور پر خریدنے ہیں۔ اگر مجھے پتہ ہوتا کہ آپ اسی شہر میں رہتے ہیں تو میں کچھ عرصہ وہیں رک جاتا۔ اگر اس لڑکے کو پتہ ہوتا کہ اس کام میں اتنی محنت کرنی پڑتی ہے تو ضرور اس کام کی ابتدا نہ کرتا۔ گھر جانے سے پہلے آپ ضرور مجھ سے مل کر جائیں کیونکہ میں بھی آپکے ساتھ چلنا چاہتا ہوں۔ وہ صاحب جو آپ سے بات کر رہے تھے شعر اچھا کہتے ہیں۔ وہ مولوی صاحب جن کے وعظ کی شہرت خوب پھیلی ہوئی تھی ہمارے شہر میں آکر رہنے لگے۔ مجھے پتہ نہیں کہ جو بات میں نے ملازم سے کہی وہ اس نے سنی یا نہیں۔ اشوک ایک رسالہ خرید لایا جس میں آپکی نظم شائع ہوئی ہے۔ رفتہ رفتہ دریا کا پانی بڑھتا گیا اور اس کے ساتھ ساتھ مینھ بھی برستا رہا یہاں تک کہ پانی گھروں میں گھس آیا۔ میں آپ کا پتہ بھول گیا اس لئے کچھ دیر آپ کا مکان ڈھونڈنا پڑا۔ عمل اور حرکت سے ہی زندگی ہے، بے عمل زندگی موت سے

بدتر ہے۔ انکی توجہ اس کام میں بہت ہے۔ انکے سوا اس راز کو کوئی نہیں جانتا کہ کیوں احمد آجکل یہاں نہیں آتا۔ استاد نے جب تفصیل کے ساتھ اشعار سمجھائے تو تمام لڑکے آسانی سے سمجھ گئے۔ سفر سے واپسی کے بعد ایک عرصہ تک وہ بیمار رہے مگر علاج سے آخر فائدہ ہوا اور وہ تندرست ہوگئے۔ وہ اب محض ایک معمولی لیڈر نہیں رہے تھے بلکہ ایک آزاد ملک کے بانی مانے جاتے تھے۔ اگر میں وہاں جاؤں تو انکے علاوہ اور دوسرے لوگوں سے بھی مل سکتا ہوں۔ اگر وہ یہاں آئیں تو ان سے کہیئے کہ اپنا کلام بھی ساتھ لیتے آئیں۔ کتنی دیر سے لوگ انکے لکچر کو سننے کے لئے انتظار میں بیٹھے ہوئے ہیں لیکن وہ صاحب ہیں کہ اب تک نہیں آئے ہیں۔ مسلم لیگ کی چلائی ہوئی تحریک آخر چل کر پاکستان کے مطالبہ کی شکل اختیار کرگئی۔ اگر کوئی قوم یا ملک ترقی کے نئے راستے نہ تلاش کرے تو کبھی کامیابی حاصل نہیں کرسکتے۔ ان راستوں کے ڈھونڈنے میں لیڈروں کے علاوہ شاعروں کا بھی بڑا ہاتھ ہوتا ہے۔ انھوں نے بات کرنے میں کچھ اس طرح کا غلط انداز اختیار کیا کہ مجھے وہاں سے اٹھ کر چلا آنا پڑا۔ میں نے جب ان سے سارا حال بیان کیا تو وہ بھی نہایت متعجب ہوئے۔

C. **Fill in the blanks.**

اقبال کی — تعلیم سیالکوٹ کے مشن اسکول میں —۔ یہاں آپ نے انگریزی کے — ساتھ عربی اور فارسی — طور پر —۔ سنہ ۱۹۰۵ء — آپ انگلینڈ — اور کچھ — کیمبرج میں فلسفہ کی تعلیم حاصل — رہے۔ یورپ

جانے — پہلے اقبال گورنمنٹ کالج لاہور — فلسفہ کے لکچرر تھے۔ کالج میں — تو انکی شاعری کی شہرت خوب —۔ انکی — کے دور کی اردو نظمیں — اور وطنی جذبے سے — ہیں۔ ان خیالات کو — کے ساتھ انھوں نے دو طویل فارسی کی مثنویوں میں — کیا۔ یورپ سے واپسی کے — اقبال ایک عرصہ — فارسی میں شاعری کرتے رہے مگر — دور میں پھر اردو کی — توجہ بڑھی اور کئی مجموعے — ہوئے۔ فارسی اور اردو دونوں — کے کلام کا زیادہ تر — انگریزی میں — ہو کر چھپ چکا ہے۔ انکی شاعری نے مسلم — میں ایک نئی — ڈال دی اور انکے ذہن نے اس کو ترقی کے نئے — بتائے۔

D. Translate into Urd.

I. Ali was born in a poor family. II. Her early education was at a girl(s school. III. He took his degree from the University of London and then came back. IV. After her return from Europe she worked in a bank for two years. V. Ahmed had started writing poetry even when he was only twelve years old. VI. People used to listen to his lectures eagerly. VII. Javed was looking for a doctor who could cure his illness. VIII. Is it a duty of every man to obey his government? IX. Pakistan is the largest Muslim state in the world. X. Simultaneous with his work at the bank, he is also studying English literature. XI. For quite some time he continued to come here every day. XII. When I expressed my opinion in front of him he liked it. XIII. Do you know anything in this matter. XIV. I didn't know he was

such a fine poet. XV. His verses are famous for their simple style.

E. Answer the following in Urdu.

۱. اقبال کی پیدائش کہاں ہوئی اور ان کے والد کیا کرتے تھے ؟

۲. تمہاری ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی اور کالج میں تم کیا پڑھتے ہو ؟

۳. اقبال نے کہاں سے ایم۔اے۔ کیا، اور وہ انگلینڈ میں کیا کرتے تھے ؟

۴. اقبال یورپ جانے سے پہلے کیا کرتے تھے اور واپسی کے بعد کیا کرنے لگے؟

۵. اقبال کے شروع کے دور کی نظمیں کیسی تھیں ؟

۶. بعد میں انکی شاعری نے کیا رنگ اختیار کیا؟

۷. اقبال نے مسلمانوں کی پستی کا کیا علاج بتایا؟

۸. اقبال کے علاوہ اور کس شاعر کو شاعرِ مشرق کے نام سے یاد کر سکتے ہیں ؟

۹. اقبال کے فلسفے کو سمجھنے کے لئے انکی شاعری کے علاوہ اور کیا پڑھنا ضروری ہے؟

۱۰. اقبال کو "پاکستان کا بانی" کیوں کہا جاتا ہے ؟

Review Sentences

۱- نیگرو لیڈر مارٹن لوتھر کنگ امریکہ کی ایک جنوبی ریاست
کے رہنے والے ہیں ۔

۲- جو جس ملک کا رہنے والا ہوتا ہے وہاں کی رسموں سے اچھی
طرح واقف ہوتا ہے ۔

۳- میں آج کالج میں یہ کتاب پڑھتے پڑھتے تھک گیا ہوں ۔

۴- تم بندر والی کہانی کہتے کہتے کیوں رک گئے ؟

۵- میں تمہارے پاس راستے بھر دوڑتا دوڑتا آیا ہوں ۔

۶- کوئی عمارت ایک دن میں نہیں بن جاتی بلکہ بنتے بنتے بنتی ہے ۔

۷- تم جس گھر کا اتنا کرایہ دے رہے ہو وہ تو نہایت ہی خراب ہے ۔

۸- اکبر الہ ابادی نہایت سادہ زندگی بسر کرتے تھے ۔

۹- میں ابھی کھیلنے کیلئے باہر جانے والا تھا مگر مینہ برسنا شروع ہوگیا
اسس لئے رک جانا پڑا ۔

۱۰- جب کسی کی موت آنے والی ہوتی ہے تو اسکو کوئی نہیں روک سکتا ۔

۱۱- آج کل جاوید صاحب اپنے ہی دوستوں کے ہاتھوں بہت پریشان ہیں ۔

۱۲- جو مصیبت اپنے ہاتھوں لائی جائے اسکا علاج نہایت مشکل ہوتا ہے ۔

۱۳- اقبال نے محسوس کیا کہ ہندوستان کے مسلمان اپنے مذہب سے دور
ہوتے جا رہے ہیں ۔ اور مغرب کی نقل کرنے میں اپنی تہذیب بھی بھولتے جا رہے ہیں ۔

۱۴- سر سید اور انکے ساتھی جن باتوں کو صحیح سمجھتے تھے ان میں سے اکثر اکبر اور انکے ساتھیوں کی نظر میں غلط تھیں ۔

۱۵- اکبر اپنے شعروں سے لوگوں کو ہنساتے رہے اور ساتھ ہی ساتھ کام کی بات بھی سکھاتے رہے ۔

۱۶- آپ نے مجھے جو کتاب بھیجی تھی وہ آج مل گئی ۔

۱۷- میں نے سنا ہے کہ تمکو کالج میں پڑھانے کی نوکری مل گئی ہے ۔

۱۸- دولت کی مدد سے زندگی کا آرام تو شاید مل جائے مگر علم صرف استاد اور بزرگوں کی صحبت ہی میں ملتا ہے ۔

۱۹- خدا کا شکر ہے کہ جاوید نے میری نصیحتوں کا کافی اثر لیا اور بات مان لی ۔

۲۰- ماں باپ کو چاہیئے کہ بچوں کو علم سکھانے کے ساتھ ساتھ اخلاق کی تعلیم بھی دیتے رہیں ۔

۲۱- وہ اپنی کتاب بھی پڑھ رہا ہے اور ساتھ ہی ساتھ مجھ سے باتیں بھی کرتا جا رہا ہے ۔

۲۲- استاد کا فرض ہے کہ طالب علم کو اسکی غلطیوں سے آگاہ کرتا رہے تاکہ وہ پھر ایسی غلطیاں نہ کرے ۔

۲۳- سر سید سے لیکر اکبر تک سب ہی اپنی قوم کو برائیوں سے بچنے کی نصیحت کرتے رہے ۔

۲۴ - منڈی میں مرے بھائی کی ایک بڑی سی دکان ہے ۔

۲۵ - دور سے دیکھنے میں یہ لمبے لمبے سے درخت کتنے چھوٹے سے معلوم ہوتے ہیں ۔

۲۶ - ہم سب نے ملکر دریا کے کنارے ایک بڑا سا باغ خریدا ہے ۔

۲۷ - میں امریکہ آنے سے پہلے پاکستان میں رہتا تھا ۔

۲۸ - ہندوستان میں انگریزوں کی حکومت سے پہلے مسلمانوں کی حکومت قائم تھی ۔

۲۹ - آج یونیورسٹی کے کھیلنے کے میدان میں سب سے پہلے میں ہی پہنچا ۔

۳۰ - میں کالج سے واپس آکر شام کو کھیلنے کی تیاری کرنے لگا ۔

۳۱ - جاوید مدرسہ سے آکر حالی کی کتابیں پڑھنے لگا ۔

۳۲ - میرے گھر میں ایک بڑا کمرہ صرف سامان سے بھرا پڑا ہے ۔

۳۳ - حالی اور اکبر کے اشعار اچھی اچھی نصیحتوں سے بھرے ہوئے ہیں ۔

۳۴ - گاندھی جی کا دل اپنے وطن کی محبت سے بھرا ہوا تھا ۔

۳۵ - ہندوستان کے لیڈروں کے دل میں اپنی قوم کی پستی کا احساس بڑی تیزی سے ابھرا ۔

۳۶ - امریکہ میں نسلی امتیاز کے خلاف جو تحریک ابھری ہے وہ بڑھتی جارہی ہے ۔

۳۷ - جب انسان کوئی غلط کام کرے تو اسکا فرض ہے کہ اسکا فوراً اقرار بھی کرے ۔

۳۸ - جو مجرم اپنے جرم کا اقرار کرلیتا ہے وہ قید سے جلدی رہائی پاتا ہے ۔

۳۹ - اسکولوں اور کالجوں کا فرض ہے کہ بچوں کی تعلیم کے علاوہ انکے
کھیلنے کے لئے بھی انتظام کریں۔

۴۰ - آج میں نے اپنے والد کو تفصیل کے ساتھ خط لکھ دیا ہے۔

۴۱ - امریکہ کی سیاسی اور سماجی خبریں یہاں کے اخباروں میں تفصیل
سے چھپتی ہیں۔

۴۲ - استاد طالب علموں کو ہر چیز تفصیل کے ساتھ سمجھا دیتا ہے۔

۴۳ - امریکہ میں نسلی امتیاز کے خلاف تحریک چلانے میں ڈاکٹر مارٹن
لوتھر کنگ کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔

۴۴ - اس مکان میں آگ لگنے میں دو آدمیوں کا ہاتھ ہے۔

۴۵ - اقبال نے آزاد مسلم حکومت کا جو نظریہ بنایا تھا اسکی شکل آج کی
پاکستانی حکومت سے کچھ مختلف تھی۔

۴۶ - اکبر اور اقبال کی شاعری نے ہندوستان کے مسلمانوں ایک نیا
جذبہ بخشا۔

۴۷ - جب کوئی اپنے جرم کا اقرار کرے تو اس کو بخش دینا چاہیئے۔

۴۸ - بادشاہ اپنے دوستوں اور ملازموں کو قیمتی سے قیمتی چیزیں بھی بخش
دیتے ہیں۔

۴۹ - میرے سمجھانے کا یہ نتیجہ ہوا کہ وہ بری حرکتوں سے باز آگیا۔

۵۰ - برے کام کرنے کا نتیجہ بھی ہمیشہ برا ہی نکلتا ہے۔

۵۱- سر سید کی نصیحتوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمانوں نے اپنے
سماج کی گرتی ہوئی عمارت کو سنبھال لیا ۔

UNIT - XXVI

بنیادی جمہوریتیں

پاکستان کی اسّی فیصدی سے زیادہ آبادی گانووں[1] میں رہتی ہے اور کھیتی کرتی ہے۔ اُس کے زیادہ تر لوگ اب بھی ان پڑھ ہیں۔ اس کے علاوہ ایک گانوں سے دوسرے گانوں یا قریب کے کسی شہر تک پہنچنے کیلئے اکثر نہ تو اچھی سڑکیں ہیں اور نہ ریل یا بس کا کوئی انتظام ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ایک گانوں کے رہنے والے یہ نہیں جانتے کہ دوسرے گانوں میں کیا ہو رہا ہے۔ لیکن اس حالت پر بھی[2] کچھ سال پہلے تک صوبائی اسمبلی کا ایک رکن ایک لاکھ سے زیادہ ووٹروں کی نمائندگی کرتا تھا۔ اور بے چارہ معمولی کسان یہ نہ جانتا تھا کہ جو شخص صوبائی اسمبلی میں اُسکی نمائندگی کرتا ہے وہ ہے کون۔ وہ تو صرف اتنا جانتا تھا کہ ووٹ اس کو دینا چاہئیے جس کو زمیندار صاحب چاہتے ہوں۔ ایسی حالت میں جمہوریت کیا تھی ایک ڈھونگ تھا۔

۷ر اکتوبر ۱۹۵۸ء کو جو فوجی انقلاب آیا، وہ ایسی ہی فرضی جمہوریت کے خلاف تھا۔ انقلاب کے بعد صدرِ پاکستان محمّد ایّوب خاں نے "بنیادی جمہوریت" کے نام سے ایک اسکیم[3] پیش کی۔ اُس میں اُنہوں نے بتایا کہ ملک کو ایسی جمہوریت کی ضرورت ہے جو آسان ہو تاکہ لوگ اُسے سمجھ سکیں، جو ملک کے حالات کے مطابق ہو تاکہ ملک کے عام لوگ اُس میں حصّہ لے سکیں، اور جس کو چلانے کیلئے زیادہ سرمایہ کی ضرورت نہ ہو۔

اس اسکیم کے مطابق مشرقی اور مغربی پاکستان کے دونوں علاقوں کو

چالیس ہزار حلقوں میں بانٹا گیا ہے۔ ہر حلقہ کی آبادی لگ بھگ ایک ہزار ہوگی اور ہر حلقہ کو اپنی آبادی میں سے ایک نمائندہ چننے کا حق ہوگا۔ دیہاتی علاقوں میں ایسے دس حلقوں کی ایک یونین کونسل ہوگی۔ اسی طرح شہروں میں ٹاؤن کمیٹیاں ہونگی۔ ان کمیٹیوں اور کونسلوں کے صدر اُنکے اوپر والی انتظامی کونسل یعنی تھانہ کونسل میں اپنے اپنے علاقے کی نمائندگی کریں گے۔ اسی طرح سے تھانہ کونسل کے اوپر تحصیل کونسل، ضلع کونسل اور ڈویژن کونسل ہوں گی۔ اور ان سب کے اوپر صوبائی کونسل ہوگی۔

بنیادی جمہوریتوں کا پہلا الکشن دسمبر سنہ ۱۹۶۰ء میں کرایا گیا۔ اس الکشن میں ۶۷ فی صدی مردوں اور ۳۴ فی صدی عورتوں نے ووٹ ڈالے۔ اس میں جو لوگ چنے گئے اُن میں ۱۴ فی صدی یونیورسٹی گریجویٹ، ۸۷ فی صدی پڑھے لکھے، اور ۸ فی صدی اَن پڑھ لوگ تھے۔ ان میں کسان بھی تھے اور تاجر بھی۔ وکیل بھی تھے اور ڈاکٹر بھی۔ اب یہ لوگ پرانے نمائندوں کے مقابلے میں اپنے ملک کے عوام کی بہتر نمائندگی کرتے ہیں۔

Vocabulary

بنیادی		bunyaadii	basic
جمہوریت	F	jamhuuriyat	democracy
اسّی		assii	eighty (80)
فیصدی		fii-sadii	percent
گانووں	Mp	gããwõõ	villages; pl. of گاؤں [gaaõõ]
کھیتی کرنا	NF	kheetii karnaa	to till the land
ان پڑھ		an-paRh	illiterate
اکثر		aksar	mostly, often
سڑک	F	saRak	road
بس	F	bas	Eng., bus
صوبائی		suubaaii	provincial
اسمبلی	F	asemblii	Eng., assembly; legislative assembly
رکن	M	rukn	member
ووٹر	M	wooTar	Eng., voter
نمائندگی کرنا	NF	numaaindagii karnaa	to represent X [-kii]
نمائندہ	M	numaaindaa	candidate
نمائندگی	F	numaaindagii	representation
کسان	M	kisaan	farmer
ووٹ	M	wooT	Eng., vote
ووٹ دینا	NM	wooT deenaa	to vote for X [-koo]
زمیندار	M	zamiin-daar	landlord
ڈھونگ	M	Dhõõg	pretence, fraud
اکتوبر	M	aktuubar	Eng., October
انقلاب	M	inqalaab	revolution
فرضی		farzii	fictitious
اسکیم	F	iskiim	Eng., scheme
حصہ لینا	NM	hissaa leenaa	to take part in Y [-mẽẽ]
چلانا	N	calaanaa	to run (a job, machine, etc.)
سرمایہ	M	sarmaayaa	funds, capital
چالیس		caaliis	forty (40)
حلقہ	M	halqaa	circle
بانٹنا	N	bããTnaa	to divide

لگ بھگ		lag-bhag	approximately
چننا	N	cunnaa	to elect
دیہاتی		diihaatii	rural
دس		das	ten (10)
یونین	F	yuunyan	Eng., union
کونسل	F	kaunsil	Eng., council
ٹاؤن	M	Taaun	Eng., town
کمیٹی	F	kameeTii	Eng., committee
انتظامی		intezaamii	administrative
تھانہ	M	thaanaa	police station
تحصیل	F	tahsiil	administrative division of a district
ضلع	M	zilaa	district
ڈویژن	M	Diwiižan	Eng., division
الکشن	M	elekšan	Eng., election
دسمبر	M	desambar	Eng., December
ووٹ ڈالنا	NM	wooT Daalnaa	to cast vote
گریجویٹ		greejweet	Eng., graduate
پڑھا لکھا		paRhaa-likhaa	literate
تاجر	M	taajir	businessman
وکیل	M	wakiil	advocate
مقابلے میں		muqaablee-mẽẽ	in comparison with X [-kee]
عوام	Mp	awaam	masses; public

Notes: XXVI

1. [gããwõõ] is the oblique plural of [gaaõõ]. Note the special spelling.

2. [is haalat-par bhii], "in spite of such conditions". [-par bhii]: "in spite of X; despite X". It is usually not used with simple nouns and pronouns; its regular use is with nominal phrases containing an infinitive as the head of the phrase. The subject of the infinitive will be followed by [-kaa].

wahãã jaanee-par bhii	In spite of going there...
meeree wahãã jaanee-par bhii	In spite of my going there...

3. Note the Urdu spelling of "scheme". The initial consonant-cluster is not easily pronounced in Urdu and therefore requires that a short vowel [i] should be added before it. This is true for all clusters with an initial "s". In the Punjab, however, it is more common to add a short vowel [a] between the two consonants. Thus English "school" can be pronounced in Urdu either [iskuul] or [sakuul], the first of the two being more common. With other types of clusters, a short vowel is added between the two consonants; [u], if the following syllable contains [uu]; [i], if the following syllable contains [ii]; and [a] in case of all other vowels.

Exercises

A: **Situational Variants.**

پاکستان میں اسّی فیصدی سے کچھ زیادہ ہی لوگ گانوؤں میں رہتے ہیں
اور کھیتی کرتے ہیں۔ اور پھر ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں یا نزدیک کے
کسی شہر تک جانے کیلئے زیادہ تر نہ ہی اچھی سڑکیں ہیں اور نہ ریل یا بس۔
چنانچہ ایک گاؤں کے لوگ دوسرے گاؤں کی حالت سے کم ہی واقف
ہوتے ہیں۔ مگر ان حالات کے باوجود کچھ عرصہ پہلے تک صوبائی اسمبلی میں
ایک لاکھ سے زیادہ ووٹ دینے والوں کی نمائندگی ایک رکن سے کی
جاتی تھی۔ ۷، اکتوبر سنہ ۱۹۵۷ء کا انقلاب اسی طرح کی فرضی جمہوریت
کو ختم کرنے کیلئے ہوا تھا۔ اپنی اسکیم میں انہوں نے یہ کہا کہ ملک میں اس
قسم کی جمہوریت کا ہونا ضروری ہے جو مشکل نہ ہو تاکہ لوگوں کو سمجھ میں
آسکے اور ملکی حالات کا لحاظ رکھے، تاکہ ملک کی عام آبادی اس میں
شریک ہوسکے اور جس کے چلانے کیلئے زیادہ پیسوں کی ضرورت
نہ پڑے۔ اس اسکیم کو جاری کرنے کیلئے مشرقی اور مغربی پاکستان
دونوں حصوں کو چالیس ہزار حلقوں میں تقسیم کیا گیا۔ ان کمیٹیوں اور
کونسلوں کے صدر ان کے اوپر والی انتظامی کونسل میں جو کہ تھانہ
کونسل کہلائیگی اپنے اپنے علاقوں کے نمائندے ہونگے۔ اور ان سب
کے اوپر ہوگی صوبہ کی کونسل۔ بنیادی جمہوریتوں کا پہلا انتخاب

دسمبر ۱۹۶۰ء میں ہوا۔ اس میں جن لوگوں کا انتخاب ہوا ان میں گریجویٹ بھی تھے اور ان پڑھ بھی، کسان بھی تھے اور وکیل بھی۔ اور اس طرح یہ نئے لوگ اپنے ملک کے عوام کے بہتر نمائندے کہے جا سکتے تھے۔

شریک ہونا	šariik-hoona	to participate in X [-mẽẽ]
انتخاب	intexaab	election; selection

B: **Translate into English.**

احمد کے پاس اس سے اچھی سائیکل ہے۔ مجھے آم بہت پسند ہے مگر اس سے زیادہ نہیں کھا سکتا۔ شوکت کا گھر اس سے بہتر ہے اور دریا کے پاس ہی ہے۔ میں نے دیکھا کہ علی باوجود کافی کم کے ہر روز کھیلنے جاتا ہے۔ میں نے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ اس کے علاوہ اور گھر بھی کالج کے قریب مل سکتے ہیں۔ تم کو قریب کی کسی دکان سے ہی کھانے کی چیزیں خرید لانا ہوگا۔ ہمارے بچے پاس کے اسکول ہی میں پڑھتے ہیں۔ اپنا مقصد حاصل کرنے کیلئے انہوں نے سیاسی تحریکوں میں بھی حصہ لیا۔ استاد نے لڑکے سے کہا کہ "تم کو نہ تو اچھی طرح پڑھنا آتا ہے نہ لکھنا"۔ اب ملک کے سیاسی حالات بدل چکے ہیں اور عوام کی نمائندگی بہتر طریقے سے ہو رہی ہے۔ وہ اکثر ایسی ہی فرضی باتیں بناتا ہے، نہ یہ کام کرتا ہے نہ وہ۔ وہ صاحب جو آپ کے ساتھ بیٹھے ہیں میرے دوست کے خلاف الکشن میں کام کرتے رہے۔

غلام نے بادشاہ کی خدمت میں عرضی پیش کی۔ یہ مولوی صاحب آسان زبان میں وعظ کرتے ہیں تا کہ سب لوگ اسے سمجھ سکیں۔ اس جلسہ کا سارا انتظام جس میں لگ بھگ دو ہزار آدمی حصّہ لے رہے ہیں بڑی اچھّی طرح کیا گیا۔ اس یونیورسٹی کی انتظامی کونسل کا ایک اہم فیصلہ یہ ہے کہ یونیورسٹی کے اخبار کی کونسل میں طالب علموں کی نمائندگی کو بڑھایا جائے۔ آپ نے جس تحصیل میں زمین خریدی ہے وہاں کھیتی بہت اچھّی ہوتی ہے۔ تعلیم پھیلانے کی اسکیم کا نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے ضلع میں اب بیس اسکول اور دس کالج ہیں۔ ہمارے صوبہ کے مرکز میں گرمیوں میں ایک بہت بڑا میلہ لگتا ہے۔ ایسی معمولی بات پر خفا ہونے سے کیا فائدہ۔ وہ ایک معمولی نوکری سے ترقّی کر کے اب ایک اونچے درجہ پر پہنچ گیا ہے۔ وہ تو صرف آپ سے بات چیت کرنے کیلئے یہاں آنا چاہتے ہیں۔ تم جو بھی کرنا چاہتے ہو، استاد کے بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق ہو تو اچھّا ہے، ورنہ وہ خفا ہو جائینگے۔ آپ پرسوں ضرور آئیں تا کہ انکی شادی میں شریک ہو سکیں۔ اس مرتبہ الکشن میں بہت سی عورتوں نے ووٹ ڈالے۔ اس گاؤں میں پڑھے لکھے بہت کم ہیں، اس لئے ایک اسکول کھولا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ ان پڑھ لوگوں کو رات میں پڑھنا لکھنا سکھانے کا انتظام کیا گیا۔ میرے کہنے پر بھی انہوں نے آبادی سے باہر مکان بنوایا۔ نہ تو وہاں

کھانے کا انتظام تھا نہ پینے کا، بس لوگوں کی بھیڑ لگی تھی۔ ان کے
بتائے ہوئے طریقے کے مطابق کام کیجیے۔

C: Fill in the blanks.

اس کے زیادہ تر لوگ —— بھی —— ہیں۔ اس —— نتیجہ یہ ہے کہ ایک
گاؤں کے —— یہ نہیں جانتے کہ دوسرے گاؤں میں کیا —— ہے۔ اور
بے چارہ —— کسان یہ نہ جانتا تھا کہ جو —— صوبائی اسمبلی میں
اس کی —— کرتا ہے وہ ہے کون۔ انقلاب کے بعد —— پاکستان
محمّد ایوب خان نے "—— جمہوریت" کے نام سے ایک اسکیم —— کی۔
ہر حلقہ کی آبادی لگ بھگ ایک —— ہوگی اور ہر —— کو اپنی
آبادی میں سے ایک نمائندہ چننے کا —— ہوگا۔ —— طرح شہروں
میں ٹاؤن کمیٹیاں ——۔ اسی طرح سے تھانہ —— کے اوپر تحصیل
کونسل، ضلع کونسل اور ڈویژن کونسل ——۔ اس الکشن ——
۶۷ فی —— مردوں اور ۵۲ فیصدی عورتوں نے —— ڈالے۔ ان
میں کسان بھی تھے اور تاجر ——۔ اب یہ لوگ پرانے نمائندوں
کے —— میں اپنے ملک کے —— کی بہتر —— کرتے ہیں۔

D. Translate into Urdu.

I. More than one hundred persons live in this village. II. Even now seventy-six percent of the people in India are illiterate. III. Besides this there are many stores near the

university from where we can buy books. IV. The boy who is ill should be taken to some doctor. V. Bring to my room anyone who comes here. VI. As he is my friend, I cannot say anything against him. VII. He would be staying in this city for about eight days. VIII. He is not a member of either the administrative council or the Tehsil council. IX. This district is being administered very well. X. Ours is the largest province in the country. XI. The students of the university held an election yesterday. XII. I couldn't vote, for I had to go out of the town. XIII. Despite my telling him to go he didn't. XIV. You should do according to what he says. XV. In a proper democracy everyone should have a right to vote. XVI. The ordinary people don't know who their representative is.

E. Answer the following in Urdu.

۱- پاکستان میں کتنی فیصدی آبادی شہروں میں رہتی ہے ؟

۲- پاکستان میں ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں یا شہر تک پہنچنے
کے لئے کیا ذریعہ ہے ؟

۳- تمہارے ملک میں ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچنے کیلئے کیا
انتظام ہے ؟

۴- انقلاب سے پہلے پاکستان میں سیاسی زندگی کس طرح کی تھی ؟

۵- اپنے ملک کی جمہوریت کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے ؟

۶- صدرِ پاکستان نے کون سی اسکیم پیش کی ؟

۷- نئی اسکیم کے مطابق پاکستان کو کتنے حلقوں میں بانٹا گیا ؟
ہر حلقہ میں کتنے لوگ تھے ؟

۸۔ بنیادی جمہوریت کی تفصیل بیان کرو ؟

۹۔ نئی اسکیم کے مطابق الکشن کب ہوئے اور اس میں کتنے
فی صدی مردوں اور عورتوں نے حصّہ لیا ؟

۱۰۔ جو لوگ سنہ ۱۹۶۰ء کے الکشن میں چنے گئے وہ عوام کے بہتر نمائندے
کیوں کہے جا سکتے ہیں ؟

UNIT - XXVII

آسٹریلیا میں ناجائز دولت کے مالکوں کی پریشانی

ملک کی کرنسی تبدیل ہو رہی ہے

سڈنی۔ ۲۹ جون۔ آسٹریلیا کی حکومت نے اپنی پرانی کرنسی کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اور نئی کرنسی سنہ ۱۹۶۶ء تک بازار میں رائج کر دی جائے گی۔

پتہ چلا ہے کہ[1] حکومت کے اس فیصلے کے بعد یہاں لوگوں نے دھڑا دھڑ پرانی کرنسی کو بنکوں[2] میں جمع کروانا شروع کر دیا ہے۔ آسٹریلیا کے بنکوں پر لوگوں کی بہت بھیڑ رہتی ہے۔ وہ لوگ جنہوں نے ناجائز طریقوں سے دولت جمع کی تھی وہ چوری چھپے اپنی دولت کو اِدھر اُدھر کرنے[3] میں مصروف ہیں لیکن حکومت کے کارخانہ[4] سے بھی چوکس ہیں۔ بنک کے منتظمین کا کہنا ہے کہ[5] لوگ برسوں پرانے[6] بوسیدہ اور گلے سڑے نوٹ دینے بھاری مقدار میں ہمارے پاس لا رہے ہیں۔

ٹیکس چوروں[7] کے خلاف ٹیکس آفیسر کارروائی کر رہے ہیں۔ بعض لوگ اپنی چھپی ہوئی دولت کو ضائع کرنے میں لگے ہوئے ہیں[8] تاکہ حکومت کی گرفت سے بچے رہیں۔ بنک کے منتظمین کا دعویٰ ہے کہ ہمارے ملک میں کچھ لوگوں کے پاس ایسی دولت چھپی پڑی ہے جسے دوسری جنگِ عظیم کے بعد کبھی باہر نہیں نکالا گیا۔

Vocabulary

آسٹریلیا		aasTreelyaa	Australia
ناجائز		naa-jaaez	illegal
دولت	F	daulat	wealth
مالک		maalik	owner
کرنسی	F	karansii	Eng., currency
تبدیل ہونا		tabdiil-hoonaa	to be changed
سڈنی	M	siDnii	Sidney
جون	M	juun	Eng., June
فیصلہ کرنا	NM	faislaa karnaa	to decide X [-kaa]
رائج کرنا	N	raaej-karnaa	to put in circulation
پتہ چلنا	KM	pataa calnaa	to learn about X [-kaa]
فیصلہ	M	faislaa	decision
دھڑادھڑ		dhaRaa-dhaR	ceaselessly, rapidly
جمع کروانا	N	jamaa-karwaanaa	to deposit; caus. of جمع کرنا [jamaa-karnaa]
بھیڑ	F	bhiiR	crowd
طریقہ	M	tariiqaa	method
چوری چھپے		coorii-chipee	secretly
ادھر ادھر		idhar-udhar	here and there
مصروف		masruuf	busy
کارخانہ	M	kaar-xaanaa	"machinery"; lit., factory
چوکس		cauKas	alert
منتظمین	Mp	muntazimiin	administrators; pl. of منتظم [muntazim]
بوسیدہ		boosiidaa	worn out
گلا سڑا		galaa-saRaa	rotten; from [galnaa] to become soft, and [saRnaa] to rot
نوٹ	M	nooT	Eng., note
بھاری		bhaarii	heavy
مقدار	F	miqdaar	quantity
ٹیکس	M	Taiks	Eng., tax
چور	M	coor	thief
کارروائی	F	kaarrawaaii	deed, action

کاروائی کرنا	NF	kaarrawaaii karnaa	to take action against X [-kee xilaaf]
چھپا		chupaa	hidden
ضائع کرنا	N	zaae-karnaa	to waste
لگا ہونا		lagaa-hoonaa	to be busy in X [-mee]
تاکہ		taa-ki	so that
گرفت	F	girift, giraft	clutches
بچنا		bacnaa	to avoid X [-see]
دعویٰ	M	daawaa	claim
جنگ	F	jang	war

Notes: XXVII

1. [pataa calaa hai ki...], "It has been learned that ..." [pataa calnaa] : KM : "to come to know about Y [-kaa]". It can also be used in direct constructions, with no [-koo] phrase, in which case [pataa] will have the same meaning as English "trace" in a phrase like "no trace of him". In indirect constructions schematized above, Y would often mean a nominal phrase with an infinitive as its head.

mujhee un-kee aanee-kaa pataa na calaa	I didn't hear about his arrival.
tab tumhẽẽ aslii baat-kaa pataa caleegaa	Then you'll learn the truth.
un-kee saamaan-kaa kuch pataa calaa?	Did they find out anything about his baggage? OR Was anything found out regarding his baggage?

2. English "bank" is usually transcribed with a [yee] after the [bee]; the spelling here follows the original in the newspaper.

3. [idhar-udhar karnaa], 'to scatter around; to throw away".

4. The use of the word [kaar-xaanaa] in this sentence is a rather curious innovation by the person who translated this news-item from English into Urdu. Usually one of the two loan-words, [mašiin] and [mašiinrii], would have been used to translate the English phrase, "the machinery of the government".

5. X [-kaa kahnaa hai ki ...], "It is the statement of X that ...; X states that ..."

6. [barsõõ puraanee] is the same as [bahot baras puraanee], but more frequently used. It is an idiomatic construction and not productive.

7. [taiks-coor], "one who is cheating on taxes". Other such compounds with [coor], lit., "thief", are possible; e.g., [kaam-coor], "a lazy person".

8. [daulat-koo zaae'-karnee-mẽẽ lagee huee hãĩ], "... are pre-occupied with destroying their wealth".

X [-mẽẽ lagnaa] : "to get busy with X".

woo apnee kaam-mẽẽ lagaa hai	He is busy in his work.
woo gaanaa gaanee-mẽẽ lagii thii	She was busy singing a song.
woo har waqt kaam-mẽẽ lagaa-rahtaa hai	He is always busy in his work.

Exercises

A Situational Variants.

آسٹریلیا میں جن لوگوں نے ناجائز طریقہ سے پیسے کمائے تھے ان کی پریشانی بڑھتی جا رہی ہے۔ دیس میں کرنسی بدلنے والی ہے۔ اور نئی کرنسی سنہ ۱۹۷۶ء تک بازار میں چلنے لگے گی۔ یہ معلوم ہوا ہے کہ اس سرکاری فیصلہ کے بعد یہاں کے لوگوں نے چوری سے جمع کی ہوئی پرانی کرنسی کو بنکوں میں جمع کرنا شروع کر دیا ہے۔ وہ لوگ جو ناجائز دولت کے مالک ہیں اپنی دولت کو حکومت کی نظر سے بچا کر ادھر ادھر لگانا چاہتے ہیں۔ حکومت انکی حرکتوں سے واقف ہے۔ بنک والے کہتے ہیں کہ لوگ کئی سال کے پھٹے پرانے، گلے سڑے نوٹ بڑی تعداد میں جمع کرانے کیلئے لا رہے ہیں۔ ٹیکس نہ دینے والوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائیگی۔ بنک والوں کا کہنا ہے کہ ہمارے ملک میں بعض لوگوں کے پاس ایسا پیسہ بھی ہے جو دوسری جنگِ عظیم کے بعد سے کبھی کاروبار میں استعمال نہیں کیا گیا۔

B. Translate into English.

ناجائز دولت کے مالکوں کو کبھی غریبوں سے ہمدردی نہیں ہوتی۔ چھوٹے بچہ کی بیماری کی وجہ سے ماں کی پریشانی بڑھتی جا رہی ہے۔ آج کل ہر روز موسم تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ احمد اپنی پرانی سائیکل کو بیچ کر نئی سائیکل خرید لایا۔ بہت پرانا اور بوسیدہ ہونے کی وجہ سے ہم اپنا مکان تبدیل کرنے کی سوچ رہے ہیں۔

اس لڑکی نے فیصلہ کر لیا ہے کہ اس لڑکے سے شادی نہیں کریگی - اب ہندوستان اور پاکستان میں آنے اور پائی کی جگہ نئی کرنسی رائج کر دی گئی ہے - پتہ چلا ہے کہ آج ریل وقت پر نہیں آرہی ہے اور دو گھنٹے دیر سے آئیگی - میں باتیں کرنے میں لگ گیا اس لئے دیر ہوگئی - بادشاہ کے فیصلہ کے بعد پھر غلام نے ایک دفعہ رحم کی درخواست پیش کی - کئی دنوں کے بعد جب احمد یہاں آیا تو اسے پتہ چلا کہ مقدمہ کا فیصلہ اس کے خلاف ہوا ہے - کل میں میلہ میں گیا تھا مگر بھیڑ کی وجہ سے کچھ دیکھ نہ پایا - چھوٹے بچوں کو اچھے طریقوں سے سمجھایا جائے تو وہ ضرور بڑوں کی بات مانتے ہیں - یہ عمارت صدیوں پرانی ہے - شوکت نے کتابوں کی اچھی خاصی لائبریری جمع کی ہے - میں پروفیسر سے ملنے ان کے کمرے پر گیا تو معلوم ہوا کہ وہ لکچر تیار کرنے میں مصروف ہیں - آزادی کے بعد ہندوستان اور پاکستان میں کئی کارخانے کھل گئے ہیں جہاں بہت سے لوگ کام کرتے ہیں - جلسہ کے منتظمین کا کہنا ہے کہ لگ بھگ چار ہزار آدمی جلسہ میں موجود تھے - وہ صاحب برسوں بنک میں کام کرتے رہے اور آخر میں بنک کے صدر بن گئے - اس لڑکے میں عادت ہے کہ وہ ہمیشہ کسی نہ کسی کے خلاف کچھ کہتا رہتا ہے - سنا ہے کہ جو چور پکڑے گئے ہیں اب ان کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے - شہر میں ادھر ادھر گھومنے کے بعد طلباء کا گروہ یونیورسٹی واپس آیا - دوسری جنگِ عظیم کے بعد ایشیا اور افریقہ کے بہت سے ملکوں نے آزادی حاصل کر لی ہے - امتحان قریب ہونے کی وجہ سے اکثر لڑکے اور لڑکیاں پڑھائی میں مصروف ہیں - مگر بعض اب بھی اپنے قیمتی وقت کو ضائع کرنے میں لگے ہوئے ہیں - ہندوستان میں کچھ لوگ بازاروں

میں پیسے مانگتے پھرتے ہیں تاکہ کام کرنے سے بچے رہیں۔ اس شخص کا دعویٰ ہے کہ یہ
گھڑی اسکی ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ لوگوں کے پاس جو دولت چھپی پڑی ہے اس کو
نکال کر عام لوگوں کے فائدہ کے لئے استعمال میں لائے۔ یہ کتاب میں پڑھ چکا ہوں،
کوئی دوسری اچھی کتاب ہو تو دیجئے۔ یہ کتاب برسوں انکی لائبریری میں چھپی پڑی رہی۔
اور انہیں یہ پتہ بھی نہ چلا کہ کتنی قیمتی ہے۔ چونکہ آج صدر پاکستان کی آمد ہے
اس لئے ضلع کے تمام آفیسر انتظام کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔

C: **Fill in the blanks.**

آسٹریلیا میں — دولت کے مالکوں کی — ۔ — کی کرنسی تبدیل — ہے۔
آسٹریلیا کی حکومت نے — پرانی کرنسی کو — کرنے کا فیصلہ کر لیا — ۔ پتہ
— ہے کہ حکومت کے اس — کے بعد یہاں لوگوں نے دھڑا دھڑ پرانی کرنسی کو بنکوں
میں جمع کروانا — کر دیا ہے۔ آسٹریلیا کے بنکوں — لوگوں کی بہت — رہتی ہے۔
وہ لوگ جنہوں نے ناجائز — سے دولت جمع — تھی، وہ چوری چھپی اپنی دولت کو
— اُدھر کرنے میں — ہیں۔ بنک کے — کا کہنا ہے کہ لوگ — پرانے اور
بوسیدہ اور گلے سڑے نوٹ دینے بھاری تعداد میں ہمارے — آ رہے ہیں۔ ٹیکس
چوروں کے — ٹیکس آفیسر — ہیں۔ بعض لوگ اپنی چھپی ہوئی — کو خرچ
— میں لگے ہوئے ہیں تاکہ — کی گرفت سے بچے رہیں۔ بنک کے منتظمین کا — ہے
کہ ہمارے ملک میں — لوگوں کے — ایسی دولت چھپی پڑی ہے جیسے — جنگِ
عظیم کے بعد کبھی باہر نہیں — گیا۔

D. Translate into Urdu.

I. Wealth gives man ease, and also worry. II. The government of this country is changing after the elections. III. She showed us her new dress that she bought in the store. IV. I am thinking of changing my college. V. He has decided to complete his studies. VI. The government will not take any action against the students who took part in this movement. VII. Who have you decided to marry? VIII. We have also decided to go to New York with you. IX. These days there are large crowds in the stores. X. He doesn't want to collect wealth by illegal means. XI. People say that he used to be always occupied with his work. XII. He claims this land belongs to him as he has lived on it for years. XIII. I live in the second house on this road. XIV. She is busy preparing for the journey. XV. It has been learnt that the President of Pakistan will not come to America in August.

E. Answer the following in Urdu.

۱- آسٹریلیا میں کون لوگ پریشان ہیں ؟
۲- آسٹریلیا کی حکومت نے کرنسی کے متعلق کیا فیصلہ کیا ؟
۳- آسٹریلیا کی نئی کرنسی کب تک رائج ہوگی ؟
۴- آسٹریلیا کی حکومت کے فیصلے کے بعد لوگ کیا کر رہے ہیں ؟
۵- آسٹریلیا کے بنکوں میں کیا حال ہے ؟
۶- جو لوگ ناجائز طریقوں سے دولت کماتے تھے وہ کیا کر رہے ہیں ؟
۷- بعض لوگ چھپی ہوئی دولت کو کیوں ضائع کر رہے ہیں ؟

Review Sentences

۱- انگریزوں کی آمد سے پہلے مسلمانوں کی حکومت ہندوستان میں صدیوں سے قائم تھی ۔

۲- شکاگو یونیورسٹی میں تقریباً بیس فی صدی دوسرے ملکوں کے طلبا ہیں ۔

۳- میں شام کو زیادہ تر گھر پر ہی رہتا ہوں ۔ باہر کم جاتا ہوں ۔

۴- ہمارے ملک میں ایک جگہ سے دوسری جگہ سامان لانے اور لیجانے کے لئے زیادہ تر ریل کا استعمال ہوتا ہے ۔

۵- جاوید اپنے گھر سے دوکان تک جانے کے لئے زیادہ تر بس اور کبھی کبھی سائیکل کا استعمال کرتا ہے ۔

۶- شمیم صاحب جاوید سے بات نہیں کرتے ہیں مگر اس پر بھی جاوید شمیم سے گھر پر ملنے گئے ہیں ۔

۷- ان کی طبیعت بہت خراب ہے لیکن اس پر بھی وہ چلنے پھرنے سے باز نہیں آتے ۔

۸- آج سے چند مہینے پہلے تک یہاں پر بڑا خوبصورت سا باغ تھا ۔

۹- میں نے اپنے نوکر کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ یہاں شام تک ضرور آجائے ۔

۱۰- اس نے ریل کے پہنچنے کا بہت دیر تک انتظار کیا ۔

۱۱- سر سید مرتے وقت تک اپنی قوم کو سدھارنے کی کوشش میں لگے رہے ۔

۱۲- میں تو بس اتنا کہتا ہوں کہ انسان کو کام کرنے کا ڈھونگ نہ کرنا چاہیئے ۔ بلکہ پورے طور سے کام کرنا چاہیئے ۔

۱۳- ہر صدی میں دنیا کو ایک نئے انقلاب کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔

۱۴- میں نے محسوس کیا ہے کہ جاوید کی زندگی میں بڑا انقلاب آگیا ہے ۔

۱۵- ان اخباروں میں اکثر فرضی خطوط بھی چھاپے جاتے ہیں ۔

۱۶- جمہوری حکومت میں عوام کو بھی ملک کی سیاست میں حِصّہ لینے کا حق ہوتا ہے ۔

۱۷- میرے بھائی کی تندرستی ٹھیک نہیں ہے ، اس لئے وہ کسی قسم کھیل میں حِصّہ نہیں لے سکتا ۔

۱۸- امریکہ کے سیاسی حلقوں میں نسلی امتیاز کے سوال پر کافی اختلاف ہے ۔

۱۹- ہر ملک کے لوگ اپنے کو مختلف سیاسی اور سماجی حلقوں میں بانٹ لیتے ہیں ۔

۲۰- عید کے دن امیر لوگ غریبوں میں روپیہ پیسہ بانٹتے ہیں ۔

۲۱- میرے والد کی عمر پچاس سال کے لگ بھگ ہوگی ۔

۲۲- میرے کالج میں طالب علموں کی تعداد لگ بھگ دو ہزار ہوگی ۔

۲۳ - اس ملک میں سرکاری افسروں کے اوپر ایک بڑا افسر ہوتا ہے اور ان سب کے اوپر پھر صدر ہوتا ہے ۔

۲۴ - میں اپنے مکان میں گرمیوں کے موسم میں چھت کے اوپر سوتا ہوں ۔

۲۵ - آج کل تقریباً ہر جگہ کھانا میزوں کے اوپر رکھ کر کھاتے ہیں ۔

۲۶ - میرے لکھنے کی میز پر جو کتاب سب کتابوں کے اوپر رکھی ہے وہ لے آؤ ۔

۲۷ - جاوید کے کالج میں اسکے والد بھی پڑھاتے ہیں اور چچا بھی ۔

۲۸ - ہمارے بھائی کے پاس کار بھی ہے اور سائیکل بھی ۔

۲۹ - پورس کے مقابلے میں سکندر کی فوج زیادہ بہتر تھی ۔

۳۰ - آج تمہارا دوست کالج میں کھیلوں کے مقابلے میں جیت گیا ۔

۳۱ - شکاگو یونیورسٹی میں باہر سے آنے والے طالب علموں کی تعداد امریکی طلبا کے مقابلہ میں بہت کم ہے ۔

۳۲ - سکندر کے مقابلے میں بہت سے بادشاہ آئے لیکن وہ کسی سے بھی نہیں ہارا ۔

۳۳ - اکثر ملکوں میں ایسے لوگ ہوتے ہیں جو ناجائز چیزوں کے استعمال کو جائز سمجھتے ہیں ۔

۳۴ - ہمارے یہاں جو لوگ مکانوں کے مالک ہوتے ہیں وہ ایک مقررہ ٹیکس حکومت کو ادا کرتے ہیں ۔

۳۵- جن دکانوں کے مالکوں کے پاس ناجائز مال جمع ہوتا ہے وہی لوگ حکومت سے بچنے کے لئے اپنے مال کو ادھر ادھر کرتے ہیں۔

۳۶- ہر ملک کے پرانے رسم و رواج آہستہ آہستہ تبدیل ہوتے جا رہے ہیں۔

۳۷- میں سوچ رہا ہوں کہ اپنا پرانا مکان جلد ہی تبدیل کر دوں۔

۳۸- میرے دوست نے اپنی خراب کار کو جلد تبدیل کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

۳۹- حکومت کو ملک کی اہم باتوں کے متعلق فیصلہ کرنے میں دیر نہیں کرنی چاہئیے۔

۴۰- جج جب کسی مقدمہ کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کی نظر مجرم اور جرم دونوں پر ہوتی ہے۔

۴۱- جاوید کو کل ہی پتہ چلا ہے کہ وہ امتحان میں کامیاب ہو گیا ہے۔

۴۲- میں جس کتاب کو تلاش کر رہا تھا اس کا پتہ چل گیا ہے۔

۴۳- ٹیکس افسروں کو لوگوں کی ناجائز دولت کا فوراً پتہ چل جاتا ہے۔

۴۴- منڈی میں ساری چیزیں دھڑا دھڑ بک جاتی ہیں۔

۴۵- عید کے تہوار کی وجہ سے شہر کے ہر راستہ پر چلنے پھرنے والوں کی بھیڑ ہے۔

۴۶ - حکومت کی گرفت سے بچنے کے لئے لوگوں نے اپنے ناجائز طریقوں سے جمع کئے ہوئے مال کو دھڑا دھڑ سستی قیمت پر بیچنا شروع کر دیا ہے

۴۷ - جو تاجر چوکس ہوتے ہیں وہ اپنے مال کو ادھر ادھر نہیں ہونے دیتے ۔

۴۸ - میرا دوست اپنے کام میں بہت چوکس رہتا ہے ۔

۴۹ - جاوید کے پاس مہینوں پرانے اخبارات رکھے ہوئے ہیں ۔

۵۰ - میرے بھائی کی میز پر یہ سارے خط کئی دنوں سے ایسے ہی پڑے ہوئے ہیں ۔

۵۱ - جو چیز میں نے اپنے دوست کو بھیجی تھی وہ کہیں راستہ میں ضائع ہو گئی ۔

۵۲ - جاوید آج کل پڑھائی میں لگے ہوئے ہیں تا کہ امتحان میں کامیاب ہو جائیں ۔

۵۳ - ہر ملک کا تاجر اس کوشش میں لگا رہتا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ دولت جمع کر سکے ۔

UNIT - XXVIII

خطرے جن کا سامنا ہے[1]

جن[2] سنگھ نے گزشتہ الکشن ہی میں کافی زور پکڑ لیا تھا۔ لیکن اب چین کے حملے کے بعد اُس کے زور میں اضافہ ہو گیا ہے۔ جس کا ثبوت ہے کرشنا مینن کا ہٹایا جانا۔[3] کرشنا مینن محض اس لئے ہٹائے گئے کہ جن سنگھ ان کے خلاف غصہ پیدا کرنے میں کامیاب ہو گئی اور اس غُصّے میں بھرے ہوئے عنصر کو راضی کرنے پر حکومت مجبور ہو گئی۔ اگر عام حالات ہوتے تو شاید حکومت اس غصّے سے ٹکر[4] لے لیتی۔ لیکن جنگ کی حالت میں اندر[5] کسی قسم کی لڑائی لڑنا ممکن نہ تھا۔

لیکن اگر جن سنگھ حکومت کو ایک پہلو پر اتنا دبا سکتی ہے تو ذرا اور زور پکڑ کر اور پہلوؤں پر بھی دبا سکتی ہے یعنی امکانات کے دروازے کھل گئے ہیں۔

گزشتہ الکشن میں کرپلانی جی[6] کے نقطہ پر آ کر تمام سیاسی پارٹیوں کا مل جانا بھی بہت خطرناک مستقبل کی نشان دہی تھی۔ اُس کے معنی یہ تھے کہ سیاست میں ایسے مواقع نکل سکتے ہیں جب سوشلسٹ پارٹیاں اپنی سوشلزم کو بھلا کر سرمایہ پرست پارٹیوں سے مل جائیں اور قوم پرور پارٹیاں[7] اپنی قوم پروری کو فراموش کرکے فرقہ پروروں سے مل جائیں۔ دوسرے لفظوں میں اس بات کا امکان ہے کہ پرجا سوشلسٹ اور سوشلسٹ پارٹیاں یہ دونوں جن سنگھ کی فوج کے دستے بن جائیں۔

ان دونوں پارٹیوں کی سوشلزم ہے کیا؟ کیا اِن کی سیاسی زندگی کا کوئی بھی گوشہ ایسا ہے جس میں سوشلسٹ عناصر پائے جاتے ہوں؟ اس سوال کے

جواب میں ہم سے اُلٹ کر پوچھا جاسکتا ہے[8] کہ ان دونوں پارٹیوں کا نظریہ کیا ہے اور عمل کیا ہے ؟

حقیقت یہ ہے کہ یہ دونوں سوشلسٹ پارٹیاں نظریہ کے لحاظ سے ابھی بہت کچی[9] ہیں ۔ اس وجہ سے اُن کے عمل کے حدود نہیں بن سکتے ۔ وہ ہر قسم کے پروگرام پر عمل کرسکتی ہیں ۔ ایسی ڈھیلی ڈھالی[10] پارٹیوں کے بارے میں ہمیشہ یہ خطرہ رہتا ہے کہ وہ اِدھر یا اُدھر نہ ڈھلک جائیں ۔

پھر ایک بات یہ بھی ہے کہ ان دونوں سوشلسٹ پارٹیوں میں سے کسی نے کسی موقعہ پر بھی کھل کر فرقہ واریت کا مقابلہ نہیں کیا ہے ۔ بلکہ وہ ایک طرح سے فرقہ واریت کو طرح دیتی رہی ہیں[11] ۔

اس جگہ ایک بات اور کہنے کو باقی رہ گئی ہے کہ اگر کبھی جن سنگھ اِن دونوں سوشلسٹ پارٹیوں کو لے کر الکشن جیتے گی یا حکومت بنائے گی تو یہ دونوں پارٹیاں جن سنگھ میں اس طرح گھل جائیں گی جس طرح پانی میں نمک ۔ ان دونوں پارٹیوں میں سے کسی کے پاس نہ ایسا نظریہ ہے جو اس کے ممبروں کے ضمیر کو ایسا کرنے سے روکے اور نہ ایسی روایات ہیں جو راہ میں حائل ہوں ۔ اس لئے مشترکہ الکشن ہو یا مشترکہ حکومت وہ بہت جلد جن سنگھ کی فتح اور خالص جن سنگھ کی فتح بن جائے گی ۔

امروہے کے الکشن نے اس خطرے کو بے حد روشن کردیا ہے[12] کہ ایسا ہوسکتا ہے کہ دونوں سوشلسٹ پارٹیاں کٹھ پتلیاں بن کر جن سنگھ کے اشاروں

پر رقص کرنے لگیں۔ اور اگر ایسا ہوا تو جن سنگھ کے اقتدار میں آنے کے امکانات بہت روشن ہو جائیں[13] گے۔

Vocabulary

خطرہ	M	xatraa	danger
سامنا ہونا	Ka M	saamnaa hoonaa	to be faced with X [-kaa]
جن سنگھ	F	jan-sangh	Jana Sangh, name of an Indian political party
زور پکڑنا	NM	zoor pakaRnaa	to gain strength
حملہ	M	hamlaa	attack
زور	M	zoor	power
اضافہ	M	izaafaa	increase, addition
ثبوت	M	subuut	proof
کرشنا مینن		krišnaa menan	V.K. Krishna Menon
غصہ	M	Gussaa	anger
عنصر	M	unsur	element
راضی کرنا	N	raazii-karnaa	to make X [-koo] agree; to conciliate X [-koo]
شاید		šaayad	perhaps
ٹکّر لینا	NF	Takkar lenaa	to confront X [-see]; to seek battle with X [-see]
ٹکّر	F	Takkar	encounter, collision
قسم		qism	kind
لڑائی	F	laRaaii	fight
لڑنا		laRnaa	to fight with X [-see]
ممکن		mumkin	possible
پہلو	M	pahluu	side
دبانا	N	dabaanaa	to press, force
یعنی		yaanii	that is, i.e., that means
امکانات	Mp	imkaanaat	possibilities; pl. of امکان [imkaan]
دروازہ	M	darwaazaa	door
کرپلانی	M	kirpalaanii	J.B. Kripalani
نقطہ	M	nuqtaa	point
پارٹی	F	paarTii	Eng., party
خطرناک		xatar-naak	dangerous
مستقبل	M	mustaqbil	the future

نشان		nišaan	sign
نشان دہی	F	nisaan-dehii	indication, clueing
معنی	F	maanii	meaning
سیاست	F	siyaasat	politics
مواقع	Mp	mawaaqe	opportunities; pl. of موقع [mauqaa]
سوشلسٹ		soošalisT	Eng., Socialist
سوشلزم	F	soošalizm	Eng., Socialism
بھلانا	N	bhulaanaa	to forget
سرمایہ پرست		sarmaayaa-parast	capitalist
قوم پرور		qaum-parwar	nationalist; lit., one who nourishes the nation
قوم پروری		qaum-parwarii	nationalism
فراموش کرنا	N	faraamooš-karnaa	to forget X [-koo]
فرقہ پرور		firqaa-parwar	communalist
لفظ	M	lafz, lawz	word
پرجا سوشلسٹ	F	parjaa soošalisT	Praja Socialist party
دستہ	M	dastaa	platoon
گوشہ	M	goošaa	corner
عناصر	Mp	anaasir	elements; pl. of عنصر [unsur]
سوال	M	sawaal	question
نظریہ	M	nazaryaa	idealogy
لحاظ سے		lihaaz-see	with respect to X [-kee]; (also [is lihaaz-see]: in this respect)
حدود	Fp	huduud	limits; pl. of حد [had]
ڈھلکنا		Dhulaknaa	to roll down
کھل کر		khul-kar	openly
فرقہ واریت	F	firqaa-waariyat	sectarionism, communalism
مقابلہ	M	muqaablaa	confrontation
مقابلہ کرنا	NM	muqaablaa karnaa	to confront X [-kaa, -see]
طرح دینا	NF	tarah deenaa	to encourage X [-koo] by ignoring
جیتنا	N	jiitnaa	to win

گھلنا		ghulnaa	to be united with X [-mẽẽ]; lit., to dissolve (Intr.)
پانی	M	paanii	water
نمک	M	namak	salt
ممبر	M	membar	Eng., member
ضمیر	M	zamiir	conscience
روایات	Fp	riwaayaat	traditions; pl. of روایت [riwaayat]
حائل		haael	obstructing, intervening
حائل ہونا		haael-hoonaa	to obstruct Y [-mẽẽ]
مشترکہ		muštarakaa	joint
خالص		xaalis	pure
امروہہ	M	amroohaa	a city in Uttar Pradesh (India)
بے حد		bee-had	extremely
روشن کرنا	N	raušan-karnaa	to bring Y [-koo] into light
کٹھ پتلی	F	kaTh-putlii	puppet
اشارہ	M	išaaraa	signal
رقص	M	raqs	dance
رقص کرنا	NM	raqs karnaa	to dance
اقتدار	M	iqtedaar	power
روشن		raušan	bright, lit up

Notes: XXVIII

1. [xatree jin-kaa saamnaa hai], "The dangers that we face." [saamnaa], a masculine noun, can be translated literally as "encounter; confrontation". It usually occurs in the following constructions.
A. [saamnaa hoonaa] : KM : "to be confronted with X [-kaa]".
B. [saamnaa karnaa] : NM : "to face or confront X [-kaa]".

2. This is an editorial from [qaumii aawaaz] of June 16, 1963. Published from Lucknow, India, this newspaper is much respected for its balanced judgment and strong secular and nationalist policies.

3. After the attack on Indian territory by the Chinese in 1962, there was a general feeling that the then Defence Minister, Mr. V. K. Krishna Menon, had failed to do his job properly. As a result, he finally had to leave the cabinet.

4. [Takkar leenaa] : NF : "to butt against X [-see]; to meet the challenge of X [-see]".

5. [andar], "internally"; [mulk-kee andar].

6. Acharya J. B. Kripalani, leader of the Praja Socialist Party of India. In a bye-election in 1963, he ran for the parliament from Amroha in Uttar Pradesh. His opponent was Hafiz Mohammad Ibrahim, who was then a minister in Pandit Nehru's cabinet and needed to win the seat for his confirmation. Mr. Kripalani was supported by all the opposition parties, including the extreme right-wing, and easily won the election. His success was considered a major setback

for the ruling Congress party.

7. [qaum-parwar], "nationalist".
[-parwar] is a derivative suffix, related to [parwariš], "upbringing, nurturing", and can be translated as "one who nurtures..." [qaum-parwar] is interchangeable with [qaum-parast]; likewise [firqaa-parwar] with [firqaa-parast].

8. [is sawaal-kee jawaab-mee ham-see ulaT-kar puuchaa-jaa-saktaa hai...], "In lieu of an answer to this query we can ourselves be asked..." [ulaT-kar], "in retort"; from [ulaTnaa], "to turn over".

9. [kaccaa], "inexperienced"; lit., "unripe; uncooked; green".

10. [Dhiilaa-Dhaalaa], "loose; flabby; fickle".
[Dhiilaa], "loose, not tight".

11. [bal-ki woo eek tarah-see firqee-waariyat-koo tarah deetii rahii hai], "Rather we can say that they have been encouraging communalism".
[eek tarah-see], "in a manner; in a manner of speaking".
[tarah deenaa], "to encourage or incite X [-koo] to commit further wrongs".
But, [tarah dee-jaanaa] means "to ignore or look away from the wrong deeds of X [-koo]".

12. [is xatree-koo bee-had raušan-kar-diyaa hai], "has made this danger very vivid".
[raušan] literally means "bright; lit", and [raušan-karnaa] can mean "to light".

caraaG raušan-kar-doo   Light the lamps.

13. [raušan-hoonaa] can mean metaphorically, "to become more vivid or definite". Cf. [jab caraaG raušan-huee], "when the lamps were lit".

Exercises

A: Situational Variants.

گذشتہ انتخاب میں جن سنگھ کا زور بڑھا تھا۔ لیکن یہ زور چین کے ہندوستان پر حملہ کے بعد اور بھی بڑھ گیا ہے - اگر جن سنگھ سرکار کو ایک اہم بات میں اس طرح مجبور کر سکتی ہے تو اگر اس کا زور بڑھتا رہا تو اور باتوں میں بھی مجبور کرنے لگے گی - یہ کافی خطرناک بات ہے - چونکہ عوام غصّہ سے بھرے ہوئے تھے اس لئے نہ چاہتے ہوئے بھی کرشنا مینن کو ہٹانا پڑا - گذشتہ الکشن میں کرپلانی جی کے انتخاب کے سلسلے میں ساری سیاسی پارٹیوں کا ایک ہو جانا بھی مستقبل میں خطرے کی نشانی ہے - اس حالت میں یہ بھی ممکن ہے کہ پرجا سوشلسٹ اور سوشلسٹ یہ دونوں پارٹیاں کسی موقع پر جن سنگھ کے ساتھ مل جائیں - ہم نہیں کہہ سکتے یہ دونوں پارٹیاں کہاں تک سوشلسٹ ہیں - سچ بات تو یہ ہے کہ ابھی ان دونوں سوشلسٹ پارٹیوں کے سیاسی نظریوں کی صحیح شکل مقرر نہیں ہو سکی ہے - دوسری بات یہ بھی ہے کہ یہ دونوں سوشلسٹ پارٹیاں کسی وقت بھی فرقہ داریت کے خلاف کھل کر نہیں آئی ہیں - ایک اور بھی کہنے کی چیز ہے، وہ یہ کہ اگر کسی وقت جن سنگھ ان دونوں سوشلسٹ پارٹیوں کو اپنے ساتھ لے کر الکشن میں کامیاب ہو گئی تو یہ دونوں پارٹیاں جن سنگھ میں مل کر اس طرح غائب ہو جائینگی جیسے پانی میں نمک - اس لئے اگر ملا جلا الکشن ہو یا ملی جلی حکومت تو وہ جلد ہی جن سنگھ کی اور صرف جن سنگھ کی کامیابی بنکر رہ جائیگی -

امروہہ کے الکشن کے بعد سے اس بات کا امکان بڑھ گیا ہے کہ سیاسی فائدہ کے خاطر ممکن ہے یہ دونوں سوشلسٹ پارٹیاں جن سنگھ کے ہاتھوں میں کھلونا بن جائیں۔

B: **Translate into English.**

آپ جس سفر پر جا رہے ہیں اس میں بہت سے خطرے ہیں جن صاحب کی تلاش تھی آخر ان سے سامنا ہو گیا۔ گذشتہ سال کافی گرمی تھی لیکن اس سال اتنی نہیں ہے۔ عوام کو چاہیے کہ فرقہ پرور لیڈروں سے چوکس رہیں۔ ثبوت نہ ملنے کی وجہ سے حکومت کو سب لوگوں کو چھوڑ دینا پڑا۔ اس سال گھروں کے کرایوں میں اضافہ ہو گیا ہے۔ اپنی گذشتہ پالیسی کو بھلا کر کانگریس نے اس الکشن میں فرقہ پرور پارٹیوں سے مدد لی۔ ہندوستان میں محض سیاسی نقطۂ نظر سے ایک الگ پارٹی بنانا مسلمانوں کے لئے خطرناک ہے۔ ہر انسان کو سوچنا چاہئے کہ وہ جو بھی کام کرنے والا ہے اس کا اسکے مستقبل پر کیا اثر پڑیگا۔ محض آپکے کہنے سے میں وہاں نہیں گیا۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ بغیر سوچے سمجھے کوئی کام بھی نہ کرے۔ سیاست میں ایسے مواقع نکل سکتے ہیں جب کہ انسان اپنی نیکی اور پرہیزگاری کو بھلا کر غلط کام کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ سرمایہ پرست اگر قوم پروری کے جذبہ کو ترقی دینے میں کامیاب ہو گئے تو شاید غریبوں کو بھی راضی کرنے میں کامیاب ہو جائیں۔ ان حالات میں ضروری ہے کہ ہم سب کھل کر فرقہ داریت کا مقابلہ کریں۔ انکے واپس آنے کا کوئی امکان نہیں ہے۔

پاکستان کے قائم ہونے کے بعد ہندوستان کے مسلمانوں کا سیاسی نظریہ کافی بدل چکا ہے ۔ یہ محض وقت کی بات ہے ورنہ احمد تو میرے اچھے دوست تھے ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہندوستان کے مسلمانوں کا کوئی مشہور اور مقبول لیڈر نہیں رہا ۔ ہندوستانی مسلمانوں کے لئے یہ ایک اچھی بات ہے ۔ قدیم روایات کے مطابق یہ عمارت کم سے کم دو ہزار سال پرانی ہے ۔ وہ محض اپنے مقصد کے لئے اس طرح کی غلط صحیح باتیں پھیلایا کرتا ہے ۔ آپ کو کسی موقع پر یہاں آنا پڑے تو ہمارے گھر ضرور آئیے ۔ وہ صاحب جو آپ کے ساتھ رہتے ہیں وہ کھل کر تخریبوں کی مدد کرتے ہیں ۔ مجھے اس لفظ کے معنی معلوم نہیں ۔ جب میں نے سنا کہ شوکت میرے خلاف الکشن لڑینگے تو میں نے انکا مقابلہ نہیں کیا ۔ وہاں اور بھی بہت سی جگہ باقی رہ گئی ہے ، آپ بھی اپنا مکان بنوا سکتے ہیں ۔ کانگریس کے صدر نے کہا " کانگریس اس وقت اپنے پروگرام پر عمل کر سکتی ہے جب کہ الکشن جیتے گی اور حکومت بنائیگی " ۔ ان دونوں میں ایسی دوستی ہے اور اس طرح گھل مل گئے ہیں جس طرح پانی میں نمک ۔ ملک اور قوم کی روایات کی حفاظت کرنا ضروری ہے ورنہ ملک و قوم کی تہذیب مٹ جائیگی ۔ بازار میں آج کل کھانے پینے کا خالص سامان ملنا مشکل ہوتا جا رہا ہے ۔ اور اگر ایسا ہوا تو بچوں کی صحت پر اثر پڑیگا اور انکی تندرستی خطرے میں پڑ جائیگی ۔ میرے وہاں جانے کے امکانات نہیں ہیں ، کیونکہ میں بہت مصروف ہوں ۔ جو لوگ باقی رہ گئے تھے وہ بھی ایک ایک کر کے چلے گئے ۔ کانگریس کو چھوڑ کر باقی پارٹیوں یعنی جن سنگھ اور سوشلسٹ پارٹی کو عوام کی مدد حاصل ہیں ۔

C: **Fill in the blanks.**

لیکن اب چین کے ____ کے بعد اس کے ____ میں اضافہ ہو گیا ہے - لیکن ____ جن سنگھ حکومت کو ایک پہلو پر اتنا ____ سکتی ہے تو ذرا اور زور پکڑ کر ____ پہلوؤں پر بھی دبا سکتی ہے - اس کے ____ یہ تھے کہ سیاست میں ایسے مواقع مل سکتے ہیں جب سوشلسٹ پارٹیاں اپنی سوشلزم کو ____ سرمایہ پرست پارٹیوں سے مل جائیں - اور ____ پرور پارٹیاں اپنی ____ کو فراموش کرکے فرقہ پروروں سے مل جائیں - دوسرے لفظوں میں اس بات کا ____ ہے کہ پرجا سوشلسٹ اور سوشلسٹ پارٹیاں یہ ____ جن سنگھ کی ____ کے دستے بن جائیں - کیا ان کی ____ کا کوئی بھی ____ ایسا ہے جس میں سوشلسٹ عناصر پائے جاتے ہوں ! پھر ایک ____ یہ بھی ہے کہ ان دونوں سوشلسٹ پارٹیوں ____ کسی نے کسی موقع ____ بھی کھل کر فرقہ داریت کا ____ نہیں کیا ہے - دونوں پارٹیوں میں سے ____ کے پاس نہ ایسا نظریہ ہے جو اسکے ممبروں کے ضمیر کو ایسا کرنے سے ____ اور نہ ایسی ____ ہیں جو راہ میں حائل ہوں ۔ اس ____ مشترکہ الکشن ہو یا ____ حکومت وہ بہت جلد جن سنگھ کی فتح اور ____ جن سنگھ کی فتح ____ - اور اگر ____ ہوا تو جن سنگھ کے اقتدار میں آنے کے ____ بہت روشن ہو جائیں گے -

D. Translate into Urdu.

I. There is no possibility of his coming today. II. What's the use of going that far just to eat. III. He says this land is his but he has no proof. IV. It is possible that our school will win this game. V. I will carry the remaining things later. VI. That means politics is a dangerous game. VII. Such opportunities may often come your way. VIII. Those two parties are entirely different in their ideologies. IX. Considering the past elections it seems that Congress will win again. X. It is possible that communalism may further increase in the country. XI. I do not oppose your views but only your actions. XII. They have very little ancestral land left now. XIII. Ayub Khan formed a new government after the elections. XIV. He is acquainted with all the social traditions of his country. XV. The danger of a third World War has increased due to these developments. XVI. That means now you will have to go alone. XVII. In future you should always stay with us.

E. Answer the following in Urdu.

۱- کرشنا مینن کو ہٹانے میں جن سنگھ کا کیا ہاتھ تھا ؟

۲- اگر جن سنگھ حکومت کو ایک پہلو پر دبا سکتی ہے تو اس میں خطرے کی کیا بات ہے ؟

۳- کرپلانی جی کے الکشن میں مستقبل کا کون سا خطرناک پہلو ظاہر ہو گیا ؟

۴- نظریہ کے لحاظ سے یہ دونوں سوشلسٹ پارٹیاں کیسی ہیں ؟

۵- عمل کے لحاظ سے یہ دونوں سوشلسٹ پارٹیاں کیسی ہیں ؟

۶- فرقہ داریت کے متعلق ان دو سوشلسٹ پارٹیوں کا نظریہ اور
عمل کیا رہا ہے ؟

۷- اگر یہ دونوں پارٹیاں جن سنگھ کے ساتھ مل کر الکشن جیتیں
تو کس بات کا امکان ہے ؟

۸- آپ کے ملک میں کون کون سی سیاسی پارٹیاں ہیں ؟

۹- کیا آپ کے ملک کی دونوں پارٹیاں نظریے کے لحاظ سے ایک
دوسرے سے مختلف ہیں ؟

۱۰- آپ کے خیال میں جمہوریت کو سرمایہ پرستوں سے زیادہ خطرہ
ہے یا فرقہ پروروں سے ؟

Review Sentences

۱- غریب لوگوں کو اپنی زندگی میں بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

۲- آج راستہ میں میرا اور جاوید صاحب کا سامنا ہو گیا۔

۳- امریکہ میں نسلی امتیاز کے دور کرنے کی تحریک بہت زور پکڑ چکی ہے۔

۴- شکاگو یونیورسٹی کی عمارتوں میں ہر سال اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔

۵- حکومت نے خرچ کم کرنے کے لئے اپنے اکثر شعبوں میں سے بہت سے ملازموں کو ہٹا دیا ہے۔

۶- کسی پہاڑ کو اپنی جگہ سے ہٹانا انسان کی طاقت سے باہر ہے۔

۷- یہ بات کہاں تک صحیح ہے کہ ایک مجرم کے جرم کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ وہ اس جرم کا اقرار کرلے۔

۸- تم محض اس لئے بازار نہیں گئے کہ تمہارے پاس سائیکل نہیں تھی۔

۹- میں اس مکان میں محض اس لئے رہتا ہوں کہ یہ میری یونیورسٹی سے قریب ہے۔

۱۰- میرا دوست مجھ سے خفا ہو گیا ہے اس لئے میں اسکو راضی کرنے جا رہا ہوں۔

۱۱- اکثر ایسا ہوتا ہے کہ انسان اپنی خوشی کے خلاف کام کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

۱۲- میں اس معاملہ میں آپ کی مدد کرنے سے مجبور ہوں۔

۱۳- ہر جمہوری ملک میں حکومت اپنے عوام کے مطالبوں کو ماننے پر مجبور ہوتی ہے۔

۱۴- سکندر ایک ایسا طاقتور بادشاہ تھا کہ جس سے ٹکّر لینا آسان نہ تھا۔

۱۵- میرا دوست اب تم سے ہر کھیل میں ٹکّر لے سکتا ہے۔

۱۶- کسی کام کے شروع کرنے سے پہلے اسکے ہر پہلو پر غور کر لینا چاہیئے۔

۱۷- جاوید اپنے والد صاحب کے پہلو میں بیٹھا ہوا ہے۔

۱۸- جب بزرگوں کی صحبت میں بیٹھے ہوئے ہو تو بار بار پہلو نہیں بدلنا چاہیئے۔

۱۹- اس پہاڑ پر چڑھنے سے پہلے میں نے تم کو اس کے خطروں کی نشاندہی کر دی تھی۔

۲۰- سر سید اپنی قوم کو اسکی خرابیوں کی نشاندہی کرتے رہے۔

۲۱- سیاسی لیڈروں کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ اپنی قوم سے وعدہ کرکے اس کو فراموش کر دیتے ہیں۔

۲۲- ماں باپ کی بتائی ہوئی نصیحتیں بچوں کو فراموش نہ کرنا چاہئیے۔

۲۳- آپ مجھے کسی ایسی کتاب کا پتہ بتائیں جس میں ہندوستان کی اہم سیاسی تحریکوں کی تاریخ لکھی گئی ہو۔

۲۴- اس کمرے میں گھر کا وہ سامان جو استعمال میں نہیں ہے رکھ کر بند کر دیا جاتا ہے۔

۲۵- میں آپ کو ایسی دکان کا پتہ دے سکتا ہوں جہاں پر لکھنے پڑھنے کی ہر چیز مل جاتی ہے۔

۲۶- ہماری تہذیب میں بزرگوں کو الٹ کر جواب دینا نہایت برا سمجھا جاتا ہے۔

۲۷- آج خبر ملی ہے کہ شکاگو کے قریب ایک ٹرین جس میں دو سو آدمی تھے پٹری پر سے الٹ گئی ہے۔

۲۸- کالج آتے ہوئے راستہ میں دیکھا کہ ایک کار الٹی ہوئی پڑی تھی۔

۲۹- ناصر نے دستر خوان پر گوشت کے سالن کا برتن الٹ دیا۔

۳۰- جاوید اپنے اخلاق کے لحاظ سے بہت اچھا آدمی ہے۔

۳۱- چھوٹوں کو چاہئیے کہ بزرگوں کے ساتھ ہمیشہ لحاظ اور عزت سے پیش آئیں۔

۳۲- یہ عمارت کسی لحاظ سے بھی اس قابل نہیں ہے کہ کرایہ پر لی جائے۔

۳۳- لوگ گرمیوں میں ڈھیلے ڈھالے کپڑے پہننا پسند کرتے ہیں۔

۳۴- میرے دوست کہتے ہیں کہ جاوید صاحب نہایت ڈھیلے ڈھالے افسر ہیں۔

۳۵- سنتے ہیں کہ اس کالج کا انتظام آجکل بڑا ڈھیلا ڈھالا ہو رہا ہے۔

۳۶- الکشن میں سیاسی پارٹیاں ایک دوسرے کا خوب مقابلہ کرتی ہیں۔

۳۷- حکومت اپنے فائدہ کے لئے کبھی کبھی کسی سیاسی فرقہ کو طرح دینے لگتی ہے۔

۳۸- کمزور فوج بہادر فوج کا زیادہ دیر تک مقابلہ نہیں کر سکتی۔

۳۹- ان دونوں کرسیوں کا مقابلہ کر کے دیکھ لو پھر جو پسند آئے اسکو خرید لو۔

۴۰- اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ دو کمزور پارٹیاں ایک دوسرے میں گھل مل کر ایک نئی اور مضبوط پارٹی بن جاتی ہے۔

۴۱- فوج کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے افسروں کے اشاروں پر کام کرے۔

۴۲- میری کامیابی کی راہ میں بہت سی مشکلات حائل ہیں۔

۴۳- اس عمارت اور بڑی سڑک کے درمیان جو بڑے بڑے پتھر حائل ہیں انکو ہٹا کر ایک پتلی سی سڑک بنائی جا سکتی ہے۔

۴۴- ہندوستان میں سوشلسٹ پارٹی کے جیتنے کا کوئی امکان نہیں ہے۔

UNIT - XXIX

یکّہ[1] والا (حصّہ اوّل)

یکّے والے نے کہا " میں تو شہر جاؤں گا۔" میں نے کہا " میں بھی وہیں[2] چلوں گا۔" اور رفعِ شر کے خیال سے چند[3] آنے پیسے یکّے والے کو نذر کئے[4] اور کہا " بھائی چل، جلدی چل۔" یکّہ چل پڑا[5] اور چلتا رہا۔ تھوڑی دیر بعد شہر آ گیا۔ ایک موقعہ[6] پر ہمارے ساتھی نے یکّے کو رکوایا اور گلی میں ہو لئے[7]۔ یکّے والے نے دریافت کیا " اور میاں آپ کدھر جائیں گے؟" میں نے کہا " کالج۔" کہنے لگا کہ اسٹیشن پر ہی کیوں نہ کہہ دیا۔ میں نے کہا "تمہارا کیا بگڑا[8]۔ تم کو یہاں تک کے پیسے دیدئے۔ رہا کالج جانا[9]، اُس کے پیسے یہ لے لو۔" یکّے والے نے کہا "میں تو کالج نہیں جاؤں گا۔ آج بھر کی روٹی[10] کما لی۔ سردی پانی[11] میں جانور کو تکلیف ہوگی۔ گھر میں چھوٹے چھوٹے بچّے ہیں اُنکی خبر لوں گا[12]۔" میں نے کہا " تو پھر میں بھی تمہارے ساتھ چلوں گا۔" اُس نے کہا " آپ جا کر کیا کریں گے؟" میں نے کہا "تم جا کر کیا کروگے؟" کہنے لگا " میں تو بچّوں کی خبر لوں گا۔ گھوڑے کو دانہ گھاس دوں گا اور پھر آرام کروں گا۔" میں نے کہا "میرا بھی یہی ارادہ ہے۔" بڈّھے نے سمجھا کہ قصّہ طوالت پکڑے گا اور دلچسپ بھی ہے۔ اُس نے اطمینان سے اپنے میلے بوسیدہ لباس کے معلوم نہیں کس گوشہ سے ایک بیڑی[13] نکالی اور سلگا کر پینے لگا۔ پھر کہا " میاں! آپ کو مجھ سے مطلب کیا[14]؟" میں نے کہا " میں اپنا مطلب کیوں بتاؤں؟" اُس نے کہا " تو پھر آپ میرے گھر کیوں جائیں؟" میں نے کہا " اور کیوں نہ جاؤں؟" اُس نے ایک دفعہ پھر مجھے نیچے سے اوپر تک دیکھا اور مجھ کو کچھ ایسا معلوم ہوا کہ آج کئی

دن کے بعد اُس نے اپنی آنکھوں کو پوری وسعت کے ساتھ کشادہ کیا تھا جس کو بیڑی کے دھوئیں نے پھر چھپا دیا۔ کہنے لگا "تو پھر بیٹھ جاؤ" تھوڑی دیر بعد ہم سب ایک تازہ نمناک اور غلیظ گلی میں پہنچے۔ آگے ایک چھوٹا سا احاطہ تھا جس میں کثرت سے ہر قسم کے درخت کھڑے تھے۔ کہیں کہیں[15] سے دھواں اُٹھ رہا تھا۔ جسکی وجہ سے موسم کی تاریکی اور ناخوشگواری اور بڑھ گئی تھی۔ درختوں کے اوپر بندر اور کوّے، درختوں کے نیچے مرغیاں اور بچّے شور مچا رہے تھے۔ درختوں کی پتّیوں سے چھن چھن کر بارش کے قطرے گر رہے تھے۔ جن کی آواز اس شور و ہنگامے سے مل کر ایک عجیب طرح کا سماں پیدا کر رہی تھی جسکا صرف تصوّر کیا جا سکتا ہے، شاید بمشکل۔

گھوڑے کی خدمت سے فراغت پا کر یکّے بان بچیوں سمیت جھونپڑے میں آیا۔ مجھ کو دیکھ کر بچّیاں یک لخت چونک پڑیں۔ یکّے والے نے کہا "ڈرو نہیں۔ ہمارے مہمان ہیں" ان میں جو بڑی تھی سہم کر کہنے لگی۔ "ابّا! کیا تم پھر یکّہ لے کر جاؤ گے۔" میں نے فوراً جواب دیا۔ "نہیں۔ اب یہ رات بھر تمھارے ہی ساتھ رہیں گے۔" یکّے بان نے یکّے پر سے بچھونا[16] اُتار کر گھاس پر ڈال دیا۔ بچّیاں اس پر بیٹھ گئیں۔ میں نے پوچھا "اور کیوں میاں تمھارا نام کیا ہے؟" اس نے کہا "عیدو" میں نے کہا۔ "عیدو! ان بچّیوں کی ماں کہاں ہے؟" عیدو اس سوال کو ٹال گیا۔ اس طور پر گویا وہاں بچّیوں کے سامنے اس کا تذکرہ کرنا نہیں چاہتا تھا۔ کہنے لگا۔ "میاں! ذرا دیر ہو گئی[17]۔ سالن دن کا رکھّا ہے۔ بس روٹیاں ڈالنی ہیں[18]۔" میں نے کہا "نہیں۔ اس کی بالکل ضرورت نہیں ہے۔" میں نے ایک نوٹ دیا اور کہا۔ "یہ لو، بازار جا کر

کھانا لاؤ۔ عمدہ عمدہ کھانے، کچھ پھل اور مٹھائیاں۔" عیدو نے کہا۔" میاں یہ نہیں ہو سکتا۔
اس وقت تو آپکو ہمارے روکھے اور پھیکے[19] پر ہی بسر کرنا ہوگا۔" میں نے کہا۔" اچھا! میں
تمھارا کھانا کھاؤں گا۔ لیکن تم کو میرا کھانا کھانا پڑے گا۔ تم فوراً جاکر سب چیزیں لاؤ۔
اس درمیان میں میں تمھاری بچیوں کے ساتھ بات کروں گا۔" عیدو کچھ سوچتا ہوا بازار
چلا گیا۔ میں نے لڑکیوں سے بات کرنا شروع کیا۔

Vocabulary

رفع شر		rafa-e-šar	avoidance from evil
رکوانا	N	rukwaanaa	to cause to be stopped
گلی	F	galii	lane, alley
دریافت کرنا	N	daryaaft-karnaa	to inquire from X [-see]
میاں	M	miyãã	Mr.; master
کدھر		kidhar	which way?
روٹی	F	rooTii	bread
روٹی کمانا	NF	rooTii kamaanaa	to earn livelihood
گھوڑا	M	ghooRaa	horse
دانہ	M	daanaa	grain
گھاس	F	ghaas	grass
ارادہ	M	iraadaa	intention
بڑھا	M	buDDhaa	old man
قصہ	M	qissaa	story
طوالت	F	tawaalat	complication; lit., lengthiness
طوالت پکڑنا	NF	tawaalat pakaRnaa	to be prolonged, to get complicated
دلچسپ		dil-casp	interesting
اطمینان سے		itmiinaan-see	calmly
اطمینان	M	itmiinaan	calmness, satisfaction
میلا		mailaa	dirty
لباس	M	libaas	dress
بیڑی	F	biiRii	Bidi, a kind of indigenous cigarettes
سلگانا	N	sulgaanaa	to light
پینا	N	piinaa	to smoke; lit., to drink
وسعت	F	wus'at	capacity, wideness
کشادہ کرنا	N	kušaadaa-karnaa	to open, widen
چھپانا	N	chupaanaa	to hide
نمناک		nam-naak	wet
غلیظ		Galiiz	dirty
احاطہ	M	ahaataa	courtyard

تاریکی	F	taariikii	darkness
ناخوشگواری	F	naa-xušgawaarii	unpleasantness
کوّا	M	kawwaa	crow
مرغی	F	murGii	hen
شور	M	šoor	noise
شور مچانا	NM	šoor macaanaa	to make noise
پتّی	F	pattii	leaf
چھننا		channaa	to sift through Y [-see] (Intro)
بارش	F	baariš	rain
قطرہ	M	qatraa	drop
ہنگامہ	M	hangaamaa	uproar
عجیب		ajiib	strange
سماں	M	samãã	scene
تصور	M	tasawwur	imagination
تصور کرنا	NM	tasawwur karnaa	to imagine X [-kaa]
بمشکل		ba-muškil	with difficulty
فراغت	F	faraaGat	leisure, repose
فراغت پانا	NF	faraaGat paanaa	to finish doing X [-see]
یکّہ بان	M	yakkee-baan	driver of a horsecart; same as [yakkee-waalaa]
بچّی	F	baccii	little girl
سمیت		sameet	with, along with X; sometimes with [-kee]
جھونپڑا	M	jhõõpRaa	hut
یک لخت		yak-laxt	suddenly
چونکنا		cãuknaa	to be startled
ڈرنا		Darnaa	to fear
مہمان	M	mehmaan	guest
سہمنا		sahemnaa	to get frightened
ابّا	M	abbaa	father (term of address)
بچھونا	M	bichaunaa	bedding
ڈالنا	N	Daalnaa	to put down
عیدو	M	iiduu	personal name

ٹالنا	N	Taalnaa	to ignore, to evade
تذکرہ	M	tazkiraa	mention
تذکرہ کرنا	NM	tazkiraa karnaa	to mention X [-kaa] to X1 [-see]
روٹی ڈالنا	NF	rooTii Daalnaa	to prepare bread
لانا		laanaa	to bring
عمدہ		umdaa	excellent
مٹھائی	F	miThaaii	sweetmeats
پھیکا		phiikaa	bland, insipid
بسر کرنا	NF	basar karnaa	to live on Y [-par]
اس درمیان میں		is darmiyaan-mẽẽ	in the meantime

Notes: XXIX

1. [yakkaa] : a hackney carriage pulled by one horse and with only a board, quite a bit raised from the ground, for the passenger to sit on. The other common hackney carriage is called [tããgaa] and does have a seat rather than a flat board.

2. [wahĩĩ] = [wahãã] + [hii].

3. [rafa-e-šar-kee xayaal-see], "with the idea of avoiding trouble".
[rafa] generally occurs conjointly with [karnaa] or [hoonaa]. [rafa-karnaa], "to remove, get rid of"; [rafa-hoonaa], "to disappear, move away".

4. [nazr], feminine noun, "offering".
[nazr-karnaa], "to offer something humbly to X [-koo; -kii]".

5. [cal-paRnaa], "to set out, start off". The meaning of [paRnaa] in this combination is somewhat different from those discussed in Section 167.

6. [mauqaa] usually means "occasion"; here it has a more concrete sense, "place; spot".

7. [aur galii-mẽẽ hoo-liyee], "... and set off on foot down a lane". Or, "... and disappeared down a lane". Idiomatic. [hoo-leenaa] more often means "to go and join X [-kee saath]".

8. [tumhaaraa kyaa bigRaa], "What did you lose?" [bigaRnaa] can mean "to go wrong" as well as "to get mad at X [-par]". With the first meaning, it either occurs in idiomatic phrases like the one above, or in compound verb constructions with [jaanaa].

un-kaa wahãã jaanee-see kuch nahĩĩ bigReegaa	He won't lose anything by going there.
mašiin bigaR-gaii	The machine went foul.

With the second meaning, [uThnaa] and [paRnaa] are more common as auxiliary verbs in compounds.

woo naukar-par bigaR-paRee	He began to blast the servant.

9. [rahaa kaalij jaanaa], "as for going to the college ..." [rahaa] will always occur in this function at the beginning of the phrase and agree in number and gender with the nominal in the phrase. [rahaa], from [rahnaa], implies the sense of something left behind or over.

rahii yee baat	as for this matter ...
rahaa un-see milnaa	as for meeting with him ...

10. [rooTii], "bread", is being used here metaphorically, to mean "wages; bread-and-butter".

11. [sardii-paanii]: The conjunction, [aur], has been omitted to give closer sense of unity to the two words, [sardii], "cold", and [paanii], "water; rain". The combination is considered as one unit and also describes a unified phenomenon. Also s.n. 7.24.

12. [xabar leenaa] : NF : "to enquire after the welfare of X [-kii]; to take care of X [-kii]". In some contexts it often has a more idiomatic meaning, "to punish or chastise X [-kii]".

13. [biiRii] are short thin cigarettes, with uncured tobacco wrapped, neither in paper nor in tobacco leaf, but in some other kind of leaf. They are quite cheap and rather strong.

14. [aap-koo mujh-see matlab kyaa], "What do you have to do with me?"
[matlab hoonaa] : KM : "to have something to do with X [-see]". Idiomatic. [matlab], "concern"; lit., "meaning".

is baat-see aap-koo kyaa matlab	How does this matter concern you?

Note that it is different from [matlab hoonaa] : Ka.M : "to mean by X [-see] X1".

meeraa is-see yee matlab hai ki...	By this I mean that...

15. [kahĩĩ], "somewhere"; [kahĩĩ-kahĩĩ], "here and there".

16. [bichaunaa] literally means "bedding", but here it refers to those several layers of sheets and quilts that are put on the wooden board in a [yakkaa] to soften its hardness.

17. [deer], "delay; lapse of time". [zaraa deer hoo-gaii], "It is now a little late."
[deer hoonaa]: With the auxiliary forms of [hoonaa], it will "there is or was still some time to X [-mẽẽ]". With other forms of [hoonaa], it will be like an indirect construction, with a subject followed by [-koo], meaning "to be late; to get late".

18. [bas rooTiyãã Daalnii hãĩ], "I've only to make the rotis."
[rooTii] are thin, tortilla-like breads, made of unleavened flour, and cooked on a convex plate of iron called [tawaa]. [Daalnaa] is used to express the act of putting [rooTii] on

[tawaa].

19. [ruukhaa], translated as "dry" in English, is used when something is eaten without its necessary accompaniments, e.g., [ruukhii rooTii] will mean that there is nothing else beside the bread and one will have to eat it by itself. [ruukhee-phiikee-par hii basar-karnaa hoogaa], "You will have to do with just the ordinary fare that we have." [ruukhaa-phiikaa], lit., "dry and insipid".

Exercises

A. Situational Variants.

یکّے والا بولا "میں تو شہر جا رہا ہوں"۔ مجھے بارش کا ڈر تھا، میں نے کہا "میں بھی وہیں چلتا ہوں" اور سوار ہو گیا۔ جب میرے ساتھی اتر گئے تو یکّے والے نے پوچھا "کیوں صاحب" آپ کو کہاں جانا ہے؟"۔ اس نے کہا اگر آپ کو کالج جانا تھا تو اسٹیشن پر ہی کیوں نہ بتا دیا۔ میں تو اس وقت کالج نہیں جا سکتا، مجھے گھر جا کر بچیّوں کی خبر لینا ہے۔ میں نے کہا میں بھی وہی کرونگا جو تم گھر جا کر کروگے۔ تب وہ بولا "میاں، آپ کو مجھ سے کیا لینا ہے۔"

بوڑھے یکّے والے نے سوچا بات پھیلتی جا رہی ہے اور آدمی دلچسپ معلوم ہوتا ہے، اس لئے بولا "تو پھر چلئے۔" گھوڑے کو دانہ گھاس دیکر یکّے والا بچیّوں کے ساتھ جھونپڑے میں آیا۔ مجھے دیکھ کر بچیّاں ڈر گئیں اور کہنے لگیں، "ابا کیا تم پھر باہر جاؤ گے؟" عیدو میرے سوال کو ٹال گیا، اس طرح جیسے بچیّوں کے سامنے کچھ نہ کہنا چاہتا ہو۔ وہ بولا "میاں اب کھانے کا وقت ہو گیا ہے، دن کا بچا ہوا سالن تو ہے ہی، بس روٹی اور تیار کر لوں۔"

میں نے کہا "نہیں اس کی کوئی ضرورت نہیں"۔ یہ نوٹ لو اور بازار سے جا کر کھانے کی اچھّی اچھّی چیزیں لے آؤ"۔ عیدو نے کہا "میاں ایسا نہیں ہو سکتا۔ اب آپکو ہماری روکھی سوکھی ہی کھانی ہوگی"۔ جب میرے سمجھانے پر عیدو بازار چلا گیا تو میں بچیّوں سے باتیں کرنے لگا۔

B. Translate into English :-

میں نے پوچھا تو پتہ چلا کہ وہ تو وہیں رہتے ہیں۔ ان کے خیال سے مجھے کچھ دن کے لئے رُکنا پڑا۔ ہم اسی طرح باتیں کرتے ہوئے سڑک پر چلتے رہے یہاں تک کہ تھوڑی دیر میں بازار آگیا۔ میں باغ کو جا رہا ہوں کیوں نہ آپ بھی میرے ساتھ چلیں!۔ گھر کے کرایہ بھر کے پیسے میں نے دکاندار کو دے دئے۔ کیوں نہ آپ بھی دن بھر کے لئے میرے ساتھ شہر چلیں۔ رہا باغ جانا تو میں اتنی دور تو آپ کے ساتھ چل نہ سکوں گا۔ جب ہم سب لوگ اطمینان سے بیٹھ گئے تو احمد نے قصّہ سنانا شروع کیا۔ دو مہینے میں نے محنت کی اب کچھ دن آرام کرونگا۔ بندر نے اطمینان سے مگرمچھ سے کہا کہ وہ تو اپنا دل پیڑ پر ہی چھوڑ آیا ہے۔ ان کا ارادہ آسانی سے نہیں بدلتا۔ میں نے سمجھا شاید آپ بھی اپنی روایات فراموش کرکے مغرب پرست ہوگئے ہیں۔ آجکل گرمی اور بڑھ گئی ہے جس کی وجہ سے رات میں آرام نہیں ملتا۔ خلافت تحریک میں مسلمانوں نے کثرت سے حصّہ لیا۔ آپ جو کہہ رہے ہیں، اسکا تصوّر کرنا مشکل ہے۔ بچّہ کے خیال سے ماں جلد گھر لوٹ آئی۔ احمد کتابوں سمیت لائبریری سے گھر جا رہا تھا۔ آپ فوراً کوشش کرکے وہاں جائیے، اور انکو سمجھائیے۔ میں نے اپنے دوست کو خط لکھا اور اس نے فوراً جواب دیا۔ میں نے احمد سے کچھ مدد چاہی مگر وہ ٹال گیا۔ اس سلسلہ میں شکیل صاحب نے بہت عمدہ بات کہی۔

وہ میرے سامنے سے اس طرح گذر گیا گویا کہ مجھے دیکھا ہی نہیں ۔ میں وہاں جا چکا ہوں، اب یہ نہیں ہو سکتا کہ دوبارہ جاؤں ۔ میں بچّیوں سے باتیں کر ہی رہا تھا کہ اس درمیان میں عبید و چیزیں لیکر آ گیا ۔ آپ کھانا کھا کر آئیے، اس درمیان میں میں یہ کام کر دونگا ۔ بہت دریافت کرنے پر بھی مجھے انکا پتہ نہ مل سکا ۔ شوکت اپنے ساتھیوں سمیت کھیلنے کے لئے کھیل کے میدان میں آیا ۔ اب اس وقت اتنی رات میں وہاں جا کر کیا کرو گے ۔ احمد سمیت اس گھر میں چار آدمی رہتے ہیں ۔ احمد کو یہ بات ناخوشگوار لگی لیکن چونکہ سلمان اس سے عمر میں بڑے تھے اس لئے خاموش ہو گیا ۔ سڑک پر بندر کو دیکھ کر بعض عورتیں چونک پڑیں ۔ مالک نے نوکر سے کہا " فوراً بازار سے یہ چیزیں خرید لاؤ " ۔ بوڑھے نے سوچا بات بڑھانے سے کیا فائدہ، اس خیال سے چپ رہا ۔ انکی مدد کرنے کے خیال سے میں بھی وہیں رک گیا ۔ آپ کھانا اطمینان سے کھائیے، ابھی گاڑی چھوٹنے میں کافی دیر ہے ۔

C: Fill in the Blanks:-

میں نے کہا " میں بھی ____ چلوں گا ۔" اور رفع شر کے ____ سے چند آنے پیسے یکّہ والے کو نذر کئے ۔ تھوڑی دیر ____ شہر ____ ۔ یکّے والے نے ____ کہا " اور میاں آپ ____ جائینگے ؟" کہنے ____ کہ اسٹیشن پر ہی ____ نہ کہہ دیا ۔ اس نے اطمینان ____ اپنے ____ بوسیدہ لباس کے معلوم نہیں کس گوشے سے ایک بیڑی ____ اور سلگا کر ____ ۔ گھوڑے کی خدمت ____ فراغت پا کر

یکّے بان بچیوں ——— جھونپڑے میں آیا ۔ آگے ایک چھوٹا ——— احاطہ تھا
——— میں کثرت ——— ہر قسم کے درخت کھڑے تھے ۔ ان میں جو ——— تھی سہم
کر ——— گئی "ابّا! کیا تم پھر ——— لے کر جاؤ گے؟" میں نے کہا "عبیدہ ان
——— کی ماں ——— ہے؟" عبیدہ اس سوال کو ——— ، اس طور پر ——— وہاں
بچیوں کے ——— اس کا تذکرہ کرنا نہیں چاہتا تھا ۔

D. Translate the following into Urdu.

I. My friend also works in that place. II. I went to his house with the idea of meeting him. III. After a little while the train reached the station. IV. Why didn't you tell me earlier that you can't come this evening. V. First we shall read it, then take rest for awhile. VI. He went to the fair along with his children. VII. That girl wanted to buy some fine dresses. VIII. In just a short time hundreds of people gathered there. IX. In the mean time I shall go and talk with your father. X. With the idea of saving some money I didn't go anywhere last year. XI. You can't imagine how difficult it is to travel during the winter. XII. He was startled on hearing my voice. XIII. Take it home and read it in comfort. XIV. He intends to rest for awhile after finishing his examination. XV. He can do this work for you, but you will have to give him enough money.

E. Answer the following in Urdu.

۱- یکّہ والا کالج کیوں نہیں جانا چاہتا تھا؟

۲- گھر جا کر یکّہ والا کیا کرنا چاہتا تھا؟

۳- یکّہ والے کا گھر کیسی جگہ میں تھا؟

۴- بچّیاں گھر میں نیئے آدمی کو دیکھ کر کیوں چونک پڑیں، انکو
کس بات کا ڈر تھا؟

۵- یکّے والے کے گھر میں کون رہتا تھا؟

۶- یکّے والے نے بچیّوں کی ماں کے متعلق سوال کا جواب کیوں نہیں دیا؟

UNIT - XXX

یکّہ والا (حصّہ دوم)

میں نے کہا۔ "تم کیا کھیلتی ہو؟" بڑی نے کہا "میرے پاس گڑیاں ہیں۔" میں نے کہا۔ "مجھے لاکر دکھاؤ۔" دونوں بچّیاں جھپٹ کر ایک ہانڈی اُٹھا لائیں۔ ہانڈی کے اندر گھاس بھری ہوئی تھی[1]۔ گھاس کے اوپر ایک صاف کپڑا بچھا ہوا تھا۔ اُس پر دو گڑیاں رکھّی ہوئی تھیں۔ گڑیوں کے اوپر بطور چادر[2] ایک ٹکڑا گرم اونی کپڑے کا تھا۔ بڑی لڑکی نے گڑیوں کو اس احتیاط اور احترام کے ساتھ باہر نکالا جس طور پر شاید رولس رائس کے اندر سے کوئی ڈیوک اپنی بیگم کو بھی نہ نکال سکتا یا کوئی ماں اپنے سوتے ہوئے مریض بچے کو نہالچے پر سے اُٹھاتی ہوگی۔ دونوں بچّیوں کے چہرے پر احتیاط، محبّت اور تشویش کی جھلک تھی جب تک کہ گڑیاں پورے طور سے ہانڈی سے نہ نکالی گئیں۔ میں نے گڑیوں کو اسی احترام اور عقیدت کے ساتھ لے کر اپنے دامن میں رکھ لیا[3]۔ بچّیوں کی تشویش مسرّت سے بدل گئی۔ میں نے کہا "ان کی شادی کب ہوگی؟" چھوٹی بولی "ابّا نے اس کا دولھا نمائش[4] سے لانے کو کہا ہے۔" میں نے کہا "یہ کھاتی کیا ہیں؟" بڑی بے اختیار ہنس پڑی۔ گویا یہ سوال انتہائی ناواقفیت اور معصومیت کا تھا اور یہی نہیں بلکہ ان کے ہنسنے کے لئے کیا گیا تھا۔ لیکن چھوٹی پر اُس کا اثر نہ ہوا۔ اُس نے سنجیدگی سے کہا "اُسکی شادی ہوجائے گی تب کھائے گی۔" میں نے کہا "یہ گھوڑا جو یکّے میں چلتا ہے[5] کس کا کھلونا ہے؟" دونوں کچھ حیرت زدہ[6] ہوئیں اور پھر بڑی لڑکی نے مسکرا کر اور اس انداز سے گویا یہ پہیلی بوجھ لی تھی، کہا "کھلونا؟ ارے وہ تو گھوڑا ہے۔" لیکن چھوٹی کو

اطمینان نہیں ہوا۔ اُس نے کہا "تم ہی بتاؤ کس کا کھلونا ہے؟ کھلونا ہوتا تو ہانڈی میں بند ہوتا۔ اتنا بڑا کھلونا کس کا ہوتا ہے!" میں نے کہا "یہ گھوڑا تو کھلونا ہے" دونوں نے بے اختیار ہو کر پوچھا[7] "کس کا؟" میں نے کہا "تم ہی بتاؤ" دونوں کچھ دیر تک سوچتی رہیں اور جب کچھ سمجھ میں نہیں آیا تو فرطِ اشتیاق سے[8] دونوں نے آکر میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ ایک نے شانے پر ہاتھ رکھا اور خوشامدانہ انداز سے[9] جس میں والہانہ اشتیاق پورے طور سے جھلک رہا تھا ہی نہیں بلکہ اس انداز سے گویا میری ہمّت افزائی[10] مقصود ہے[11] پوچھا "اچھا سچ بتاؤ، کس کا کھلونا ہے؟" میں نے کہا "اللہ میاں[12] کا۔" دونوں سہم گئیں۔ کہنے لگیں "اللہ میاں بڑا کھلونا کھیلتے ہیں۔ اللہ میاں کتنے بڑے ہیں؟"

اتنے میں[13] عیدو لندا پھندا آگیا۔ کھانے پینے کے ہنگامے میں اللہ میاں کی وسعت اور ضخامت آئی گئی ہو گئی۔[14] بچیاں کھا پی کر سو گئیں۔ میں نے کہا "عیدو! اب میرے لئے ایک یکّہ لاؤ۔" عیدو یکّہ لانے گیا۔ میں نے جلدی سے اپنا کمبل بچیوں پر ڈالا اور آپ کے پاس چلا آیا۔

Vocabulary

گڑیا	F	guRyaa	doll
جھپٹنا		jhapaTnaa	to dash forward
ہانڈی	F	hããDii	an earthen pot
صاف		saaf	clean
بچھنا		bichnaa	to be spread
بطور		ba-taur	as X; usually [ba-taur X-kee]
چادر	F	caadar	sheet
ٹکڑا	M	TukRaa	piece
گرم		garm	warm
اونی		uunii	woolen
احترام	M	ehteraam	respect
رولس رائس	F	rools-raais	Eng., Rolls Royce
ڈیوک	M	Diyuuk	Eng., duke
بیگم	F	beegam	wife, (very polite form)
مریض		mariiz	sick
نہالچہ	M	nihaalcaa	infant's bedding
محبّت	F	mohabbat	love
تشویش	F	tašwiiš	care, anxiety
جھلک	F	jhalak	glimpse; reflection
عقیدت	F	aqiidat	faith, belief
دامن	M	daaman	hem of a shirt
مسرت	F	masarrat	happiness
شادی	F	šaadii	marriage
شادی ہونا	Ki F	šaadii hoonaa	to be married with X [-see]
دولھا	M	duulhaa	bridegroom
نمائش	F	numaaiš	exhibition, fair
بے اختیار		bee-ixteyaar	spontaneously
انتہائی		intehaaii	extreme
ناواقفیت	F	naa-waaqfiyat	ignorance
معصومیت	F	maasuumiyat	innocence
اثر ہونا	Ka M	asar hoonaa	to have an effect on X [-par]

سنجیدگی	F	sanjiidgii	seriousness
حیرت زدہ		hairat-zadaa	perplexed, astonished
مسکرانا		muskuraanaa	to smile
پہیلی	F	paheelii	riddle
بوجھنا	N	buujhnaa	to guess (the solution), to solve (riddles, etc.)
بند ہونا		band-hoonaa	to be closed
سمجھ میں آنا		samajh-mẽẽ aanaa	to be understood by X [-kii]
فرط اشتیاق سے		fart-e-ištiyaaq-see	in extreme eagerness
شانہ	M	šaanaa	shoulder
خوشامدانہ		xušaamdaanaa	flattering; from [xušaamad]: flattery
والہانہ		waalehaanaa	madly, intensely
جھلکنا		jhalaknaa	to flash, to appear through
ہمت	F	himmat	courage
ہمت افزائی	F	himmat-afzaaii	encouragement
لدا پھندا		lãdaa-phãdaa	loaded with X [-see]
وسعت	F	wusa'at, wus'at	extensiveness, width, vastness
ضخامت	F	zaxaamat	volume,size
کمبل	M	kambal	blanket

Notes: XXX

1. [hããDii-kee andar ghaas bharii-huii thii], "The pot was full of grass." Or, "There was grass spread inside the pot." [bharnaa], as an intransitive verb, does not usually occur by itself; instead its perfect participle form occurs conjointly with the various forms of [hoonaa], in order fully to describe a "state".

ghar-mẽẽ paanii bharaa hai	The house is full of water.
Cf. mãĩ-nee bartan-mẽẽ paanii bharaa	I filled the pot with water.

[bharnaa], as a transitive verb, has a wide range of meanings, depending upon the particular postpositional phrase used.

mãĩ-nee bartan bharaa	I filled the pot.
mãĩ-nee bartan-mẽẽ paanii bharaa	I filled the pot with water.
mãĩ-nee paanii-see bartan bharaa	ditto
mãĩ-nee nal-see paanii bharaa	I drew water from the pipe.

2. [ba-taur X] or [ba-taur X-kee], "as X", is same as X [-kee taur-par].

3. [apnee daaman-mẽẽ rakh-liyaa], "... put them in my lap". [daaman] refers to the edge or lower part of shirts, coats, and similar garments.

4. [numaaiš], "exhibition", refers here to the annual fair that is held in Aligarh, India, during the month of December. It is not a religious affair, and is more like a county fair in this country.

5. [joo yakkee-mẽẽ caltaa hai], "which draws the *yakkah*".

6. [hairat-zadaa], "amazed"; lit., "affected by amazement". [-zadah] or [-zadaa] is a Persian derivative suffix. Other such compounds are

musiibat-zadaa	troubled; afflicted
Gam-zadaa	stricken by sorrow

7. [bee-ixteyaar-hoo-kar], "impatiently; not being able to restrain themselves further".

8. [fart-e-išteyaaq-see], "in abundant eagerness". [fart] usually occurs in similar [izaafat] compounds. Another related word, [ifraat], is more common as a feminine noun meaning "abundance".

9. [xušaamadaanaa] is an adjectival form made from [xušaamad], "flattery". [xušaamadaanaa andaaz-see] = [xušaamad-kee andaaz-see]. [-aanaa] or [-aanah] is a Persian derivative suffix, similar in meaning to the English suffix "-ly". The resultant forms are used as modifiers and also adverbially.

10. [himmat-afzaaii] is an abstract noun, made from the adjectival form, [himmat-afzaa], "that which increases courage; encouraging". [-afzaa] is a Persian derivative suffix, and also similar in meaning, is [-fizaa].

11. [meerii himmat-afzaaii maqsuud hai], "my encouragement was intended".
[maqsuud], "intended"; an Arabic passive participle form.

12. The word, [miy[illegible]], is used with [allaah] only in the speech of women and children, and adds a significant sense of intimacy. It is used here by the narrator because he is speaking with two little girls and wants to maintain a casual

tone. Also s.n. 3.8.

13. [itnee-mẽẽ], "just then...; in the meantime...".

14. [aayaa-gayaa hoo-jaanaa]: "to be completely forgotten". It is not used with animate subjects.

Exercises

A. Situational Variants.

میں نے پوچھا "تم کچھ کھیلتی ہو" دونوں بچیاں فوراً ایک ہانڈی لے آئیں۔ اس کے اندر گھاس تھی، گھاس پر ایک صاف کپڑا جس کے اوپر دو گڑیاں رکھی ہوئی تھیں۔ چونکہ جاڑے کا موسم تھا اس لئے ان کے اوپر چادر کے طور پر ایک اونی کپڑے کا ٹکڑا بھی پڑا ہوا تھا۔ بڑی بچی نے دونوں گڑیوں کو بڑی عزت اور احتیاط کے ساتھ ہانڈی سے نکالا۔ میں نے پوچھا "انکی شادی کب ہونے والی ہے؟" بڑی یک لخت ہنسنے لگی۔ لیکن چھوٹی نے سنجیدہ ہوکر کہا "جب اسکی شادی ہوجائیگی تو وہ کھانے لگے گی"۔ میں نے کہا "اب یہ بتاؤ کہ یہ گھوڑا کس کا کھلونا ہے؟" دونوں تعجب ہوکر کچھ دیر سوچتی رہیں۔ پھر جب کوئی جواب سمجھ میں نہ آیا تو خوشامد کے انداز میں مجھ سے بولیں، "تم ہی بتاؤ۔" دونوں سہم کر کہنے لگیں، "اللہ میاں اتنے بڑے کھلونے کھیلتے ہیں۔ وہ خود کتنے بڑے ہیں؟" ابھی یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ عیدو کھانے کی چیزیں لیکر آگیا۔ میں فوراً اپنا کمبل بچیوں پر ڈال کر آپکے پاس آگیا۔

B. Translate into English :-

لڑکی نے کہا "میرے پاس ایک بہت عمدہ قسم کی گڑیا ہے"۔ استاد نے لڑکے سے کہا "اپنی کتاب مجھے لاکر دکھاؤ"۔ اس کام میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے ورنہ فائدہ کی جگہ نقصان ہو سکتا ہے۔ جب تک وہ واپس نہ آگئے مجھے تشویش رہی۔

کمرے میں ایک بڑا پلنگ بچھا ہوا تھا۔ لاہور پہنچ کر آپکو کراچی کیلئے گاڑی بدلنی ہوگی۔ جب تک ملک سے فرقہ داریت نہ دور ہوگی ملک کی ترقّی مشکل ہے۔ مگر پلنگ پر بطور چادر کچھ نہیں بچھا ہوا تھا۔ احمد اپنی کتابیں بڑی احتیاط سے رکھتا ہے۔ وہ اس دفتر میں بطور "انچارج" کام کرتے ہیں۔ جلدی میں میرا سامان انکے سامان سے بدل گیا۔ دونوں حیرت سے میری طرف دیکھنے لگیں۔ مریض بچّے کو ڈاکٹر کو دکھانے کے لئے باپ اسے اسپتال لے گیا۔ وہ آج اس انداز سے مجھ سے ملے گویا کبھی خفا ہی نہ ہوئے تھے۔ احمد کے استاد نے اسکی بڑی ہمت افزائی کی۔ یہ دونوں بہنیں آپس میں بڑی محبت سے رہتی ہیں۔ جب بچہ اسکول سے واپس نہیں آیا تو ماں کو تشویش ہوئی اور وہ ڈھونڈنے نکلی۔ انتہائی تکلیف کی حالت میں بھی وہ مسکراتی رہیں۔ اس شخص کو ابھی پورے طور سے صحت نہیں ہوئی ہے۔ اولاد کو والدین کا احترام کرنا چاہئے۔ آپ کی بیٹی کی شادی کب ہوگی۔ وہ جو ہر وقت سیاست کے متعلق باتیں کرتے رہتے ہیں اس سے انکا کیا مطلب ہے۔ علی امتحان میں کامیاب نہیں ہوا۔ پھر بھی اس پر کسی طرح کا اثر نہ ہوا۔ انکو فقیروں سے بڑی عقیدت ہے۔ لوگوں پر مولوی صاحب کے وعظ کا اثر نہ ہوا۔ یہ مکان جو آپ دیکھ رہے ہیں اس شہر کے سب سے مشہور آدمی کا ہے۔ جاوید اپنے ساتھیوں سے باتیں کر رہا تھا اور اس انداز سے گویا وہ ایک فلسفی ہے۔ گو احمد کا خط کل آگیا لیکن اس کے والد کو اطمینان نہیں ہوا۔ میری ان سے معمولی سی واقفیت ہے۔

میں نے ان سے یہاں آنے کو کہا تو وہ بولے کے آج تو نہیں البتہ کل ضرور آؤنگا۔ ابتدا میں جلسہ میں کچھ دیر تک امن اور خاموشی رہی لیکن بعد میں ہنگامہ ہونے لگا۔ جب اسٹیشن پر پہنچا تو ریل چھوٹنے والی تھی اس لئے میں جلدی سے اس پر چڑھ گیا۔ جب بچّہ کا کھلونا ٹوٹ گیا تو اسکی خوشی رنج سے بدل گئی۔ جب میں علی کے گھر پہنچا تو کھانا تیار تھا اور یہی نہیں بلکہ وہ تو میرے آرام کے لئے سارا انتظام کر چکا تھا۔ یہ ایسی بیماری ہے جس میں انتہائی احتیاط کی ضرورت ہے۔ لڑکے کے جواب سے استاد کو اطمینان نہیں ہوا۔ وہ تو اس طور سے باتیں کرتے ہیں گویا ہر شخص انکا غلام ہے۔ جاڑے کے دنوں میں احتیاط کرنا ضروری ہے، ورنہ آدمی بیمار پڑ سکتا ہے۔

C. Fill in the blanks :-

میں نے کہا "مجھے لا کر ــــ"۔ دونوں بچّیاں ــــ ایک ہانڈی اٹھا ــــ۔ گڑیوں کے ــــ بطور چادر ایک ٹکڑا ــــ اونی کپڑے کا تھا۔ دونوں بچّیوں کے ــــ پر احتیاط ــــ اور تشویش کی جھلک تھی جب ــــ کہ گڑیاں پورے ــــ سے ہانڈی سے نہ نکالی گئیں۔ میں نے کہا "انکی شادی کب ــــ؟" گویا یہ سوال ــــ ناواقفیت اور معصومیت کا ــــ اور یہی نہیں ــــ ان کے ــــ کے لئے کیا گیا تھا۔ میں نے کہا "یہ گھوڑا جو پلّے میں ہے کس کا ــــ ہے؟" اس نے کہا "تم ہی ــــ کس کا کھلونا ہے؟ کھلونا ــــ تو ہانڈی میں ــــ ہوتا۔ اتنا بڑا کھلونا ــــ کا ہوتا ہے!"

دونوں بچی ___ تک سوچتی ___ - اور جب کچھ سمجھ میں نہ ___ تو فرط
اشتیاق سے دونوں ___ آکر میرا ___ پکڑ لیا- ___ لگیں "اللہ میاں
___ کھلونا کھیلتے ہیں-" ___ میاں کتنے بڑے ہیں؟" کھانے پینے کے ___ میں
اللہ میاں کی وسعت اور ضخامت ___ گئی ہوگی-

D. Translate into Urdu.

I. What games do you play in your free time? II. Ahmad had placed two books on the table. III. Please bring and show me your new dress. IV. His eldest son treats everyone with respect. V. Shaukat and his friends returned from the exhibition quite late last night. VI. The teacher was extremely pleased with the work of his new students. VII. That horse which you saw belongs to my brother. VIII. Other boys were encouraging their friends playing the game. IX. At night he works as a porter and during the day he goes to school. X. He is sitting there in such style as if it is his own house. XI. He took no effect of his teacher's advice. XII. Where do we change trains for Delhi? XIII. It is necessary to be very careful these days. XIV. My blanket is also lying on the table on which your books are. XV. Because of the noise I couldn't understand what he was saying.

E. Answer the following in Urdu.

۱- بچیاں کیا کھیلتی تھیں؟
۲- ہانڈی میں کیا کیا چیزیں تھیں؟
۳- بڑی لڑکی نے گڑیوں کو کس طرح باہر نکالا؟
۴- بچیوں کی تشویش کیوں مسرت میں بدل گئی؟

۵- گڑیوں کی شادی کے بارے میں پوچھا گیا تو لڑکیوں نے کیا جواب دیا؟

۶- گڑیوں کے کھانے کے متعلق چھوٹی لڑکی نے کیا جواب دیا؟

۷- عبیدو کے آنے کے بعد کیا ہوا؟ کیا بچیاں گھوڑے کے بارے میں بات کرتی رہیں؟

Review Sentences

۱- میں نے آپکو اس خیال سے نہیں بلایا کہ آپکو تکلیف ہوگی۔

۲- شمیم محض میری مدد کرنے کے خیال سے میرے پاس آگئے ورنہ انکو دوسرے بہت سے کام ہیں۔

۳- میں نے تم کو جو کام کرنے کو کہا ہے اسکو ذرا خیال سے جلد ختم کردو۔

۴- میرے والد صاحب نے مجھ سے ایک ضروری بات کہی تھی جو اس وقت میرے خیال سے نکل گئی ہے۔

۵- جس بات سے تمہاری پریشانی بڑھتی ہے اسکو اپنے خیال سے نکال دینا چاہئے۔

۶- اس طرف چند روز سے شکاگو میں برابر مینھ برس رہا ہے۔

۷- چند سال پہلے ہندوستان اور پاکستان ایک ہی ملک تھے مگر اب دو ہیں۔

۸- اس کتاب کی قیمت چند روپیوں سے زیادہ نہیں ہے۔

۹- میرا ملازم اپنے لڑکے کی موت کا حال بتاتے بتاتے رو پڑا۔

۱۰- دو مزدور منڈی میں باتیں کرتے کرتے لڑ پڑے۔

۱۱- میں جیسے ہی ریل پر بیٹھا ریل نے سیٹی بجائی اور چل پڑی۔

۱۲- بچّہ اپنے باپ کو آتے ہوئے دیکھ کر فوراً دوڑ پڑا۔

۱۳- اگر تم کالج میں پڑھنے نہیں جاؤگے تو میرا کیا بگڑے گا؟

۱۴ - تمہارے رات کو تخت پر سونے یا نہ سونے سے میرا کیا بگڑا ۔

۱۵ - گاؤں والے اگر اپنے مویشوں کی خبر نہ لیں تو وہ سب کمزور ہوکر کسی کام کے قابل نہ رہیں گے ۔

۱۶ - طالب علم نے جب استاد کا کہنا نہ مانا تو استاد نے اسکی خوب خبر لی ۔

۱۷ - میں آج ایک ہفتہ کے لئے دہلی جا رہا ہوں اس لئے تم ہمارے گھر کی خبر لیتے رہنا ورنہ مجھے تشویش رہیگی ۔

۱۸ - آج مجھے یونیورسٹی نہیں جانا ہے ۔ اس لئے اطمینان سے گھر میں بیٹھونگا ۔

۱۹ - ہر کام چاہے مشکل ہو چاہے آسان اطمینان سے کرنا چاہئے ۔

۲۰ - تمہارے لکھنؤ پہنچ جانے سے میرے دل کو بہت اطمینان ہوا ۔

۲۱ جاوید کو اپنے امتحان میں کامیاب ہو جانے سے کافی اطمینان ہو گیا ہے ۔

۲۲ - جب باورچی خانہ میں کھانا پکانے کیلئے آگ سلگائی جاتی ہے تو بچّے آگ کو دلچسپی سے دیکھتے ہیں ۔

۲۳ - میرا ملازم اکثر کہتا ہے کہ " حضور مجھے لکھنے پڑھنے سے کیا مطلب ہے " ۔

۲۴ - باپ کو بچّے کی صحت اور تندرستی سے مطلب رہتا ہے ۔

۲۵ - مجھ کو تمہارے پڑھنے یا نہ پڑھنے سے کوئی مطلب نہیں ہے البتّہ مجھکو تمہارے پاس ہونے سے ضرور مطلب ہے ۔

۲۶ - میں اپنے امتحان سے فراغت حاصل کرکے سیدھے آپکے پاس آؤنگا ۔

۲۷- میرے بھائی صاحب امریکہ میں اعلیٰ تعلیم سے فراغت پاکر آج واپس آرہے ہیں۔

۲۸- میں جب اپنے سامان سمیت اسٹیشن پہنچا تو معلوم ہوا کہ ریل کو روانہ ہوئے دیر ہو چکی۔

۲۹- جاوید اپنے دوستوں سمیت دریا میں تیرنے گیا ہوا ہے۔

۳۰- "آج کا کام کل پر نہ ٹالو" کا محاورہ تقریباً ہر زبان میں پایا جاتا ہے۔

۳۱- میں نے جب بھی ان سے نوکری کے بارے میں پوچھا وہ اس بات کو ٹال گئے۔

۳۲- موت کا وقت ٹالنا انسان کی طاقت سے باہر ہے۔

۳۳- سکندر اور پورس کی جنگ کا تذکرہ ہر تاریخ کی کتاب میں ملے گا۔

۳۴- آپ کے والد کا تذکرہ گھر میں اکثر سنتا ہوں۔

۳۵- بچوں کے سامنے بری باتوں کا تذکرہ کرنے سے پرہیز کرنا چاہیے

۳۶- میں نے جب جاوید سے تمہارے پاس ہونے کا تذکرہ کیا تو وہ بہت خوش ہوا۔

۳۷- میرا باورچی بہت اچھی اور نرم روٹیاں پکاتا ہے۔

۳۸- جاوید کے یہاں جو روٹیاں تیار کی جاتی ہیں اسکا کسی سے مقابلہ نہیں ہوسکتا۔

۳۹- غریب لوگ اکثر روکھے پھیکے کھانے ہی پر گذر کرتے ہیں۔

۴۰- میں نے کل دہلی جاتے ہوئے پوری رات ریل میں بسر کی ہے۔

۴۱- آجکل میرا بہت سی چیزوں سے پرہیز ہے - اور بہت سادہ غذا پر بسر کر رہا ہوں -

۴۲- وہ لوگ جن کہ پاس مکان نہیں ہوتے پوری عمر گھاس کی جھونپڑی میں بسر کر دیتے ہیں -

۴۳- باپ کو دیکھتے ہی بچّوں کے چہرہ پر خوشی کی جھلک آ گئی -

۴۴- آج میں نے جاوید کے چہرہ پر سخت غصّہ کی جھلک دیکھی تھی -

۴۵- جب بچّہ فرط اشتیاق میں ماں کی طرف بڑھتا ہے تو ماں کے چہرہ پر محبت کی جھلک دیکھنے کے قابل ہوتی ہے -

۴۶- ماں باپ کو اپنے بچّوں سے والہانہ محبت ہوتی ہے -

۴۷- لوگ بڑے بڑے شعرا کے کلام کو بڑی عقیدت اور احترام سے سنتے ہیں -

۴۸- چھوٹی چھوٹی بچّیاں گڑیوں کا کھیل بڑے والہانہ انداز سے کھیلتی ہیں -

۴۹- بعض لوگ موٹر چلاتے وقت فرط احتیاط سے اتنے آہستہ چلتے ہیں کہ راستے پر چلنے والے لوگ بھی آگے نکل جاتے ہیں -

۵۰- کسی کتاب کے اچھّے ہونے کی دلیل اسکی ضخامت نہیں ہے -

۵۱- دریا کی وسعت اور گہرائی کا اندازہ کنارہ سے نہیں ہوتا ہے -

۵۲- استاد کی ہمت افزائی سے طالب علم کو کافی سہارا ملتا ہے -

انتخاب از کلامِ مقدس

جامع باب ۳

تقدیرِ انسانی سمجھ سے باہر ہے ۱ ہر امر کے لئے ایک موقع اور ہر غرض کے لئے آسمان کے
نیچے ایک وقت ہے ۲ پیدائش کا ایک وقت ہے اور موت کا ایک وقت ہے۔ درخت
لگانے کا ایک وقت ہے اور لگائے ہوئے کے اُکھاڑنے کا ایک وقت ہے ۳ مار ڈالنے کا
ایک وقت ہے اور اچھا کرنے کا ایک وقت ہے۔ ڈھا دینے کا ایک وقت ہے ۴
رونے کا ایک وقت ہے اور ہنسنے کا ایک وقت ہے۔ غم کرنے کا ایک وقت ہے
اور ناچنے کا ایک وقت ہے ۵ پتّھروں کے پھینک دینے کا ایک وقت ہے اور
پتّھروں کے جمع کرنے کا ایک وقت ہے۔ بغل گیری کا ایک وقت ہے اور بغل گیری
سے باز رہنے کا ایک وقت ہے ۶ حاصل کرنے کا ایک وقت ہے اور ضائع کرنے کا
ایک وقت ہے۔ رکھنے کا ایک وقت ہے۔ پھینکنے کا ایک وقت ہے ۷ پھاڑنے کا
ایک وقت ہے اور سینے کا ایک وقت ہے۔ خاموش رہنے کا ایک وقت ہے اور
بولنے کا ایک وقت ہے ۸ محبّت کا ایک وقت ہے اور نفرت کا ایک وقت ہے۔
جنگ کا ایک وقت ہے اور صُلح کا ایک وقت ہے ۹

کام کرنے والے کو اُس کام سے جو کرتا ہے کیا فائدہ ہے؟ ۱۰ میں نے
دیکھا کہ خدا نے بنی آدم کو یہ شغل دیا تاکہ اُس سے دُکھ پائیں ۱۱ اُس نے ہر چیز
کو اُس کے اپنے وقت کے لئے خوب بنایا۔ اور اُس نے انسان کے قلب میں ابدیّت رکھی۔

پھر بھی انسان ابتدا سے انتہا تک خدا کے اعمال دریافت نہیں کر سکتا ۱۱

پس میں نے معلوم کیا کہ اُس کے لئے کوئی اچھی چیز نہیں سوائے اس کے
وہ خوش رہے۔ اور اپنی زندگی میں عیش کرے ۱۲ بلکہ ہر ایک کھائے اور پئے اور اپنی
محنت کے پھل سے فائدہ اُٹھائے۔ یہ بھی خدا کی طرف سے عطیّہ ۱۳ اور میں نے جانا کہ
جو کچھ خدا کرتا ہے۔ وہ ابد تک رہے گا۔ اُس پر زیادہ نہیں کیا جا سکتا اور اُس سے
گھٹایا نہیں جا سکتا اور خدا یوں کرتا ہے تاکہ انسان اُس کے حضور ڈرتا رہے ۱۴ جو کچھ
اب ہے وہ پہلے تھا۔ اور جو کچھ ہوگا وہ اب بھی ہے۔ اور جو گزر گیا خداوند اُس کو
بحال کرتا ہے ۱۵

انتخاب از کلامِ مقدّس

مقدّس متّی، باب ۵

پہاڑی وعظ ۱ اور یسوعؔ ہجوم کو دیکھ کر پہاڑ پر چڑھ گیا۔ اور جب بیٹھ گیا۔ اُس کے شاگرد اُس کے پاس آئے ۲ اور وہ اپنا منہ کھول کر اُنہیں سکھانے لگا۔ کہ ۳ مبارکبادیاں۔ مبارک ہیں وہ جو روح کے غریب ہیں۔ کیونکہ آسمان کی بادشاہت اُنہی کی ہے ۴

مبارک ہیں وہ جو حلیم ہیں۔ کیونکہ وہ زمین کے وارث ہوں گے ۵
مبارک ہیں وہ جو غمگین ہیں۔ کیونکہ وہ تسلّی پائیں گے ۶
مبارک ہیں وہ جو راستی کے بھوکے اور پیاسے ہیں۔ کیونکہ وہ آسودہ ہوں گے ۷
مبارک ہیں وہ جو رحم دل ہیں۔ کیونکہ اُن پر رحم کیا جائے گا ۸
مبارک ہیں وہ جو پاک دل ہیں۔ کیونکہ وہ خدا کو دیکھیں گے ۹
مبارک ہیں وہ جو صلح کراتے ہیں کیونکہ وہ خدا کے فرزند کہلائیں گے ۱۰
مبارک ہیں وہ جو راستی کے سبب سے ستائے گئے ہیں۔ کیونکہ آسمان کی بادشاہی اُنہی کی ہے ۱۱

مبارک ہو تم۔ جب میرے سبب سے لوگ تمہیں لعن طعن کریں اور ستائیں۔ اور ہر طرح کی بری باتیں تمہاری نسبت ناحق کہیں ۱۲ خوش ہو اور خوشی کرو۔ کیونکہ آسمان پر تمہارا اجر بڑا ہے۔ اِس لئے کہ اُنہوں نے اُن نبیوں کو جو تم سے پہلے تھے

اسی طرح ستایا۔[۱۲]

تم زمین کا نمک ہو۔ لیکن اگر نمک کا مزہ جاتا رہے تو وہ کس چیز سے نمکین کیا جائے گا؟ پھر وہ کسی کام کا نہیں۔ سوائے اس کے کہ باہر پھینکا جائے۔ اور لوگوں کے پاؤں کے نیچے روندا جائے۔[۱۳]

تم دنیا کا نور ہو۔ جو شہر پہاڑ پر بسا ہو۔ وہ چھپ نہیں سکتا۔[۱۴] اور لوگ چراغ روشن کر کے پیمانے کے نیچے نہیں بلکہ چراغدان پر رکھتے ہیں۔ تاکہ اُن سب کو جو گھر میں ہیں روشنی پہنچائے۔[۱۵] اسی طرح تمہاری روشنی آدمیوں کے سامنے چمکے تاکہ وہ تمہارے نیک کاموں کو دیکھیں اور تمہارے باپ کی جو آسمان پر ہے تمجید کریں۔[۱۶]

انتخاب از قرآن پاک

اللہ کے نام سے جو رحمان و رحیم ہے ۔

الف ۔ لام ۔ میم ① یہ اللہ کی کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں ۔ ہدایت ہے ان پرہیزگاروں کے لئے ② جو غیب پر ایمان لاتے ہیں ، نماز قائم کرتے ہیں جو رزق ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں ③ جو کتاب تم پر نازل کی گئی ہے (یعنی قرآن) اور جو کتابیں تم سے پہلے نازل کی گئی تھیں ان سب پر ایمان لاتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں ④ ایسے لوگ اپنے رب کی طرف سے راہ راست پر ہیں اور وہی فلاح پانے والے ہیں ⑤ جن لوگوں نے (ان باتوں کو تسلیم کرنے سے) انکار کر دیا ان کے لئے یکساں ہے خواہ تم انہیں خبردار کرو یا نہ کرو بہرحال وہ ماننے والے نہیں ہیں ⑥ اللہ نے ان کے دلوں اور ان کے کانوں پر مہر لگادی ہے اور انکی آنکھوں پر پردہ پڑ گیا ہے ۔ وہ سخت سزا کے مستحق ہیں ⑦ ع

بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لائے ہیں حالانکہ درحقیقت وہ مومن نہیں ہیں ⑧ وہ اللہ اور ایمان لانے والوں کے ساتھ دھوکہ بازی کر رہے ہیں مگر دراصل وہ خود اپنے آپ ہی کو دھوکے میں ڈال رہے ہیں اور انہیں اس کا شعور نہیں ہے ⑨ ان کے دلوں میں ایک بیماری ہے جسے اللہ نے اور زیادہ بڑھا دیا اور جو

جھوٹ وہ بولتے ہیں اسکی پاداش میں ان کے لئے دردناک سزا ہے ⑩ جب کبھی ان سے کہا گیا کہ زمین پر فساد برپا نہ کرو تو انھوں نے یہی کہا کہ ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں ⑪ خبردار! حقیقت میں یہی لوگ مفسد ہیں مگر انہیں شعور نہیں ہے ⑫ اور جب ان سے کہا گیا کہ جس طرح دوسرے لوگ ایمان لائے ہیں اسی طرح تم بھی ایمان لاؤ تو انہوں نے یہی جواب دیا کہ ہم بے وقوفوں کی طرح ایمان لائیں؟ خبردار! حقیقت میں تو یہ خود بے وقوف ہیں مگر یہ جانتے نہیں ہیں ⑬ جب یہ اہلِ ایمان سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں اور جب علیحدگی میں اپنے شیطانوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ اصل میں تو ہم تمہارے ساتھ ہیں اور ان لوگوں سے محض مذاق کر رہے ہیں ⑭ اللہ ان سے مذاق کر رہا ہے، وہ انکی رسّی دراز کئے جاتا ہے اور یہ اپنی سرکشی میں اندھوں کی طرح بھٹکتے چلے جاتے ہیں ⑮ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خرید لی ہے مگر یہ سودا ان کے لئے نفع بخش نہیں ہے اور یہ ہرگز صحیح راستے پر نہیں ہیں ⑯

(سورۃ لبقرۃ ع۲)

سورہ انعام ع ۹

ابراہیم کا واقعہ یاد کرو جبکہ اس نے اپنے باپ آزر سے کہا تھا "کیا تو بتوں کو خدا بناتا ہے؟ میں تو تجھے اور تیری قوم کو کھلی گمراہی میں پاتا ہوں" (۷۴) ابراہیم کو ہم اسی طرح زمین اور آسمانوں کا نظامِ سلطنت دکھاتے تھے اور اس لئے دکھاتے تھے کہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہو جائے (۷۵) چنانچہ جب رات اس پر طاری ہوئی تو اس نے ایک تارا دیکھا - کہا یہ میرا رب ہے - مگر جب وہ ڈوب گیا تو بولا کہ ڈوب جانے والوں کا تو میں گرویدہ نہیں ہوں (۷۶) پھر جب چاند چمکتا نظر آیا تو کہا یہ ہے میرا رب - مگر جب وہ بھی ڈوب گیا تو کہا اگر میرے رب نے میری رہنمائی نہ کی ہوتی تو میں بھی گمراہ لوگوں میں شامل ہو گیا ہوتا (۷۷) پھر جب سورج کو روشن دیکھا تو کہا یہ ہے میرا رب - یہ سب سے بڑا ہے - مگر جب یہ بھی ڈوبا تو ابراہیم پکار اٹھا "اے برادرانِ قوم! میں ان سب سے بیزار ہوں جنہیں تم خدا کا شریک ٹھہراتے ہو (۷۸) میں نے تو یکسو ہو کر اپنا رخ اس ہستی کی طرف کر لیا جس نے زمین اور آسمانوں کو پیدا کیا ہے اور میں ہرگز شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں" (۷۹) اس کی قوم اس سے جھگڑنے لگی تو اس نے قوم سے کہا "کیا تم لوگ اللہ کے معاملہ میں مجھ سے جھگڑتے ہو؟ حالانکہ اس نے مجھے راہ راست دکھا دی ہے اور میں تمہارے ٹھہرائے ہوئے شریکوں سے نہیں ڈرتا - ہاں اگر میرا رب کچھ چاہے تو وہ ضرور ہو سکتا ہے - میرے رب کا علم ہر چیز پر چھایا ہوا ہے پھر کیا تم

ہوش میں نہ آؤ گے ؟ (۸۰) اور آخر میں تمہارے ٹھہرائے ہوئے شریکوں سے کیسے
ڈروں جبکہ تم اللہ کے ساتھ ان چیزوں کو خدائی میں شریک بناتے ہوئے نہیں
ڈرتے جن کے لئے اس نے تم پر کوئی سند نازل نہیں کی ہے ؟ ہم دونوں فریقوں
میں سے کون زیادہ بے خوفی اور اطمینان کا مستحق ہے ؟ بتاؤ اگر تم کچھ علم
رکھتے ہو" (۸۱) حقیقت میں تو امن انہی کے لئے ہے اور راہِ راست پر وہی ہیں
جو ایمان لائے اور جنہوں نے اپنے ایمان کو ظلم کے ساتھ آلودہ نہیں کیا (۸۲) یہ تھی
ہماری وہ حجت جو ہم نے ابراہیم کو اسکی قوم کے مقابلہ میں عطا کی۔ ہم جسے چاہتے
ہیں بلند مرتبے عطا کرتے ہیں۔ حق یہ ہے کہ تمہارا رب نہایت دانا اور علیم ہے (۸۳)

گرد و پیش

ایک منظر

(ریل گاڑی کے آہستہ ہونے اور پھر جھٹکے کے ساتھ رکنے کی آواز)

"اے بھائی صاحب۔ یہ کونسا اسٹیشن ہے؟"

"او بھائی ٹوپی والے۔ کیا یہاں پانی ملے گا؟"

"منّے اٹھو۔ اسٹیشن آ گیا۔"

"اری تھنو، اپنے جوتے سنبھال"

"اے بھائی اپنی ٹانگیں ایک طرف کرو۔"

"میں نے کہا۔ سامان اچھی طرح دیکھ لینا۔"

"وہ لوٹا نہ بھول جانا۔ لوٹا کہاں ہے؟"

"میرا جوتا کدھر گیا؟"

"میں کہتا ہوں دروازے میں سے ہٹ جاؤ!"

"نہیں ہٹتا۔ کیا گاڑی تو نے خرید رکھی ہے!"

"ارے او تلی — او تلی"

"منو جلدی کرو۔ گاڑی کہیں چل نہ دے۔ یہ بی بی کہاں ہے؟"

"ارے فجّو، خلّو کدھر گیا؟"

"نان تے کباب۔ گرم ہو رہے نے!"

“گوشت روٹی”

“دہی بڑے مسالے والے۔ لگا دی ہے بارہ مسالے کی چاٹ۔ چٹ پٹی ہو رہی ہے۔”

“دال روٹی”

“آ گیا تازہ رسالہ۔ چار آنے میں راتوں کی نیند اڑا دینے والے افسانے۔”

“ارے سامان کہاں لئے آ رہے ہو۔ کیا آنکھیں پھوٹ گئی ہیں؟”

“بھائی صاحب اس ڈبّے میں کوئی جگہ نہیں۔ اگلے ڈبّوں میں بہت جگہ ہے، وہاں چلے جائیے!”

“تو آپ وہاں کیوں نہیں چلے جاتے!”

“اس ڈبّے میں بالکل جگہ نہیں ہے!”

“میں تو اسی ڈبّے میں بیٹھوں گا۔ دیکھتا ہوں تم کیسے روکتے ہو؟”

“کیا گاڑی تیرے باپ کی ہے؟”

“ارے بھائی ذرا دیکھ کر۔ میرا سر پھوڑ دیا۔ بھئی ذرا اس صندوق کو ایک طرف سرکا دو!”

“اجی میرا پاؤں کچل دیا۔ کیا دکھتا نہیں ہے آپکو؟”

”ارے او نان کباب والے؟“

”نان تے کباب۔ گرم ہو رہے نے!“

”او بھائی نان تے کباب۔؟“

”نان تے کباب۔ گرم ہو رہے نے!“

”ارے میاں دو بھی تو سہی۔ یا صرف گرم ہی کرتے پھر رہے ہو!“

”ارے بھائی صاحب! آپ ذرا ایک طرف سرک جائیے۔ دیکھئے اس طرف کتنی جگہ ہے!“

”کہاں خالی ہے۔ یہاں ایک آدمی بیٹھا ہے۔“

”کہاں ہے آدمی؟“

”باہر گیا ہے پانی لینے کے لئے۔ ابھی وہ آجائے گا تو دیکھ لینا۔“

”جب وہ آجائے گا، اس وقت میں بھی اٹھ جاؤں گا۔ اس وقت تو بیٹھنے دو۔“

”ارے بھائی دیکھ کر بیٹھو۔ دوسروں کے سروں پر کیوں چڑھے چلے آرہے ہو؟“

”تمہارے سر پر چڑھ کر مجھے پھسلنا تھوڑی ہے۔“

”یہ برتھ پر کون ٹانگیں پھیلائے سو رہا ہے۔ اے بھائی صاحب۔ نیچے اترئیے اُوپر سامان رکھنے دیجئے۔“

„میں بیمار ہوں۔“

„بیمار ہیں تو ہسپتال میں جائیے۔ یہاں کیا کر رہے ہیں؟“

„اجی نہیں بیماری کا بہانہ کر رہا ہے۔ ابھی پچھلے اسٹیشن پر گھوڑے کی طرح چھلانگیں لگاتا پھر رہا تھا۔“

„مجھے گھوڑا کہہ رہے ہو۔ اتروں نیچے؟ ابھی مزا چکھا دوں گا گھوڑا کہنے کا۔“

„ارے بھائی کیوں جھگڑتے ہو۔ تھوڑی دیر کا سفر ہے۔ سب چلے جائیں گے۔ ناراض ہو کر کیا لینا۔“

„او دہی بڑے والے۔ اس میں مسالہ کم ہے۔ ذرا تھوڑا سا مسالہ اور ڈالنا۔“

„او بھائی صاحب! کہاں گھسے چلے آ رہے ہو۔ دیکھو تو سہی“۔

„تم ہی دیکھ لو نا۔ تم اپنی آنکھیں گھر تو نہیں چھوڑ آئے!“

„اے میاں۔ اے بھائی! یہ مردوں کا ڈبہ ہے۔ عورتوں کو زنانے ڈبے میں بٹھائیے۔“

„زنانہ ڈبے میں جگہ نہیں ہے۔“

„جگہ نہیں تو ہم کیا کریں۔ یہ مردوں کا ڈبہ ہے۔ اور اس میں صرف مرد بیٹھیں گے۔“

"ارے بھائی سنو تو۔ تمہیں کہا ہے عورتوں کو زنانہ ڈبہ میں بٹھاؤ۔ یہاں مردوں میں کیوں بٹھاتے ہو؟"

"تمہیں اس سے کیا۔ میری عورت ہے، میں جہاں چاہوں اسے بٹھاؤں۔ تم کون ہوتے ہو ٹوکنے والے؟"

"ارے بھئی۔!"

"میں کہتا ہوں یہ میری عورت ہے، میں اسے کالے چور کے ساتھ بٹھاؤں، تمہیں کیا حق ہے کچھ کہنے کا"

"میں نے تو تمہارے بھلے کی کہی ہے کہ مردوں میں عورتوں کو بٹھانا اچھا نہیں۔"

"اجی جائیے۔ آئے بڑے مرد!"

"ننھے اِس طرف آجاؤ۔ گگّو تو اِس طرف بیٹھ جا"

"گاڑی چلنے میں تھوڑا ہی وقت رہ گیا ہے"

"او ٹوپی والے صاحب۔ ذرا پانی لینا تھوڑا۔"

"میں نے کہا، جھجّو کے ابّا، پاندان کہاں ہے۔"

"وہ رکھ دیا تمہارے صندوق پر"

"اور کپڑے کہاں رکھے ہیں میرے"

"وہ بھی صندوق پر ہیں۔"

"اچھا سنو تو۔ گھر جاکر چمّن میاں کو پیار کر دینا۔"

"اچھا"

"دلہن سے کہنا غم نہ کرے۔ میں پہونچتے ہی خط لکھدونگی۔ اور تم بھی اپنی خیر خیریت لکھتے رہنا۔"

"اچھا"

"اور سنو تو۔ میں کہتی ہوں اُس چھنال سے نہ ڈرنا۔ اگر وہ ایک کہے تو تم دو سنانا۔ میں آکر اسے ٹھیک کرلوں گی۔"

(گاڑی کے وسل دینے کی آواز)

"گاڑی چلنے والی ہے۔ اب جلدی سے بیٹھ جاؤ۔"

(بچے رونے کی آواز)

"اری بہو، مُنّے کو تو لے لے۔"

"اری دولہا میاں کو سلام تو کردو۔ کیا کہے گا ماں باپ کے گھر جارہی ہے سلام بھی نہ کیا۔"

"لو اچھا۔ اب خدا حافظ۔ وقت ہو چکا۔"

(پھر گاڑی کے وسل دینے کی آواز)

"ارے بھئی تم یہ سب دوستوں کو ایک ایک نیا رومال کیوں بانٹ رہے ہو۔؟"

"تاکہ گاڑی چلنے پر یہ سب رومال ہلا کر مجھے رخصت کریں"

(انجن کی آواز)

"لو بھئی خدا حافظ"

"ارے جمّن پڑوسن کو میرا سلام کہنا۔ اور وحیدن باجی کو بھی"

"او تغلی۔ بھاگ کر آؤ۔ گاڑی چل رہی ہے"

"ارے بھائی صاحب۔ کھڑکی بند کر دیجئے۔ لوگ اس میں سے کود آئیں گے"

"گارڈ نے تیسری سیٹی بجادی ہے۔ بس اب گاڑی چلنے ہی والی ہے"

(انجن کی سیٹی اور گاڑی آہستہ آہستہ چلنے کی آواز)

"اچھا خدا حافظ"

"خدا حافظ"

"گھر میں سب کو سلام کہنا اور بچوں کو پیار دینا"

"جاتے ہی خط لکھنا اور منّے کی خیریت ضرور لکھنا"

"ارے بھائی صاحب! آپ بھی بیٹھ جائیے نا کھڑے کیوں ہیں۔ دیکھئے ادھر جگہ ہے"

"نہیں میں نہیں بیٹھ رہا"

“کیا بات ہے آپ اتنے فکرمند کیوں ہیں؟

“دوستوں، عزیزوں کے چھوٹنے کا غم تو ہوتا ہی ہے”

“ہاں جی۔ وہ انسان ہی کیا جسے دوسرے انسان سے انس نہ ہو”

“واقعی آپ بہت اداس ہیں۔ آخر آپ کیا سوچ رہے ہیں؟”

“ہاں ہاں بھائی صاحب۔ بتائیے آپ کو کیا فکر ہے؟”

“میں یہ سوچ رہا ہوں کہ جن صاحب کو گاڑی میں سوار ہونا تھا وہ تو رہ گئے اور میں انہیں سوار کرانے آیا تھا، میں سوار ہو گیا ہوں”۔

(گاڑی کے تیز تیز چلنے کی آواز)

GLOSSARY

Introduction

We have followed in this glossary the same procedure as is used in Urdu dictionaries in general, i.e., a verb is given in its infinitive form, a noun in its singular direct form, and an adjective in its masculine singular form.

The first column contains the entry in Urdu script. For this purpose the following alphabetical order was observed. (Reading from right to left.)

ا ب پ ت ٹ ث ج چ ح خ د ڈ ذ ر ڑ ز ژ س ش ص ض

ط ظ ع غ ف ق ک گ ل م ن و ہ ھ (ء) ی (ے) -

Two things need special mention in the above arrangement.

1. The letter [chooTii hee] is considered as separate from the letter [doo-cašmii hee], and has been placed first. In non-initial positions they represent two different phonological features and therefore should also be differentiated in spelling. Initially it does not matter what symbol is used; in type, they use [doo-cašmii hee], but in handwritten material it is usually [chooTii hee] which is used. In our material also we have used [chooTii hee]. Referring back to the matter of alphabetical order, it follows that in our glossary a word like کہنا, [kahnaa], will come first, followed by other words, and then by کھانا, [khaanaa].

2. No differentiation is made between [chooTii yee] and [baRii yee]; they are treated as one letter, [yee]. We also treat [hamzah] as a variant of [yee], but without two subcript dots, in places where it does have a separate [šoošah] as its "chair". In other places, e.g., when it occurs over a [waaoo] or an [alif], it is not considered at all for alphabetical order. E.g., in مؤقّف, [mu'aqqaf], it is not considered either a separate letter or a form of [yee], but in کئی, [kaii], it is considered a variant of [yee]; کیا, therefore, precedes کئی in the vocabulary.

A strict alphabetical order has been followed in our glossary, except in the case of compound verbs (root plus auxiliary verb) and nominal-verbal compounds (noun or adjective plus auxiliary verb). These exceptions have been placed, in each instance, immediately after the entry for their first member. Thus جواب, [jawaab], is immediately followed by جواب دینا, [jawaab deenaa], and only then by جوابات, [jawaabaat]. Likewise, لے آنا, [lee-aanaa], comes immediately after لینا, [leenaa].

The symbols in the second column give grammatical information about nouns and verbs; adjectives and other forms of speech did not need any special grammatical information in the glossary. The following symbols or their combinations are used with reference to nouns.

M	Masculine noun.
F	Feminine noun.
MF	Masculine or feminine; both usages being equally correct.
p	Plural.

In case of verbal forms, absence of any symbol indicates that it does not require the use of [-nee] with is perfect participle constructions. Otherwise the following symbols are used.

N	The verb requires the use of [-nee] in its perfect participle constructions.
n	The verb can occur in its perfect participle constructions both with and without [-nee], with no change in meaning. Homophonous verbs which do have a change in meaning have been given separate entries.
K	The subject of the English verb in the gloss will be followed by [-koo] in Urdu.
Ka.	The subject of the English verb in the gloss will be followed by [-kaa] in Urdu.
Ke.	The subject of the English verb in the gloss will be followed by [-kee] in Urdu.
Ki.	The subject of the English verb in the gloss will be followed by [-kii] in Urdu.

If necessary the above symbols will have following them the gender and number symbols, M, F, p, to indicate the gender and number of the noun in that compound form, for that noun will be the grammatical subject of the verb in Urdu, in all constructions in the case of the last four types, and in the perfect participle plus [-nee] constructions in the case of the first two.

The third column contains a normalized transcription of the Urdu word, based mainly on the pronunciation of this editor. Wherever two pronunciations are given, the first is the more formal, it is closer to the spelling, and preferred in poetry. The symbols used in our transcription have already been discussed in the sections on Urdu phonology and script.

A hyphen, (-), has also been used in our transcription for the following purposes.

1. It is placed before postpositions, which require that the preceding noun or adjective should be in its oblique case form.

2. It is placed between two transcribed units to indicate that for all grammatical purposes they act as one unit. But in case of a verbal construction or form we have to keep one thing in mind: If the noun in the compound form determines the gender and number agreement in the verb, as in N or K type verbs, no hyphen is written between the noun and the auxiliary verb. On the other hand, if it does not determine the gender-number agreement, a hyphen is placed between the noun and the verb. In case of a marked adjective occurring as the first member of a compound verbal form, that adjective is written in its masculine singular form, and a hyphen is placed between it and the verb.

The last column contains the English equivalent word or phrase for the Urdu word. These by no means exhaust the semantic possibilities of the word, and are merely to serve the purpose in this particular textbook. One other feature, however, deserves careful attention on the part of the student.

Quite a few Urdu verbs require the use of a particular postposition to convey a particular meaning, just as in English the use of a particular preposition may change the meaning of the verb. In some cases in Urdu a postposition is used where no preposition is required in English. Often enough the direct and indirect objects of the Urdu verb may show a contrast in their use of different postpositions depending upon whether they are human beings or non-humans. The following symbols, therefore, are used in the last column to facilitate proper glossing.

Z A human direct or indirect object.

Y A non-human direct or indirect object.

X No distinction of the above type is required; it can be a thing, a person, or an act.

I An infinitive. It is used only when an exclusive reference to infinitives is to be made, the particular constructions being non-functional with either nouns or adjectives. (To I = To perform the act described by the verb mentioned in its infinitive form.)

The above symbolizations is for those cases which do not come under the prevalent rule in Urdu: [-koo] after proper nouns and "particularized" objects, otherwise no postposition. In some cases we have used numbers to make explicit the order of direct and indirect objects in English and the different postpositions that they may need in Urdu. A few examples will make our symbols clear.

پوچھنا : N : [puuchnaa] : to ask X [-see] X1.
وعدہ کرنا : NM : [waadaa karnaa] : to promise X [-kaa] to X1 [-see].
کھیلنا : n : [kheelnaa] : to play with Z [-kee saath]; to play with Y [-see].
پیچھے : : [piichee] : behind X [-kee].

Notice the last example. It explains that an English phrase, such as "behind the man", will be translated into Urdu by:

	aadmii-kee piichee	
Cf.	[-par], "on".	
	aadmii-par	on the man

Often the English gloss has been supplemented by referring the student to some note in the text. This is done by writing s.n., followed by the number of the note and the number of the unit in the text. In other words, a notation such as "s.n. 5.6." is to be read as "see note five in unit six". Often a reference has also been made to the relevant section in the grammar by writing "see Section ..." Both of these notations are to be found in the glossary as well as in the explanatory notes given with the selections.

اب		ab	now
ابّا	M	abbaa	father (term of address)
آبادی	F	aabaadii	population
ابتدا	F	ibtidaa	the beginning; s.n. 4.20.
ابتدائی		ibtidaaii	primary
اب تک		ab-tak	still, even now
ابد	M	abad	eternity
ابدیّت	F	abadiiyat	eternalness
ابراہیم	M	ibraahiim	Abraham, the prophet
ابناء	MP	abnaa'	sons; pl. of ابن [ibn]
ابھرنا		ubharnaa	to come up from below
ابھی		abhii	right now; [ab+hii]
آپ		aap	self; same as خود ; [xud]; s.n. 9.8; 4.12.
اپریل	M	apreel	Eng., April
اپنے ہاں		apnee-hãã	at my place; same as اپنے یہاں [apnee-yahãã]
اتارنا	N	utaarnaa	to unload
اترنا		utarnaa	to come down; s.n. 6.1.
اتفاق	M	ittifaaq	opportunity, chance
اتفاق ہونا	KM	ittifaaq hoonaa	to have the opportunity to I [-kaa]
اتنا		utnaa	that much; s.n. 13.30.
اتنے میں		itnee-mẽẽ	just then; s.n. 13.30.
اٹھانا	N	uThaanaa	to lift up
اٹھنا		uThnaa	to get up or stand up, to rise
آثار الصّنادید		aasaar-us-sanaadiid	name of a famous book, lit., relics of the warriors
اثر	M	asar	influence, effect
اثر لینا	NM	asar leenaa	to be impressed and affected by X (-kaa], to be edified by X [-kaa]
اثر ہونا	Ka.M	asar hoonaa	to have an effect on X [-par]
آج		aaj	to-day
اجازت دینا	NF	ijaazat deenaa	to permit
اجر	M	ajr	reward

آجکل		aaj-kal	now-a-days; s.n. 6.1.
اجی		ajii	a term of address
اچکنا		ucaknaa	to jump up
اچھا		acchaa	good; well; s.n. 4.2.
اچھا کرنا	N	acchaa-karnaa	to make X [-koo] well; to do well in something
احاطہ	M	ahaataa	courtyard
احترام	M	ehtiraam	respect
احتیاط	F	ehtiyaat	precaution, care
احساس	M	ehsaas	feeling
احمد	M	ahmad	personal name
اخبار	M	axbaar	newspaper
اختیار	M	ixteyaar	control, authority; s.n. 7.30.
اختیار کرنا	N	ixteyaar-karnaa	to adopt
آخر		aaxir	at last; s.n. 6.20.
آخرت	F	aaxirat	the world hereafter; Day of Judgment
آخر میں		aaxir-mẽẽ	finally, at the end
آخری		aaxirii	last
اخلاق	M	axlaaq	morals
اخلاقی		axlaaqii	moral
ادا کرنا	N	adaa-karnaa	to express; to pay back
اداس		udaas	sad
اداس ہونا		udaas-hoonaa	to be sad
آداب		aadaab	s.n. 14.22.
ادب	M	adab	literature
ادبی		adabii	literary
آدمی	M	aadmii	man
اِدھر		idhar	here, on this side; s.n. 4.1; 3.27.
اُدھر		udhar	that side
اِدھر اُدھر		idhar-udhar	here and there
ادیب	M	adiib	writer
ارادہ	M	iraadaa	intention; s.n. 2.2.
آرام	M	aaraam	comfort
آرام کرنا	NM	aaraam karnaa	to rest; s.n. 6.1.

ارسطو	M	arastuu	Aristotle
ارے		aree	O; an exclamation of surprise, sometimes used in calling to or addressing equals or inferiors.
اڑنا		uRnaa	to fly (Intr.); s.n. 2.12.
از		az-	from; a Persian preposition
آزاد		aazaad	independent
آزاد ہونا		aazaad-hoonaa	to be free
آزادی	F	aazaadii	freedom
آزر	M	aazar	Azar, father of Abraham
اس		is, us	s.n. 4.1.; 6.5.; 5.13.
آسان		aasaan	simple
آسانی	F	aasaanii	facility, ease
آسانی سے		aasaanii-see	easily
اسباب	MP	asbaab	reasons; pl. of سبب [sabab]
اسباب بغاوت ہند		asbaab-e-baGaawat-e-hind	Causes of Indian Mutiny
آس پاس		aas-paas	in the neighbourhood of X [-kee]
اسپتال	M	aspataal	hospital; same as ہسپتال [haspataal]
استاد	M	ustaad	teacher
استعمال کرنا	N	istemaal-karnaa	to use
استعمال کرنا	NM	istemaal karnaa	to use X [-kaa]
آسٹریلیا		aasTreelyaa	Australia
اسٹیشن	M	isTeešan	Eng., station; s.n. 3.26.
اس حد تک		(is) had-tak	to such an extent; to the extent of X [-kii had-tak]
اس درمیان میں		is darmiyaan-mẽẽ	in the meantime
اس طرح		is tareh	in this way
اس قدر		isqadar	to this extent
اسکندریہ	M	iskandariyaa	Alexandaria
اسکیم	F	iskiim	Eng., scheme; s.n. 3.26.
اسلام	M	islaam	Islam, the religion of the Muslims
اس لئے		is-liyee	therefore; s.n. 4.1.
آسماں	M	aasmãã	sky, heaven; same as [aasmaan]

اسمبلی	F	asemblii	Eng., assembly; legislative assembly
اسمٰعیل	M	ismaaiil	Ishmael
آسودہ ہونا		aasuudaa-hoonaa	to be satiated
اسّی		assii	eighty (80)
اِسی		isii	this very; [isii] = [is hii]
اُسی طرح		usii-tarah	in exactly the same way
اِسی طرح		isii-tarh	similarly
اشارہ	M	išaaraa	signal
اشتیاق	M	išteyaaq	strong desire
اشعار	MP	aš'aar	couplets; pl. of شعر [še'r]
اشوک		ašook	Ashoka
اصل		asl	real
اصلاح	F	islaah	improvement, reform
اصلاح کرنا	NF	islaah karnaa	to reform X [-kii]
اضافہ	M	izaafaa	increase, addition
اطمینان	M	itmiinaan	calmness, satisfaction
اطمینان سے		itmiinaan-see	calmly
اعتبار	M	eetibaar	trust, confidence
اعلان	M	eelaan	proclamation
اعلیٰ		aalaa	superior, noble; lit., the highest; s.n. 6.4.
اعمال	MP	aamaal	actions, pl. of عمل [amal]
آغاز	M	aaGaaz	the beginning
افزا		-afzaa	s.n. 10.30.
افسانہ	M	afsaanaa	short story
افسر	M	afsar	Eng., officer
افغانستان	M	afGaanistaan	Afghanistan
اقتباسات	MP	iqtebaasaat	extracts; pl. of اقتباس [iqtebaas]
اقتدار	M	iqtedaar	power
اقرار	M	iqraar	confirmation, pledge; s.n. 4.25.
اقرار کرنا	NM	iqraar karnaa	to affirm Y [-kaa], to admit to Y [-kaa]
اکتوبر	M	aktuubar	Eng., October
اکثر		aksar	mostly; often

اکھاڑنا	N	ukhaaRnaa	to uproot
آگ	F	aag	fire; s.n. 4.7.
آگاہ کرنا	N	aagaah-karnaa	to inform (warn) X [-koo] about XI [-see]
اگر		agar	if; s.n. 3.3.
آگرہ	M	aagraa	Agra
اگست	M	agast	Eng., August
آگے		aagee	in front of X [-kee]; in the front; further, beyond
البتّہ		albattaa	however
الٹ کر		ulaT-kar	s.n. 8.28.
السلام علیکم		as-salaam-o-alaikum	s.n. 1.1.
الکشن	M	elekšan	Eng., election
الگ		alag	separate
آلو	M	aaluu	potato
آلودہ کرنا	N	aaluudaa-karnaa	to besmear, to soil
الور	M	alwar	name of an Indian city
اللّٰہ		allaah	God; s.n. 3.1; 33.22.
الہ آباد	M	ilaahaabaad	Allahabad
امان	M	amaan	security, safety
آم	M	aam	mango
امتحان	M	imtihaan	examination; s.n. 6.17.
امتحان لینا	NM	imtihaan leenaa	to examine X [-kaa] in Y [-mẽẽ]
امتیاز	M	imtiyaaz	discrimination; distinction
آمد	F	aamad	arrival
امدنی	F	aamdanii, aamadnii	income
امر	M	amr	matter, event
امروہہ	M	amroohaa	a city in Uttar Pradesh (India)
امریکہ	M	amriikaa	America; s.n. 1.23.
امریکی		amriikii	American
امکانات	MP	imkaanaat	possibilities; pl. of امکان [imkaan]
امن	M	amn	peace
امید	F	ummiid	hope

امید ہونا	KF	ummiid hoonaa	to hope for X [-kii]
آنا		aanaa	to come; s.n. 4.9.; 27.22.; 14.30.
آنا	K	aanaa	to know Y (skill, language, etc.)
ان پڑھ		an-paRh	illiterate
انتخاب	M	intixaab	selection; election
انتظام	M	intizaam	arrangement; management
انتظام کرنا	NM	intizaam karnaa	to arrange for X [-kaa]
انتظامی		intizaamii	administrative
انتقال ہونا	Ka.M	intiqaal hoonaa	to die a natural death
انتہا	F	intihaa	end
انتہائی		intihaaii	extreme
انجمن حمایت اسلام	F	anjuman-e-himaayat-e-islaam	s.n. 1.25.
انجن	M	injan	Eng., engine
انداز	M	andaaz	style
اندر		andar	inside X [-kee]; s.n. 5.28.
اندھا		andhaa	blind
آندھی	F	ããdhii	dust-storm; used with چلنا [calnaa]
اندھیرا	M	ãdheeraa	darkness; adj.: dark
انس	M	uns	familiarity, affection
انسان	M	insaan	human being
انسانی		insaanii	human
آنسو	M	ããsuu	tears
انصاری		ansaarii	Dr. M. A. Ansari, a noted physician and Muslim leader; s.n. 5.16.
انعام	M	in'aam	reward
آنعام	F	an'aam	"Cattle", title of a verse in the Quran
انقلاب	M	inqalaab	revolution
انکار	M	inkaar	refusal
انکار کرنا	NM	inkaar karnaa	to refuse to I [-see]
آنکھ	F	ããkh	eye
آنکھ پھوٹنا	Ki.F	ããkh phuuTnaa	to become blind
انگریز	M	angreez	Englishman

انگریزی	F	angreezii	the English language; adj.: English
انگلینڈ	M	inglainD	England
آنگن	M	ããgan	courtyard inside a house
آنہ	M	aanaa	anna; one-sixteenth of a rupee = six p.
انہی		inhii	these, this; same as [in hii]: ان ہی ; s.n. 8.8.
انّیس		unniis	nineteen (19)
او		oo	a vocative term
آواز	F	aawaaz	voice; sound
اوپر		uupar	over, upon X [-kee]
اودھ	M	awadh	Oudh; name of the Muslim Kingdom of Lucknow
اور		aur	more; another of the same kind; s.n. 6.1.
اوسط		ausat	average
اوّل		awwal	the first
اول تو		awwal too	in the first place
اونچا		ũũcaa	high
اونی		uunii	woollen
آہستہ		aahistaa	slowly
آہستہ ہونا		aahistaa-hoonaa	to slow down
اہل		ahl	people, (used in [izaafat] compounds)
اہم		aham	important
اے		ai	O, (vocative particle, used in calling or addressing equals or inferiors)
اے		ee	A
ایران		iiraan	Iran
ایسا		aisaa	such; s.n. 22.22.
ایف		ef	F
ایک		eek	one (1); s.n. 7.4.; 2.23.
ایکا	M	eekaa	unity
ایک طرف کرنا		eek taraf-karnaa	to move aside (Tr.)
ایک ہی وقت		eek-hii-waqt	at the same time
اے لو		ee-loo	an exclamation of mock surprise

ایمان	M	iimaan	belief, faith
ایمان لانا		iimaan laanaa	to believe in X [-par]
ایم-اے		em-ee	Master of Arts
باب	M	baab	chapter
بابل	M	baabul	Babtyon
باپ	M	baap	father
بات	F	baat	matter; s.n. 11.8.; 27.22.
بات کرنا	NF	baat karnaa	to talk with X [-see] about XI [-kii]
بات چیت	F	baat-ciit	conversation
باتوں میں آنا		baatõõ-mẽẽ aanaa	to be taken in by X [-kii]
باجی	F	baajii	sister
بادشاہ	M	baadšaah	king
بادشاہت	F	baadšaahat	kingdom
بادشاہی	F	baadšaahii	kingdom
بارش	F	baariš	rain
بارہ		baaraa	twelve (12)
بارھواں		baarhwãã	twelfth
بارے میں		baaree-mẽẽ	concerning X [-kee]
باز رکھنا	N	baaz-rakhnaa	to keep X [-koo] back from XI [-see]
باز رہنا		baaz-rahnaa	to refrain from X [-see] (Intr.)
بازار	M	baazaar	market
بازو	M	baazuu	arm
باغ	M	baaG	garden
باقی		baaqii	the rest
باقی ہونا		baaqii-hoonaa	to remain
بالترتیب		bit-tartiib	in the given sequence, respectively
بالکل		bilkul	absolutely; entirely, altogether
بانٹنا	N	bããThaa	to distribute; to divide
بانگڑو	F	bããgRuu	Bangru, an Indic dialect spoken north of Delhi

بانی		baanii	founder
باوجود		baa-wujuud	inspite of X [-kee]
باورچی	M	baawarcii	cook
باورچی خانہ	M	baawarcii-xaanaa	kitchen
باہر		bahar	out of X [-kee]; outside
بائیس		baaiis	twenty-two (22)
بت	M	but	idol
بتانا	N	bataanaa	to tell X [-koo]
بتلانا	N	batlaanaa	to tell
بٹھانا	N	biThaanaa	to make X [-koo] sit
بجائے		bajaaee	instead of X [-kee, -kii]
بجنور	M	bijnaur	name of a north Indian city
بجھنا		bujhnaa	to go out, be extinguished; s.n. 3.24.
بچپن	M	bacpan	childhood
بچنا		bacnaa	to avoid X [-see]; to be saved
بچّہ	M	baccaa	child
بچھنا		bichnaa	to be spread
بچھونا	M	bichaunaa	bedding
بچی	F	baccii	little girl
بحال کرنا	N	bahaal-karnaa	to restore X [-koo]
بخار	M	buxaar	fever; s.n. 4.1.
بخار آنا	KM	buxaar aanaa	to have fever
بخشنا	N	baxšnaa	to bestow upon X [-koo]; s.n. 12.25.
بدلنا		badalnaa	to change (Intr.)
بدلہ	M	badlaa	reward; revenge
بدلہ میں		badlee-mẽẽ	in exchange for X [-kee]; sometime without [-mẽẽ]
بدن	M	badan	body
بدولت		badaulat	due to, owing to X [-kee, -kii]
بدھ		budh	Gautama, the Buddha founder of Budhism
بدھ	M	budh	Buddhism
بڈھا	M	buDDhaa	old man
برادران	MP	biraadraan	brothers; pl. of برادر [biraadar]

برآمدہ	M	baraamdaa	verandah
برائی	F	buraaii	evil
برپا کرنا	N	barpaa-karnaa	to set afoot
برتھ	F	barth	Eng., berth
برج بھاشا		braj-bhaašaa	Braj Bhasha, an Indic dialect, spoken around Agra, Mathura, etc.
برس	M	baras	year
برسنا		barasnaa	to rain (Intr.)
برعکس		bar-aks	contrary to X [-kee]
برنارڈ	M	barnaarD	Eng., Bernard
بڑا		baRaa	big; great; s.n. 5.8.
بڑا ہونا		baRaa-hoonaa	to grow big
بڑھانا	N	baRhaanaa	to increase (Tr.)
بڑھ کر		baRh-kar	more than X [-see]
بڑھنا		baRhnaa	to grow (Intr.); to increase (Intr.)
بڑھ جانا		baRh-jaanaa	to increase (Intr.)
بزرگ	M	buzurg	saint; elders
بس		bas	only
بس	F	bas	Eng., bus
بسر کرنا	NF	basar karnaa	to live on Y [-par]
بسنا		basnaa	to be founded (cities, etc.)
بشپ	M	bišap	Eng., Bishop
بطور		ba-taur	as X; usually [ba-taur X-kee]; s.n. 2.30.
بعد		baad	after X [-kee]; s.n. 2.6.
بعض		baaz	some, a few
بغاوت	F	baGaawat	rebellion
بغل گیری	F	baGal-giirii	embrace
بقرعید	F	baqra-iid	same as عید الاضحیٰ [iid-ul-azhaa]
بقرہ		baqarah	"Cow", title of a verse in the Quran
بک اسٹور	M	buk-sToor	Eng., book-store
بکثرت		ba-kasrat	in abundance, same as [kasrat-see]
بکرا	M	bakraa	male goat; femin. form: بکری
بکری	F	bikrii	sale; money realised by sale

بگڑنا		bigaRnaa	s.n. 8.29.
بلانا	N	bulaanaa	to invite X [-koo]
بلبل	MF	bulbul	nightingale
بلکہ		bal-ki	rather, on the contrary; s.n. 2.14.
بلند		buland	high
بمشکل		ba-muškil	with difficulty
بنانا	N	banaanaa	to make
بندر	M	bandar	monkey
بندرگاہ	MF	bandar-gaah	sea-port
بندکرنا	N	band-karnaa	to close
بند ہونا		band-hoonaa	to be closed; to be stopped
بننا		bannaa	to be made; s.n. 2.4.
بنوانا	N	banwaanaa	to get (a thing) made; to have X constructed; caus. of بنانا [banaanaa] "to make"
بنیاد	F	bunyaad	foundation
بنیاد پڑنا	Ki.F	bunyaad paRhaa	to be founded
بنی آدم	M	banii-aadam	human beings; lit., sons of Adam
بنیادی		bunyaadii	basic
بوجھ	M	boojh	burden
بوجھنا	N	buujhnaa	to guess (the solution), to solve (riddles, etc.)
بوڑھا		buuRhaa	old in age
بوسیدہ		boosiidaa	worn out
بول چال	F	bool-caal	conversation
بولنا		boolnaa	to speak
بہادر		bahaadur	brave
بہانہ	M	bahaanaa	pretext, excuse
بہانہ کرنا	NM	bahaanaa karnaa	to make an excuse for Y [-kee]
بہت		bahot	many; s.n. 1.9.
بہتر		beh-tar	better
بہترین		beh-tariin	best
بہرحال		ba-har-haal	in any case
بہن	F	bahen	sister
بہو	F	bahuu	daughter-in-law

بگڑنا		bigaRnaa	s.n. 8.29.
بلانا	N	bulaanaa	to invite X [-koo]
بلبل	MF	bulbul	nightingale
بلکہ		bal-ki	rather, on the contrary; s.n. 2.14.
بلند		buland	high
بمشکل		ba-muškil	with difficulty
بنانا	N	banaanaa	to make
بندر	M	bandar	monkey
بندرگاہ	MF	bandar-gaah	sea-port
بند کرنا	N	band-karnaa	to close
بند ہونا		band-hoonaa	to be closed; to be stopped
بننا		bannaa	to be made; s.n. 2.4.
بنوانا	N	banwaanaa	to get (a thing) made; to have X constructed; caus. of بنانا [banaanaa] "to make"
بنیاد	F	bunyaad	foundation
بنیاد پڑنا	Ki.F	bunyaad paRnaa	to be founded
بنی آدم	M	banii-aadam	human beings; lit., sons of Adam
بنیادی		bunyaadii	basic
بوجھ	M	boojh	burden
بوجھنا	N	buujhnaa	to guess (the solution), to solve (riddles, etc.)
بوڑھا		buuRhaa	old in age
بوسیدہ		boosiidaa	worn out
بول چال	F	bool-caal	conversation
بولنا		boolnaa	to speak
بہادر		bahaadur	brave
بہانہ	M	bahaanaa	pretext, excuse
بہانہ کرنا	NM	bahaanaa karnaa	to make an excuse for Y [-kee]
بہت		bahot	many; s.n. 1.9.
بہتر		beh-tar	better
بہترین		beh-tariin	best
بہرحال		ba-har-haal	in any case
بہن	F	bahen	sister
بہو	F	bahuu	daughter-in-law

بھاری		bhaarii	heavy
بھاگنا		bhaagnaa	to run
بھانجا		bhããjaa	nephew; s.n. 11.7.
بھاؤ	M	bhaaoo	rate
بھائی		bhaaii	brother
بھتیجا	M	bhatiijaa	nephew (brother's son)
بھٹکنا		bhaTaknaa	to go astray
بھر		-bhar	the whole; s.n. 4.15.
بھرا		bharaa	full; s.n. 1.30.
بھلا	M	bhalaa	the good; s.n. 6.22.
بھلانا	N	bhulaanaa	to forget
بھنڈی	F	bhinDii	okra
بھوکا		bhuukaa	hungry
بھوکا ہونا		bhuukaa-hoonaa	to be hungry for Y [-kaa, -kee, -kii]
بھی		bhii	even; too; also; s.n. 5.1.; 2.8.
بھیجنا	N	bheejnaa	to send
بھیڑ	F	bhiiR	crowd; s.n. 2.15.
بھئی		bhaii	brother; s.n. 1.2.
بی		bii	B
بی بی	F	biibii	pet name for little girls
بے		bee-X	without X; X-less; s.n. 9.22.
بے اختیار		bee-ixteyaar	spontaneously; in an uncontrollable manner
بیان	M	bayaan	statement
بیان کرنا	N	bayaan-karnaa	to narrate, exposit
بیٹا	M	beeTaa	son
بیٹھنا		baiThnaa	to sit
بے جان		bee-jaan	lifeless
بیچارہ		bee-caaraa	helpless
بیچ میں		biic-mẽẽ	middle of X [-kee]
بیچنا	N	beecnaa	to sell
بیچوں بیچ		biicõõ-biic	right in the middle of X [kee]
بے چین		bee-cain	restless
بے حد		bee-had	extremely

بے خوفی	F	bee-xaufii	boldness, fearlessness
بیرسٹری	F	bairesTarii	from Eng., barrister
بیڑی	F	biiRii	bidi, a kind of indigenous cigarette; s.n. 13.29.
بیزار ہونا		bee-zaar-hoonaa	to have nothing to do with X [-see], to be displeased with X [-see]
بیس		biis	twenty (20)
بے سرو پا		bee sar-o-paa	a total orphan; lit., without head and foot; often used as "with no head or tail"
بیگانہ		beegaanaa	estranged
بیگم	F	beegam	wife, (very polite form)
بیمار		biimaar	ill; patient
بیماری	F	biimaarii	illness, disease
بینک	M	baink	Eng., bank
بے وقوف		bee-wuquuf	stupid, fool
پاٹلی پتر	F	paaTliiputr	Patliputra
پاخانہ	M	paa-xaanaa	latrine
پاداش	F	paadaaš	retribution
پادری	M	paadrii	Christian priest
پار		paar	across X [-kee]; on this or that side (with [is] or [us]; through X [-kee]
پارٹی	F	paarTii	Eng., party
پار کرنا	N	paar-karnaa	to go across X
پاس		paas	near X [-kee]; s.n. 7.5.
پاس کرنا	N	paas-karnaa	Eng., to pass (an examination, etc.)
پاک		paak	pious, ritually clean; pure
پاک	M	paak	abbreviation for [paakistaan]
پاک دل		paak-dil	pure in heart
پاکٹ	F	paakit	Eng., pocket
پاکستان	M	paakistaan	Pakistan
پالک	MF	paalak	spinach
پالیسی	F	paaliisii	Eng., policy

پانا	N	paanaa	to find
پانچ		pããc	five (5)
پاندان	M	paan-daan	a small metal container for [paan] and its ingredients
پانی	M	paanii	water; s.n. 16.25.
پانی پت	M	paaniipat	name of a city near Delhi
پانی پانی کرنا	N	paanii-paanii-karnaa	to make X [-koo] perspire with shame
پاؤں	M	paaõõ	foot
پتلون	MF	patluun	pants; from Eng., pantaloons
پتہ چلنا	KM	pataa calnaa	to learn about X [-kaa]; s.n. 1.27.
پتہ ہونا	KM	pataa hoonaa	to know about X [-kaa]; s.n. 2.25.
پتھر	M	patthar	stone
پتّی	F	pattii	leaf
پٹری	F	paTrii	track
پٹنہ	M	paTnaa	Patna, a city in Bihar (India)
پچھلا		pichlaa	last; the one before
پچیس		pacciis	twenty-five (25)
پر		-par	on; s.n. 5.6.; 2.26.
پرانا	M	puraanaa	old; s.n. 8.4.
پر بھی		-par bhii	inspite of
پرجا سوشلسٹ	F	parjaa soošalisT	Praja Socialist Party
پردہ	M	pardaa	veil, curtain
پردہ میں		pardee-mẽẽ	in the guise of X [-kee]
پرستی	F	-parastii	a derivative suffix, forms feminine nouns; [X-parastii]: worship of X
پرسوں		parsõõ	day before yesterday; day after tomorrow
پرواز	F	parwaaz	flying, flight
پروٹسٹنٹ		prooTesTenT	Eng., Protestant
پروفیسر	M	proofeesar	Eng., professor
پروگرام	M	proograam	Eng., program
پرول	M	parwal	a kind of gourd
پرہیز	M	parheez	abstinence from certain food for medicinal purposes; s.n. 30.22.

پرہیزگار		parheez-gaar	pious
پرہیزگاری	F	parheez-gaarii	piety
پریشان ہونا		pariisãã-hoonaa	to become scattered
پریشانی	F	pareešaanii, pariišaanii	worry
پڑنا		paRnaa	to fall (as a curtain); s.n. 5.5.; 9.13; 9.21.; 5.29.
پڑوسن	F	paRoosan	neighbour; fem. of پڑوسی [paRoosii]
پڑھا لکھا		paRhaa-likhaa	literate
پڑھنا	N	paRhnaa	to read; to study; to study under X [-see]; s.n. 2.13.
پس		pas	consequently
پستی	F	pastii	lowness, inferiority
پسند	F	pasand	choice; 6.3.; 11.24.
پسند کرنا	N	pasand-karnaa	to like
پسند ہونا	K	pasand-hoonaa	to like
پکّا		pakkaa	ripe; devout
پکارنا	N	pukaarnaa	to call
پکار اٹھنا		pukaar-uThnaa	to cry out
پکڑنا	N	pakaRnaa	to catch
پکنا		paknaa	to be cooked
پل	M	pul	bridge
پلنگ	M	palang	cot
پنج شنبہ	M	panj-šambaa	Thursday; s.n. 25.22.
پنجہ	M	panjaa	claws
پنشن	F	penšan	Eng., pension
پوچھنا	N	puuchnaa	to enquire from X [-see]
پودا	M	paudaa	plant
پودینہ	M	poodiinaa	mint
پورا	M	puuraa	full
پورا کرنا	N	puuraa-karnaa	to fulfill
پورا ہونا		puuraa-hoonaa	to be completed
پورس	M	pooras	Porus (name of a famous Indian king)
پہاڑ	M	pahaaR	mountain

پہاڑی	F	pahaaRii	hill
پہاڑی وعظ		pahaaRii-waaz	The Sermon on the Mount
پہچانا	N	pahcaannaa	to recognize
پہلا		pahlaa	the first
پہلو	M	pahluu	side
پہلے		pahlee	at first; earlier; before X [-see]
پہنچانا	N	pahũcaanaa	to carry; s.n. 4.21.; same as پہونچانا
پہنچنا		pahũcnaa	to reach; s.n. 5.11.; 4.21.; also پہونچنا
پہننا	N	pahennaa	to wear
پہونچانا	N	pahõcaanaa	same as پہنچانا
پہونچنا		pahõcnaa	same as پہنچنا
پہیلی	F	paheelii	riddle
پہیہ	M	pahyaa	wheel
پھاڑنا	N	phaaRnaa	to tear apart
پھاندنا	N	phaandnaa	to jump over (Tr.)
پھر		phir	again; then
پھر بھی		phir-bhii	even then
پھرنا		phirnaa	to wander; s.n. 2.12.
پھسلنا		phisalnaa	to slip, to slide
پھل	M	phal	fruit
پھلنا پھولنا		phalnaa-phuulnaa	to blossom, flourish [phalnaa] "to bear fruit", [phuulnaa] "to bloom"
پھنسنا		phãsnaa	to get caught in X [-mẽẽ]
پھوڑنا	N	phooRnaa	to break
پھول	M	phuul	flower
پھیکا		phiikaa	bland, insipid
پھیلانا	N	phailaanaa	to spread (Tr.)
پھیلنا		phailnaa	to be spread
پھینکنا	N	phẽẽknaa	to throw
پیار کرنا	NM	pyaar karnaa	to kiss X [-koo]
پیاسا		piyaasaa	thirsty
پیاسا ہونا		piyaasaa-hoonaa	to be thirsty for Y [-kaa]

پیام	M	payaam	message
پی ۔ایچ ۔ڈی		pii-ec-Dii	Ph.D.
پیٹھ	F	piiTh	back
پیچش	F	peeciš	diarrhea
پیچھے		piichee	behind X [-kee]
پیدا کرنا	N	paidaa-karnaa	to create; to raise, produce
پیدا ہونا		paidaa-hoonaa	to be produced, be born
پیدائش	F	paidaaiš	creation, birth
پیڑ	M	peeR	tree
پیسہ	M	paisaa	money; pice; paisa; 1/100th of a rupee
پیش آنا		peeš-aanaa	to treat X [-see] with XI [-see]
پیش کرنا	N	peeš-karnaa	to present, put forward
پیمانہ	M	paimaanaa	bushel; lit., a measure
پینا	N	piinaa	to drink; to smoke

تاجر	M	taajir	businessman
تاریخ	F	taariix	history
تاریکی	F	taariikii	darkness
تازہ		taazaa	fresh
تاکہ		taa-ki	so that
تب بھی		tab bhii	even then
تبدیل ہونا		tabdiil-hoonaa	to be changed
تبدیلی	F	tabdiilii	change
تپ	MF	tap	fever
تجویز	F	tajwiiz	suggestion
تحریک	F	tahriik	movement
تحصیل	F	tahsiil	administrative division of a district
تخت	M	taxt	a square wooden board raised on four legs and used for sitting and other purposes; throne
تخلّص	M	taxallus	nom de plume; s.n. 1.20.
تذکرہ	M	tazkiraa	mention; memoirs
تذکرہ کرنا	NM	tazkiraa karnaa	to mention X [-kaa] to XI [-see]

تربوز	M	tarbuuz	water-melon
ترجمہ	M	tarjamaa, tarjumaa	translation
ترجمہ کرنا	NM	tarjamaa karnaa	to translate
ترجمہ ہونا	Ka.M	tarjamaa-hoonaa	to be translated
ترس آنا	KM	taras aanaa	to feel pity for X [-par]
ترشح	M	taraššuh	drizzle
ترقّی	F	taraqqii	progress, promotion; development
ترقّی پسند		taraqqii-pasand	progressive
ترقّی کرنا	NF	taraqqii karnaa	to make progress
ترکاری	F	tarkaarii	vegetable
ترکی	F	turkii	the Turkish language
ترئی	F	turaii	a kind of squash
تڑپنا		taRapnaa	to roll about restlessly
تسلّی	F	tasallii	comfort, consolation
تسلّی پانا	NF	tasallii paanaa	to be consoled, to derive comfort from X [-see]
تسلیم کرنا	N	tasliim-karnaa	to accept, to admit
تشریف رکھنا	NF	tašriif rakhnaa	to sit down, (used in polite and formal conversation); s.n. 2.1.
تشویش	F	tašwiiš	care, anxiety
تصوّر	M	tasawwur	imagination
تصوّر کرنا	NM	tasawwur karnaa	to imagine X [-kaa]
تعداد	F	taadaad	number, numerical strength
تعزیت	F	taaziyat	condolence
تعزیت کرنا	NF	taaziyat karnaa	to express condolence to X [see] regard XI [-kii]
تعلّق	M	ta'alluq	relation
تعلیم	F	taaliim	education
تعلیم دینا	NF	taaliim deenaa	to teach X [-koo] XI [-kii]
تعلیمی		taaliimii	educational
تفریح	F	tafriih	enjoyment
تفصیل	F	tafsiil	detail
تفصیل کے ساتھ		tafsiil-kee saath	in detail
تقدیر	F	taqdiir	destiny

تقریباً		taqriiban	approximately
تقسیم کرنا	N	taqsiim-karnaa	to distribute
تک		-tak	upto; s.n. 7.18.
تکلیف	F	takliif	difficulty; pain
تکلیف پہنچانا	KF	takliif pahũcnaa	to get hurt
تکلیف کرنا	NF	takliif karnaa	to take the trouble to I [kii]
تلاش	F	talaaš	search
تلاش کرنا	N	talaaš-karnaa	to search
تماشا	M	tamaašaa	entertainment, shows
تمام		tamaam	all
تمجید کرنا	NF	tamjiid karnaa	to glorify X [-kii]
تن	M	tan	body
تندرست		tan-durust	healthy
تو		too	s.n. 5.1., 7.2., 4.6.
توانائی	F	tawaanaaii	strength
توبہ	F	taubaa	repentance
توبہ کرنا	NF	taubaa karnaa	to vow to abstain from X [-see]
توجّہ	F	tawajjoh	attention
تہذیب	F	tahziib	culture; s.n. 2.24.
تہذیب الاخلاق		tahziib-ul-axlaaq	name of a journal founded by Saiyad Ahmad; lit., education of morals
تہذیبی		tahziibii	cultural
تھانہ	M	thaanaa	police station
تھکنا		thaknaa	to get tired, become tired
تھوڑا		thooRaa	a little
تھوک	M	thook	wholesale
تیّار		tayyaar	prepared, ready
تیّار کرنا	N	tayyaar-karnaa	to prepare
تیّار ہونا		tayyaar-hoonaa	to be prepared
تیّاری	F	tayyaarii	preparation
تیّاری کرنا	NF	tayyaarii karnaa	to prepare for Y [-kii] or to I [-kii]
تیر	M	tiir	arrow
تیرنا		tairnaa	to swim (Intr.)

تیرہواں		teerhwãã	thirteenth
تیزی	F	teezii	rapidity
تیزی سے		teezii-see	rapidly
تیس		tiis	thirty (30)
تیسرا		tiisraa	the third
تین		tiin	three (3)
تین چار		tiin-caar	three or four; a few
تیوہار	M	tyoohaar	festival

ٹالنا	N	Taalnaa	to ignore, to evade
ٹانگ	F	Taang	leg
ٹاؤن	M	Taaun	Eng., town
ٹٹّو	M	TaTTuu	pony
ٹرک	M	Trak	Eng., truck
ٹکّر	F	Takkar	encounter, collision
ٹکّر لینا	NF	Takkar leenaa	to confront X [-see]; to seek battle with X [-see]; s.n. 4.28.
ٹکڑا	M	TukRaa	piece
ٹنڈا	M	TinDaa	a kind of gourd
ٹوپی	F	Toopii	cap
ٹوکنا	N	Tooknaa	to object to; to stop Z [-koo]
ٹھٹھ	M	ThaTh	crowd; s.n. 2.15.
ٹھہرانا	N	(X1) Thahraanaa, Thairaanaa	to establish X [-koo] as X1; also ٹھیرانا
ٹھیک		Thiik	all right
ٹھیک کرنا	N	Thiik-karnaa	to set X [-koo] right
ٹیکس	M	Taiks	Eng., tax
ٹیکسلا	M	Teeksilaa	Taxila (name of an ancient city in the Punjab, Pakistan)

ثابت کرنا	N	saabit-karnaa	to prove
ثبوت	M	subuut	proof

جاری کرنا	N	jaarii-karnaa	to issue
جاڑا	M	jaaRaa	winter
جامع		jaami'	Book of Ecclessiastes; in other translations it is also referred to as [waa'iz] واعظ
جان	F	jaan	life; dear; s.n. 9.17
جانا		jaanaa	to go
جان بچانا	NF	jaan bacaanaa	to save X's [-kii] life
جان ڈالنا	NF	jaan Daalnaa	to put life in X [-mẽẽ]
جاندار		jaan-daar	living being
جاننا	N	jaannaa	to know
جانور	M	jaanwar	animal
جاوید	M	jaaweed	personal name
جب		jab	when
جب تک		jab-tak	as long as
جب کبھی		jab-kabhii	whenever
جتنا		jitnaa	as much as
جدّ و جہد	F	jidd-o-jahd	struggle, endeavour
جدید		jadiid	modern; s.n. 5.18.
جذبہ	M	jazbaa	sentiment, emotion
جرمنی	M	jarmanii	Germany
جس		jis	which; oblique of [joo]
جسم	M	jism	body
جگہ	F	jagah	place; instead of X [-kii jagah]
جگہ لینا	NF	jagah leenaa	to take X's [-kii] place
جلدی		jaldii	hurriedly, quickly; soon
جلسہ	M	jalsaa	session, meeting
جلسہ کرنا	NM	jalsaa karnaa	to hold a meeting
جلنا		jalnaa	to burn (Intr.)
جمع کرنا	N	jamaa-karnaa	to collect (Tr.)
جمع کروانا	N	jamaa-karwaanaa	to deposit; caus. of [jamaa-karnaa] جمع کرنا
جملہ	M	jumlaa	sentence

جمّن	M	jumman	a nickname
جمہوریت	F	jamhuuriyat	democracy
جناب	F	janaab	a title of respect used before the names of respectable men
جنازہ	M	janaazaa	a funeral
جن سنگھ	F	jan-sangh	Jana Sangh, name of an Indian political party
جنگ	F	jang	war
جنوبی		junuubii	southern
جواب دینا	NM	jawaab deenaa	to answer, to reply to X [-koo]
جواب لکھنا	NM	jawaab likhnaa	to reply X [-kaa]
جوان		jawaan	young; s.n. 11.22.
جوانمرد	M	jawãã-mard	lit., young man; s.n. 11.22.
جو کچھ		joo-kuch	whatever
جولائی	MF	juulaaii	Eng., July
جون	M	juun	Eng., June
جہان	M	jahaan	world
جہاں		jahãã	where
جہلم	M	jehlam	Jhelum (name of one of the five rivers in the Punjab)
جھپٹنا		jhapaTnaa	to dash forward
جھٹکا		jhaTkaa	jerk
جھکنا		jhuknaa	to bow
جھگڑنا		jhagaRnaa	to quarrel with X [-see]
جھلک	F	jhalak	glimpse; reflection
جھلکنا		jhalaknaa	to flash, to appear through
جھوٹ	M	jhuuT	a lie
جھوٹ بولنا	NM	jhuuT boolnaa	to tell a lie
جھونپڑا	M	jhõõpRaa	hut
جی		jii	a term of respect used after the name; s.n. 4.1.
جیتنا	n	jiitnaa	to win
جیسا		jaisaa	as
جینا		jiinaa	to live
جی ہاں		jii hãã	yes

چاٹ	F	caaT	savory snacks
چادر	F	caadar	sheet
چار		caar	four (4)
چاروں طرف		caarõõ taraf	around X [-kee]
چالاک		caalaak	clever
چالاکی	F	caalaakii	cleverness
چالیس		caaliis	forty (40)
چاند	M	caand	moon
چاہنا	N	caahnaa	to desire, want
چاہے		caahee	s.n. 7.8.
چاہیئے		caahiyee	s.n. 5.2.
چپ ہونا		cup-hoonaa	to be silent
چٹان	F	caTaan	rock
چٹنی	F	caTnii	chutney
چٹ پٹا		caTpaTaa	spicy
چچا	M	cacaa	paternal uncle; s.n. 11.7.
چچی	F	cacii	paternal aunt
چراغ	M	ciraaG, caraaG	lamp
چراغدان	M	caraaG-daan	a pedestal for lamps
چرچ	M	carc	Eng., church
چڑھائی	F	caRhaaii	attack, invasion
چڑھائی کرنا	NF	caRhaaii karnaa	to invade X [-par], to attack X [-par]
چڑھنا		caRhnaa	to climb X [-par]
چکلا		caklaa	round and wide
چلا آنا		calaa-aanaa	to come, to come in
چلانا	N	calaanaa	to drive, to activate; lit., to cause to move; to run (a job, machine, etc.); s.n. 7.7.
چلنا		calnaa	to walk; to go; s.n. 3.2., 3.6., 9.15., 5.30.
چلنا پھرنا		calnaa-phirnaa	to walk around
چمک دمک	F	camak-damak	glitter, sheen
چمکنا		camaknaa	to shine (Intr.)
چنانچہ		cunaan-ce	therefore, consequently; s.n. 10.21.
چند		cand	a few

چندہ	M	candaa	donation
چننا	N	cunaa	to elect
چوتھا		cauthaa	the fourth
چور	M	coor	thief
چوراسی		cauraasii	eighty-four (84)
چوری چھپے		coorii-chipee	secretly
چوڑا		cauRaa	wide, broad
چوکس		caukas	alert
چونکنا		cãũknaa	to be startled
چونکہ		cũũ-ki	since
چہرہ	M	cehraa	face
چہرہ اترنا	Ka.M	cehraa utarnaa	to grow pale in face from dismay
چھ		chee	six (6)
چھاپنا	N	chaapnaa	to publish, to print
چھاپہ خانہ	M	chaapaa-xaanaa	printing press
چھا جانا		chaa-jaanaa	to overwhelm X [-par]; lit., to cover X [-par] (Intr.)
چھانا		chaanaa	to be spread over X [-par]
چھپا		chupaa, chipaa	hidden
چھپانا	N	chupaanaa	to hide
چھپنا		chupnaa	to hide (Intr.)
چھت	F	chat	roof, ceiling
چھجّو	M	chajjuu	a nick name
چھلانگ لگانا		chalaang lagaanaa	to cavort; lit., to jump
چھمّن	M	chumman	a nickname
چھنال	F	chinaal	harlot
چھننا		channaa	to sift through Y [-see] (Intr.)
چھنّو	F	chunnoo	nick name
چھوٹا		chooTaa	younger
چھوٹنا		chuuTnaa	to be released from X [-see]
چھوڑنا	N	chooRnaa	to leave; to give up
چیز	F	ciiz	thing
چین	M	ciin	China

حاصل کرنا	N	haasil-karnaa	to gain, receive; to come to possess
حاکم	M	haakim	ruler
حال	M	haal	condition; account
حالات	MP	haalaat	events; related to حال [haal]
حالانکہ		haalãã-ki	whereas, although
حالت	F	haalat	condition
حالی	M	haalii	s.n. 4.19.
حائل		haael	obstructing, intervening
حائل ہونا		haael-hoonaa	to obstruct Y [-mẽẽ]
حج	M	haj	pilgrimage to Mecca, the holy city of the Muslims
حجّت	F	hujjat	argument, proof
حد	F	had	limit
حدود	FP	huduud	limits; pl. of حد [had]
حرکت	F	harkat	movement
حرکت کرنا	NF	harkat karnaa	to move (Intr.)
حصّہ	M	hissaa	part
حصہ لینا	NM	hissaa leenaa	to take part in X [-mẽẽ]
حضرت	M	hazrat	Sir, a title of respect used before the names of prophets, saints, or elders; s.n. 13.22., 15.22.
حضور	M	huzuur	a polite term of address; sir; lit., presence; s.n. 15.22.
حظ	M	haz	delight
حظ اٹھانا	NM	haz uThaanaa	to enjoy X [-see, -kaa]
حق		haq	truth; right
حقوق	MP	huquuq	rights; pl. of حق [haq]
حقیقت	F	haqiiqat	fact, reality
حکّام	MP	hukkaam	officers; pl. of حاکم [haakim]
حکم	M	hukm	order
حکم دینا	NM	hukm deenaa	to order Z [-koo] to I [-kaa]
حکومت	F	hukuumat	government; reign
حکیم	M	hakiim	philosopher
